بھبوتی (ہ) اس کی ماہیت یہ ہے کہ جنگلی بھینس کے گوبر کی راکھ کو خالی تالاب میں دفن کرکے اوپر سے صاف مٹی لیپ دیتے ہیں، برسات میں تالاب بھر کر پھر خالی ہوجاتا ہے اوس کے بعد پھر راکھ کو نکالکر اوس کے ساتھ چوتھائی کھریا ملا کر گولیاں بناتے ہیں، اور سادھو لوگ کام میں لاتے ہیں، عموماً راکھ کو ہی کہتے ہیں +
بھپلی (ہ) مشہور ہندی بوٹی ہے بوچلی بھپ بھلی بھی کہتے ہیں +
بھٹ (ہ) جنگلی انجیر کے مانند درخت ہے

بھٹ کویئی (بہاری) مکو، عنب الثعلب +
بھٹا (ہ) بیگن +
بھٹا (ہ) مکئی کا خوشہ مشہور ہے +
بھتوا (بہاری) بیٹھو +
بھٹالی (ہ) گوبھی +
بھٹ تیتر (ہ) تیتر کی ایک قسم ہے +
بھٹ کٹائی } (ہ) جنگلی بیگن +
بھٹ کٹیا }
بھٹیکا کھوبہ (س) سرخ بودہ +
بھدرا (س) گوڑ پالا (بوٹی ہے) +
بھدرانی (س) اندرجو +
بھدرداروو (س) دیودار +
بھدرسرنم (س) صندل کی ایک قسم ہے +
بھدرایلا (س) بڑی الائچی +
بھڑ (ہ) زہریلا جانور ہے۔ جسے عوام بھڑ یا تتیا کے نام سے پکارتے ہیں +
بھرامج (رومی) بید مشک +
بھرامر۔ صاف شہد کو کہتے ہیں +
بھرتھوا (ہ) ایک پرندہ ہے +
بھرکا (ہ) بھٹ تیتر کی مانند پرندہ ہے +
بھرگندھی (س) کٹھل +
بھردم (ف) کسم، کٹ نبہ، نیز یاقوت کو کہتے ہیں +
بھرمنکا (س) ترش بوٹی +
بھرنگراج (س) بھنگرہ +
بھرنگا نوہان (س) لونگ کا پھول +
بھرنگنی (س) موسلی +

بھرنگی (س) بھنگ، گانجہ +
بھروزہ (ہ) عربی میں قنۃ، فارسی میں بارزد، ہندی میں گندہ بہروزہ، بیرجا، بہروجا کہتے ہیں +
بہری (ہ) ایک پرندہ جس کے ذریعہ شکار کیا جاتا ہے +
بھستاندری (س) کالیسر +
بھستادی } (س) گندہ بان +
بھستادری }
بھستاگندھ (س) بلھل دیوانہ +
بھستاگربہ (س) ککلی +
بھسکند (س) درخت تاڑ کا مادہ +
بھسم (س) ناگیسر +
بھسم گربہ (س) اردڑ +
بہ سنگ (سنجری) سیالی جسے عربی میں اباہیل کہتے ہیں +
بھسم کوشماند (س) پیٹھہ +
بھش۔ شاہ بلوط، تازہ مقل کو بھی کہتے ہیں +
بھشنا کھوبہ (س) ارنڈا، دارونڈا بھگائی +
بھطۃ (ع) کھیر +
بھق (ع) درخت گولر +
بھق الحجر (ع) خراء الصخر، بعض کے نزدیک جوز جندم ہے +
بھق الارض (ع) جوز جندم +
بھکا (ہ) ایک ہندی بوٹی ہے +
بھگائی (ہ) ارنڈا، رونڈا، لاکھ جیلا بوٹی ہے جو انگور دکلہ کے مانند پاس کی

چیز پر لپیٹ جاتی ہے +

بھلاتک (س) بھلاواں +

بھلاواں (ہ) بلادر +

بھلسینہ ہان (س) چچنٹ +

بھلنکشا (س) مقل، رال کو بھی کہتے ہیں +

بھلپیتک (س) برنگا +

بھلدر اٹنی (س) سرس کا درخت +

بھلو (ہ) ریچھ +

بھلوک (س) درخت ارلو +

بھلوکا (س) وندلیم (ارلو) +

بھمن (ع) بعض اس کو اسگندلاتی اور بعض جنگلی گاجر کہتے ہیں، بہرحال ایک نبات کی جڑ ہے، ارمن وخراسان کے پہاڑوں میں پیدا ہوتی ہے +

بھمی / **بھمنی** (ہ) ایک بوٹی ہے +

بھمن پستہ (ہ) ایک جڑ ہے، جو چقندر، یا گاجر کے مانند زمین سے نکلتی ہے +

بھناگراندی (س) بڑی منڈی

بھنتاکی (س) بینگن +

بھنڈاله (ہ) بنڈال، گھگربیل

بھنڈوکا (س) بینگن کی قسم ہے +

بھنڈیہ (س) چولائی کا ساگ +

بھنڈی (ہ) سنسکرت میں بھنڈا، بنگالی میں بھنڈاناک، مرہٹی میں بھینڈ، گجراتی میں بھینڈا، کرناٹکی میں وبینڈے تیلنگی میں بھینڈکایا اور فارسی میں بامیہ کہتے ہیں + (مشہور پھل ہے، اسکی ترکاری پکا کر کھاتے ہیں) +

بھنگ (ہ) نشہ دار بوٹی ہے، عربی میں قنب، فارسی میں کنب، بنگ، سنسکرت میں بھنگ، وجیا آنندہ، انگریزی میں ہمپ کہتے ہیں، اصطلاحی نام حشیش، حشیشۃ الفقراء، ورق الخیال، عرش نما، نشاط افزا، شہوت انگیز ہیں +

بھنگار (س) سونا +

بھنگراتی (س) نربسی +

بھنگرندھی (س) بڑی منڈی +

بھنگرہ (ہ) سنسکرت میں مارکو، بھرنگر اج، بنگالی میں بھیم راج، مرہٹی میں ماکا، گجراتی میں بھانگرو، کرناٹکی میں گرگ، کاڈی گیر کو، تیلنگی میں گنٹ گلگر چیٹو، گنٹ گلی جیرو کہتے ہیں +

(بھنگرہ ایک بوٹی ہے، مرطوب مقامات پر پیدا ہوتی ہے، اس کے پتے انار کے پتوں کے مانند لیکن ان سے چھوٹے اور سبز سیاہی مائل ہوتے ہیں، پھولوں کی رنگت کے لحاظ سے سفید اور سیاہ دو قسم کا ہوتا ہے، سیاہ پھول کا بھنگرہ کمیاب ہے) +

بھنہ۔ گائے +

بھوا (س) خیار شنبر +

بھوا (بہاری) پیٹھہ +

بھوت (س) وندلیم (ارلو) +

بھوت اچھٹا (س) باچھڑ +

بھوتارہ (س) موصلی +

بُھوتا کیشی (س) سیاہ سنبھالو یا نچھڑ کو بھی کہتے ہیں +

بھوتا نکس (س) ایک ہندی بوٹی ہے +

بھوتا ہرت (س) ہینگ +

بھوت باس (س) ہلیلہ +

بھوت بلیا (س) اشواگندھی +

بھوت کسچترا (س) ٹبلو +

بُھوتلسی (س) زمینی تلسی +

بھوت ناش (س) رائی +

بھُوت ورجیاش (س) دندیلم (ارلو) +

بھوٹ ویسا (س) نرگنڈی کی قسم ہے +

بَھو پاوا (س) درخت بڑ +

بَھُو پٹا (س) بھوج پتر کی چھال +

بَھُو پترا (س) املی +

بَھُو پتراج (س) چھوٹی ستاور کے آزاد کے درخت کو بھی کہتے ہیں +

بَھُو پترکا (س) کٹائی +

بُھو پرچا (س) گھیکوار، بلکرہ کو بھی کہتے ہیں +

بھو بمک (س) کمول کا پھل جنگلی پھل

بھوتاک (س) ٹبلو +

بُھوج پتر (س) اسی نام سے مشہور ہے ایک ہندی درخت کی چھال ہے اسکا درخت کشمیر میں پیدا ہوتا ہے +

بُھو چھتر (ہ) کھمبی +

بُھوڈل (ہ) ابرک +

بھوڈوری (س) بڑی جیونتی +

بھودھا تری (س) بھوئی آنولہ +

بھودھوپا (س) لوبان

بھوس اکولہ (ہ) پیٹھہ +

بھوس چترہ (س) بھوج پتر +

بُھوڈل (ہ) ابرک +

بُھوشا کہا (س) ناگور +

بُھوسی کترنم (س) دھیا کم، غیر مشہور بوٹی ہے +

بُھوست پھوٹا (س) کھنبی +

بُھوسترنا (س) ایک قسم کی گھاس ہے جو اذخر کی قسم سے ہے، اور اس کو اذخر اجامی اور ہندی میں خس کہتے ہیں +

بھوستیا (س) بڑی راسنا +

بُھوسی (ہ) مشہور ہے، جسے فارسی میں سبوس کہتے ہیں، اور اس سے بالعموم سبوس گندم مراد ہوتا ہے +

بھوشر نگیکا (س) ایک درخت کا نام ہے جس کو دوری کہتے ہیں +

بُھوکر (ہ) سپستان +

بُھوکر انڈی (س) اگندان +

بھوکنٹلہ (س) کٹھل کا پھل۔ نیز درخت بڑ بنی جوڑ، درخت بھگالی کو کہتے ہیں +

بُھولا توک (س) بھوج پتر +

بُھولا در دھیک (س) الائچی +

بھول فرنگی (ہ) پھول فرنگی، ٹیل پھر جگ دیہ اقلیج کے نام ہیں، اجوائن کے مانند سرخ رنگ کے تلخ خوشبودار تخم ہوتے ہیں +

بُھوم آملک (س) آملہ کا درخت جو

تنہ نہ رکھتا ہو، یعنی بھوئی آنولہ +
بھوم بھویم (س) بیر +
بھوم کدم (س) کدم +
بُھوم کس (س) سعد (موتھ) +
بھومکیس (س) مردم گیاہ، یبروح الصنم +
بھومنجری (ہ) سیاہ تلسی +
بُھومولا (س) خس (بوٹی ہے جس کی جڑیں خوشبودار ہوتی ہیں) +
بُھومولیک (س) بیور سکھی +
بُھوم وتھلیم (س) رسوت کی لکڑی +
بُھومی تاڑکا (س) موسلی +
بُھومیاموچک (س) ددی کا درخت +
بُھومی کرتزنم (س) دہیاکم +
بُھومی کندلا (س) زمین کند +
بھومی لگن (س) سنکا ہولی +
بُھونمبا (س) بھوئیں نیب، نیم کی ایک قسم ہے +
بُھودا (س) خیار شنبر (املتاس) +
بُھودرو (س) کودنی +
بُھودلکلا (س) چرونجی کا درخت +
بُھویدجارس (س) سانپ +
بُھویں تردر (ہ) سنار +
بھوئیں آنولہ (ہ) آنولہ زمینی (ایک بوٹی ہے، اس کے پتے آملہ کے پتوں سے مشابہ ہوتے ہیں۔ اور شاخوں کے نیچے ان کی ابتداء سے آخر تک آملہ سے مشابہ لیکن نہایت چھوٹے چھوٹے دانے لگے ہوتے ہیں +
بھوئیں بڑہ (ہ) بڑ کی قسم ہے، جو زمین کی گہرائی میں ہوتی ہے +
بھوئیں نیب (ہ) نیم کی قسم ہے جسکو ینال بھی کہتے ہیں، ایک بوٹی ہے جو آدھ گز یا اس سے کم وبیش اونچی ہوتی ہے اس کا ہر ایک جزو تلخ ہوتا ہے، اہل دکن اس کو چرائتہ کہتے ہیں +
بِھی (ہ) فارسی میں بہ، عربی میں سفرجل انگریزی میں کوئنس کہتے ہیں +
بَھیا (س) بٹیرا، خش +
بھیجہ (ہ) دماغ +
بُھیج - بوزیدان +
بھی چھتر (س) کھنبی، سانپ کا چھاتا +
بھیڑ (ہ) عربی میں ضان، فارسی میں گوسفند، گوسپند کہتے ہیں +
بھیڑیا (ہ) عربی میں ذئب، فارسی میں گرگ، ترکی میں خوردہ، انگریزی میں وولف، پنجابی میں بھگاڑ کہتے ہیں +
بہیڑا (ہ) عربی میں بلیلج، فارسی میں بلیلہ، سنسکرت میں ببھیتک، بنگالی میں بہیرہ، مرہٹی میں بہیڑا، ہیلا، گجراتی میں بینہیڑا، بیڑاں، تیلنگی میں تاڑی، انگریزی مائرو بولم بیلیرک، لاطینی میں ٹرمے نے لیا بیلیریکا کہتے ہیں۔ + (بہیڑہ کا درخت مشہور ہے، اس کا پھل بطور دوا مستعمل اور اسی نام سے مشہور ہے) +

بھیشجم (س) ادرک +
بھیشنگما تا (س) اڑوسہ (بانسہ)+
بُھیط. ہلیلہ +
بھیک (س) مینڈک +
بھیکم (س) فولاد +
بِھی مکم (س) لوہا +
بھیمسینی (ہ) کافور کی ایک قسم +
بھیمہ (ع) نچر یا جانور تمام (حیوانات) +
کھینٹ (بہاری) چولائی +
بھینڈی (ہ) بھنڈی مشہور ترکاری ہے فارسی میں بامیہ کہتے ہیں +
بھینس (ہ) مشہور اہلی جانور ہے عربی میں جاموش فارسی میں گاؤمیش، پنجابی میں مہی انگریزی میں بفالو کہتے ہیں +
بیاد نتک (س) گوکھرو
بیال دنتک (س) گوکھرو +
بیب (ہ) باڑ (ایک گھاس ہے جس سے چارپائی کے بان اور دوسری چیزیں بناتے ہیں) +
بیت (تر) جمع جوں، جوں (مشہور چھوٹا جانور ہے، جو انسان وغیرہ کے بدن میں اس کے میل کچیل سے پیدا ہوتا ہے) +
بیٹ
بیٹھ
(ہ) پرندوں کے پاخانے +
بیتِ زنبور (ع) بھڑ کا چھتہ +
بیتِ عنکبوت (ع) مکڑی کا جالا +
بینت (ہ) عربی میں خیزران، جنہ، فارسی میں چوب بیت، سنسکرت میں ویتس، ہندی اردو میں بیت، بینت، بنگالی میں بتر، مرہٹی میں سوٹھا بیت گجراتی میں نیتر، تیلنگی میں پیبار دوا، انگریزی میں کین، لاطینی میں کیلیمس کہتے ہیں (بیت بھی بانس کی ایک قسم ہے، اس کی بیل ہوتی ہے، پتے بانس کے پتوں سے مشابہ ہوتے ہیں) +
بیترو (س) بینت +
بیٹل (ان) پان، تنبول +
بیٹل نٹ (ان) چھالیہ +
بیجاہ (س) بجبیار +
بیج (ہ) نباتات کے تخم، بزر +
بیجادہ
بیجادق
بُسّد (سیاہ پتھر کی قسم ہے) +
بیجاسینہان (س) پلاس، ڈھاک +
بیج پورکا (س) بجورہ +
بیجبند (ہ) ایک نبات کے تخم ہیں، جو تخم پیاز کے مانند مثلث شکل کے ہوتے ہیں یہ سرخ و سیاہ دو قسم کے ہوتے ہیں، اس کا پودا ایک گز تک بلند ہوتا ہے پتے چنے کے پتوں کی مانند اور پھول چھوٹا سا سفید رنگ کا شاخ کے سرے پر لگتا ہے اس کے بعد چھوٹا سا قبہ لگتا ہے جو تخموں سے بھرا ہوتا ہے +
بیجک
بیجا
(ہ) بجبیار +
بیخ (ف) جڑ +
بیخ انار دشتی (ف) جنگلی

انار کی جڑ + جسکو عربی میں مغاث کہتے ہیں +

بیخ انجبار (ف) انجبار کی جڑ مشہور ہے +

بیخ انجدان خراسانی (ف) ایک جڑ ہے انجدان کی جڑ کے مانند +

بیخ بخور مریم (ف) اصل جوڑی کی جڑ +

بیخ بدہ (ف) ایک سرخ رنگ کی جڑ ہے، جسکو عربی میں عرق الارطی کہتے ہیں +

بیخ برندہ (ف) شیطرج ہندی +

بیخ بنفسہ (ف) بیخ سوسن +

بیخ نفتی (ف) شوکران کی جڑ +

بیخ خمارز (تنکا) پنکمراج کی جڑ +

بیخ دارجیماز (تنکا) بسفایج +

بیخ جگری (ف) ریوند +

بیخ چینی (ف) چوب چینی +

بیخ خورده (ف) اصطلاح خاص ہلدی +

بیخ زرین گیاہ (ف) ایک جڑ ہے، بہمن سفید کے مانند +

بیخ سنگ شکن (ف) لکھنا لکھنی جس کو عربی میں یبروح الصنم کہتے ہیں +

بیخ سنبل (ف) مجیٹھ +

بیخ سنبلہ (ف) ایک بوٹی کی جڑ ہے "مو" بھی کہتے ہیں +

بیخ سوسن (ف) مشہور ہے +

بیخ سوسن سرخ صحرائی (ف) ایک جڑ ہے جو دو ٹے ہوئے پیاز کے مشابہ ہوتی ہے +

بیخ شیبی (ف) شوکران کی جڑ +

بیخ شمالی (ف) اصطلاح خاص ریوند چینی +

بیخ طرخون کوہی (ف) عاقرقرحا +

بیخ کاذران (ف) اکل بیر کی جڑ جسکو عربی میں کندش کہتے ہیں +

بیخ کبر (ف) اسی نام سے مشہور ہے +

بیخ کولہ (ف) اسی نام سے مشہور

بیخ کفاح بری (ف) یبروح الصنم

بیخ ماسہ (ف) رتن جوت +

بیخ مرجان (ف) عربی میں بسد ہندی میں سونگے کی جڑ کہتے ہیں +

بیخ مہک (ف) اصل السوس، ملٹھی +

بیخ والا (ف) خس +

بید (ف) بید سادہ کے نام سے مشہور ہے عربی میں خلاف، صفصاف، ترکی میں بال، سکور، افغانی میں اولہ، اور بالوہ میں نیگر کہتے ہیں (بید سادہ کا بڑا درخت ہوتا ہے اس کے پتے باریک اور ایک بالشت تک لمبے ہوتے ہیں، اسکا پھول زرد رنگ قدرے خوشبودار بہ شکل سنبلہ (بال) ملایم مخملی ہوتا ہے، اسکا پھل مانند خوشہ سفید رنگ اور لمبا ہوتا ہے، شاخوں کے تنہ میں لگتا ہے اور اس کو کتب بید یا کینپ کہتے ہیں)

بید مشک (ف) اسی نام سے مشہور ہے، فارسی میں مشک بید، گربہ بید بھی کہتے ہیں، اور عربی میں خلاف بلخی، شام میں شاہ بید اور روم میں بہرامج کہتے ہیں، (بید مشک کا درخت بید سادہ کے مشابہ لیکن اس سے بہت چھوٹا ہوتا ہے اسکا پھول پتوں کے نکلنے سے قبل ہی نکل آتا ہے، جو بقدر انگشت بلوطی شکل کا ہوتا ہے، اور اس کے اوپر رُواں ہوتا ہے، یہ پھول نہایت خوشبودار ہوتا ہے) +

بید گیاہ (ف) ثیل +

بید انجیر (ف) ارنڈ +

بید انجیر خطائی (ف) جمال گوٹہ +

بیر (ہ) عربی میں نبق، فارسی کنار کہتے ہیں، درخت کو عربی میں سدر اور فارسی میں درخت کنار کہتے ہیں +

بیرا (س) تری، کاکڑی کا پھل +

بیر بہوٹی (ہ) عربی میں دودالمطر، عروسک، فارسی میں کرم مخمل، کاغنہ کہتے ہیں +

بیزبزد (ف) گندہ بہروزہ +

بیتی کوشک (س) باقلا +

بیترلا (ان) بجی +

بنیسر (س) مروارید +

بیسم (س) بہی کے مانند ایک پھل ہے +

بیش (ع) بچھناگ، بس، میٹھا تیلیہ +

بیش موش بیشا / بیش موش موکا / بیش موش بوحا (ف) ایک جانور ہے چوہے کے مانند جو کہ بیش کی جڑکے پاس رہتا ہے اُسی سے غذا لیتا ہے، اوسکا گوشت تریاق ہے +

بیش اندلسی (ف) ایک قسم کی زہریلی گھاس ہے جو اندلس میں پیدا ہوتی ہے +

بیشاک میسور (ف) بڑا بارتنگ، چھوٹے کو بیشاک نیوز کہتے ہیں +

بیش بہار (ف) سدابہار +

بیضات (ع) جمع بیضہ، انڈے جانوروں کے +

بیض (ع) مرغی کا انڈا +

بیض الریح (ع) خاگی انڈا

بیض المسلوق (ع) اُبھنا ہوا اور جوش دیا ہوا انڈا +

بیغا۔ طوطا +

بیغاین۔ سداب +

بیغول۔ السی +

بیقہ (ع) دال مسور کی قسم ہے، جس کو نبقہ کہتے ہیں +

بیکل (ہ) خاردار جنگلی درخت ہے پتے لیموں کے پتوں سے مشابہ پھل مثل گولر بنفشجی رنگ اور ایک قسم کا پھل عنب الثعلب کے مانند ہوتا ہے، پھول بیر کے پھولوں کے مانند ہوتا ہے اور اس درخت کے پوست پر بھوسی

بہت ہوتی ہے جو ہوا چلنے سے اُڑتی ہے +

بَینگَن (ہ) عربی میں بادنجان، قہقب، فارسی میں کہلست ہندی میں بینگن، بھانٹا، بھٹا، سنسکرت میں وارتاکو، وِرتناک، مرہٹی میں وانگیں، گجراتی میں رنگنی، وِرتاکری، تیلنگی میں ونکائی، تامل میں کٹاری، انگریزی میں برنجل کہتے ہیں +

بیل (ہ) پچھمی بیل بھی کہتے ہیں سنسکرت میں باو، گجراتی میں بلا، تیلنگی میں مارڈو عربی میں سفرجل ہندی، انگریزی میں بیل فروٹ، بنگال کو ئنس اور لاطینی میں بیلی فرکٹس کہتے ہیں + (مشہور پھل ہے اس کا گودا بیلگری کے نام سے مشہور ہے) +

بیل فروٹ (ان)
بیلی فرکٹس (لا) } بیل +

بیلگری (ہ) مغز بیل، بیل کے پھل کا گودا +

بَیل (ہ) نرگاؤ +

بِیل (ہ) بیل دار بوٹی جیسے کدو، توری، تربوز، خربزہ وغیرہ کی بیل +

بیل پتری (ہ) ایک بوٹی ہے جس کو آکو ینگی بھی کہتے ہیں +

بِیل بھلّا (س) تمرٹی جھڑا سوربیا +

بیلداررو - جند بید ستر +

بیلدار چین (تر) بٹیر +

بیل ڈوری (ہ) چھوٹی جیونتی +

بیلموں - جنگلی خرفہ +

بیلہ (ہ) رائے بیل کی قسم ہے +

بیم - سراب +

بیموا - نخ +

بیَن (تر) دماغ +

بِین آف سینٹ اگنے شیا (ان) پپتیا +

بینت (ہ) مشہور لکڑی ہے دیکھو "بیت" +

بینوق (تر) پنبہ (روئی) +

بیوٹی اِی سٹیمینا (لا) } پلاس
بیوٹیا سیڈس (ان) } پاپڑہ +

بیوٹی اِی گمّائی (لا) گوندڈھاک +

بیوٹیا گم (ان) گوند ڈھاک +

بیولہ (ہ) دیودار کا درخت +

پ

پاپا گھن (س) تر ودی کی ایک قسم ہے +

پاپاورس کیپ شولی (لا) پوست خشخاش (ڈوڈا) +

پاپڑ (ہ) مشہور ہے، یہ ایک قسم کی روٹی ہے جس کو آرد ماش میں نمک مصالح وغیرہ ملا کر نہایت باریک بنایا جاتا ہے پھر کوئلوں پر سینک کر یا تیل میں تل کر کھاتے ہیں +

پاپڑا - **پاپڑہ** (ہ) } خبازی +
پاپڑی

پاپڑی لون (ہ) فارسی میں بورہ عربی میں بورق کہتے ہیں +

پاپی کیپسولز (ان) پوست خشخاش (ڈوڈا) +
پاپی ہیڈز (ان) پوست خشخاش (ڈوڈا) +
پات (ہ) پتے، بوٹیوں کے پتے +
پاتا (ہ) فرید بوٹی +
پاتِر (ہ) ممولا، چڑیا کے مانند ایک پرندہ ہے +
پاتر گنی (ہ) ایک قسم کی بوٹی ہے +
پاتل (س) چاول کی ایک قسم ہے +
پاٹل۔ پاڈل (ہندی درخت ہے) +
پاملا (س) پاڈال ہندی درخت کا پھول ہے، یہ درخت آم اور جامن کے برابر ہوتا ہے +
پاٹلی پوندساک (ہ) جنگلی انجیر +
پاتِکنی (س) پلکرو، غیر مشہور دوا ہے +
پاتھا (ہ) فرید بوٹی +
پاج (ف) زمرد کی ایک قسم ہے +
پاچنہ (س) (۱) چیتہ، شیطرج
پاچنو (۲) گائے کا پیشاب +
پاچہ (ف) حلال جانوروں کے پائے +
پاچی (س) اکاس بیل +
پاچین (س) کارشکا +
پادا لون (ہ) کڑوا نمک، نمک تلخ +
پادپارہا (س) بندا +
پادپا (س) درخت

پادرگت (س) پوئی +
پادرہا (س) بیر +
پادپھا (س) پیپل کا درخت +
پاڈل (ہ) سنسکرت میں پاٹلا، شویت پاٹلا، ہندی میں پاڈل، پادر، سفید پاڈل، بنگالی میں پاڈل، مرہٹی میں رکت پاڈھل، پاڈھل، گجراتی میں ملا پھولنا پاڈل، شویت پاڈر، کابیج، کرناٹکی میں پادری، تیلنگی میں کلگروکلی گینٹو چیٹو، لاطینی میں وگنونیا سٹوونس کہتے ہیں۔ یہ ایک درخت ہے جو کئی قسم کا ہوتا ہے، آم کے درخت کے برابر اونچا ہوتا ہے، اس میں پھلی پیدا ہوتی ہے جو کہ آدھ گز لمبی اور چار انگل تک چوڑی ہوتی ہے اس کے درمیان روئی کے مانند ایک شئے نکلتی ہے، اسکا پھول خوشبودار سفید و سرخ اور بعض سیاہ مائل بزردی ہوتے ہیں، اسکے تخم مانند تخم سرس ہوتے ہیں +
پاڈہ (ہ) ہندی دوا ہے +
پاڈپیپر (ان) مرچ سرخ +
پارتھی نی ام (لا) ابونہ گاؤ +
پارسلے (ان) اجمود +
پارہ (ہ) فارسی میں سیماب اور جیوا عربی میں زیبق، انگریزی میں مرکری، سنسکرت میں پارو، اصطلاح کیمیا میں حی عطارد، طیار، آبق، لبن، حل، دھن، عبیط، زمزم، عین الحیات، نافذ، فرار، بے قرار، روحانی، جار السحاب، روح

عیاں، نور، زاوق کہتے ہیں، اور انگریزی نام مرکری اور لاطینی نام ہائیڈرارجیرم ہے (مشہور چیز ہے) +

پارده (س) پارہ +

پاراوت (س) (۱) نارنگی (۲) فولاد +

پارجات (ہ) ایک درخت ہے اس کو پارجد راور پانگرہ بھی کہتے ہیں، بقول صاحب محیط اس درخت کا گوند موچرس کہلاتا ہے +

پاردم (س) پارہ +

پارس (فن) چیتہ جو ایک درندہ ہے +

پارس (ہ) حجر کیمیا، جس کی بابت مشہور ہے کہ اگر وہ لوہے کو لگ جائے تو وہ سونا ہو جائے +

پارس پیپل (ہ) سنسکرت میں پارش، ہندی میں پارس پیپل، پلاس پیپل، گج ونڈ، گج ہنڈ، بنگالی میں گج شنڈی، تیلنگی میں گنگارنی کہتے ہیں (پیپل کی قسم کلاں ہے، اس کی شاخیں لمبی لمبی نیچے لٹکی ہوتی ہیں، پتے گول لمبے نوکدار اور پھول زنگا رنگ ہوتے ہیں، پھل گول قدرے چپٹا لگتا ہے) +

پارسلے (ان) اجمود +

پاروت (س) سلاجیت +

پاروتیجا (س) (۱) چٹٹ (۲) اپنا کے پھول (۳) جنگلی ببول +

پاراوتم (س) لوہا +

پاڑھا (ہ) ہرن کی قسم سے ایک مشہور جانور ہے +

پارھی (س) نربسی +

پارہی بھادیمر (س) کٹھ قسط +

پارہی بھدر (ہ) پارجات، ہندی درخت ہے +

پاریوت (س) پتھر +

پاریوتم (س) سیاہ گنا، نیشکر سیاہ +

پاسک فلاورس (ان) گل لالہ +

پاشان بھیدی (س) پتھر پھوڑی (۲) کھل (۳) سنبل کھاری یعنی سنکھیا +

پاشان کدلی (س) جنگلی کیلہ +

پاشپتا (س) بھوت انکس +

پاشپکا پرتھو (س) ہنکوپتری +

پاکل (ہ) پاکھر، پلکھن +

پاکھان بیک (ہ) پکھان بید +

پاکر، پاکھر (ہ) سنسکرت میں پلکھٹن، ہندی میں پاکھر، پلکھن، پکر، بنگالی میں پاکڑ گاچھ، مرہٹی میں پیپری برکھش، گجراتی میں پیپریہ، کرناٹکی میں مسٹوری، لاطینی میں فائی کس ورینس کہتے ہیں، ہندی درخت ہے اس کے پتے جامن کے پتوں کے مانند ہوتے ہیں اس سے دودھ نکلتا ہے۔ لیکن بہت کم اور پتلا ہوتا ہے پھل جامن کے برابر سفید رنگ اور پکنے پر شیریں ہوتا ہے +

پاکھیادمنڈھ (س) ریہ، جس سے دھوبی کپڑے دھوتے ہیں +

پال - دودیہ +

پالادہ (ہ) یخ، پانی جو بوجہ زیادہ سردی کے جم جاتا ہے

پالاتندھا (ہ) پھٹکری +

پالج (ف) زمرد کی ایک قسم ہے +

پانسہ (ہ) فالسہ +

پالک (ہ) مشہور ساگ ہے، عربی اسفاناخ فارسی میں اسفناج اور سنسکرت میں پالکیا، گجراتی میں تانکوا اور انگریزی میں اسپائی نیچ کہتے ہیں +

پالک جوھی (ہ) ہندی بوٹی ہے جس کو گل بگلہ بھی کہتے ہیں +

پالکھیا (س) پالک +

پالگھن (س) روسا +

پالگمڑی (س) بداری کند +

پالمران (ہ) کھرنی +

پالمندی (س) توت سیاہ +

پالنکا (س) پالک +

پالودہ (ف) فالودہ، مشہور ہے +

پالیوت (س) اروپا وکی قسم سے ایک ہندی دوا ہے +

پام. سانپ +

پامسک (س) کسیس کی ایک قسم ہے +

پام سوچمر (س) کھاری نمک +

پام کوس، سانپ کی کینچلی پوست +

پان (ہ) عربی اور فارسی میں تنبول انگریزی میں بیٹل، سنسکرت میں تانبول کہتے ہیں +

پانبیتریک (س) ارنڈ کے پتے +

پان پھنگی (ہ) سرپھوکہ +

پانڈک (ہ) فاختہ +

پانڈاسلک (ہ) ہندی دوا ہے +

پانڈوپتر (س) تربوز +

پانڈوپھل (ہ) (۱) پلول (۲) پھینڈہ +

پانڈورنگ (س) دونہ، دونہ مروا +

پانڈوسکا (س) درخت دلما +

پانڈوروکا (س) مدنیل +

پانڑی (ہ) ہندی دوا ہے، مثل گھانس کے نہایت خوشبودار ہوتی ہے +

پانگلون (ہ) ایک قسم کا کھاری نمک ہے جس کو اردو میں لون بھی کہتے ہیں +

پانگرہ (س) پارجات، پار بھدر، پاری بھادر +

پانسل (ہ) پونڈرک، اوراکی قسم سے ایک پرندہ ہے +

پان موڑ (ہ) ایک بوٹی ہے جو انسان کے قد تک بڑھتی ہے، اس کے پتے موٹے سخت کنگرہ دار مانند آرہ کے ہوتے ہیں اگر پتے کو زمین میں دفن کریں اور پانی دیں تو وہ جم آتا ہے +

پانھان (ہ) چھوٹا کے نام سے مشہور ہندی دوا ہے +

پانیاولی (س) بیل پتری +

پانیاھا (س) پھیکی، ایک بوٹی ہے +

پانی (ہ) عربی میں ماء، فارسی میں آب، انگریزی میں واٹر، لاطانی میں ایکوا، سنسکرت میں نیرا ور جل کہتے ہیں +

پانی آملہ / **پانی آملک** } سنسکرت میں پرا چینا، ملک بنگالی میں پانی آملا، انگریزی میں فلاکرشیا کاٹا فرکٹ، اور لاطینی میں فلارو موچیائی کہتے ہیں، (پانی آملہ کے درخت پانی کے قریب ہوتے ہیں، اس میں کانٹے لگتے ہیں، اسکے پھل بیر کے مانند سرخ ہوتے ہیں) +

پاڈلی (س) خرفہ، لونیا +

پاوی یا پاٹھی (س) چیتہ یعنی شیطرج +

پاکا (ہ) پتھر کی قسم سے ہندی دوا ہے، جو امراض چشم میں خصوصیت سے مستعمل ہے +

پائی (تر) رتیلا +

پائپر البم (لا) مرچ سفید +

پائپر لانگم (لا) پیپل +

پائپر نائگرم (لا) مرچ سیاہ +

پائرس سیڈونیا (لا) بہی +

پائن نٹ (ان) کچلہ +

پائنس (لا) صنوبر +

پائن نول (ان) روغن صنوبر +

پائی رہی تھرم، وٹ (ان) عاقرقرحا +

پائپر منٹا (لا) فلفل السودان +

پاہی نراغان (ف) آطریلال، کاگ چنگی +

پبیا سرو +

پبلا (ہ) گل نیلوفر +

پپرمنٹ (ان) ست پودینہ +

پیپل / **پپلی** } (ہ) پیپل +

پپلی کاما (ہ) کاربنکا +

پپلی مولم (س) فلفلمویہ، پپلاموں +

پپوٹن (ہ) کاکنج +

پپھنا (س) پاپڑہ +

پپیتا (ہ) مثلث شکل کاسہ گوشہ خاکستری رنگ سخت تخم ہوتا ہے، لاطینی میں اگنے شیا امارا کہتے ہیں +

پپیتہ / **پپیہ** } (ہ) ارنڈ خربزہ، ارنڈ ککڑی +

پپیہا (ہ) مشہور پرندہ ہے، جو موسم برسات میں نہایت سریلی اور باریک آواز سے بولتا ہے +

پتا (ہ) فارسی میں برگ، عربی میں ورق، انگریزی میں لیف، سنسکرت میں پتر کہتے ہیں +

پتہ (ہ) فارسی میں زہرہ، عربی میں مرارہ انگریزی میں گال بلیڈر کہتے ہیں +

پتار، ویم (س) چاندی +

پتاری (ہ) کنگھی، جو ایک بوٹی ہے +

پتا پشکیا (س) ایک درخت ہے جسکے پتے مہندی کے پتوں سے مشابہ ہوتے ہیں، اور ایسے سخت ہوتے ہیں کہ ناخونوں کو چھیل ڈالتے ہیں، اسی واسطے اسکو نکھ چھلنی بھی کہتے ہیں +

پتا ککو (س) چھتری ایک بوٹی ہے +

پتاکال (س) پٹکا چرن، نہایت چھوٹی اور نازک بوٹی ہے جس کے پتے چڑیا کے پنجہ سے مشابہ ہوتے ہیں +

پُتال مِدّہ (ہ) ایک قسم کا کیڑا ہے، زرد رنگ اور انگوٹھے کے برابر موٹا ہوتا ہے، اور اس کے اندر شہد کے مانند ایک غلیظ اور لیسدار رطوبت بھری ہوئی ہوتی ہے، زمین کے اندر سے کھودتے وقت غلولہ سا نکلتا ہے، جس کے کسی طرف سوراخ نہیں ہوتا، اس غلولے کے توڑنے سے کیڑا نکلتا ہے +

پت پاپڑہ شاہترہ +

پتپتی (ہ) چڑیا سے چھوٹا پرندہ ہے جو ہمیشہ دُم کو ہلاتا رہتا اور کھڑا رکھتا ہے اور خوش آواز بولتا ہے اسکا جسم کئی رنگوں سے رنگین ہوتا ہے +

پتٹ بجنا (ہ) کرم شب تاب (جگنو) +

پت دِیوری (ہ) ابابیل +

پترا جیوا (ہ) غیر مشہور ہندی دوا ہے +

پترانک (س) صندل کی ایک قسم ہے +

پتھر بھوی (ہ) پشادری +

پترا بھنگا (س) مشنڈی (غیر مشہور بوٹی ہے) +

پتر تلوت (س) گنگنتی (غیر مشہور بوٹی ہے) +

پترج (س) تیزپات +

پتر جلنی (س) پچھنا پچھنی (بیخ لفاح) +

پُتر چھترا (س) چھوٹے پتر، پاترنوز +

پتر دیرگھک (س) ابنگول کے پتے (ابنگول ایک درخت ہے) +

پتر دو چھا کھوج - بینت +

پترسنگو (س) تہور (ترتوم) +

پترشرینی (س) موساکنی (بوٹی) +

پترک (س) سہجنہ کے پتے +

پترم (س) درختوں کے پتے، یا تیزپات +

پُتروِنتی (س) پترجیونتی (بوٹی ہے) +

پترہین (س) ساپرنی (ہندی بوٹی ہے) +

پتریکا (س) شاہترہ، یا بسکھپرہ سرخ

پتری (س) تابرنتی (جنگلی بوٹی ہے)

پتلہ (تر) پتھری (سنگدان) +

پتکنی (س) کنول +

پت کھدسرا (س) کھیر کی ایک قسم ہے

پتّل (ہ) پیتل (دھات) +

پُتلا (س) پچینڈہ (ہندی بوٹی کا پھل ہے) +

پُٹلا بندا (ہ) درخت کنگھی یا مٹر کی قسم ہے +

پتلک (ہ) ٹیلو (جنگلی درخت ہے) +

پتمر (س) زیرہ، بینت +

پتمشاکت (س) رواس سرخ

پتنجا (س) کانسی (دھات) +

پتنگا (س) صندل کی ایک قسم ہے یا دیگر خوشبودار درخت ہے +

پتنگ (ہ) عربی میں بقم، فارسی میں

دروبر ہند انگریزی سیپن رلوگ آؤڈ
کہتے ہیں (پہاڑی درخت ہے جسکی لکڑی
سے رنگ نکلتے ہیں) +

پٹو (س)، لون (نمک) +

پٹوتم (س) اسپند حالون (نمک
سنگ) +

پٹول (س) پلول +

پٹولا (س) پچینڈہ تلخ +

پٹوھری (س)، تربد (نسوت) +

پٹھار (س) کھر سنبل (جو باغی ہو) +

پٹھار (س) کھر سنبل +

پٹھاوری (س)، پتر بھوی +

پتھر پھوڑی (ہ)، پاشان بھیدی
(ایک بوٹی ہے جو پتھروں میں پیدا
ہوتی ہے اور سنگ گردہ ومثانہ کے
توڑنے میں کام آتی ہے) +

پتھری (ہ)، سنگریزہ، کنکر، عربی میں
حصات کہتے ہیں +

پتھر (ہ)، سنگ، فارسی، حجر عربی،
اسٹون انگریزی، سنسکرت میں پاشان

پتھر چٹہ (ہ) اوس مچھلی کا نام ہے
جس کے سرے سنگ سرا ہی نکلتا ہے

پتھوا (ہ) بتھوا فصل ربیع کے ہمراہ
پیدا ہونے والی مشہور بوٹی ہے، اسکا
ساگ بنا کر کھاتے ہیں، عربی میں سرمق
سنسکرت میں باستک کہتے ہیں +

پتھون } سنسکرت میں پرشٹھ پرنی،
پتھون } پرٹھک پرنی، بنگالی میں
چاکلے، تیلنگی میں کولاکوپنا کہتے ہیں +

(ایک بوٹی ہے جو بالعموم گیہوں کے
کھیتوں میں پیدا ہوتی ہے، اس کو کبرابھی
کہتے ہیں، اس کے پتے چار چار انگل لمبے
اس کے پھول سفید نیلگوں مائل ہوتے ہیں
پھلیاں باریک لگتی ہیں) +

پٹھانی لودھ (ہ)، سنسکرت میں
کو دھر، پٹکا لودھر، بنگالی میں لودھر
کاشٹہ، گجراتی میں لودر، پٹھانی لودر
کہتے ہیں۔ (ایک پہاڑی درخت کی چھال
ہے) +

پٹھا (ہ) فارسی میں پی، عربی میں عصب،
انگریزی میں ٹنڈو کہتے ہیں (جسم کا مشہور
عضو مفرد ہے) +

پتھیا (س) ہڑ +

پٹیر (ہ) مشہور پرندہ ہے +

پٹیرا (ہ) عربی میں بردی، حلفا، فارسی
میں پیزر کہتے ہیں (مشہور بوٹی ہے جو کہ
پانی کے کنارے پیدا ہوتی ہے اور
اس سے بوریئے بنے جاتے ہیں) +

پتی (س) کپاس +

پتی کا کویا (س) لودہ +

پتیس (ہ) اتیس +

پتیم (س) نیب +

پچ (س)، کلتھی کی ایک قسم ہے +

پچالسیا (س)، مونگ سبز +

پچاپیتا (س) دارہلد +

پچار (ہ) کوتالون، ایک بوٹی ہے
جو تالابوں اور نہروں کے کنارے پیدا
ہوتی ہے شاخیں مجوف گرہ دار ہوتی ہے

لمبے نوکدار ہوتے ہیں +
پچاک (س) لوبان +
پچلاھا (س) لسوڑہ +
پچوکا (س) (۱) گل منڈی (۲) سرپالی +
پچھا (س) تربوز +
پچھا (س) موچرس +
پچھا پیٹی (س) صندل کی ایک قسم ہے +
پچھک بیجانی (س) اندرجو شیریں +
پچھیا (س) ہڑ +
پچیلا / پچھلا } (س) درخت سنبھٹہ +
پدا (ہ) چھوٹا سا پرندہ ہے +
پدالون (ہ) نمک سیاہ +
پدامان (س) مہانیب +
پدڑی (ہ) چڑیا کے مانند ایک چھوٹا سا پرندہ ہے +
پدڑی (ہ) چڑیا کے مانند ایک چھوٹا سا پرندہ ہے +
پدہنی پترکاکھرا (س) نکھ سیپی کی قسم سے ایک سخت جسم ہے +
پدماکھ (ہ) سنسکرت میں پدمک، بنگالی میں پدم کاشٹھ، لاطینی میں پرونس پڈم کہتے ہیں + (یہ پدماکھ ایک پہاڑی درخت ہے جو زیادہ تر کوہ ہمالیہ پر پیدا ہوتا ہے، اس کو پھل نہیں لگتا، پھول آکر گر جاتے ہیں، اس کی لکڑی پدماکھ کے نام سے بطور دوا مستعمل ہے) +

پدمان (س) کنول +
پدم بیج (س) کنول گٹہ +
پدم چا / پدماوتی } (س) جنگلی کنول +
پدم چارنی (س) انترتامر (بوٹی) +
پدم راگ (س) ہندی دواہے +
پدم سیتا (س) پدم چارنی +
پدمک (س) پدماکھ +
پدم کاشٹھ (ب) پدماکھ +
پدم کپ (س) گل نیلوفر کے اوپر جو نیلا بن ہوتا ہے +
پدم کیسر (س) زرد کنول +
پدم نال (س) گل کنول کی نالی +
پدم کم / پدم کمبہ / پدم گندھیک } (س) زرد کنول +
پدمنی (س) چھوٹا کنول +
پدمکر (ہ) رتیلا +
پدنال (س) دیونل +
پدوتیرگڑ (س) سورج مکھی +
پر (ن) پرندوں کے پر (دیکھو) +
پراچین آملک (س) پرمارپوڑ ہی ایک ہندی درخت کا پھل ہے، پانی آملہ +
پراچینا (س) سرشبدی +
پراکو (س) گل کنول +
پراندا (س) جہامید +
پرانداسہی (س) ہڑ لمیلہ +
پرانی (س) سینبھل +

پراورشی۔ کرنب کی ایک قسم ہے +
پریار (ف) سروانی، گجائی +
پریاٹنگ (س) ہزاردانہ +
پرمالا] (س) مرجان +
پربال]
پرپتر] (ہ) ایک بوٹی ہے جس کے پتے
پرپترم] بیل کے پتوں سے مشابہ
ہوتے ہیں +
پرینڈریک (س) گل کنول کی
ایک قسم ہے +
پرنی] (س) بہارنگی کی قسم ہے +
پرونی]
پرنپاٹا (س) پنواڑ +
پرنبھدر (س) درخت نیب +
پرپھنا (س) پاڑھ +
پرپیلو (س) ہندی پیلو کی قسم ہے +
پرتھانی (س) کالیسر +
پرتھک پرنی (س) پتھون +
پرتھو (س) گل ہنگو پتری +
پرتھودبھوت (س) ابرک +
پرتنک (س) ہزاردانہ +
پرج (س) دج دیچہ +
پرجینا (س) دارہلد +
پرچنڈہ (س) سرخ کنیر +
پرچھنگندلا (س) پنڈالو +
پروچھد (س) چٹٹ +
پردیک پرنی (س) پتھون +
پرسادتپمیو (س) درخت ملکر
(ہندی درخت ہے) +

پرسادنی (س) اروڑ +
پرسارنی (س) غیر مشہور دوا ہے +
پرسارنج (س) اگر +
پرساریون (یو) لال ساگ (د)
راج گیری +
پرسئت۔ خرگوش +
پرسنا (س) سیندھی (د) تاڑی (د) شراب +
پرسیاوشان (ف) ہنسراج +
پرس سواد (س) دونہ، دونہ مرآ
پرسوھا (س) ساٹھی چاول +
پرستوک (ت) ابابیل، سیالی +
پرشانومسیخ (س) پنا +
پرشنی پرنی] کول پنا، ایک بوٹی
پرسچرنی] ہے (پتھون)
پرشٹ پرنی (س) پتھون +
پرکانوتشم (س) کالنہ +
پرکاکروہ (س) بسکھپرہ سرخ
پرکلو، ائلا آف مرکری (لا)
دارچکنہ +
پرگو (س) دہی +
پرکی (ہ) سورجم، ایک کانٹہ دار
درخت ہے +
پرلاپنج } (س) ہندی درچھا +
پرلوہنی }
پرلونیا (ہ) جل نیب +
پرن } (س) درختوں کے پتے +
پرنم }
پرنسوبلواگندھا (س) تلسی +
پرنقش (ی) اشق +

پرنگ (ہ) اکلیل الملک +
پرنکا (ہ) چوڑیکا دبوٹی) +
پرنکسینیا نداروک (س)
سرل دیودار +
پرنبنی و پرکھا (س) ہلدی +
پرنی پلاشا (س) گھوڑ ارڈی +
پروالم } (س) درختوں کے پتے
پروال } جو نئے نم گے ہوئے ہوں
(کونپل) +
پروالا (س) مرجان، کندوری +
پروالا لابو، کندوری کا پھل +
پرونو دبھوتم (س) ابرک +
پروتیرلتا (س) اشاخیں +
پرور شاینی (س) ٹھیکری
گھاس ہے +
پروشک (س) درخت سیندھی +
پروگتا چی پھا لکا چس (س)
سنبھالو سفید +
پروَمولی (س) تا لکھانا +
پرھل ویلا (س) الائچی کلاں +
پرھشتم } (س) بھوئیں بڑ زمینی
پروشتم } برگد +
پریا (ف) سروانی (با قلا کے برابر
چھوٹا جانور ہے) +
پرونائی (ان) آلو بخارا +
پرونس (ان) آلو بخارا +
پرونم (لا) آلو بخارا +
پریالا (س) چرونجی +
پریانجھا (س) ترٹی جڑ اسود ہے

مشہور بوٹی ہے +
پڑیایا (س) بھگاٹی، انگور کے مانند
بیل ہے +
پڑی اِتّپی (س) پنا گنٹی (سبزہ ہے) +
پری پیانوم (س) ناگرموتھہ +
پری پیٹر ڈچاک (ان) کھری
مٹی، کھریا مٹی +
پری پیرڈ چاک یکس (ان)
میعہ سائلہ (سلارس) +
پریت سارا (س) کنول کی قسم کا
پھول ہے +
پری تیک (س) سُرخ سودا +
پریکھ پریت (س) کنول کی قسم کا
پھول ہے (دیگی) +
پرینکھن (س) غیر مشہور ہے +
پریمودا (س) بباجی (گل عباسی) +
پرنیک (س) سنکھ، سیپی کی قسم کا جسم
ہے (الطقالسطیب) +
پرینگ (س) کنگنی +
پرینگو بھجنی (س) پرنیکھن،
غیر مشہور دوا ہے +
پری نیکیا دیا (س) کٹلی کا پھل +
پسپو (س) ہلدی +
پست (ف) ستو +
پستان (ف) عربی میں ثدی، ہندی
میں چوچی اور دودھی کہتے ہیں +
پستر لنگ (ہ) چرچٹہ +
پستہ (ف) مشہور میوہ ہے فستق اسکا معرب ہے +
پستۂ غالیہ (ف) حب الآس (مشہور دوا ہے) +

پستیناک (فرنچ) ساکو پیچ (دریائی جانور ہے) +
پشیمان (س) نہر جیم (درخت ہے)
پسر } (ہ) مونگ +
پسیل }
پسّو (ہ) مشہور ہے عربی میں طامر (جمع علام) برغوث فارسی میں کیک، ترکی میں آپو کہتے ہیں +
پسی کرنگ (س) چاول کا دھوون +
پسینہ (ہ) وہ پانی جو بدن کے مسامات سے نکلتا ہے، عربی میں عرق کہتے ہیں +
پشاچی (س) بالچھڑ +
پشائنی (س) کھینڈھی، اور تاریکی
پشپ (س) درختوں کے پھول +
پشپ اسگند (س) گولر +
پشپانجن (س) آنکھ کی ایک دوا ہے +
پشپ پھلا (س) کدو (گیا) +
پشپ پتا (س) گندھان (دبوٹی) +
پشپ چندن (س) زیادہ خوشبودار صندل کو کہتے ہیں +
پشپ سار (س) زعفران +
پشپکا یا پشپکا پرتھو (س) دانگو تری +
پشپکا شیش (س) ہیر کسیس کی قسم ہے +
پشپکا ٹیلکا (س) پھیکی سیاہ +
پشپگی ھترستھا (س) گل کوڈی خورد +
پشپگندھا (س) گند (جنگلی سہائی بیل) +

پشپ لتا (س) گھیا +
پشپ مھو چھوا (س) گل انبہ +
پشپیھما (س) گل تردر +
پشپتوا یدیوا سنی (س) پاڈل +
پشپیند سر (س) چنپا کا پھول +
پشت بادہ (س) حرام مغز +
پشٹ (س) آٹا +
پشک (ف) مینگنی +
پشکر مول (ہ) پھکرمول +
پشکر انو بھنا (س) پھکرمول +
پشم (ف) اون +
پشم ورع (ف) کائی +
پشم اسود (اندلس) بیلا (درخت ہے) +
پشم چھوا (س) آم +
پشو گند ھیک (س) ہلیل کی قسم ہے +
پشونچھدا (س) بھنڈی کی قسم ہے، جو کوہستان میں پیدا ہوتی ہے +
پشونا (س) درخت سینگا +
پشہ (ف) مچھر +
پشیک (ف) بلی +
پکا (س) کوئل (پرندہ ہے) +
پکرا (س) سولسری +
پکرک ایسڈ (ان) تیزاب [illegible]
پکھا (بہاری) برگد کا پھل +
پکرور ھائڈرا (لا) کٹکی +
پکس لیکوئڈا (لا) قطران +

پکھان بید (ہ) مشہور جڑ ہے سُرخ سیاہی مائل، توڑنے پر اندر سے سُرخ نکلتی ہے عربی میں جنطیانا فارسی میں کرشادرہ سنسکرت میں پاشان بھید، بنگالی میں پاتھر چوری، تیلنگی میں تیلامرو ینڈی اور انگریزی میں جنشن روٹ کہتے ہیں +

پکھراج (ہ) یاقوت زرد +

پکھیرو (ہ) پرندہ +

پلاخوار ایک غیر مشہور بوٹی ہے +

پلاس (ہ) ڈھاک +

پل ساٹلا (لا) گل لالہ +

پلاس پاپڑا (ہ) تخم پلاس +

پلاس پیپل (ہ) پیپل کی بڑی قسم ہے، اس کو پارس پیپل بھی کہتے ہیں +

پلاسنطوسا (فرنچ) ایک غیر مشہور درخت ہے جو ۱۸۸۳ء میں امریکہ کے معلوم ہونے کے بعد دریافت ہوا ہے +

پلانڈو (س) پیاز +

پلاپچھ (س) جوہی (خوشبودار پھول ہے) +

پلاشنہ (س) پلاس (ڈھاک) +

پلاشم (س) پتے +

پل بھرنگ (ہ) سُرخ رنگ کے تخم ہیں جو رائی کے مانند ہوتے ہیں (فلنجہ) +

پلپل }
پلپلی } (ف) گول مرچ +

پل بھدرا (س) ترا منا (ہندی دوا ہے) +

پلچنتا (س) امبوتی +

پلچھک (س) جوہی کا درخت +

پلڈکا چری (ہ) یہ لفظ علاج الامراض میں آیا ہے۔ لیکن اس کا پتہ نہیں چلا کہ کیا چیز ہے؟ +

پلڈمڈ گھ (س) ایک غیر مشہور خاردار درخت کا پھل ہے +

پلکھن (ہ) پاکر (مشہور ہندی درخت ہے) +

پلمبائی آکسائیڈم (لا) مُردار سنگ +

پلمبم (لا) سیسہ +

پلنگ (ف) گھیرا، تیندوا +

پلنگ نوش (ہ) یہ کوئی مدقوق دوا نہیں بلکہ کسی دوا کا مجوزہ نام ہے، بعض افیون کو کہتے ہیں، اور بعض اس کے علاوہ لیکن دہلی کے دوا خانوں میں اس نام سے کسی بیل یا جڑ کی آڑی تراشی ہوئی خشک شدہ سفید باریک قاشیں ملتی ہیں +

پلوا }
پلوستری } (س) کونپل +

پلوادرنا (س) ناگرموتھ +

پلوادت (س) بیل (مشہور پھل ہے) +

پلوبرنی (س) چگنڈی +

پلوایہ - ابابیل +

پلوت - خرنوب +

پلورنت (س) نیونا کا پھل +

پلوک (س) سرس کا درخت +

پلول (ہ) اس کو پٹول، پٹرول بھی

کہتے ہیں، سنسکرت میں پٹول، بنگالی میں پلتا لتا، تیلنگی میں پوٹلا اور انگریزی میں سیبس پڈولا کہتے ہیں + (ایک بیلدار بوٹی کا پھل ہے کندوری کے برابر ہوتا ہے، اس کا سالن پکا کر کھاتے ہیں) +

پله (س) ڈھاک +

پلوما (س) موساکنی +

پلو نگ پیتھار (س) جوہی +

پله بجلی (ہ) بجلانی ترش، بعض حماض کو کہتے ہیں +

پله تیگی (س) ایک بیلدار بوٹی ہے

پله گنده (س) زمین کند +

پلی (س) شیر +

پلی آرگوده (ہ) ایک بوٹی ہے جس کے پتے بلی کے پنجے کے مانند ہوتے ہیں، بعض بھٹکٹائی کو کہتے ہیں +

پلی گڈه (ہ) میده (شک بلائی) +

پلی هرند (ہ) بجلائی ترش یا کھٹائی +

پلیاچا (س) اسگندھ +

پلیتم (س) سیندھی +

پلیوسر (فرنچ) علیق الکلب +

پلی هیم (طبرستانی) غیر مشہور دوا ہے (بوٹی) +

پمر (فرنچ) شلجم +

پنا (ہ) زمرد +

پنا (س) سال پرنی +

پنابان (خاندیس) اصابع الاصول

پنا سرپاچھی (س) سرپاچھی خرد

پناگ (ہ) ہندی پھول ہے، بعض کے نزدیک پنواڑ کا پھول ہے، جسکو رنگت کیسرا بھی کہتے ہیں +

پناگ (س) ابرک +

پناکھی (س) اگگرونده +

پنایالک (س) الائچی خرد +

پنبه (ف) روئی +

پنبه دانه (ف) بنوله +

پنٹی کوسره - ساگ انباڑه +

پنجاره (س) پلول +

پنچامل (س) مرکب ہندی دوا ہے جو ان پانچ چیزوں سے مرکب کی جاتی ہے، آمل، بید، تنتریک، کھٹا انار، بجورا +

پنجشبان (س) پلاس ڈھاک +

پنجنگشت (ف) سنبھالو +

پنجشکردان (ف) اندرجو +

پنجه مریم (ف) بخور مریم (تھاجوڑی) +

پنج چھیر (س) پانچ شیردار درختوں کا دودھ یعنی بڑ، پیپل، ڈھاک، گولر، پاکھر +

پنچکول (س) پیپل، پیپلا مول، چیب، چیتہ، سونٹھ، ان پانچ چیزوں کے مجموعہ کو کہتے ہیں +

پنچمول (س) یعنی پانچ جڑیں، پنچمول دو قسم کا ہوتا ہے خرد و کلاں، پنچمول کلاں میں بیل، ارنی، پاڈل، گنبھاری، سیوناک کی جڑیں شامل ہیں + اور

پنچمول خرد کا اطلاق گوکھرو، سال پرنی، پرشنٹ پرنی، بڑی کٹائی، چھوٹی کٹائی، ان پانچ بوٹیوں کی جڑوں پر کیا جاتا ہے، اور ان دسوں جڑوں کا مرکب دسمول کے نام سے مشہور ہے +

پنچانگ گن
پنچانگلا } (س) اننڈ (ارنڈی) +

پنچانگلی (س) پلول +

پنچرم (س) ہرتال کی ایک قسم ہے +

پنخمن (ا ن) کندر +

پنڈا (س) ہلدی +

پنڈالو (ہ) ایک جڑ ہے جو ترکاری کے طور پر کھائی جاتی ہے۔ بہار میں کندہ، لکھنؤ میں پنڈہ کہتے ہیں۔ اس کی ایک قسم سرخ ہوتی ہے اُس کو رکتالو یا رتالو کہتے ہیں +

پنڈالوک (س) ہرتال +

پنڈریک (س) سفید کنول +

پنڈپھل (س) (۱) آم (۲) کدو +

پنڈکھجور (ہ) ترخرما، کھجور +

پنڈوت پھل (س) پلول کا پھل +

پنڈول (ہ) ایک قسم کی سفید مٹی ہے جس سے ہند میں مکانات سفید کئے جاتے ہیں +

پنڈی۔ آٹا +

پنڈی تکھ (س) کھل +

پنڈیل (ہ) غیر مشہور دوا ہے، جس کو ہندی میں ہرسوپٹیک کہتے ہیں +

پینڑنوا (س) ساٹھی کی جڑ (بسکھپرہ کی قسم ہے) +

پنڑنوی (س) بسکھپرہ +

پنسا (س) کٹھل +

پنسدبھار (ہ) ہندی بوٹی ہے +

پنابان (خاندیس) اصابع الاصول +

پنگ (ہ) غزلی میں دحل، فارسی میں لائی کہتے ہیں (کوئی غیر معروف دوا ہے)

پنگنٹی (س) پھیچی (بوٹی) +

پنکھ (ہ) پرندوں کے پر +

پنکھراج (ہ) سرخس، لبسورہ (سیاہ رنگ کی لکڑی یا جڑ ہے) +

پن نیر (س) عرق گلاب +

پنواڑ (ہ) چکونڈ (موسم برسات میں پیدا ہونے والی مشہور بوٹی ہے جو آدھ گز یا اس سے کسی قدر زیادہ اونچی ہوتی ہے، اس کے نرم پتوں کا ساگ کھاتے اور اس کے بیجوں کو دواؤں میں استعمال کرتے ہیں) +

پنومان (س) وندیلم، ببلو کا +

پنیاچونی (ہ) نکاچرنی (غیر مشہور ہے) +

پنیاگندھیک (س) چندرمکھی، آفتاب پرست (پھول ہے) +

پنیالہ (ہ) ایک ہندی پھل ہے آلوچے برابر اس کا ذائقہ شیریں ترشی مائل ہوتا ہے، اور اس کے اندر سے پانچ چھ تخم نکلتے ہیں +

پنیر (ن) منجمد شدہ شیر کو کہتے ہیں جکبی

مائیت دُور کر دی گئی ہو +

پَنیرِ مایہ (ف) جستہ چاک (حیوانات کے بچوں کو جبکہ اُس نے اوّل ہی دودھ پیا ہو اور کوئی دوسری چیز نہ کھائی ہو ذبح کرکے اُنکا معدہ مع شیر کے نکال لیتے ہیں اور اُس کو تازہ یا خشک کرکے کام میں لاتے ہیں یہی پنیر مایہ کہلاتا ہے

پَنیرِ خرما (ف) سرخس +

پَنیرک (ف) خبازی +

پَنیرک بستانی (ف) بستانی خبازی یا ایک بوٹی ہے جس کو ہندی میں جونک دھارئن کہتے ہیں +

پَنیار و (س) گَندھی، یا اَسگند +

پوپو } (ف) کھٹک بڑھیا۔ کھٹ بڑھی
پوپک } (پرندہ ہے) جسکو مرغ سلیمان یا
پوپ } ہُد ہُد بھی کہتے ہیں) +

پوپٹ (ہ) طوطا +

پوپل (ف) سپاری +

پوت (ہ) پوتھ دکا بیج، پتھر وغیرہ کے دانے ہوتے ہیں غریب عورتیں اُن کا زیور بناکر پہنتی ہیں) +

پُوتا (س) باجھڑ +

پوترادمبز (س) بیکل کی قسم ہے (جنگلی خاردار درخت ہے اسکے پتے لیموں کے پتوں کے مشابہ ہوتے ہیں)

پوترِیتر (س) درخت جمی کے پتے (ایک درخت ہے جو اہل ہنود کے نزدیک متبارک سمجھا جاتا ہے +

پُوتنک (س) شہد کی قسم ہے، جو مکھی کے مانند سفید زردی مائل ہوتا ہے +

پُوٹل (س) درخت بیکل +

پوُدکا (س) کنگر بنڈی (ہندی دوا ہے) +

پُوتنا (س) ہڑ +

پوتی شمن (س) مدی کا درخت

پوُتی (س) سہادر، باچھی اور جاوتری کو بھی کہتے ہیں +

پُوتیکا } (س) نقلی ناٹا (ہندی
پوتی کرنجه } درخت ہے) +

پوُتی کاشٹھ (س) سرل دیودار کی لکڑی +

پُوتیماُرت (س) بیل +

پوُٹی (ہ) ایک چھوٹی مچھلی ہے +

پوٹے سیم نائٹریٹ (ان) شورہ قلمی +

پودکا } (س) ہندی بوٹی ہے
پوت پوناکی } جسے پوئی کہتے ہیں +

پوُدنی کشک (س) درخت سنبھل +

پُودنه } (ف) پودینہ +
پُودنک }

پُودی ورچھا (س) پیپل +

پُودِینہ (ف) عربی میں فودنج، اُردو میں پودینہ کہتے ہیں +

پُودِینۂ صحرائی (ف) مشکطرامشیع +

پودینۂ جوئی } (ف) نہری اور
پودینۂ کوهی } پہاڑی پودینہ +

پودینۂ کوهی (ف) صعتر کو بھی

بھی کہتے ہیں +

پورپجھوکا (س) مُنڈی +

پوُرکُل (تیلنگی) کبوتر کے مانند ایک پرندہ ہے +

پوُری (ہ) مشہور غذا ہے، جو کہ چھوٹی چھوٹی روٹی کی طرح بنا کر گھی میں پکا کر تیار کرتے ہیں +

پوُسُت (ف) چھال، کھال +

پوُسُت بہار خرمای مادہ (ف) مادہ خرما کی کلی کی چھال جو کھلی نہ ہو +

پوُست بیخ درخت زرشک
پوست بیخ زرشک } (ف) درخت زرشک کی جڑ کی چھال +

پوُسُت درخت کاوے (ف) ارمال ریچ کے مانند خوشبودار چھال ہے) +

پوُسُتِ مار (ف) کینچلی +

پوُکا
پوُگی پھل } (س) سپاری
پوگیہ

پوم گری نیٹ روٹ (ان) بیخ انار +

پوُن پَتّر (س) تلسی +

پوُنڈا (ہ) سفید گنا +

پوُنڈرک (ہ) لوا کی ایک قسم ہے +

پوُنڈر کستو (س) گنا +

پوُنڈرنک (س) ایک دوا ہے منی کی بڑھانے والی سفید امراض

چشم، دافع بلغم و صفرا +

پوُکا (ہ) طوطے سے کچھ چھوٹا پرندہ ہے +

پوُدہ (بہاری) سانپ کا بچہ +

پوئی (ہ) سنسکرت میں پوتکی، مرہٹی میں مہال، گجراتی میں پوتی، تیلنگی میں بیہارہ بچپالی کہتے ہیں + ہندی بیلدار بوٹی ہے، پتے پان کے پتوں سے مشابہ لیکن اس سے موٹے اور لیسدار ہوتے ہیں، پھل سیاہ بنفشئی رنگ کے مکوہ کے پھل کے برابر ہوتا ہے +

پھار (ہ) فرید بوٹی +

پھالسہ (ہ) فالسہ (مشہور پھل ہے)

پھالکا (س) سنبھالو +

پھالکمِ کشٹم (س) ماس، جانوروں کے گوشت +

پھالندی (س) نرکمانہ (ہندی دوا ہے) +

پھانگرا (ہ) دارشیشعان جس کے چھال کو کا بھل کہتے ہیں +

پُھپ رس (س) شہد +

پھٹکری (ہ) فارسی میں شب یمانی، عربی میں زاج ابیض، انگریزی میں الم، سنسکرت میں اسپھٹیکا، مرہٹی میں تُرٹی، تیلنگی میں پٹکے کہتے ہیں +

پھٹکی (ہ) پھٹکری +

پھرپھند وا (ہ) اندرائن +

پھرنگی نامکا مرہیم (س) بڑی راسنا (ہندی دوا ہے) +

پھرھد (ہ) سنسکرت میں

پاری بھدر، بنگالی میں پالتے مانداری، مرہٹی میں پانگیرا، تیلنگی میں مل موتی، لاطینی میں ایری تھرنیا انڈکا کہتے ہیں (ایک درخت ہے، اس کی چھال بطور دوا مستعمل ہے) +

پُھکر مول (ہ) سنسکرت میں پشکر مول، گجراتی میں پوکر مول کہتے ہیں + (کوٹھ کے مانند ایک نبات کی جڑ ہے) +

پُھکر بینڈکا (ہ) بعض مقامات میں اسکو رتن جوت کہتے ہیں، جوار ندکے درخت کے برابر ہوتا ہے، پتے بھی اسی کے مانند ہوتے ہیں دیکھو "بھرینڈہ" +

پھل اُتم (س) انجیر +

پھلا کُورک (س) بجورہ +

پھلا ترتیم (س) ترپھلا +

پھلا چیس (س) کروندہ و کھجور +

پھلا دیرگھا (س) انناس کی پھلی +

پھلا سینہ بیج (س) تل +

پھلاسی (س) درخت +

پھلا شار بھا (س) انار +

پھلا شیر شانونھان (س)، گھوبھی کا پھل +

پھلا کوما (س) کندوری کا پھل +

پھلا کھگا (س) ستوا پلک کا پھل +

پھلا وگنھان (س) بڑا کروندہ +

پھلا وُنی (س) نیلا انگی کا پھل +

پھل سچیں (س) انگور +

پھکر کت (س) انار +

پُھلوا (ہ) ایک قسم کا تیل ہے جو ایک درخت سے نکلتا ہے، اسی نام سے مشہور ہے +

پھلو چتا کونکا (س) ناگور ایک بڑا درخت ہے +

پھلیند (بہاری) جامن کی ایک قسم ہے +

پھن جیتنک (س) لوبیا کی ایک قسم ہے +

پھنج چک (ہ) ریحان کا درخت +

پھنس (دکن) کٹھل +

پھنی جیونھان (س) بڑی ستاوری کو ڑپالا کو بھی کہتے ہیں +

پھنی چھدر (س) بید کے پتے +

پھنی ہاری (س) ترمڑی +

پھوٹ (ہ) ہندی مشہور پھل ہے، خربوزہ کی قسم ہے، بعضے اسی کو دستنبویہ کہتے ہیں، اور بعض اسکو عربی میں مقلونیا اور بعض قوارۃ البطیخ کہتے ہیں +

پھوگ (ہ) ہندی بوٹی ہے +

پھوکر مول (ہ) پھکر مول +

پھوکلا (ہ) لونٹہ کورہ، شات پلا، ایک بوٹی ہے شاخیں مجوف ہوتی ہیں، اس کے پتوں کا ساگ پکاتے ہیں +

پھولا پلوا (س) درخت سہجنہ و مین پھل +

پھول فرنگی (ہ) اقلنجہ +

پھولسری (ہ) مولسری +

پھیکی (دکن) یہ بوٹی دکن میں زیادہ پیدا ہوتی ہے، اس کی بیل زمین پر یا آس پاس کے درختوں پر پھیل جاتی ہے

اس کے پتے مہندی کے پتوں کے مانند لیکن اس سے نرم، اور تین پتوں سے لیکر نو پتوں تک ایک ایک سینک میں نیم کی طرح لگتے ہیں، پھلی باقلا کے مانند لیکن اس سے بڑی اور اس میں بیج ماش سے بڑے سفید نقطوں دار ہوتے ہیں، زیادہ تر اسکی جڑ مستعمل ہے، سفید اور نیلے پھول والی دو قسم کی ہوتی ہے +

پھین (ہ) سمندر جھاگ، جھاگ +

پھین چھتر (ہ) کھمبی +

پھین اشنی (س) ترا متا نا +

پھینس (بہار) بھوسی +

پی (ف) پٹھہ (عصب) +

پیا بانسہ (ہ) بانسہ کی ایک قسم ہے، اس کا پودا ایک گز تک بلند ہوتا ہے، اور اسکو کانٹے لگتے ہیں، اس کے پتے برگ مہندی کے پتوں سے مشابہت رکھتے ہیں، تازہ پتوں کو ہاتھوں میں ملنے سے ہاتھ سیاہ ہو جاتے ہیں، اور یہ سیاہی دو تین روز تک قائم رہتی ہے، پیا بانسہ کا دوسرا نام ہندی کتابوں میں کٹسریا بھی لکھا ہے +

پیاسر (ہ) چرونجی +

پیاسرانگا (ہ) مشہور رنگ ہے، جس کی رنگت زرد مائل بہ سرخی چمکدار ہوتی ہے، کہنہ ہونے پر سیاہی مائل رنگ ہو جاتا ہے، مزہ نہایت تلخ ہوتا ہے +

پیاز (ف) سنسکرت میں پلانڈو، عربی میں بصل، انگریزی میں اونی آن، ہندی میں پیاج، گنٹھا، پنجابی میں گنڈا، مرہٹی میں کاندا، گجراتی میں ڈنگری، تیلنگی میں یررا آلی کہتے ہیں (مشہور چیز ہے) +

پیاز دشتی } (ف) عربی میں
پیاز موش } عنصل، بصل الفار، فارسی میں اسقیل، سنسکرت میں بن پلانڈو، انگریزی میں سکول کہتے ہیں +

پیازون (مصر) ایک بوٹی ہے جو نیلوفر کے مانند ہوتی ہے، جسے بشنین کہتے ہیں +

پیازی (ف) ایک گھاس ہے جو گیہوں کے کھیت میں ہوتی ہے اسی کو گندنا اور پوگاٹ بھی کہتے ہیں +

پیان (ت) سوسن، مشہور خوشبودار پھول ہے +

پے پرکار ن (ان) مرچ سیاہ +

پیپل درخت (ہ) سنسکرت میں پیپل، بنگالی میں اشوتھ، آشوتھ گاچھ، مرہٹی میں پمپل، گجراتی میں پیپلو، تیلنگی میں رائی چیٹو، انگریزی میں پوپلر لیوڈ فگ ٹری اور فارسی میں درخت لرزاں کہتے ہیں (مشہور درخت ہے) +

پیپل (ہ) عربی میں دار فلفل، فارسی میں فلفل دراز، پپیل دراز، انگریزی میں لانگ پیپر، پنجابی میں مگھاں، سنسکرت میں پیپلی جل پترک چپلا کہتے ہیں +

پیپلا مول (ہ) عربی میں فلفلمو، فارسی میں پلپلمو، سنسکرت میں پپلی مول، گرنتھک کہتے ہیں +

پیتل (ہ) عربی میں شبہ، فارسی میں برنج، سنسکرت میں آرکوٹ، پیتل، تیلنگی میں اِتّڈی، انگریزی میں براس کہتے ہیں + پیتل مشہور دھات ہے، جو تانبے اور جست سے مرکب کرکے بنائی جاتی ہے +

پیٹھا (ہ) بھورا کوہ، کمینڈہ، تربوز کے برابر مشہور پھل ہے جس کی مٹھائی بناکر کھائی جاتی ہے +

پیت (س) (۱) پیتل (۲) ہلدی (۳) بیل (۴) مونگ کی ایک قسم ہے +

پیتا (س) ہلدی +

پیتا نکھ (س) آم +

پیتا ورن (س) اگر کی ایک قسم ہے +

پیت کشیک (س) انباڑہ +

پیت پشپی (س) (۱) توری (۲) منوا بلیم خورد +

پیت پشپہ (س) (۱) کسوندی (۲) ببول (۳) ہڑ +

پیت تنڈلہ (س) کنگنی +

پیت تیلم (س) مالکنگنی +

پیت تامڑا (ہ) جنگلی کنول +

پیت چندن (س) صندل زرد +

پیت درو (س) سرل دیودار +

پیت سارم (س) صندل زرد +

پیت سارکہ (س) (۱) دیگی (۲) انکول (۳) ایک قسم ہے صندل کی +

پیت سنم (س) چنچل کورہ +

پیت شاکھا (س) آسا پالا +

پیت کیلتا (س) مروڑپھلی کی بوٹی +

پیت نریاسا (س) مقل (گوگل) (۲) رال +

پیتنکا (س) انباڑی +

پیتنم (س) زعفران +

پیت ورنا (س) زرد رنگ کا اگر +

پیتھا (س) مہندی کا پھول +

پیتہ شرنکی (س) جوہی کا درخت +

پیچ (ہ) مانڈ (جوشدہ چاولوں کا پانی) +

پیچہ (ف) عشق پیچہ +

پیرا مدیم (س) رتن جوت (زبیگر بینڈہ (ہ) +

پیرو (ہ) نیل مرغ +

پیری (ہ) جنگلی انجیر +

پیری تنکر (س) تندور کی قسم +

پیرز (ف) ایک قسم کی بوٹی ہے جس سے چٹائی وغیرہ بناتے ہیں، عربی میں حلفا کہتے ہیں، مکہ معظمہ کے گرد ونواح میں ہوتی ہے +

پیسونی (س) چھر کا کولی +

پیسو (ہ) پسّو +

پیسیاھا (س) اکول پالا +

پیشاب (ف) ہندی میں موت، عربی میں بول، انگریزی میں یورن، سنسکرت میں موتر کہتے ہیں +

پیشونی (س) بداری کند +

پیلا طریلون (یو) گل ارمنی +
پیل (ف) ہاتھی +
پیل (ہ) پیلو +
پیلا فرَوی (فر) مچھیجی +
پیلج (ف) پیلو +
پیلک (ہ) چڑیا کے مانند ایک پرندہ ہے جسکو فارسی میں زروک کہتے ہیں +
پیل کیٹی کیٹو (ان) کتھہ +
پیل گوش (ف) لوف کبیر +
پیلو (ہ) مشہور درخت ہے، عربی میں اراک فارسی میں درخت مسواک اور اردو ہندی میں جال کا درخت اور مسواک کا درخت بھی کہتے ہیں +
پیلو پرنی (س) چوکندی +
پیلوکا (س) چھوٹا تیندوا +
پیلی ٹری رُوٹ (ان) ماقرقرحا
پیورندی (س) چھوٹی ستاور
پیوری (ہ) ایک چیز ہے جس کو نقاش لوگ کام میں لاتے ہیں +
پیوزا (ف) خاردار درخت ہے جس کو عربی میں شجرۂ ابراہیم کہتے ہیں +
پیوسی (ہ) کھیس، پیوہ، پیوکیہ دگائے بھینس وغیرہ کا گاڑھا دودھ جو بچہ پیدا ہونے کے بعد دوچار روز تک آتا رہتا ہے) +
پیوند مریم (ف) کلتھی +
پیہ (ف) چربی +
پیہ خرماد (ف) سرخس +
پیہ تاوندی (ف) پھلوا +

ت

تابرنتی (س) پتری +
تاپسا (س) مُنڈی +
تاپ سدرو۔ بیگن +
تابفت (بربری) ایک خاردار شیردار بوٹی ہے +
تابل (ع) توابل جمع ہے، اور یہ وہ چیز یا مصالحہ ہے جس سے کھانا خوشبودار کیا جاتا ہے (گرم مصالحہ) +
تاپون۔ بیگن +
تاپیم (س) مرقشیشا، یعنی سون مکھی، سونا مکھی +
تانورہ / تانولہ (ف) دھتورہ +
تاج خروس (ف) جھوراکلغہ +
تاج ریزی (ف) مکو +
تاخ (ف) کھٹاٹا، بعض شیح کو کہتے ہیں +
تادانہ۔ ایک قسم کا دانہ ہے سیہلو خوشبودار میٹھا، جسکو عربی میں حب الزلم کہتے ہیں +
تاڑ (ہ) مشہور درخت ہے، اسکی لمبائی بیس گز تک ہوتی ہے، تنہ نہایت مضبوط چوٹی پر چھوارے یا کھجور کے مانند پتے ہوتے ہیں +
تاربوبیر (س) چاندی +
تارپیا (س) سوہن مکھی +
تارپین (ان) ایک قسم کی رطوبت

ہے جو رال اور روغن سے ملی ہوئی ہوتی ہے اور چیڑ کے درخت کی ایک قسم سے نکلتی ہے +

تاڑ شیاتیل (س) (۱) رسوت (۲) سیندھی کا گوند +

تاڑ شیاشیلم (س) ایک قسم کا سُرمہ ہے +

تاڑم (س) چاندی +

تاڑ کا مکھی (ہ) سون مکھی +

تاڑی (ہ) تاڑ کا رس، جو کہ درخت تاڑ سے خود بخود ٹپکتا ہے یہ نشیلا ہوتا ہے کھجور کے درخت سے بھی اسی قسم کا رس نکالا جاتا ہے جس کو تاڑی ہی کہتے ہیں +

تاڑہ بید (ف) چندنہ +

تاسمفت (بربری) چوکا، یا ترنج کی کھٹائی +

تاسمن۔ ترنج مخلل (بجورا جو کہ سرکہ میں ڈال کر یا دیگر طرح سے اس کا اچار بنایا گیا ہو) +

تاغند (بربری) عاقرقرحا +

تافسیا (ع) پہاڑی سداب کا گوند جس کو تافسیا بھی کہتے ہیں +

تاک (ف) درخت انگور +

تاکوب (بربری) فرفیون +

تاکوت (بربری) فرفیون، یا کُرنازج +

تالا پرنکا }
تالا پترا } (س) جنگلی سداب +

تالب، بکائن +

تالسفیفر (یو) اسپند، یعنی ہالی ہالون +

تالسقیس (یو) ہالون +

تالشا۔ چاندربل +

تالیسپتر (ہ) ہندی دوا ہے عربی میں زرنب، طالیسفر کہتے ہیں +

تالیطس (یو) چندر کا نت +

تالکی جوہری اجوائن +

تالمکھانہ (ہ) مٹیالے رنگ کے تل کے برابر تخم ہیں جو نہایت لیسدار ہوتے ہیں دکنی میں کولسے، بنگالی میں کلیا کھارا سنسکرت میں نبرگرگڑی، ٹرواسولی کہتے ہیں +

تامر۔ چوکا کی گٹھلی +

تامبرا (س) تانبہ +

تامبولم (س) پان کا پتہ +

تامڑا (س) پھگول +

تامڑا پرنی (س) بڑی ماسنا +

تامڑا پشپال (س) گُل سُرخ +

تامرا پشپکا (س) گُڑھل +

تامرا پلوھا (س) آسا پالا +

تامرا پو (س) گُل نیلوفر +

تامرا پھل (س) انکول کا پھل +

تامرا توٹ (س) نیلوفر کی شاخ +

تامرا شم (س) نیلوفر +

تامرا وان (س) لوبیا +

تامرا یکا (س) گھنگچی سُرخ +

تامرا یھا (س) منجشٹی +

تامرا یوچن (س) مجیٹھ +

تامشاورت (س) لیموں +
تاموت (بربری) ایک غیر مشہور بوٹی ہے +
تان (ہ) بل پیپل جسکو عوام پانی کا پات کہتے ہیں +
تانبا (ہ) عربی میں نحاس، قلز فارسی میں مس انگریزی میں کاپر سنسکرت میں تامرا کہتے ہیں + (مشہور دھات ہے)
تانبر پھپیا (س) (۱) پاڈل (۲) نسوت +
تانبول ﹜
تانبل ﹜ (ف) پان +
تانبول دیکا (س) نلاتیکی +
تانی (س) ہڑ +
تپاتیگی (ہ) گلو +
تباشیر (ف) طباشیر (مبلوچن)
تباکیر (ہ) تواکھیر، طباشیر کے مانند دوا ہے +
تپتی (ہ) ایک بوٹی ہے جس کا مزہ ترش ہوتا ہے اس کا ساگ بھی پکاتے ہیں، اسکو کٹنکل کھٹی بوٹی، امبی بوٹی بھی کہتے ہیں +
تبر (ع) چاندی سونا، وغیرہ دھاتوں کو بھی کہتے ہیں +
تبرزد (ف) نبات، یا ایک قسم کا نمک ہے +
تبرک (ع) ایک درخت ہے، عرب میں پیدا ہوتا ہے +
تبرلو (س) دیونل، نل کی ایک قسم ہے

تپشی (ہ) ایک بیل ہے جو درختوں پر لپٹتی ہے اور شاخیں زیادہ ہوتی ہیں +
تبن (ع) گھاس، بھوسی +
تبن مکہ ﹜
تبن کعبہ ﹜ (ع) اذخر +
تپودھنی (س) منڈی +
تپینم (س) طلا، سونا +
تپیتیل (س) کوٹ کی قسم ہے +
تتر (س) کھپریا +
تتریک (ہ) سماق +
تتلا (س) بھگائی +
تتن (تر) تنباکو +
تتھاور تا (س) پدم چاندنی +
تتھک (س) نیلہ تھوتہ +
تتیا (ہ) بھڑ زرد رنگ کا نام ہے +
تج (ہ) عربی میں قرفہ کہتے ہیں لایک درخت کی خوشبودار چھال ہے جو دارچینی کے مشابہ ہوتی ہے) +
تجھانت (س) تاپیسر +
تجھرناکر (س) گاجر +
تخ (ع) ترش شراب نیز کھل کو کہتے ہیں +
تخم تراتیزک (ف) ہالون +
تخم اھر (ف) اندرجو +
تخم ترشہ (ف) تخم چوکا +
تخم نونرہ (ہ) کبابہ خنداں کے شکل پر ایک دوا ہے +
تخم جلملی (ہ) یہ دوا علاج الامراض میں مذکور ہے، اگر اس سے تخم کلملی مراد

لئے جائیں تو صرف یہ خارجی طور پہ چہرے
کی رنگت نکھارنے کے لئے استعمال کئے
جاتے ہیں، لیکن تخم جلبلی کتاب مذکور میں
ایک مقوی باہ نسخے میں درج ہیں *
تخم خلیل وخلال (ف)
گاک چنگی مستی *
تخم خیری (ف) ذرادشان *
تخم دھنتر (ہ) ہندی دوا ر
ہے کسی درخت کے تخم ہوتے ہیں *
تخم رہل (ف) اہبل *
تخم رداب (ف) اسی نام
سے مشہور ہے (ڈومون بھی کہتے ہیں) *
تخم سپندان (ف) ہالون *
تخم شربتی (ف) تخم بالنگا
تخم شہوہ (ف) خاکسی *
تخم قنب وکنب (ف)
شہدانہ *
تخم کاج (ف) چلغوزہ *
تخم کاجیلہ
تخم کاجرہ } (ف) کسنبہ کے بیج
تخم کافشہ
تخم کبکو (ف) کالادانہ *
تخم کرنس رومی (ف) اگرونڈ
تخم کرنس کوہی (ف)
قطراسالیون *
تخم کلبلی (ہ) خاکسی کے مانند
دانہ ہے *
تخم کونچہ (ف) باقلائے
مصری *

تخم گل (ف) گلاب کا تخم *
تخم مرغ (ف) مرغی کا انڈا *
تخم نیلوفر پیچ (ف) کالادانہ *
تدبیجانو (س) اندرجو *
تدبھیلا (س) چھاچھ *
تدرج (معرب تدرو) لوا *
تدرو (ف) لوا *
تدھارا (ہ) زقوم، تھوہر کی
ایک قسم ہے *
تدری (ف) تودری *
تدھمر (س) کھپریا *
تراب (ع) مٹی *
تراب الشاردہ (ع) ایک
خاص جزیرہ کی مٹی ہے جو جزائر بحر روم
سے ہے *
تراب الصیدا (ع) شام کے
ایک پہاڑ کی جسکو صیدا کہتے ہیں مٹی ہے *
تراب الطرق (ع) رستوں کی
مٹی ہے *
تراب الفار
تراب الہالک } (ع) سم الفار (سنکھیا) *
تراب القی (ع) حرشف کا گوند،
جو کا ہو کی مانند ایک بوٹی ہے *
تراب الکندر (ع) ایک قسم
کی خاک ہے، جو کندر کے پگھلانے سے
جدا ہو جاتی ہے *
تراب المرلعات (ع) چوراہے
کی مٹی *

تَرائیمان } (ہ) ایک ہندی بوٹی
تَرائیمانا } ہے، اس کے پتے
زمین پر مفروش ہوتے ہیں اور درمیان
سے ڈوڈی نکلتی ہیں اس کے تخم
بطور دوا مستعمل ہیں +
تُرب (ف) مولی +
تُربۃ العسل (ع) جوز جندم +
تُربُد (ع) نسوت +
تِرپُرنی }
تِرپنی } (ہ) شال پرنی +
تُربزہ (ف) مولی +
تُربسم (س) قلمی +
تُربسی (س) کھیرا +
تِربوٹنی (س) نسوت +
ترنوبیر (س) چاندی +
تَربُوز (ہ) فارسی میں خربزہ
ہندی، ہندوانہ، تربز، عربی میں
بطیخ ہندی، ہندی میں کلیندہ، بچاء
سنسکرت میں کیھا تڈا یا لم پانڈوتیر
کہتے ہیں +
تِرپھلا (ہ) ہلیلہ، بلیلہ، آملہ تینوں کو
ملا کر کہتے ہیں +
تِرتِک (س) چاول کی ایک قسم ہے +
تِرتبا (س) نسوت، تربد +
تُرتیا (س) (۱) گھونگچی سیاہ (۲)
تیندو (۳) جل جامن +
تُرٹی (س) چھوٹی الائچی +
تِرجاتک (س) فاقلہ صغار، اور
قرفہ، ورساذج مساوی الوزن کو
کہتے ہیں +
ترجلا (بربری) غافث یا غافث
کی مانند بوٹی ہے +
ترخ (ف) گھاس +
ترخون (ف) ترخون - ایک بوٹی
ہے، جو شیراز میں پیدا ہوتی ہے +
ترِدشا (س) میدہ (مشک بلائی) +
ترِدوا (س) بڑی الائچی +
ترُبج (س) دلترو +
ترس (ہ) کفتار، چرخ (درندہ ہے) +
تردیہ کھک (س) انبکول +
ترس }
ترسی } برمون، کپاس کی مانند بوٹی ہے +
ترسندھیاپرنی (س) جیاپت +
ترسگندھ (س) ترجاتک
(چھوٹی الائچی، تج، تیزپات مساوی الوزن
کا مجموعہ) +
ترُشک - آم +
ترُشک - درخت لوبان +
ترُشہ داش (تنکابن) چوکا +
ترش کھن (س) ہزار دانہ +
ترف (ع) ایک قسم کی ترشی ہے
جو چھاچھ کو جوش دیکر خشک کرکے
نگاہ رکھتے ہیں، اور وقت ضرورت
گرم پانی میں حل کرکے کام لاتے ہیں +
ترفاش (دیو) کھمبی +
ترفوس (دیو) بچھڑا +
ترک (ترکی) گوبر +
ترکاری (س) ارنی نیز بقول کو کہتے ہیں +

ترِکُٹا (ہ) گول مرچ، پیپل، سونٹھ، تینوں کو ملا کر کہتے ہیں +

ترِکَکڑی (ہ) لکڑی کی ایک قسم ہے +

تُرِکل (س) تاڑ کا پھل +

تِرکنٹک (س) گوکھرو +

ترِگَنڈا (س) چھوٹی الائچی تج اور تیزپات تینوں کو ملا کر کہتے ہیں +

ترِلوہ (س) سونا کانسی اور تانبہ کے مرکب کو کہتے ہیں +

ترِمِرہ / تاراَمِرہ (ہ) مشہور دوا ہے، ترا تیزک سے مشابہ ہوتی ہے، جنگلی اور باغی دو قسمیں ہوتی ہیں اس کے تخموں کا روغن کولھو میں نکالا جاتا ہے +

ترِمِڑی۔ گلو کے مانند ایک بوٹی ہے اس کے پتے کھجور کے پتوں سے مشابہ ہوتے ہیں، اسکو سنسکرت میں کھجوری کھجوری، تیچھن پترا کہتے ہیں +

ترِمِس (ع) جالر (ہ) باقلا مصری (ف) +

تُرَن (ہ) نسترن، نسرین (سیوتی) +

تُرَن پُشپک (س) درخت تاڑ کے مادہ قسم کا پھول ہے +

تُرَن بندو (س) غیر مشہور دوا کا نام ہے +

تُرُنج (ف) اترج (بجورا) +

ترنجان، بادرنجبویہ (بلی لوٹن) +

تُرَنجبین (معرب) فارسی ترنگبین عربی میں عسل الحاج، ہندی میں شکر

جواسا کہتے ہیں + (ایک قسم کی شبنم ہے جو شام وخراسان وغیرہ ممالک میں جواسے کے پودوں پر گرتی اور منجمد ہو جاتی ہے اور اس کا ذائقہ شیریں ہوتا ہے) +

ترَندک (ہ) ہندی ممولا چڑیا کے مانند پرندہ ہے +

ترِندھانکا (س) چند مختلف اور مخصوص غلوں پر بولا جاتا ہے +

ترَندُھوجہ (س) بانس +

تُرَنَدراج (س) درخت تاڑ +

ترنشول (اندلس) غیر مشہور بوٹی ہے بعض لجالو کہتے ہیں +

تُرَن کیسری (س) طباشیر (بنسلوچن) +

تَرنی (ہ) ہندی دوا ہے +

ترِوتا (س) نشوادر +

ترَوَسُرا (ہ) جنگلی درخت ہے اسکے پتے سنا کے مانند ہوتے ہیں اسکی ہر ایک شاخ پر پھولوں کا گچھا لگتا ہے جو کہ زرد رنگ ہوتے ہیں پھلی چھوٹی اور چوڑی ہوتی ہے اور اُن میں تخم کلتھی کے مانند ہوتے ہیں، اس کی دوسری قسم ہے جس کا پھول سُرخ رنگ ہوتا ہے +

ترِوکھن (س) ترکٹا (گول مرچ پیپل اور سونٹھ کو کہتے ہیں) +

ترِوم (تنکابین) اسطوخودوس +

ترِون (س) زیرہ +

ترِونا (س) کمر بنڈی (ایک بوٹی ہے) +

ترِونی (س) دمیاک، ایک درخت ہے،

ترہ (ف) ایک ساگ ہے، نیز گندنا کو کہتے ہیں ٭
ترہ بیابانی (ف) امرود ٭
ترہ تیزک (ہ) ترہ و مشہور و واضح ہے ٭
ترہ خراسانی (ف) (۱) جنگلی لسنی (۲) چوکا ساگ
ترہلا / ترہلان } (بر) غافث یا غافص کے مانند بوٹی ہے ٭
تریاق (ع) افیون، نیز ہر اس چیز کو کہتے ہیں جو زہر کو دفع کرے
تریاق ترکی (ع) سو سیائی ٭
تریاق جبلی (ع) ایک قسم کی بوٹی ہے ٭
تریاق الجبہہ (ع) ایک قسم کی رطوبت ہے جو پہاڑی گائے اور بکری کی آنکھوں میں جمع ہو جاتی ہے ٭
تریاق الروساق (ع) لہسن ٭
تریاق فارسی / تریاق طبیعی } (ع) فادزہر ٭
تریاق اللحوم (ع) لہسن ٭
تریاق المجانین (ع) کچھوے کا گوشت ٭
تریاقی (مصر) سورنجان کی مانند ایک جڑ ہے ٭
تریاک (ف) تریاق (ع) یا افیون ٭
تریامان - غافث ٭
تریاملون - جونک ٭
تری اچھو (س) ناریل ٭
تری پادی (س) ہنسپادی ٭
تری پرنی / تری بینی / تری گھا } (س) سالپرنی (ہندی دوا ہے) ٭
تری پشپی (س) دھتورہ سیاہ ٭
تری پھل (س) ترپھلا (ہڑ، بہیڑہ، آملہ) ٭
تریجھا (س) تاڑ کا پھل ٭
تری جھد (س) کچھنا کچھنی (ہندی دوا ہے) ٭
تری نسر نگا (س) سنگھاڑا ٭
ترنیکا (ہ) سکرن (ہندی درخت ہے) ٭
تریمنک (س) تانبہ ٭
ترنوم (تنکابن) اسطوخودوس ٭
ترنون (ی) کنیر (درخت) ٭
تری ہرت / تری ہرتانش } (س) تربد سفید اور تربد سیاہ کا نام ہے ٭
ترز (ف) کونپل ٭

تسباغہ (تر) کچھوا (ہ) سنگ پشت (ف) ٭
تسترا (ف) کلفرہ (ایک بوٹی ہے) ٭
تشکری (ہ) بھنڈی ٭
تشا چھار (س) کھاری نمک جو کپڑے دھونے کے کام آتا ہے (ریہ) ٭
تشتیوان (ی یا بر) بنفشہ ٭
شجرۃ البعوض / **شجرۃ البق** (ع) اروار ٭
شجرۃ البہق (ع) قنابری ٭
شجرۃ التسبیح (ع) اندریان ٭
شجرۃ التنین (ع) لوف کبیر، لوف الحیہ ٭
شجرۃ التیس (ع) طراغیون ٭
شجرۃ التین (ع) درخت انجیر ٭
شجرۃ الجبار / **شجرۃ الجبان** (ع) پرسیاؤشان ٭
شجرۃ الجن (ع) دیودار ٭
شجرۃ الحائضہ (ع) ببول ٭
شجرۃ الحیض / **شجرۃ الحص** (ع) آزاد درخت (بکائن) ٭
شجرۃ الحیات (ع) درخت سرو، یا فرفیون ٭
شجرۃ الحیہ (ع) جنطیانا، یا لوف کبیر، یا سرو کا درخت ٭
شجرۃ خبیثہ (ع) اندرائن کا درخت ٭
شجرۃ الخطاطیف (ع) درخت مامیران، یا زرد چوب (ہلدی) ٭

شَجرۃ الدب (ع) زعرور، یا علیق کا درخت یا علیق الکلب یا تطریب یا اخیعش اسود +

شَجرۃ الدبق (ع) درخت سپستان +

شَجرۃ الدلب (ع) درخت چنار ، تنتین +

شَجرۃ الدم (ع) رتن جوت ، یا انبا ہترہ +

شَجرۃ الذرایح (ع) زبد کا درخت +

شَجرۃ ذی قرنین (ع) یبروج الصنم +

شَجرۃ الراہب (ع) دمشق کی طرف ایک درخت ملتا ہے جسکے پھل شہد ، نخ جیسے ہوتے ہیں +

شَجرۃ رستم . زراوند طویل +

شَجرۃ سلیمانی (ع) یبروج الصنم

شَجرۃ الشیوخ (ع) درمنہ +

شَجرۃ الصنم (ع) یبروج الصنم +

شَجرۃ الضبع (ع) افتیمون +

شَجرۃ الضفادع (ع) کیکیج +

شَجرۃ الطحال (ع) مریحبہ کی (جڑ کا شرابا جا و شیر کی ایک قسم ہے) +

شَجرۃ الطلق (ع) شجرۃ المریم ، کف المریم (ع) +

شَجرۃ طیبہ (ع) نخل خرما کا درخت +

شَجرۃ العجمر (ع) سفیدکیا ہوا مرداسنگ +

شَجرۃ العقب (ع) نوارس (درخت ہے) +

شَجرۃ الغار (ع) دہشت +

شَجرۃ الغرب (ع) درودار +

شَجرۃ الفرس (ع) نوادس یا اشل اسوس +

شَجرۃ القدس (ع) نوارس درخت تتا وکی بڑی قسم ہے +

شَجرۃ القطران (ع) ارزین +

شَجرۃ الکافور (ع) اقحوان یا ریحان الکافور +

شَجرۃ الکف (ع) کف مریم +

شَجرۃ الکلب (ع) الوسن +

شَجرۃ المریم (ع) (۱) بخور مریم کا درخت (۲) اقحوان (۳) درخت سنبھالو (۴) شجر النبی +

شَجرۃ موسیٰ (ع) (۱) علیق الکلب (۲) عوسج +

شَجر النبق (ع) درخت سدر (بیری) +

شَجرۃ النمام (ع) صاحرما +

شَجرۃ النور (ع) درخت لسان العصافیر (ع) (اندرجو) درخت ابرو (ف) +

شَجرۃ الہلیلج (ع) آزاد درخت +

شَجرۃ الہند (ع) درخت دیودار (چیڑ) +

شَجرۃ الیہود (ع) اقنابری +
شَجرہ (ع) آگ میں پکائی ہوئی رانبج کی ایک قسم ہے +
شَحدان (ع) گرسنہ مڑا +
شَحرا (سُریٰ) زاغ البحر +
شَحراشمسافا (سُر) نلج ترنج +
شَحرور (ع) (۱) دراج (۲) کبک دری بقول بعض سار د +
شَحط (ع) پرندوں کی بیٹ، ہیٹ +
شَحم (ع) چربی +
شَحم اُترج (ع) ترنج کا چھلکا +
شَحم الارض (ع) (۱) ژرد ئی (۲) کیچوا (۳) فطر دکھمبی) +
شَحم الحنظل (ع) اندرائن کے اندر کا مغز اور پردے +
شَحم الرمان (ع) انار کے پھل کا مغز اور پردے +
شَحم قاوندی (ع) قاقند +
شَحم المرخ (ع) جنگلی خطمی +
شَحم النخل (ع) جمار نخل +
شَحور (ع) شحرور +
شَحیرہ (ع) غیر مشہور دوا ہے +
شَحیمہ (ع) لبلاب کبیر د بڑا لبلاب) +
شَخاب (ع) تازہ دودھ +
شَخار (ع) اشخار دسجی) +
شَخار اَبیض (ع) نمک اشخار (سجی کا نمک) +
شَخب (ع) تازہ دودھ +
شَخنت - اتلیاسے ذہبی (سونا مکھی) +

شَختار (ف) سبز رنگ کا ایک پانی کا پرندہ ہے +
شَخرون - زرد ریوند +
شَخیرہ (ف) (۱) اشخار دسجی) (۲) نوشادر +
شَخیص (ف) ایک چھوٹی خوش آواز چڑیا ہے +
شَداب یتر (س) ببول کے پتے +
شدادالاساکفہ (ع) زاغ رئیس) +
شدخ - تخم ہنجبار +
شدر (ع) تخم قرط +
شَدن (ع) ایک بوٹا ہے جس کی کلی چنبیلی جیسی ہوتی ہے +
شَدنیات (ع) جمع شدنیہ (ایک اونٹ کی قسم ہے) +
شَدھم (س) نمک سیندھا +
شَذا (ع) مسواک کا درخت (۲) نمک (۳) کتے کی مکھی +
شَذام (ع) نمک +
شَذان (ع) درخت سدر دبیری کا درخت) +
شَذر (ع) (۱) سونے کی ڈلی جو کان سے نکالی گئی ہو (۲) چھوٹا موتی +
شَذمان (ع) بھیڑیا +
شَذو (ع) مشک +
شَذہ (ع) قرصعنہ +
شَراب (ع) (۱) پینے کی شے خواہ کچھ ہی ہو (۲) شربت جو شکر، شہد

مصری یا کسی میوہ کے پانی سے تیار کیا جاوے (۳) انگور کا پانی جب اسکا جوش جاتا رہا ہو، اور مٹھاس دور ہوگئی ہو (۴) شراب (نشہ لانے والی شے، خواہ انگور کی بنی ہو یا کسی اور چیز کی (۵) شراب انگوری جو انگور سے تیار کی گئی ہو، مدحد (ہ) اُمّ الخبائث، راح (ع) مے، شراب (ف) وائن، اِل کُحل (انگر) +

شَرَاب رقیق صافی (ع) صاف اور پتلی شراب جو سکر و تحلیل میں زیادہ لطیف اور سریع ہوتی ہے +

شَرَاب غلیظ (ع) گاڑھی شراب جو اعصاب کو ڈھیلا بناتی، توحش پیدا کرتی اور دیر میں نشہ لاتی ہے اور دیر میں تحلیل ہوتی ہے +

شَرَاب لطیف (ع) ہلکی اور پتلی شراب جو شراب غلیظ کی ضد ہوتی ہے +

شَرَاب حامض (ع) کھٹی شراب +

شَرَاب مُر (ع) کڑوی شراب +

شَرَاب تفہ (ع) تفوہ (بے مزہ شراب) +

شَرَاب عَفِص (ع) کھٹی شراب +

شَرَاب حرِیف (ع) تیز شراب +

شَرَاب مُز (ع) کھٹ مٹھی شراب (شراب میخوش) +

شَرَاب قابض (ع) قابض شراب (زبان کو سکیڑنے والی) +

شَرَاب اَسوَد (ع) سیاہ شراب +

شَرَاب اَحمَر (ع) سُرخ شراب +

شَرَاب اَبیَض (ع) سفید شراب +

شَرَاب اَصفَر رقیق (ع) زرد اور پتلی شراب +

شَرَاب رَیحانی (ع) صاف، خوشبودار تیز سی شراب +

شَرَاب مُنتِن (ع) بدبودار شراب +

شَرَاب مُشَمَّس (ع) شراب جو دھوپ سے جوش میں لائی گئی ہو +

شَرَاب مَطبُوخ (ع) انگور کے پانی کو جوش دے کر مٹکے میں بند کر کے جوش میں لاکر تیار کرتے ہیں +

شَرَاب مَدفُون (ع) شراب جو زمین میں گاڑی جاتی ہے، اور دھوپ میں رکھی نہیں جاتی ہے +

شَرَاب صِرف (ع) خالص شراب بغیر پانی کے +

شَرَاب مَمزُوج (ع) پانی ملی ہوئی شراب +

شَرَاب کَدِر (ع) گدلی شراب +

شَرَاب صاف (ع) صاف شراب +

شَرَاب ثقیل (ع) بھاری شراب (دیر ہضم) +

شَرَاب خَفِیف (ع) ہلکی شراب +

شَرَاب قدیم (ع) (۱) جسپر چالیس سال گزر گئے ہوں (۲) بقول بعض جسپر دو سال سے زیادہ چالیس تک گزر چکے ہوں +

شَرَابِ حَدِیث (ع) شراب مسطار +

شَرَابِ عَتِیق (ع) (۱) شراب قدیم اور متوسط کے درمیان (۲) جس پر ایک سال سے دو سال تک گزر چکے ہوں +

شَرَابِ مُتَوَسِّط (ع) شراب متوسط جس پر دو سال گزر چکے ہوں +

شَرَابِ مسطار (ع) شراب جس پر چھ ماہ سے زیادہ گزر گئے ہوں +

شَرَابِ لَبَنِی (ع) دودھ جیسی شراب +

شَرَابِ مَعْمُول بآبِ بحر (ع) سمندر کے پانی سے بنی ہوئی شراب +

شَرَابِ مَرُوق (ع) شراب کہ جس میں گیہوں کی روٹی بکمات بھگو کر پھر چھانکر پیتے ہیں +

شَرَابِ سُوسَن (ع) مے سوسن (سوسن کی شراب) +

شَرَابِ دوشابی (ع) دوشاب کی شراب +

شَرَابِ عَسَلی (ع) نبیذ عسلی (شہد کی شراب) +

شَرَابِ مَوِیزی (ع) نبیذ زبیب (منقے کی شراب) +

شَرَابِ نبیث (ع) شیر

شَرَالبُشِی
شَرَالبُشنی } (س) سنبل کے پھول +

شَرَاتِیجھن (س) توتیا سفید +

شَرَاچھورا (س) ل +

شُرَار (ع) ہڑتال اڑائی ہوئی (جوہر ہڑتال) +

شَرَاقی
شَرَاھَق } (ع) سوسن سفید +

شَرَامِش (ع) اشراس (سریش) +

شَرَاق (ع) شقراق +

شَرَانِق (ع) سلخ الحیہ (سانپ کی کینچلی) +

شِرَان (ع) مچھر کے مانند کاٹنے والا ایک جانور ہے +

شِرَاوَنی (۱) منڈی (۲) جریا +

شَرَاوَنی وَردھی (س) ساون کے مہینہ میں پیدا ہونے والی وردھی +

شَرَب (ع) نہایت نازک اور باریک بنا ہوا کتان کا کپڑا +

شَربِین (ف) گربن (ہ) شجرۃ القطران (ع) پاکمش سل دیں ٹرس (ان) وہ درخت جس سے قطران نکلتا ہے، صنوبر یا سرو کے قسم سے ہے +

شَربَت (اردو، ف) (۱) پینے کی میٹھی شے (۲) جلاب +

شَرُبنکھی (س) سر پھوکہ +

شَربہ (پانی میں اُگا ہوا خرمے کا درخت +

شَربث (عربی) (۱) فراسیون (۲) شیر +

شُربُوع (ع) مینڈک +

شُربُون (ف) قطران +

شَرتانٹرو (س) درخت دلما +

شرتار (ہ) غیر مشہور ایک ہندی دوا ہے +
شرجالنی (س) کڑوی توری +
شرجیان (ع) بیگن جیسا درخت ہے، جس سے چمڑے رنگے جاتے ہیں +
شرزردک (ف) زعرور کی زرد قسم +
شرشق (ع) شقراق +
شرشور (ع) چھوٹی سی سیاہ رنگ کی ایک چڑیا ہے +
شرعون
شرع
شرعی
شرعوف (ع) چھوٹا مینڈک +
شرفیون (سُر) الائچی +
شرقوق
شرقراق (ع) شقراق +
شرکاگولی (س) تمباکو کا پتہ +
شرکرا (س) شکر +
شرگالاونا (س) کوبینا +
شرگال کنٹھا (س) تلیر (ایک چھوٹا پرندہ ہے) +
شرمندی (ہ) لجالو (چھوئی موئی) +
شرنگانگ (س) سنگھاڑا +
شرنگالنکا (س) بداری کند +
شرنگر بیٹا (س) کرل پالا +
شرنگنین (س) ستاوری +
شرنگراٹ (س) روسا کی کلیاں +
شرنگھلا (س) بھر +

شرنگی (س) سینگ +
شرنگی بیرم (س) ادرک +
شرن (ع) دہامن (ہ) ایک پہاڑی درخت ہے جس سے کمان بنتی ہے +
شرنبث (ع) شیر +
شرنگ (ف) (۱) جانور دونکا کھر، (۲) خر زہرہ +
شرو (ع) شہد +
شروت آنجن (س) (۱) غیر معلوم الماہیت دوا ہے (۲) یا سرمہ کی قسم ہے +
شروین (ف) شربین +
شری (۱) قثاء الحمار (۲) حنظل کی بیل +
شریان (ع) درخت جس سے کمانیں بنتی ہیں +
شریح (ع) موٹا گوشت +
شری پھل (س) بیل پھل +
شریش (ف) سریش +
شریکا (س) ایک ہندی دوا ہے +
شریفہ (ف) سنسکرت میں آترپیہ ہندی میں سریفہ، سیتاپھل، بنگالی میں آتا، انگریزی میں کسٹرڈ ایپل لاطینی میں اسے نونا اس بلچے موساکتے ہیں، مشہور پھل از قسم میوہ ہے +
شریمان (س) وارش بھک +
شریمدی (س) وریدوتل (چمیلی کی قسم سے بوٹی ہے) +
ششش (ف) چھیچھڑہ (ہ) ریہ (ع) تنگزان، پھیپھس (س) +

شُنشُباشِرنگی (س) سونگا سو +

شَشبَندان }
شَشبُندانِ سیاہ } (ف) فاشرستین +

شِشِ پِستان (ف) مادہ سگ گیلا +

شُش پُختہ (ف) بقلہ یمانیہ (ساگ چولائی) +

شِشتیزَنُوہ (س) فولاد +

شُستَرہ (ع) فور چھال گری +

شُشُرنُت }
شَشَرِبُت } غیر مشہور بوٹی ہے مصر میں پیدا ہوتی ہے +

شَشَرنتی (س) بیر دراتہ +

شَشَرن گندہ (س) صندل سفید کی ایک قسم ہے +

شِشقاقل (ع) شقاقل +

شِشِم (ف) چھوٹی الائچی +

شِشِلیہ پھل (س) بین پھل +

شَطا (ع) چھوارے کا چھوٹا پودا جو بڑے درخت کے ساتھ پیدا ہو جاتا ہے

شَطبانی (بربری) عصی الراعی (لال ساگ) +

شَطبیہ (ع) باغی صعتر لانبے پتوں والا +

شَطر (ع) خشی +

شُطبیہ (مغر) برف کے پہاڑوں میں پیدا ہونے والی زیرہ جیسی ایک بوٹی ہے +

شَعاریر (ع) قثاء المضار ایک چھوٹی قسم کی ککڑیاں +

شَعر (ع) (۱) بال (۲) مُو (ف)

(۲) زعفران +

شَعرا (ع) (۱) نیلی اور سرخ مکھی ہے جو اونٹ گدھے اور کتے پر بیٹھتی ہے (۲) چنے کا درخت (۳) شفتالو کی ایک قسم ہے +

شَعرُ الجیاد (ع) گھوڑے کے بالوں جیسی باریک اور سیاہ بوٹی ہے +

شَعر سیمون - پرندوں کی پتھری (؟) شکران (ف) +

شَعرُ الغُول (ع) شعر الجیاد (۲) حاشا (۳) پرسیاوشان (۴) بعض نے کوئی اور بوٹی سمجھی ہے +

شَعرُ الارض }
شَعرُ الجبار }
شَعرُ الجن }
شَعرُ الجبال }
شَعرُ الحیات } (ع) پرسیاوشان (ہنسراج)
شَعرُ الخبات }
شَعرُ الکلاب }
شَعرُ الغول }
شَعرُ الحمار }
شَعرُ الخنازیر }

شَعرُ لشقراء (ع) جعدہ +

شُعریہ (ع) اطریہ (سویاں) +

شُعصُو (ع) جو زبری +

شَعرورہ (ع) (۱) بنری مائل شفتالو کی ایک قسم ہے (۲) چھوٹا کھیرا جنگلی کھیرا +

شعور صقالبہ (ع) زعفران (کیسر) +
شعیر (ع) جو +
شعیر رومی (ع) خندروس (کمنی) +
شغال (ف) گیدڑ، سیال، سیار +
شغالی - انگور کی ایک قسم ہے +
شغوا (ع) عقاب +
شفالح (ع) ثمار الکبار +
شفادار ور (ف) فاوزہر +
شفانہ (ف) چیل سے بڑا ایک پرند ہے جسکے سر میں چار رنگ ہوتے ہیں +
شفاء العنز (سر) بارتنگ +
شفتالو (ف) آڑو (ہ) خوخ (ع) مشہور پھل از قسم میوہ ہے +
شفترک (ف) خاکشی +
شفترنگ (ف) ایک میوہ ہے جو شفتالو اور زردآلو دونوں کے پیوند سے پیدا ہوتا ہے +
شفتیل (ف) حندقوقی بستانی (باغی) +
شفحہ (ع) کچا خرما جو کسی قدر سرخ ہو گیا ہو +
شفدانہ (ف) حرمل (اسپند) +
شفصلی (ع) صاصلی +
شفقہ (ع) غیر معروف دوا ہے +
شفلج (ع) کبر کے پھل +
شفنین بری (ع) (۱) جنگلی کبوتر (۲) انجلہ (ہ) بوتیمار (ف)
شفنین بحری (ع) ساکوج (ہ) چمگادڑ کے مانند ایک دریائی جانور ہے دم میں کانٹے کے مانند ایک ڈنک ہوتا ہے
شفور (ع) روغن بہی +
شفورس / شفودبیس } (ی) خیار صحرائی +
شفیر (ع) فیروزہ +
شفیف (ع) اشنان کے تخم +
شفیقل (ع) شقاقل +
شقار غانون - عدس المر +
شقاقل (ع) اس کو عربی میں شقیقل شقاقل، فارسی میں گزر دشتی اور ہندی میں دودھالی کہتے ہیں، چھوٹی گاجر کے مانند ایک مشہور سفید مائل بزردی جڑ ہے، اور اس کے تخم سیاہ اور چنے جیسے ہوتے ہیں +
شقائق النعمان / شقا / شقاری } گل لالہ، لالہ کوہی (ف) پاسک فلادردان خشخاش سے مشابہ مشہور پھول ہے، مگر اس سے چھوٹا +
شقار (ع) اشجار (جمع) +
شقحہ (ع) شقو +
شقدان (ع) حرباء گرگٹ +
شقر (ع) لالہ (۲) شنگرف +
شقیر (ع) گرگٹ کا بچہ، یا مرغا +
شقرہ (ع) شنگرف +
شقر / شقران } (ع) ببڑیا +

شَقَر دانہ۔ حرمل (اسپند)+

شَقَراق (ع) (ا) شورہ (ہ) جنگلی
شَقَرہ } چڑیا کے برابر اور بعض کے نزدیک کبوتر کے برابر ایک سبز پرندہ ہے (۲) نیل کنٹھ +

شَقَردِیُون (رو) پہاڑی اور تری کے مقامات میں پیدا ہونے والی بوٹی ہے، جس کے پھول سے لہسن جیسی بو آتی ہے، اس کے پتے اگر مردہ پہ لپیٹ دیئے جائیں تو وہ سڑنے گلنے نہیں پاتا +

شَقَردی
شَقَردین } (رو) لہسن +

شَقَلداق (تُر) زوفائے تر +

شَقُوریُن (رو) لہسن +

شَقُوشِینا (ی) قثاء الحمار (اندرائن)

شَقِیق (ع) گل سبز +

شَقَفَد (ع) غیر مشہور دوا ہے +

شَقی رغلا (رو) بسفائج +

شَنقیقل (ع) افیون، شقاقل +

شکاچھیری (س) چھیر بدار ی، یا چھیر کا کولی +

شکا (س) طوطا +

شکائی (س) شکھائی +

شکاپھل (س) درخت آک کا پھل +

شکاؤنی (س) کنگنی +

شکاعی (ع) ایک خاردار پہاڑی بوٹی ہے، اس کو شوکۃ بیضاء، شوکۃ مربیہ، کثیر الرکب اور ذو ثلث شوکات بھی کہتے ہیں +

شنک۔ سنکھیا (سم الفار) +

شنک پڑیا (س) درخت نیب +

شنکتمر (س) کانجی کا تل چھٹ +

شنکتیکا (س) املی +

شنکٹی (س) بھکورہ۔ (ساگ ہے) +

شنکٹی شنکہ (س) شنگ کہ +

شکر (ف) مشہور نام ہے، سکر معرب شکر) شوگر (انگریزی) جو شکر سفید آٹے کے مانند پسی ہوئی ہو اسے کھانڈ چینی بورہ (ہ) کہتے ہیں +

شکر سرخ (ف) لال شکر جو گنے کے رس کا سخت قوام بنا کر سرد ہونے پر ہاتھوں سے مل کر سفوف سا بنا لی جاتی ہے +

شکر سلیمانی (ف) مصری (ہ) نبات (ف)

شکر تری (ہ) شکر سفید باریک لکھا ہو

شکر طبرزد (ف) قند کرر (ف) آبلوج +
قند سفید کو مکرر صاف کر کے قالب میں جمالیں اور سفید نمک کے مانند سخت ہو جائے تو اسے شکر طبرزد کہتے ہیں (۲) یا شکر کے قوام میں دسواں حصہ دودھ ڈال کر چھانیں اور پھر قالب میں ڈھالیں +

شکر خشر (ف) آک کی شکر، یہ ایک رطوبت ہوتی ہے جو آک کے درخت پر جمع ہو جاتی ہے اور خشک ہو کر گوند جیسی سخت ہو جاتی ہے (۲) بقول بعض

یہ ایک شبنم ہے جو آک کے درخت پر گر کر نمک کے ذرّوں کے مانند جم جاتی ہے (۳) بقولے یہ شکر ہے جو نمک کے ٹکڑوں کی شکل میں حجاز سے آتی ہے مگر یہ زیادہ صحیح نہیں +

شکر ک کوہی (ف) شکر عشر +

شکر تیغال (ع) مکھی اور بھڑ جیسے ایک جانور کا گھر ہوتا ہے جو اپنے لعاب سے بناتا ہے تازگی میں یہ گھر شیریں ہوتا ہے، اس جانور کا فارسی نام تیغال اور خردگک ہے +

شکر خورہ (ف) ایک چھوٹی سی چڑیا ہے، جو درختوں کے پھول اور پتوں کی مٹھاس چوسا کرتی ہیں +

شکر کند (ہ) مشہور جڑ ہے، جو جوش دیکر اور بھون کر کھائی جاتی ہے +

شکر جواسا (ہ) ترنجبین +

شکر و نیمو (ہ) میٹھا لیموں +

شکر بادام (ف) (۱) بادام کا نقل (۲) زرد آلو خشک جس کے تخم کو نکال کر بادام رکھا گیا ہو +

شکر برگ (ف) شکر پارہ شکر پالا (مٹھائی کی قسم مشہور ہے) +

شکر پنیر (ف) (۱) فانیذ سنجری (۲) حجر العاج +

شکر سنگ (ف) حجر اعرابی (۲) فانیذ سنجری +

شکر کندو (ف) کدوے شیریں +

شکر نتا (س) کالے دھان اجنگلی چاول +

شکرہ (ف) مشہور شکاری پرندہ ہے باشہ کی چھوٹی قسم ہے +

شکر ہنج (ف) خار خسک (گوکھرو) +

شکران (ع) خوکران +

شکک۔ پرندہ +

شکلا (س) (۱) کاکولی (۲) نسوت (تربد) +

شکل (ف) ایک غیر مشہور بوٹی ہے (۲) ریحان تاتاری +

شکلا دنی (س) کنگنی +

شکل پشپ (س) درخت سرس کا پھول +

شکلا سا (س) کاکولی +

شکلا چھک (س) بلیلہ دوب (دوب کی ایک قسم ہے) +

شکلد ھکہ (س) درخت دلما +

شکل کند (س) بداری کند +

شکلو نچہ (س) (۱) دلما (۲) سنکھا ہولی +

شکلمر (س) کانجی +

شکم دریدہ (ف) اسپغول +

شکناس (س) چلکا نکو +

شکنبہ (ف) اوجھڑی (۲) کرش (ع) +

شکنج (ف) سانپ (۲) سُرخ سانپ +

شکند (ف) خراطین (کیچوا) +

شکنہ۔ بڑا خار پشت (ساہی سیہی) +

شکوبی ھرین (فرنگی) عقرب بحری (سنگھی مچھلی) +

شکوئی / شکوتا } کشوث ۔

شکودن (ف) تالیس پتر ۔

شکوئی (س) اروی ۔

شکودن (س) سرس ۔

شکوہنج (ف) خار خسک (گوکھرو) ۔

شکھری (س) میوہ رکھی (۲) چرچیٹہ ۔

شکھائی (س) ایک درخت کا پھل ہے جو کیکر کی پھلی کے مانند ہوتا ہے، شکائی بھی کہتے ہیں ۔

شکھی کٹھن (س) نیلہ تھوتھہ ۔

شکنشٹھا (س) انار ۔

شگال (ف) زغال ۔

شگفہ (ف) شگوفہ کا اختصار ہے ۔

شگوفہ (ف) غنچہ، پھول کی کلی ۔

شگوفۂ ام غیلان (ف) ببول (کیکر کا شگوفہ) ۔

شگوفۂ سوسنجان (ف) تنبلیذ

شگوفۂ سنگ (ف) زہرۃ الحجر ۔

شگوفۂ مس (ف) (۱) زہرۃ النحاس (۲) اقلیمیائے نحاسی ۔

شل - نامعلوم الماہیت ہندی دوا ہے بقول بعض (۱) ایک دوا ہے جو سونٹھ سے مشابہ ہوتی ہے (۲) بیل (۳) بیل کا چھلکا (۴) کسی درخت کی جڑ ہے ۔

شلا (س) زرنیخ سرخ ۔

شلاٹ (ہ) بیل پھل ۔

شلا بھیدی (س) (۱) سنکھیا (۲) پتھر پھوڑی ۔

شلاجم (س) حجر الیہود ۔

شلادر (س) درخت منتدی ۔

شلبا (س) مس (تانبہ) ۔

شلتوک (ف) دھان، بے چھلا چاول ۔

شلجم (معرب) شلغم (ف) از قسم ترکاری مشہور جڑ ہے۔ پنم ۔

شلجم احمر (ع) شوندر (شلجم کی قسم ہے) ۔

شلنج (ع) تخم انجبار ۔

شلغفار (ر) اصل السوس (ملٹھی) ۔

شلغم (ف) شلجم ۔

شلق (ع) چھوٹی مچھلی ۔

شلقہ (ع) سوسمار کا بیضہ ۔

شلک / شلکا / شلوک } (ف) جونک (ہ) زلوف ۔

شلم (ع) شلجم ۔

شلم (ع) گوند ۔

شلمہ (ع) بقلۂ یمانی (ساگ چولائی) ۔

شلمابہ (ف) پانی میں جوش دیا ہوا شلجم ۔

شلمک (ع) (شلجم کا دانہ) ۔

شلمین (یو) حلبہ (میتھی) ۔

شلون (ف) گیدڑ کی قسم کا جانور ہے ۔

شلہ - لائم کیچڑی جس کے پکانے میں استقدر مبالغہ کیا جائے کہ وہ حریرہ کے مانند ہو جائے ۔

شلیثا (س) ایک معجون کا نام ہے ۔

شَلیل / شَلیَز } شفتالو جیسا اور اسی قسم کا ایک میوہ ہے، بقولے یہ میوہ شفتالو اور زرد آلو کے پیوند سے پیدا ہوتا ہے +

شَلبِک سرالا (س) درخت میں پھل +

شلی شلکھریک (س) چرچٹہ +

شلیہ برنا (س) بین پھل +

شمار (ف) فطر (کھنبی) +

شماج (ع) (۱) جو کی روٹی (۲) انگور کھانے کے بعد جو کچھ پھینکتے ہیں +

شمار (مصر۔شام) بادیان تر، یا انیسون +

شمار (ع) سخت لکڑی جس سے تبر تلوار وغیرہ کے دستے بنتے ہیں +

شمر (ع) بالائی (ملائی) +

شمر (شام) بادیان تر، مصر والے انیسون کو کہتے ہیں +

شمرا (سُر) دخان (دھواں) +

شمراخ / شمروخ } (ع) خرما یا انگور کا خوشہ

شمرادلبونا (سُر) دخان کندر +

شمرادسطرکا (سر) سیاہ گلہ کا دھواں +

شمبرسارا (س) درخت ساگون

شمبری (س) (۱) موساکنی (۲) تروڑ +

شمس (کیمیا) سونا +

شمسین - الائچی +

شمشاد (ف) مشہور ہرا درخت

سے ہوتے (انار جیسے قدرے بڑے ہوتے ہیں، اس کے تخم حب الآس جیسے برنگ سیاہ ہوتے ہیں، یا پری (د) +

شمس (ژند) ثوم (لہسن) +

شمشیر ا- آذان الفار (چوہا کنی) یا مرزنجوش +

شمشک (ژند) کنجد (تل) +

شمشیر (ف) آقاقلہ صغار (چھوٹی الائچی) +

شمع (ع) موم +

شمعل (ع) فیل (ہاتھی) +

شملیت / شملیہ / شملیز } (ف) حلبہ (میتھی) +

شملج / شملغ } شلجم +

شمنا- مینا کی ایک قسم ہے +

شموس (ع) الماس (ہیرا) +

شموس (ع) شراب +

شمول (ع) سرشیر (بالائی ملائی) +

شمیز (ف) شونیز (کلونجی) +

شمی (س) جھنی (درخت جنڈ) +

شمی پترا (س) لجالو (چھوئی موئی)

شمیسہ- روغن ترب (مولی کا تیل) یا سندیطش +

شن (معرب) سمن (ہ) +

شناریک (س) ٹھیکری بوٹی +

شنان (ع) اشنان +

شنبسار - فراسیون +

شنپاری - گربہ (بلی) +

شَنبَلیت } (ف) حلبہ (میتھی) +
شَنبَلیلہ }

شَنبَنَد۔ گل سُورنجان، یا برگ شُورنجان +

شَن پُہپی (س) ایک ہندی دوا ہے +

شَنجار معرب شنکار۔ تن جوت (ہ) +

شَنج معرب سنکھ (ہ) گھونگھا یا بڑی کوڑی کی قسم ہے، سفید مہرہ (ف) +

شَنجرف (معرب) شنگرف +

شُند (ع) رُبان کاست، یا جوہر (ہ) +

شند لہ (لاطینی) تودری +

شُند نہ (س) نٹی، مدئی +

شَنشنی (س) سن کا پھول +

شَنقار (ع) باشہ (شکاری پرندہ ہے) یا شنجار +

شُنقُب (ع) ایک قسم کی چڑیا ہے +

شُنکار } (ف) شنجار (رتن جوت) +
شَنکاک }

شَنکال (ف) مختلف الماہیت دوا ہے، خس الحمار، نیگجوش، فنجوش +

شَنکک } (ف) شترہ (ہ) کرسنہ +
شُنکل }

شُنکرن (ف) ذراریح (تیلنی مکھی) +

شَنکالہ (ف) گیہوں کا خوشہ +

شَنکلیل۔ زنجبیل (سونٹھ)

شَنکھ (س) سنکھ (ہ) مہرہ سفید (ف) حلزون (ع) +

شَنکھ پُشپی (س) سنکھاہولی +

شَنکھ پُشپا (س) بیلی +

شَنکھ نکھ (س) ناخن کے مانند سنکھ جیسی سخت اور سفید دوا ہے +

شنکھنی (س) گنڈیا +

شَنکھنیکا (س) لاکھ +

شَنکا (س) چنہ +

شَنگرف (ف) عربی میں شنجرف زنجفر، شنجفر، زنجرف فارسی میں صفر، شنگرف سنسکرت میں ہنگلو، ہنگل انگریزی میں ریڈ سلفوریٹ آف مرکری لاطینی میں ہائیڈرارجرائی سلفوریٹم کہتے ہیں +

شَنگرف سفیل (ف) رسکپور +

شَنگرف ناوبی (ف) اسبغ (سیندور) +

شَنگو بیزد (ف) سونٹھ +

شَنو۔ مشک +

شنون (ی) شونیز (کلونجی) +

شنہ۔ انگور +

شُنیشیان (س) البوتی ساگ +

شَنواء (ع) اکیاب +

شِنواء (س) ہڑ +

شِنوا پھل (س) بجوجمبی کا پھل +

شَواصرا (ی) برنجاسف یا قیصوم کی قسم ہے +

شُوات } (۱) خبازی یا (۲) سرخاب یا (۳) بوقلمون یا (۴) ایک سُرخ رنگ کی چڑیا ہے، جو ہر وقت رنگ برنگ ہوتی رہتی جسے ابو براقش اور ابو البراق بھی کہتے ہیں +
شُواد
شُوار
شُوالک
شوال }

شَوذیق } (ع) باشہ یا شاہین کو کہتے ہیں جو شکاری پرند ہیں +
شوادینق }

شواله (۱) عقرب (بچھو) (۲) شقفین بجری +

شوانا۔ شونیز (کلونجی) +

شوب۔ شہد یا الائچی +

شوب صینی۔ معرب چوب چینی +

شوبھہ گھی (س) ٹھیکری +

شوت (ف) شبت (سویا) +

شوحط (ع) مجہول الماہیت ہے (۱) بقول بعض ایک پہاڑی درخت ہے پتے برگ بید جیسے۔ اسکی لکڑی سے کمان بناتے ہیں (۲) نبع کی قسم ہے (۳) ماذریون کی قسم ہے +

شوخط۔ ازنان کا خوشہ +

شوخر (ف) چرک (میل) +

شود (ف) شبت (سویا) +

شودانق / شودانیق (ع) باشہ یا شاہین (شکاری پرندہ ہے) +

شورانج۔ معرب شورہ، یا کفدریا اور چھار نگنے کا نمک، یا کفدریا کی قسم جو دریا کے کنارے پتھریلی زمین میں ملتا ہے +

شورودُتر (تر) تاملی (ایک بوٹی ہے) +

شورہ کا (ہ) ابقر (ع) شورہ (ف) شورجک (س) نائٹریٹ آف پوٹاش پیٹر، سالٹ پیٹر (انگریزی) کھاری زمینوں میں اوپر سفید سی شے جمع ہوتی ہے جسے جوش دیکر اور صاف کرکے شورہ جمالیتے ہیں +

شورمور (ف) چھوٹی چیونٹی +

شوران (ع) معصفر (کسنبہ) +

شورباج معرب شوربا (ف) شوربا

شوریکا (س) سفید سیلی +

شورگز (ف) اثل (جھاؤ) +

شورون (ف) خاکشی (خوب کلاں) +

شوسا (ہ) ایک ہندی دوا ہے +

شوس داما (سُر) بقلہ یہودیہ (لال ساگ) +

شوسیتا (سُر) سوسن +

شوسین (سُر یا ی) قندرسی (صنوبر کی ایک قسم ہے)

شوشاری (ی) شونیز (کلونجی) +

شوشک (ف) تیہو +

شوشما (ف) الائچی +

شوشمیر (ف ی) چھوٹی الائچی +

شوشو (ف) جاورس (باجرا) +

شوشہ (ف) گلے ہوئے سونے یا چاندی کا ٹکڑا +

شوص۔ عسل۔ شہد +

شوصر (ی) بہ نجاسف، قیصوم

شوط براح۔ شغال (گیدڑ) +

شوع (ع) بان کا درخت +

شوغا / شوغبا زاج سفید (پھٹکری) +

شوف (ع) سبج (سیاہ چمکدار پتھر ہے)

شوک (ع) خار (کانٹا) +

شوکا (تنکابن) دعل دبارہ سنگ کی قسم ہے +

شوکہ (ع) بچھو کا ڈنک +

شوکا رک (س) آکہ +
شوکۂ ابراہیم (مفر) قرصعنہ +
شوکۂ اندلسیہ (ع) رعی الحمام +
شوکۂ بیضاء (ع) بادآورد یا اس جیسی کوئی اور دوا ہے +
شوکۃ الجمال (ع) اونٹ کٹارا یا رعی الابل +
شوکۃ الحیّہ (ع) بادآورد کی ایک قسم ہے، جس کے کانٹے تیز اور بلند ہوتے ہیں +
شوکۃ الداجین (ع) مشط الراعی
شوکۃ الدمن (ع) کنگر زد +
شوکۃ السوداء (ع) قرصعنہ کی ایک قسم ہے یا عشق الصبیان +
شوکۃ الزرقاء (ع) نیلے رنگ کا قرصعنہ +
شوکہ شائکہ (ع) قرظ یا خرنوب کی گھاس (بوٹی) +
شوکۂ شہبا (ع) خرنوب نبطی کا درخت یا اکشوث (کشوث) +
شوکۂ صہبا (ع) خرنوب نبطی، یا ینبوت +
شوکۂ عربیہ (ع) شکاعی +
شوکۃ العلق (ع) اشخیص، یا اذریون +
شوکۃ العقرب (ع) بادنجان بری کی دوسری قسم ہے +
شوکہ قبطیہ }
شوکہ مصریہ } (ع) درخت قرظ +

شوکۂ منیہ (ع) طباق، یا غافث +
شوکۂ فرضیہ (ع) درخت قرظ +
شوکہ یہودیہ (ع) شوک بجال +
شوکران (ع) یونانی میں کونیون، فارسی میں دوس، تفت، فرنصیبی یا شکنہ، انگریزی میں ہملاک، لاطینی میں کونائم کہتے ہیں (ایک مخدر نبات ہے، اس کے پتے تخم اور جڑ مستعل ہیں) +
شوکنت (س) برنا کا پھل +
شوکن (انگر) شکر +
شوگر کنین (انگر) گنڈہ پونڈا +
شوکھنی (س) سیاہ زیرہ +
شولم (ع) شیلم (کالا دانہ) +
شولہ - ملائم کھچڑی جو اسقدر پکائی جائے کہ ریزہ کے مانند ہو جائے +
شولی (س) جنگلی ہلدی +
شولنین (س) اگلا جڈو +
شومہ - اذریون +
شوہ - ایک نبات ہے جس کے تخم الائچی دانے جیسے ہوتے ہیں +
شوندر (ع) شلغم کی ایک قسم ہے جسے سرخ شلغم کہتے ہیں، بلکہ چقندر سے بہت زیادہ مشابہ ہوتا ہے، بقول شوندر چقندر ہی کا معرب ہے بقول بعض شوندر، گاجر اور شلغم میں کچھ فرق ہی نہیں ہے +
شونشپا (س) درخت ارور کے پھول +
شونڈلی (س) بیل کا پھل +

شونیز / شونوز } کلونجی +

شوہ۔ شبہ (ریل) +

شوہب۔ خار پشت (ساہی سیہی) +

شوی۔ بھیڑ +

شوی (ع) کباب +

شویلہ۔ شبت (سویا) +

شوی۔ شوربا +

شویک پھل (س) بیل تیرکا +

شونیس (یو) عقرب (بچھو) +

شویصی۔ سمر کی ایک قسم ہے +

شویل / شویلا / شویلی } (ع) ابرنجاسف، یا قیصوم کی کوئی قسم ہے +

شہاب / شہابہ } (ع) لسی، کچی لسی (پ) پانی ملا ہوا دودھ +

شہبانج (۱) شاہ بانج (۲) جعفر (۳) شہانج +

شہبا (ع) گھوڑی، یا ایک شکاری پرندہ ہے جو باز سے بڑا ہوتا ہے +

شہپر۔ شونیز (کلونجی) +

شہپرون (سر) اطریہ (سویاں) +

شہبث (ہ) شہد +

شہتوت (ف) توت و شہتوت (مشہور پھل ہے) +

شہجری (س) انگیٹھی +

شہد (ف) مشہور، انگبین (ف) عسل (ع) ہنی (انگریزی) مدھو (ہ) شہد دراصل آسمانی شبنم ہوتا ہے، جو پھولوں پر گرتا ہے جسے مکھیاں لیجا کر اپنے چھتہ میں جمع کرتی ہیں +

شہدانج / شہدانق } معرب شہدانہ (ف) تخم کنب تخم قنب (ف) بھنگ کا تخم +

شہدانج بری (ع) حب السمنہ (چرونجی) +

شہد یوی (ہ) سہد یوی +

شہدبان۔ گرگ (بھیڑیا) +

شہران۔ لقلق سے چھوٹی ایک پانی کی چڑیا ہے +

شہریز (ع) خرما کی قسم ہے +

شہلہ (ع) چربی دار گوشت +

شہمانج (ع) معرب شہمانہ (ف) ایک بوٹی ہے، بقول بعض یہ شاہیلج ہے +

شیاف خوزی (ع) [illegible]

شیاف مامیثا (ع) مامیثا کا عصارہ (نچوڑ) +

شیاکا (س) ساگون کا درخت +

شیالہ (اندلسی) اسوغ +

شیتاماک (ہ) سادان +

شیتیہ (ع) کافور جیسی بو رکھنے والی ایک بوٹی ہے، یا گھاس ہے +

شیبۃ العجوز (ع) اشنہ (چھڑیلہ) یا ریحان کا بعض +

شیبان (ع) دم الاخوین +

شیباطلعا (سر) عوسج +

شیباکلبا (سر) عوسج الکلب +

شیبوبران - مار، (سانپ) +
شیب و یبار (سرآشفتہ، یا ببول، یا سنبھالو) +
شیبتا (س) دوب کی ایک قسم ہے +
شیح (ع) درمنہ (ف) جو بھری اجوائن (ہ) +
شیح البحر } (ع) چھوٹی شک کے
شیخ یہودی } برابر ایک دریائی جانور ہے، جسکا چہرہ اور سر بھیڑے کے مانند ہوتا ہے +
شیح الربیع (ع) ایک دوا ہے، یونانی نام اریقادون ہے +
شیح جبلی (ع) درمنہ کوہی (پہاڑی درمنہ) +
شیح حبشی (ع) فلفل سیاہ (کالی مرچیں) +
شیخل (ف) خارپشت (ساہی، سیہی) +
شید جبین +
شیدقان - باشہ، یا شاہین، یا کوئی اور شکاری پرندہ ہے +
شیدمان - گرگ (بھیڑیا) +
شیدونہ - شادنج +
شیر (ف - ہ) مشہور نام ہے باگھ (ہ) اسد (ع) لائن (انگر) +
شیر (ف) لبن (ع) دودھ (ہ) ملک (انگر) +
شیر گاؤ (ف) گائے کا دودھ (ہ) لبن البقر (ع) +

شیر گاؤمیش (ف) بھینس کا دودھ (ہ) لبن الجاموش (ع) +
شیر بز (ف) بکری کا دودھ (ہ) لبن المعز (ع) +
شیر میش } (ف) بھیڑ کا دودھ
شیر گوسفند } (ہ) لبن الضان لبن النعاج (ع) +
شیر خر } (ف) گدھی کا دودھ
شیر الاغ } (ہ) لبن الاتان (ع) +
شیر مادیان } (ف) گھوڑی
شیر مادہ اسپ } کا دودھ (ہ) لبن الرماک، لبن الخیل (ع) +
شیر شتر (ف) اونٹنی کا دودھ (ہ) لبن اللقاح (ع) +
شیر زنان (ف) عورت کا دودھ (ہ) لبن النساء (ع) +
شیر گورخر (ف) گورخر کا دودھ (ہ) لبن حمار الوحش (ع) +
شیر آہو (ف) ہرن کا دودھ (ہ) لبن الغزال +
شیر شیر (ف) شیر کا دودھ (ہ) لبن الاسد (ع) +
شیر خوک (ف) سور کا دودھ (ہ) لبن الخنزیر (ع) +
شیر شبپرہ (ف) چمگادڑ کا دودھ (ہ) لبن الخفاش (ع) +
شیر ینتوعات (ع) دودھ دار بوٹیوں کا دودھ +

شیراشراق / شیرازوق / شیراج (بنطی) چمگادڑ کا دودھ بقول بعض چمگادڑ کا پیشاب یا بیٹ ہے ۔

شیرخشت۔ معرب شیرخشک، مینیا (انگریزی) ہرلالہ (ہ) مشہور مسہل دوا ہے، یہ دراصل شبنم ہوتی ہے، جو پتھر یا درختوں پر جم کر گوند جیسی شکل کی ہو جاتی ہے ۔

شیرسنۃ (ن) مصنوعی میٹھا سرکہ ہے، جس کے فائدے شراب جیسے ہوتے ہیں ۔

شیرخشیز / شیربغ جدوار جیسی ایک جڑ ہے، ہیرلی (ہ)

شیرازن (ن) ریحان ۔

شیرانجابیہ۔ حریرہ جیسی دودھ کی ایک غذا ہے یا ایک خاص قسم کا شوربہ ہے ۔

شیرازۃ البقول۔ ایک قسم کی غذا ہے جو چند بقول (ساگ پات) سے بنائی جاتی ہے ۔

شیرروغن (ن) دودھ اور روغن باہم جوش دیا ہوا ۔

شیراج (ع) تل کا تیل ۔

شیراج التین (ع) انجیر کو پکا کر اور گلا کر قوام کر لیں، تو اسکا بھی نام ہوتا ہے ۔

شیرام ملج۔ شیر آملہ دودھ میں اور بقول بعض دہی میں پرورش کیا ہوا آملہ، خواہ دودھ میں تر آملے بھگوئیں، یا خشک ۔

شیراخندون۔ خارپشت (ساہی، سیہی) ۔

شیرانہ۔ عناب ۔

شیرابہ۔ خشخاش ۔

شیربرنج (ف) فرنی۔ کھیر (دودھ چاول کی غذا ہے) ۔

شیرساد (ف) حرمل (اسپند) ۔

شیرسانونہان (س) گھونگچی کے جوڑے بچے ۔

شیرگیاہ (ف) دودھی، اسوگند ۔

شیرلعاب۔ عسل (شہد) ۔

شیرمرغ (ف) شیرزی ۔

شیرہ (ف) ایک قسم کی شراب کا نام ہے، شراب اُبلی ہوئی بھنگ ۔

شیرہ (ف) تل کا تیل، انگور کا پانی ۔

شیرۂ خرما (ف) خرمے کے درخت کا پانی یعنی تاڑی (دوشاب) ۔

شیرندون (ن) شیرم ۔

شیرماہی (ف) باگھ مچھلی، ایک بڑی مچھلی ہے ۔

شیرکنجشک (ف) مردارخوار ایک پرندہ ہے ۔

شیرمگس (ف) مکڑی، مکھٹا ۔

شیرنرومادس (س) باغ پتری ۔

شیربون (یو) خرزہرہ (کنیر) ۔

شیرتن بان (تر) ہل سوس

(مٹھی) +

شیستره (ف) لٹو (چھال گری) +

شیس / شیشا } خرما جو باندھے نہ گئے ہوں (جیساکہ جانوروں سے حفاظت کے لئے درختوں پر باندھ دیتے ہیں) +

شیشا (ہ) سرب (سیسہ) یا کانچ +

شیشہ (ہ) آبگینہ (کانچ) +

شیشاک / شیشک } (ف) ایک سال کی بھیڑ یا تیہو +

شیشالی (س) سنبھالو کی سفید

شیشکا (س) آنش ہندی یا شیشم

شیشم (ہ) سنسکرت میں شنشپا، بنگالی میں شیشوگاچھ، تیلنگی میں جٹرگے چیٹو، پنجابی میں ٹالی، لاطینی میں ڈال برجا بیٹی فولیا کہتے ہیں، ہندوستان مشہور بڑا درخت ہے، جسکی مضبوط لکڑی عمارتوں میں لگائی جاتی ہے +

شیشمک بعض لوگ عدس تلخ (تلخ مسور) کہتے ہیں +

شیشو / شیشون } (ف) تیہو، یا بٹیر +

شیطرج۔ معرب چیترک (ہ) شیتره (ف) چیتا، چیتا ایک مشہور بوٹی ہے پتے ہالوں جیسے ہوتے ہیں، شیطرج سے مراد اس کی جڑ کے چھلکے ہوتے ہیں +

شیطان (ع) ایک قسم کا سانپ ہے، یا تھوہر کی ایک قسم ہے یا کوئی اور زہریلی بوٹی ہے +

شیکتا (س) ہنس دھارا +

شیکران۔ خرکران +

شیکھری (س) بندا +

شیلم (ث) گندم دیوانہ (ف) ننمنہ (ہ) گیہوں کے کھیت میں پیدا ہونے والا جو سے چھوٹا دانہ ہوتا ہے تلخ مزہ، سرخی مائل یا سیاہ رنگ نشہ آور ہوتا ہے +

شیلدرمہ (س) درخت طرحو +

شیلدنا۔ شیغا (شیشو) +

شیلو (س) گوندنی +

شیلودھا (س) بیل +

شیلیکتا (س) اگر +

شیل نریاس (س) سلاجیت +

شیلی (س) کوتر دبروما، یا گل سنگ +

شیم۔ ایک قسم کی مچھلی ہے +

شیمہ۔ بالائی +

شیین۔ گس (مکھی) +

شیوسنشمار۔ مگر +

شیوبھوگن (س) بیل +

شیوغ (ع) بان کا درخت (بکاتن کا درخت) +

شیوران۔ سخاکشی +

شیوکرانتا (س) ایک بوٹی

ہے اس کی شاخیں باریک سیاہ سُرخی
مائل روئیں دار ہوتی ہیں پتے چھوٹے
صنوبری شکل کے نیچے کی طرف سبز اور
اوپر کی طرف سُرخ ہوتے ہیں، بعض
پتے چھوٹے صنوبری شکل کے نیچے کی طرف
سبز اور اوپر کی طرف سُرخ ہوتے
ہیں، بعض پتے دونوں طرف سے سبز
اور ان کے کنارے سُرخ ہوتے ہیں،
پھول زرد باریک سا ہوتا ہے اس کی
شاخیں جڑ سے لیکر آخر تک پھولوں
اور پھل سے بھری ہوئی ہوتی ہیں،
پھل ایک چھوٹا غلاف ہوتا ہے جسکے
اندر باریک تخم ہوتا ہے۔

شیوملی (س) آک۔

شیون۔ افیمون۔

شیوناک (س) ارلو، (سونا پاٹھا)۔

شیونیشا (ہ) دوا المخطاطیف

شیویوسنبرا (س) خس۔

ص

صاب (ع) (۱) قثاء الحمار بقول
بعض حنظل (۲) ایک گھاس ہے جس کا
دودھ تیز اور تلخ ہوتا ہے (۳) جوؤں
کے انڈے (۴) ایلوا اور یہی سب سے
صحیح ہے۔

صابون۔ بہت سی زبانوں میں یہی
لفظ بولا جاتا ہے بقول بعض معرب ہے
جنس (ع) سوپ (انگ) سقوتیا (یو)۔

صابون سائق (ع) عراقی صابون
جو مقام رق (متعلق شام) میں چربی اور
روغن زیتون سے تیار ہوتا ہے۔

صابون القاف } (ع) شجرۃ
صابون الثیاب } ابی مالک۔

صائر } سعتر۔
صاتری }

صاد (ع) (۱) صفر (۲) تانبہ (۳) یا
تانبہ کی قسم ہے جسے فارسی میں رومیں
کہتے ہیں۔

صار۔ حمام خانہ کی میل یا وہ میل جو
کشتی کرنے کے مقام میں جمع ہو جاتی ہے۔

صارخ۔ مرغ، مرغہ۔

صاردان۔ لوف صغیر۔

صارم۔ شیر۔

صاریوموریون۔ خندقوقی (کبکنیر)
یا دیگر بوٹی ہے۔

صاروج معرب ساروج (ف)
ایک قسم کا گارہ چونا ہے۔

صارہ (اندلس) لوف صغیر۔

صاصفراس۔ ساسافراس
(انگ) دارچینی کے مانند ایک درخت
کا پوست ہے۔

صاصلی (ع) ایک بوٹی ہے جس کے
تخم کلونجی جیسے ہوتے ہیں۔

صاغافایون } (یو) سکبینج۔
صاغافیون }

صاف (تقبر، (چکاوک) ایک پرندہ ہے

جس کے سر پر ہُدہُد کے مانند کلغی ہوتی ہے۔

صَالبیہ (مغلبہ) پودینہ جیسی بو اور مزے کی ایک بوٹی ہے۔

صَامِت (ع) سونا، چاندی۔

صَامِرَہ (ع) بہت کھٹا دہی۔

صَامَرِیُومَا (سُر) بقول بعض لجار، یا ایک دیگر بوٹی ہے جسکے پتے آفتاب کے ساتھ ساتھ پھرتے ہیں، چھوٹی اور بڑی دو قسمیں ہوتی ہیں۔

صَبار (ع) املی، یا ایلوا۔

صَبارَہ (ع) ایلوا کا درخت (گھیکوار) یا سخت پتھر۔

صباحیہ (ع) گرو (گاجر)۔

صَبِرْ (ع) ایلوا، مصبر (ہ) فیقرا (ی) (ایلو زان) الوا، شبیار (ف)۔

صِبغ (ع) نانخورش (ف) سالن (ہ)

صِبغ ارمنی (ع) قرمز۔

صَبی (ع) سنار کی کا پچھوڑ تلکیو کی شکل میں۔

صَبِیب (ع) تل کے پتوں کا پانی، یا مہندی کا، یا سداب جیسے درخت کے پتوں کا نچوڑ یا بقم کا نچوڑ، یا سرخ رنگ۔

صُحبت انگیز (ف) یہ لفظ علاج الامراض میں آیا ہے، کسی دوا کا اصطلاحی نام معلوم ہوتا ہے۔

صَحما (ع) بقلہ (ساگ)۔

صَحناۃ }
صَحنا } (ع) ماہیانہ (ف) کوئی اور نمکین کی ہوئی مچھلی، جس میں دوسرے مصالح ملاکر سالن تیار کرتے ہیں۔

صُحیرَاء (ع) شیر کی قسم ہے۔

صَحِیرَہ (ع) تازہ دودھ جسے جوش دیکر اور روغن ملا کر پیتے ہیں۔

صَدَاءالحدید (ع)
زعفران الحدید (ع) لوہے کا زنگ۔

صَدبرگ (ف) گیندے کا پھول۔

صَدپیوند (ف) عصی الراعی (لال ساگ)۔

صَدد (ع) شوکران۔

صَدَف (ع) سیپ۔ سیپی۔

صدف فرفیری (ع) سیاہی مائل سخت قسم کی سیپ ہے۔

صَدَفِ مَروارید موتی کی سیپ۔

صَدَف البواسیر (ع) بحر قلزم یا بحر شام کے کنارے خوشبودار پائی جاتی ہے، جو بواسیر میں مفید ہے۔

صدف الدار (ع) صدف فرفیری۔

صَدَف الفرفیر (ع) صدف فرفیری۔

صَدیدا (ع) سرمہ۔

صَرَاء (ع) بڑی زرد اندرائن۔

صَرابلہ (سُر) شبت (سویا)۔

صُراج (ع) خالص شراب۔

صَراد }
صَرادالّیل } (ع) صرصر (جھینگر)۔

صَرّاخ (ع) طاؤس (مور) +
صَرام (ع) نہایت گاڑھا دودھ جو چھاتیوں سے نکلتا ہے
صراب (ع) صمغ (گوند) +
صَر (ع) (۱) کھٹا دہی (۲) طلح کا گوند +
صِرّ (ع) چڑیا جیسا زرد پرندہ ہے زروک (ف)
صربوقا (سُر) صدف فرفیری +
صرخذبہ (ع) مقام صرخذیہ (متعلق شام) کی شراب +
صرخہ (ع) لوف ایحہ +
صُرد (ع) ایک نہایت شریر چیلا شکاری پرندہ ہے، بقول بعض شوانی بقول بعض لٹورہ +
صُرصُر (ع) صراصر (جمع) جھینگر +
صُرصُر (شام) وُرڈان - یا زنجبر (یہ دونوں پودے ہیں) +
صرصران (ع) املس مچھلی +
صرفان (ع) (۱) سخت سُرخ اور موٹا خرما (۲) سیسہ +
صرف فلاماما (سُر) اخرنہ +
صرنوفا (سُر) صدف فرفیری +
صرتولا (سُر) انزروت +
صِرم معرب چرم (فارسی) یعنی رنگی ہوئی کھال +
صرم الدیک (شام) دیک +
صرما (سُر) کاشم رومی (سیسا لیوس) +

صرو } شوکران - صرو بمعنی سُریانی
صروا } قرفہ (تج) +
صروافوسنوما (سر) دارچینی کا تج، یا دارچینی +
صروشاہ (سر) سام ابرص (ایک جانور ہے) +
صریرا - وُرڈان کا پودا یا بادرنگ بستان افروز (تاج خروس) +
صریط - اشراش (سریش) نیز لوف کی ایک قسم ہے +
صَریف (ع) تازہ دوہا ہوا گرم دودھ، خالص چاندی +
صَریقہ (ع) درخت خرما کی سوکھی ہوئی شاخ +
صَریفیّہ (ع) مقام صریف کی ایک شراب ہے +
صَریمۃ الجدی (ع) عشق پیچہ کے مانند ایک پودہ ہے +
صریوقنا (سُر) قسط (کوٹھ) +
صطرق (ی) میعہ (سلارس) +
صطفین وبار (سُر) شقاقل +
صطوینون - شابانک +
صعاری (سُر) جو +
صُعتر (ع) ساتقل - ساتھر (ہ) پودینہ کوہی (ف) آرگینم (انگر) مشہور دوا ہے، یہ ایک خوشبودار گھانس کے پتے ہوتے ہیں باغی، جنگلی اور پہاڑی ہوتا
صُعتر فارسی - سیاہ رنگ کا صعتر +

صَعتر جوزی } (ع) سفید رنگ
صَعتر شوار } کا صعتر +
صَعتر وس (ی) صعتر +
صَعتر الجبق (ع) حشیشتہ الزجاج +
صَعتر الحمار } (ع) حاشا
صَعتر الحمیرا }
صَعتر الشامی } (ع) پودینہ بری
صَعتر الفرس } (جنگلی پودینہ) +
صَعرور (ع) جعل (گبریلا) +
صَعف (یمن) ایک قسم کی شراب ہے
یا ایک چھوٹا سا پرندہ ہے +
صَعقر (ع) مچھلی کا انڈا +
صَعون (ع) شترمرغ نر +
صَعوہ (ع) چھوٹی چڑیا (گوریا) بقول
بعض صفراغون (ممولا) +
صَعید (ع) مٹی (خاک) +
صَعیصو۔ قسط (کوٹھ) +
صَغاب (ع) چیونٹیوں کے انڈے
صَغبین۔ سکبینج +
صُغرات معرب جغرات (ف) دہی
صُفر (ع) زرد تانبا +
صَفرا (ع) (۱) سونا (۲) ٹڈی جبکہ
وہ انڈوں سے پاک ہو (۳) برگ کاہو
کے مانند ایک بوٹی ہے +
صفرادوی (تر) ثومون (ایک
بوٹی کے تخم ہیں جو خاکشی کے مانند ہوتے
ہیں) +
صَفراغون (فرنگی) ممولہ، پاترہ
وکھنجن (ہ) دم جنبانک (ف)

صَفصاف (ع) بید کی ایک قسم ہے
سفید بید (ف) یا خلاف کی قسم ہے +
صَفصافہ } (ع) سکباج +
صَفصَفہ }
صُفصف (ع) کنجشک (چڑیا،
گوریا) +
صِفصل (ع) صاصلی +
صَفن (ع) فوطہ۔ انسان کے
خصیوں کی تھیلی +
صَفیرا (ع) ایک درخت ہے
جس کی لکڑی سے رنگساز رنگ کا کام
لیتے ہیں +
صَفیف (۱) گوشت جو سیخ میں
کرنے کے بعد آگ پر رکھا گیا ہو (۲)
نمکین گوشت (۳) دھوپ میں خشک
کیا ہوا +
صَفیہ (ع) ابہل کا درخت یعنی
عرعر +
صَقعر (ع) سڑدیا پانی، یا تلخ پانی،
یا بدبودار پانی +
صَقعَل (ع) (۱) خشک چھوہارے
جسے دودھ میں بھگوکر کھاتے ہیں (۲)
یا خرما اور مکھن ملاکر کھانا +
صقلین۔ بستاج +
صَقیع (ع) (۱) شبنم (۲) زنبور (بھڑ)
کی ایک قسم +
صِل (ع) (۱) سانپ جس کی آواز
قاتل ہے (۲) یا عام سانپ (۳)
ایک درخت کا بھی نام ہے +

صِلاء (ع) آگ پر بھنا ہوا کباب +

صلادم (ع) اسد (شیر) +

صَلامندرا (یو) سالا مندرا (عظایہ) +

صَلائق (ع) باریک روٹی +

صِلام (ع) شیر +

صُلُب (ع) ایک پرندہ کا نام ہے +

صُلَّب (ع) حجرالمسن +

صُلّجہ (ع) پیلۂ ابریشم (ابریشم کا کیڑا) +

صلخدم (ع) مضبوط اور قوی اونٹ +

صَلد (ع) سخت پتھر +

صِلدام (ع) شیر +

صَلصَال (ع) بالوے ملی ہوئی صاف مٹی یا وہ مٹی جو پکائی نہ گئی ہو +

صَلصُل (ع) (۱) فاختہ یا (۲) عقعق +

صَلصَلہ (ع) کبوتر +

صَلقَام / صلقم (ع) شیر (۲) یا فربہ اونٹ +

صِلوس (ع) مار ماہی (سانپ جیسی مچھلی) +

صَلوان (یو) خرنوب الخنزیر +

صَلوما- بید انجیر (رینڈی) +

صلون- خرنوب نبطی +

صلہام (ع) شیر +

صَلیقہ (ع) چپاتی (باریک روٹی) یا بھنا ہوا گوشت +

صماصم (ع) اسد (شیر) +

صمالغی (ع) بے مزہ دودھ +

صمالم (ع) گاڑھا دودھ +

صمرہ (ع) دودھ جس میں تیزی نہو یعنی ترش نہ ہو گیا ہو +

صمصم (ع) اسد (شیر) +

صمعریہ (ع) زہریلا سانپ جسکا کاٹا نہ جی سکے +

صَمغ (ع) گوند۔ یا ببول کا گوند +

صمغ عربی- گوند- یا ببول کا گوند + (۲) گم ارے بک (انگر) +

صَمغ اِجّاص (ع) آلو بخارے کا گوند +

صَمغ الاقاقیا (ع) صمغ عربی (ببول کا گوند) +

صَمغ الانجدان (ع) حلتیت (ہینگ) +

صَمغ البحر (ع) کہربا +

صَمغ البطم (ع) علک البطم +

صَمغ البلسان (ع) روغن بلسان +

صمغ البلاط (ع) یہ ایک مصنوعی شئے ہے جو سنگ رخام اور ببول کے گوند وغیرہ سے ملا کر تیار کرکے گچ اور گارہ کی طرح بنا کر کے فرش زمین کو اس سے مستحکم و پائدار کرتے ہیں +

صَمغ التنوب (ع) زفت السفن +

صَمغ الحرشف (ع) کنگر زد +

صَمغ الجوز (ع) کہربا +

صَمغ اللامیثا (ع) ایک خار دار درخت کا گوند ہے جو ہینگ سا ہوتا ہے +

صَمغ الزیتون (ع) زیتون کا گوند، جو یاقوت جیسا سرخ ہوتا ہے +
صَمغ السداب الجبلی (ع) ثافسیا +
صَمغ الصنوبر (ع) راتینج +
صَمغ طرثوث (ع) اشق +
صَمغ فارسی (ع) آلوبخارا کا گوند، یا جنگلی بادام کا گوند +
صَمغ القتاد (ع) کتیرا +
صَمغ الکرفس الجبلی (ع) کماشیر +
صَمغ کمکام }
صَمغ الضرو } (ع) حصی اللبان +
صَمغ اللوز (ع) بادام کا گوند +
صَمغ المحروث (ع) حلتیت (ہینگ) +
صَمغه (ع) دودھ جس کا مزہ دور ہو گیا ہو +
صَملاخ }
صَملوخ } کان کا میل +
صَملخه (ع) کاچی (ف) بغیر گوشت کا کھانا +
صَملوخا (ع) قلۃ النسر +
صَمله (ع) بغرا کے مانند ایک غذا ہے +
صمه (ع) نرسانپ، شیر، خارپشت مادہ (ساہی) +
صَمیحون }
صَمیصوحون } مرزنجوش +
صَمیا۔ ببول جیسا درخت ہے +

صناجه (ع) ایک بہت بڑا جانور ہے، جس کے برابر کوئی اور جانور نہیں ہے +
صَنار (معرب) چنار فارسی +
صنا (ع) موٹا خربزہ +
صَنادل (ع) اونٹ اور گدھا جو موٹا ہوتا ہے اور جس کا سر بہت بڑا ہوتا ہے +
ضنخر۔ خشک کھجور +
صَندل (معرب) سندل (ف) چندن (ہ) سینڈل وڈ (ان) (ایک بڑے درخت کی خوشبودار لکڑی ہے) +
صَندل حدیدی (حجر حدید) مقناطیس +
صَندل دانه (ف) حرل عربی (ع) پہاڑی سداب کی ایک قسم ہے +
صَندل کاجول (تن) خفانیراب (ع) حلزون بری +
صند قیس (یو) اسرنج (سیندور) +
صنط }
سنط } (ع) قرظ (کیکر یا کیکر کی قسم کا درخت ہے) +
صَنفی (ع) عود کی ایک خراب قسم ہے جو "صنف" نامی مقام سے لائی جاتی ہے +
صَنّ (ع) ایک غیر مشہور چھوٹا سا پودا ہے +
صِنّ (ع) اونٹ کے پیشاب کا رنگ +

صِنّ الوبر (ع) بول الابل +
صَنَوبَر (ع) کاژ (ف) چڑ (ہ)
دو قسم کا درخت ہوتا ہے، ایک نر جسکی
دو قسمیں ہیں: بستانی، جو چنار کے درخت
کے برابر بڑا ہوتا ہے، اور جس کے
پھل میں مغز نہیں ہوتا، پہاڑی جو اہل
کے درخت کے برابر ہوتا ہے اور اسکا
پھل نہیں کھایا جاتا، اور صنوبر سے عموماً
یہی قسم مراد ہوتی ہے، دوسرا مادہ جسکی
بھی دو قسمیں ہیں، بڑی جسکے پھل کو
چلغوزہ کہتے ہیں، جو مشہور ہے، چھوٹی
جس کے پھل کو اہل شیراز فستق کہتے ہیں +
صَنَوبر الارض (ع) کمافیطوس
(دگروندہ) +
صَنَوبر الحمار (ع) حاشا +
صَنَوبر ہندی (ع) دیودار +
صوامن (ی) صعتر +
صوان۔ پتھر کی ایک سخت قسم ہے +
صوبانیہ (ع) بھیڑ جس کے تمام
جسم پر بال بھرے ہوئے ہوں +
صوس (ع) حردون (گرگٹ کی قسم
سے جانور ہے) +
صوسرا (ع) سام ابرص یا مرزغہ جسکا
سر بڑا ہو یا حردون +
صوصلا۔ صاصل +
صوطلہ (مغ) شوندیا اسکی قسم ہے
یا چقندر کی ایک قسم ہے۔ شلغم کی ایک
قسم کو بھی کہتے ہیں +
صُوف (ع) پشم (ف) اُون (ہ) +

صُوف الارض (ع) فراسیون +
صُوف البحر (ع) ایک قسم کا
اُون ہے جو ایک بڑی سیپی سے نکلتا
ہے +
صُوف الحجامین (ع) اسفنج
صوفانی۔ بال سے بھرا ہوا بکرا +
صَولج (ع) خالص چاندی +
صومرق (ع) شتر مرغ، یا ایک
بدصورت درخت ہے +
صومرا۔ بادروج +
صَوِیق (ع) سویق (ع) ستو +
صَہبا (ع) سرخ رنگ کی شراب،
سفید انگور کی نچوڑی ہوئی شراب کو
بھی کہتے ہیں +
صَہارۃ (ع) پگھلی ہوئی چربی،
یا چربی کا ٹکڑا، شراب کو بھی کہتے ہیں +
صَہالے (ع) شراب، سرخی مائل
بھیپھڑے کو بھی کہتے ہیں +
صَہْر (ع) انار +
صَہْرا (ع) تاتورا +
صہروی۔ سیسالیوس +
صیاحی البقر (ع) بیلوں کے
سینگ +
صیاکہ (ع) خیارزہ (کھیرا) +
صَیْحان (ع) سیاہ قسم کی کھجور
ہے جو مدینہ منورہ میں ہوتی ہے +
صیبارکا (ع) لوف الجعد +
صَیدان (ع) سونا اور چاندی +
صَیدَاج (ع) اونٹنی جو گلہ (رمہ)

میں ہو +

صَیر (ع) صحناۃ ÷

صِیْص (ع) اندرائن کے پھل کے گودے کا چھلکا جس میں مغز نہ ہو ÷

صِیْق (ع) چڑیا +

صِیقونا
اسطرماطوس } (ی) اسفنج +

صَیَاصب (ع) پتھر، صیاہب (جمع) بہت سے پتھر +

صَیّاد (ع) شیر ÷

ض

ضَار (ع) جنگلی بیر +

ضَال (ع) جنگلی بیر +

ضَان (ع) بھیڑ +

ضَائِن (ع) ایک بھیڑ، جمع ضان +

ضِئب (ع) دریائی جانور ہے +

ضَاحِک (ع) بہت سفید پتھر جو پہاڑ پر دکھلائی دیتا ہو +

ضَبّ (ع) سوسمار (گوہ) +

ضَبایم
ضَبارک
ضبارم
ضِبر
ضبشم
ضَبطر
ضَبور } اسد (شیر) +

ضَبّار (ع) بلوط کے مانند ایک درخت ہے +

ضَج (ع) انار +

ضَبر (ع) جو نا بڑا، اٹلی کو بھی کہتے ہیں +

ضُبعِ عرجا (ع) گفتار (چرخ) +

ضَبعان (ع) نرچرخ، مادہ کو ضبعۃ کہتے ہیں +

ضَبلہ (ع) باریک اور پتلا سانپ +

ضَبّ النخل (ع) کھجور کی کلی +

ضَجاج (ع) عاج، ایک قسم کے درخت کے گوند کو بھی کہتے ہیں ÷

ضِحک (ع) کھجور کی کلی، شہد اور برف کو بھی کہتے ہیں +

ضِنّج ہ بقلہ، یانیہ (ساگ چولائی) +

ضُراک (ع) شیر +

ضِرامہ (ع) بطم کا درخت +

ضَرب (ع) گاڑھا اور سفید شہد +

ضَراد (ع) بڑی قسم کی خارپشت +

ضرجع (ع) کھجور +

ضرذ (ع) شیر +

ضِرس (ع) جمع اضراس پیسنے والے دانت +

ضِرس العجوز (ع) خارسعدان یا خارخسک +

ضَرضم (ع) شیر، نر درندوں کو بھی کہتے ہیں +

ضَرع (ع) پستان +

ضرغم
ضَرغام
ضرغامہ } (ع) شیر +

ضرف (ع) انجیر کا درخت +
ضرم (ع) عقاب کا بچہ +
ضرلم (ع) اسطوخودوس +
ضرو (ع) شکاری کتا +
ضرو (ع) بلوط کے مانند ایک درخت ہے +
ضروان (ع) ضیمران +
ضروع (ع) سفید انگور جس کا دانہ بڑا ہوتا ہے +
ضروع الکلیلہ (ع) زقوم کا درخت یا اسکا پھل +
ضرکا (ع) تمر پستان، یا اوسکی جڑ +
ضرہی (ع) کچے انگور کا سُرخ یا زرد نچوڑا ہوا پانی +
ضریب (ع) شبنم، برف اور اولہ +
ضریب لثول (ع) وہ دودھ جو ایک دوسرے پر دوہا گیا ہو، یا چند اونٹوں کا دودھ جو ایک برتن میں دوہے گئے ہوں +
ضریس - تیہو +
ضریع (ع) ایک دریائی پودے کا پتہ ہے جو گول اور اندر سے جوفدار ہوتا ہے، اور اسکا مزہ کڑوا ہوتا ہے، اونٹ اسکو کھاتے ہیں +
ضریک (ع) کرگس +
ضریم (ع) ایک درخت کا گوند ہے +

ضغبوس } ضغابیس } (ع) سنجد (ف) چھوٹا کھیرا کچا خربوزہ۔ ناگدون کے مانند ایک بوٹی کو بھی کہتے ہیں +
ضفادی } ضفادع } (ع) (جمع ضفدع) مینڈک +
ضفایرالجن (ع) پرسیاوشان +
ضفدع (ع) مینڈک +
ضفعان - سعدان کا پھل +
ضفطار - بڑھا گوہ +
ضف - فسافس (کھٹمل) +
ضمج (ع) کھٹمل، مچھر کو بھی کہتے ہیں +
ضمجع (ع) بڑی اونٹنی +
ضمیران } ضمران } ضمیوان } صروان } (ع) ماہیت میں اختلاف ہے شاہسفرم شیرازی یا شاہسفرم کے مانند کلی ہے، یا نہری پودینہ +
ضوغ (ع) اُلو +
ضویج (ع) چاندی +
ضومران (ع) ضیران +
ضومیر (ع) بادروج (جنگلی تلسی) +
ضویطہ (ع) نرم خمیر جس میں پانی بھرا ہوا ہو +
ضہص (ع) کچھوا +
ضیاح (ع) پختہ مقل +
ضیراک (ع) ایک قسم کی مچھلی کا نام ہے +

ضِبیس (ع) صابون +
ضیموطوس (یو) فوفل (سپاری) +
ضِیمران (ع) ضمیران، بادروج کو بھی کہتے ہیں +
ضَیوان (ع) گربہ نر (ف) بلا (ہ) +

ط

طَاباق۔ بڑی اینٹ +
طَابونس۔ صفراغون (مولد) +
طارِیحی (ع) صناۃ +
طَابہ (ع) شراب، ایک قسم کے کھجور کو بھی کہتے ہیں جو مدینہ منورہ میں پیدا ہوتی ہے +
طَائر (ع) بالائی +
طاخِک (ع) بکائن کا درخت یا اوسکا پھل +
طَارطقہ (ع) حب الملوک (ماہودانہ) +
طَارکیس۔ البطم کا گوند۔ نیز حبۃ الخضرا کو کہتے ہیں +
طَارنی ٹھیکری کی قسم ہے +
طَارِیفہ (ع) جانگوٹہ (حب السلاطین) +
طَاری (معرب تاڑی (ہ) مشہور ہے +
طَاسا۔ مارقیشا (سونا مکھی) +
طَاطُس۔ چیڑ کی لکڑی جو مشعل کے مانند جلائی جاتی ہے +
طاطِیاوس۔ چونہ (آہک) +
طافرکا (ع) راکھ +
طافوبیش۔ مُر +
طَافِی (ع) اوس مچھلی کو کہتے ہیں جو پانی کے اوپر مردہ تیرتی ہو، اور بہنے والی چیزوں کے جھاگ کو بھی کہتے ہیں جو پانی کے اوپر ہوں +
طاق (ع) سایہ خوش کا درخت، یا بکائن +
طاقنی۔ غار +
طانطوقوس (ی) خصیۃ الثعلب (ثعلب مصری) +
طالس (ی) میتھی، (حلبہ) +
طادطری } (ی) چقندر +
طابوطون }
طالغ (ع) وہ کتا جو رات بھر نہ سوئے +
طالون (ی) آذریونہ +
طالوفس (ی) صفراغون +
طالقون (ی) طالیقون +
طالیا۔ چھوٹی سیپی +
طالانیون۔ ابردن بری یا رجلۃ البریہ +
طَالیسفر (ع) ایک ہندی درخت کی چھال ہے، یا زعفران کے مانند خوشبودار ریشے ہیں، یا ایک قسم کے چھلکے ہیں۔ جو ہند میں ملتے ہیں، یا تالیسفر +
طَالیقون (ی) صفر (ع) مس نحاسی +

طاموسونیون (ی) مزمار الراعی +

طاماغاری (ی) قنطوریون کبیر +

طاہر (ع) گاڑھا دودھ، پیسو کو بھی کہتے ہیں +

طاہرین (ع) برغوث (ع) کیک (ف) پسو (ہ) +

طامل / طاملو } دو قو [?] تخم گاجر جنگلی +

طامیوس (یو) مرزنجوش (دونا مروا) +

طانیطومک (شیرازی) شبرم +

طاؤس (ف) صراخ (ع) مور (ہ) مشہور پرندہ ہے +

طاہر (ع) سنبھالو +

طاہرا (یو) سوس الخشب (لکڑی کا کیڑا) +

طبا (یو) نوشادر +

طبار (ع) انجیر کی ایک بڑی اور سرخ قسم ہے +

طباشیر (ع) بنسلوچن +

طباق (اندلس) غافث یا اوسکا پھل یا ایک بوٹی تھی جو غافث کے دریافت ہونے سے پہلے استعمال ہوتی تھی۔ بعد کو بجائے اس کے غافث استعمال ہونے لگی +

طباہجہ (معرب) تباہہ، بھنا ہوا گوشت (کباب) +

طبرخشت۔ ماہیٔ شاگوند +

طبراخون (ف) سرخ بید (ف) تن (ہ) +

طبرزد / طبرزل / طبرزن } (ف) جما یا ہوا شکر (نبات) +

طبس (ع) طلا (سونا) +

طبطاب (ع) ایک پرندہ ہے جس کے دونوں کان بڑے ہوتے ہیں +

طبطر (ع) مرغابی کی ایک قسم ہے +

طبق (ع) دبق (دودھ اور لیسدار رطوبت جو درختوں سے رستی ہے) سریش اور سنگ یشب کو بھی کہتے ہیں +

طبقا (ی) گیہوں کی باریک قسم ہے، یا شلت یا شلیم +

طبقامادن (ی) بستانی انگور کے مانند ایک پودا ہے جس کا پھول سیاہ اور چھوٹا ہوتا ہے تخم باجرہ جیسے ہوتے ہیں +

طبلاق (تر) سعد (ناگرموتھ) +

طبوع (ع) ایک زہریلا جانور ہے

طبیخ (ع) خربزہ +

طبیع (ع) طلع کا گودا +

طترج (ع) چیونٹا یا چھوٹی چیونٹی +

طثرہ (ع) بالائی (ملائی) +

طثار (ع) ثیر، ثمر کو بھی کہتے ہیں +

طحال (ع) سپرز (ف) تلی (ہ) +

طحلب (ع) جغراب (ف) کائی (ہ) مشہور ہے +

طُحلبا (سر) کائی +

طُحلبُ الصخر (ع) خراز الصخر (پتھر کا پھول) +

طَحمار (ع) یا رو) شوکران +

طَخمیل - مُرغ (خروس) +

طَحن }
طَحِین } (ع) آٹا +

طَخف - جغرات (دہی) +

طَخشیقون - ایک زہریلی دوا ہے جو ملک ارمن میں تیر کے پھل کو لگائی جاتی ہے +

طَخی - مُرغ +

طَرابیون (یو) بلطم کا گوند +

طَراثیث - زب الارض (ایک چھوٹا پودا جو انگلی کے مانند موٹا ہوتا ہے سُرخ اور سفید دو قسم ہوتا ہے +

طَراحا }
طَراحاماسیا } (سر) کتیرا +

طَراخیس (یو) جوار (خندروس) +

طَرارغن - جنگلی پودینہ +

طَراسا - بلوط کے درخت کی ایک قسم ہے +

طَراسُولن - طالیسفر (تالیسفر) +

طَراشنہ (ع) ایک پودا ہے دو قسم کا ہوتا ہے، ایک کے پتے جنگلی شلجم کے مانند ہوتے ہیں، اور سبز ہوتے ہیں جنہیں سفید رواں ہوتا ہے دوسرے کے پتے بھی شلجم کے مانند ہوتے ہیں، لیکن سبزی زردی مائل ہوتی ہے +

طَراعس (یو) بکو +

طَراعیس (یو) سیاہ چنے کی قسم ہے، یا جوار سُلت کو بھی کہتے ہیں +

طَراغافینا (یو) کتیرا +

طَراغشون (یو) غیر مشہور بوٹی ہے +

طَراغیس (یو) سلت +

طَراغساس (یو) آٹا +

طَراغوریعاس }
طَراغوریفاریس } (یو) پہاڑی پودینہ +

طَراغوریغایس (یو) صعتر کی قسم ہے +

طَراغلودس }
طَراغودیس } (یو) صفراغون +

طَراغین }
طَراغاین } (یو) ایک غیر مشہور پودا ہے +

طَراغیون (یو) تین قسم کا پودا ہے - بڑا مصطگی کے درخت کے برابر جسکا گوند صمغ عربی جیسا ہوتا ہے چھوٹا بے پتوں کا، جو دریا کے کناروں پر ہوتا ہے +

طَراق - تریاق +

طَرافاقیبا (یو) کتیرا +

طَرابیون }
طَرامیلس } (یو) بلطم کا گوند +

طَرائلہ - غافث +

طَرابیطس (یو) لاغرین +

طَرْبیُلہ۔ طریفلین +
طَرْثوث۔ طراثیث، یا اشترغار اور اشخیص کو کہتے ہیں +
طَرْتفنس (یو) سداب +
طَرْخفی۔ موم +
طَرَخُسمین۔ کبیکج +
طَرَخُسمی } (یو) کاسنی +
طَرَسمی
طَرَخُماطیقون (ی) آنکھوں کا شیاف، سرمہ کو بھی کہتے ہیں +
طَرْخشوق } (یو) جنگل کاسنی +
طَرُخشقون
طَرْخُون (معرب طرخانی فارسی) ایک قسم کا ساگ ہے جو شیراز میں بکثرت ہوتا ہے جنگلی پہاڑی، بستانی، تین قسم کا ہوتا ہے، پہاڑی کی جڑ کو عاقرقرحا کہتے ہیں، یا دو قسم ہوتا ہے بابلی اور رومی +
طَرْدغلونفطس (یو) صفراغون +
طَرْدبیون (یو) انجدان +
طَرْدیلون } (رد) سیسالیوس +
طَرْدیون
طَرْدیمن (ی) کاشم +
طَرْدوقولا۔ سریش +
طَرْس (ع) کاغذ +
طَرْسا۔ بوطی کی ایک قسم ہے +
طَرْستوج۔ مچھلی کی ایک قسم ہے +
طَرْسوج۔ سیسالیوس +
طَرْسک۔ خس الکلب +
طَرْسمی (یو) کاسنی +

طَرْسولن۔ طایسفر +
طَرْسیون ایک زہریلی غیر مشہور دوا ہے +
طَرْشولی (اندلس) حامر یا صغیر +
طَرْطاب۔ نان تابہ (توے کی روٹی) +
طَرْطب (ع) لمبے پستان +
طَرْطفا۔ انجدان +
طَرْطفش (یو) سداب +
طَرْطَرْ (ع) شراب کا تلچھٹ +
طَرْعمیسا (سریانی) کتیرا +
طَرْغاین۔ طرافیون کی ایک قسم ہے +
طَرْغلودیس (یو) صفراغون +
طَرْف (معرب ترف) رخبین +
طَرْفا (ع) اگز (ف) جھاؤ (ہ) چار قسم ہے ایک سرو جیسا بڑا درخت ہوتا ہے جسکو عربی میں اثل کہتے ہیں درخت فراش کے نام سے مشہور ہے۔ دوسری یہ بھی اثل جیسے بڑا درخت ہے جو بے پھل اور جنگلی ہوتا ہے تیسری قسم چھوٹی قسم ہے اسکا پھول سرخی مائل ہوتا ہے۔ چوتھی اسکا پھل بے پھول کے ہوتا ہے۔ بعض کے نزدیک دو قسم ہے بڑا جس کے پھل کو چھوٹی مائیں کہتے ہیں، اور بستانی ہوتا ہے۔ چھوٹا، جنگلی ہوتا ہے جس کا پھل بڑی مائین کے نام سے مشہور ہے +
طَرْفیلُوس (یو) عشبہ جسکی شاخیں زیادہ ہوں +
طَرْفولُس (ی) ایک غیر مشہور دوا ہے +

طَرَق (ع) چربی، پینہ کو بھی کہتے ہیں +

طَربیدون (ی) کو +

طَرم (ع) مکھن، شہد۔ یا وہ غذا جس میں مکھن اور شہد ہوتے ہیں اور ملبوس کو بھی کہتے ہیں +

طَرمادواس (یو) بخور مریم +

طَرمقرّون (یو) قنطوریون صغیر +

طَرمُوق۔ چمگادڑ +

طَرموس
طَرمُولس } (یو) گوکھرو +

طَرمُولُون۔ بادآورد (مشہور ہے) +

طَرمیفسُ (سر) بطم +

طَرمیون۔ کچھوے کی ایک قسم ہے +

طَبرن (ع) ایک قسم کا گدھا ہے +

طَرنجبین (معرب) ترنجبین +

طَرنجوماتس (یو) پرسیاوشان یا فاشرا +

طَرجُمالیتیس (یو) زعفران یا ہزارجشان +

طَرنجُومانس (یو) پرسیاوشان

طَرنم۔ نارجیل +

طَرنشول (یو) سامریوا +

طَرنبلوت (یو) طالیسفر (تالیسپتر) +

طَرطلون (یو) چقندر +

طَروطون (یو) ارنڈ +

طَروغلودوطس
طَرغادولس } (یو) چھوٹی قسم کی ایک چڑیا ہے +

طَروغلودیطس (یو) پدہ پھد کی (یہ مشہور چڑیا ہے) +

طَروغلودقتن (یو) صفراغون +

طَروغلیطوس
طَریغیوس } (یو) تخم سداب صحرائی +

طَرُوغلوطس (ی) خوشبودار مروکی ایک قسم ہے +

طَرُوفوتون
طَریفوقون } (ی) زعرور +

طَرُوقتون۔ برطانیقی، یا بستان افروز +

طَرُوکس
طَرُوفس } (ی) شراب کی تلچھٹ +

طَرهامال۔ غافث +

طَریاوفلانی (سر) ساذج (تیزپات) +

طِریاق (معرب) تریاق +

طَریجه (ع) آگ پر بھنا ہوا گوشت +

طَریخ (ع) ایک قسم کی مچھلی جسکو حلوا ماہی +

طَریف دُرت (جوار) +

طَریفان۔ جنگلی قرطم یا کوئی اور غیرمشہور دوا ہے +

طَریفلا (ی) طرستوج (سیسالیوس) +

طَریفله (ی) حندقوقی (ربکھیرہ) +

طَریفلمن (ی) حندقوقی (ربکھیرہ) +

طِریفلن (ی) سنفس کوئی +

طَریفلونس (ی) زعرور +

طَریفون۔ نوۃ الصبغ، بگلہ کو بھی کہتے ہیں +

طَریعن۔ آسیرس +

طَرِیغا سا۔ مچھلی کی ایک قسم ہے ÷
طَرِیغیوس (ی) جنگلی سداب ÷
طَرِیقور ون (ی) راکھ ÷
طَرِیقون (ی) بگلہ ÷
طَرِیقون (ی) حوز۔ دمی ÷
طَرِیقولیون (ی) ایک غیر مشہور دوا ہے ÷
طَرِیقون بالاسیا (ی) دریائی بگلہ ÷
طَرِیمر (ع) شیر ÷
طَرِین پتلا انجیر ÷
طَرِینا (ی) سرمق (بتھوا) ÷
طَس۔ الایچی ÷
طسفاطس۔ مومیا ÷
طسومالو / طسومالیومالس / طسومالون / طسومالیا — (ی، بر) یتوع (ہر ایک بوٹی جس سے تیز دودھ نکلتا ہے) ÷
طسبه۔ کدو ÷
طسیان۔ شبرم ÷
طَشِیر / طَشُور — طیرانہ (ایک پودا ہے) ÷
طَطَراسی / طَطَرامیلس — (یو) انباط کا گوند ÷
طَطَرامِلس (یو) درخت بطم ÷
ططر قرقوس۔ مرہم باسلیقون ÷
طِطَرلیوس (ی) انگور کی کلی ÷
طَطماج۔ سوتیان (اطریہ) ÷
طَعام (ع) غذا (کھانا) ÷
طُعم (ع) ذائقہ (مزہ) کھانے کو بھی کہتے ہیں ÷
طُغر (ع) ایک پرندہ ہے ÷
طُغدا / طُقدا — ایک بڑا پرندہ ہے پیٹ کے پر سفید اور پیٹھ کے سیاہ ہوتے ہیں ÷
طُغر (ت) ایک شکاری پرندہ ہے ÷
طَغوی / طُغیان / طغیا — (ع) اگاؤ وحشی کوچک ÷
طَغ (غ) گاؤ ÷
طُفاحه (ع) دیگ کی جھاگ جو جوش کے بعد دیگ کے مُنہ پر آجاتی ہے ÷
طُفال (ع) خشک پھول ÷
طِفرادیسما / طِفردوسما — (سر) اظفار الطیب ÷
طَفسیا (یو) پہاڑی سداب ÷
طَفشیقون (یو) شوکران ÷
طَفشیل (ع) ایک قسم کی غذا ہے جو چھلے ہوئے مسور اور سرکے سے طیار کی جاتی ہے اور عدسی کے نام سے مشہور ہے ÷
طَفطان (ع) درخت کی شاخیں ÷
طِفل (اند) گل قیصوبیا، جنگلی زیرہ کو بھی کہتے ہیں ÷
طفله۔ شاہترہ ÷
طفلی۔ درخت مقل ÷
طفنیقون۔ شوکران ÷
طفوه / طفی — خوصہ مقل ÷
طَل (ع) شبنم (اوس) ÷

طِلّ (ع) سانپ ٭

طُلّ (ع) دودھ جانوروں کا۔ خون ٭

طلانلانس۔ چنار ٭

طَلا (ع) جانور کا بچہ جس کے کھُر ہوں یا ہرن کا بچہ ٭

طُلا (ع) جسم کی کھال ٭

طِلاء (ع) قطران، یا اوس کی پرانی شراب یا شراب کی اور قسمیں ٭

طِلا (ف) ذہب (ع) سونا (ہ) ٭

طلوح (ع) طلح۔ اور کیکر کو بھی کہتے ہیں ٭

طُلام۔ شہدانج (تخم بھنگ) ٭

طِلجوم } (ع) ایک جگہ ٹھہرا ہوا

طَلخوم } پانی ٭

طلح (ع) کیلہ، اور کیکر کی ایک قسم بھی ہے ٭

طِلخام (ع) ہتنی ٭

طَلخشقوقا۔ طرخشقوق ٭

طلس (ی) حلبہ (میتھی) ٭

طلسا }

طلیسا } چھوٹی ٹیپی کی ایک قسم ہے ٭

طَلع (ع) بہار خرما (ف) خرما کی کلی ٭

طَلق (معرب تلک فارسی) ابرک (ہ) ٭

طَلقن۔ اقحوان (بابونہ گاؤ) ٭

طلم (ع) دانتوں کا میل ٭

طُلمہ (ع) کوماچ ٭

طِلوع (ف) گرگ (بھیڑیا) ٭

طلو (ف) قلعی ٭

طلوۃ (ع) جنگلی جانوروں کا بچہ ٭

طلھیز۔ طرخشقوق ٭

طلیا }

طلیس } (شام) چھوٹی سیپی کی ایک قسم ہے جس سے سالن بناتے

طلیسا } ہیں۔ یا حلزون (گھونگھے) ٭

طلینس }

طلیحا (س) کڑوا مسور جو جنگلی ہوتا ہے ٭

طلیطلی۔ تیہولیا (کھریا مٹی) ٭

طلیطلیس (ی) خراطین (کینچوے) ٭

طلی (ع) بزغالہ (بکری کا بچہ) ٭

طماقطر۔ سازج (تیزپات) ٭

طمر }

طمورا } (دو) بیدانجیر (ارنڈ) ٭

طُمرور (ع) شقراق (لٹورہ) ٭

طمیاوس۔ سُرمہ ٭

طُمُطُم۔ سُماق ٭

طَمل }

طَملہ } (ع) کیوڑہ کا پانی ٭

طملہ (ع) نر شتر مرغ ٭

طُمہ (ع) غدرہ (سرانڈ) ٭

طَمیل }

طَمیلہ } (ع) بکری کا بچہ۔ عناق ٭

طُنب (ع) لمبی رسّیاں اور درختوں کی جڑیں، اور بدن کے پٹھے ٭

طَنیاط (سوڈان) ترنجبین ٭

طَنیل (ع) مچھلی کی ایک قسم ہے ٭

طنّ (ع) تر خرما جو زیادہ میٹھا ہو ٭

طَوارک (اند) ایک زہریلی گھاس ہے جو اتلہ کے قریب اگتا ہے ٭

طُواط (ع) ہاشہ۔ چمگادر +
طَواعون (رو) لحیۃ التیس +
طواقیطوس (یو) جنگلی قرطم +
طَواق (ع) تاڑی +
طواویس (ع) جمع طاؤس، مور +
طَوب (مصر) اینٹ +
طُوبالہ (ع) مادہ بھیڑ +
طُوبر طوق۔ جعدہ بری +
طُوطری ملس (یو) درخت بطم +
طُودرین (ع) تودرین (تودری سُرخ تودری سفید) +
طُوربد (ع) تربد (نسوت) +
طُورس
طُوروس } (یو) پنیر +
طُورسا۔ شکر +
طُورغویطر (سریارو) سفید مرو +
طُوری۔ جنگلی پرندے۔ کبوتر +
طُوسطس (یو) اذخر +
طُوسک۔ مشط الراعی +
طُوسیس (یو) اذخر کی کلی +
طُوط (ع) پنبہ (روئی) +
طُوقاق اعزیون (یو) پہاڑی وجنگلی حماض سلق (چقندر) جنگلی و پہاڑی +
طُوطرا۔ جنۃ الخضرا (بن) +
طُوطرفع (سر) تودری +
طُوطک۔ طوطی +
طُوطلون (یو) چقندر +
طوطی (معرب توتہ ہندی) طوطا (مشہور خوبصورت پرندہ ہے) +
طُوطِیا (معرب) توتیا +
طوف (ع) پاخانہ +
طُوفریوس
طوفوریوس } (یو) کماذریوس کی ایک قسم ہے +
طوفلس (ی) اذخر +
طَوق دار (ف) قمری +
طوقو (سر) دفن +
طوکثیر۔ طباشیر (بنسلوچن) +
طُوَل (ع) ایک پرندہ ہے جس کے پاؤں لمبے ہوتے ہیں +
طُولواغریون (یو) خربق سفید +
طُولُون (یو) عرطنیثا +
طُولہ (اندلسی) قبطل +
طُولیدون (یو) کمو +
طُولیطون (یو) قنطوریون صغیر +
طولیمون (یو) قنطوریون صغیر +
طُوماطالن (یو) عرطنیثا +
طُوماغا (یو) قنطوریون کبیر، صامریوما، ہلدی +
طُومقرون۔ قنطوریون صغیر +
طُومہ۔ کچھوا +
طِھر۔ طرخشوق +
طِھرا۔ بید انجیر (ارنڈ) +
طِہراس (ع) دودھ +
طُھف (ع) دخن کی یا ذرت کی

روٹی ٭

طہلا (یو) ماہودانہ ٭

طھیوفیع (یو) ترنجبین ٭

طیا (یو) نوشادر ٭

طیات (ع) ایک قسم کی کھجور کا درخت ہے۔ جو مصر میں ہوتا ہے ٭

طیار۔ اکسیر پارہ ٭

طیالیقون (یو) نبطافلن ٭

طیان (ع) جنگلی چنبیلی (یاسمین) ٭

طیب (ع) خوشبودار دوائیں مثلاً مشک عنبر وغیرہ ٭

طیب الغرب (ع) اذخر ٭

طیثار (ع) شیر ٭

طیجن۔ توا ٭

طیر (ع) پرندہ ٭

طیر الملوک (ع) صفراغون ٭

طیرانہ (ع) ایک پودا جو رات کو چمکتا ہے، تری کی حالت میں سفید اور زرد ہوتا ہے اور خشک ہو کر سُرخ ہو جاتا ہے ٭

طیرمیسوس۔ درخت بطم، حبۃ الخضرا ٭

طیط (ع) اشنہ، چھڑگا وڑ ٭

طیطا } (ی) چونا
طیطالوس } (آہک) ٭

طیطان } جنگلی گندنا ٭
طیطانہ }

طیطنس (یو) جنگلی شہدانج ٭

طیطوی (ع) سنگ خوارہ یا پانی کا ایک پرندہ ہے ٭

طیعولیس (یو) حجرارمنی ٭

طیفونتیج (یو) سانپ ٭

طیفومیور (یو) اشنخار (رجی) ٭

طیفیلون (ی) خولنجان ٭

طیفیون (ی) میعہ سائلہ (سلارس) ٭

طیفی۔ حب بلسان ٭

طیلیقون (یو) حی العالم کی ایک قسم ہے یا جنگلی خرفہ ٭

طیلان } مالکنگنی ٭
طیلافیون }

طیلاون (یو) آذریون ٭

طیلجوغر (یو۔ سر) پرسیاوشان ٭

طیلس (یو) ہیتھی ٭

طیلیلس (یو) خراطین ٭

طیناوجیوس (یو) قاتل الکلب ٭

طینوت۔ ایک جانور ہے جس کی کھال پر سیاہی مائل دھبے ہوتے ہیں۔ اور انگور زیادہ کھاتا ہے۔ یا ذراریح کی قسم ہے ٭

طینوث (ع) ذراریح جیسا ایک جانور ہے چھوٹا سُرخ رنگ کا جسکو اہل شیراز عروسک کہتی ہیں ٭

طِینوس (یو) صاحب دجگنی ۔

طِین (ع) مٹی ۔

طُیور (ع) پرندے ۔

طِیومالس (یو) برشعثا دارو ۔

طِیہوج (ع) تیتر ۔

ظ

ظَائع ۔ وہ کُتا جو رات کو نہ سوتا ہو ۔

ظَالم (ع) عشبہ، اُوٹن ۔

ظَبا (ع) لنگوا چرخ ۔

ظَبی (ع) ہرن ۔

ظَبیہ (ع) ہرنی، گائے، بکری ۔

ظَر (ع) سردی سے جما ہوا پانی ۔

ظَربا (ع) بلی کے برابر بدبودار جانور ہے ۔

ظَربغانہ (ع) سانپ ۔

ظِفار (ع) اظفار الطیب، نیز ایک شہر کا نام ہے جس سے عود ظفاری لائی جاتی ہے ۔

ظُفر (ع) ناخن ۔

ظُفرا ۔ جنگلی پودینہ یا ہندی پودینہ ۔

ظُفرہ (ع) علک داغ (ف) ایک بیل کے مانند گھاس ہے، فارس میں زیادہ ہوتا ہے ۔

ظُفُرُ القطّ (ع) نبات فلومائن دو قسم ہے، نہری و بری ۔

ظُفر قطورا (سر) ایک قسم کی گھاس ہے جنگلی اور بستانی دو قسم ہوتا ہے ۔

ظُفیرۃ العجوز (ع) گوکھرو ۔

ظُفرۃ النسا (ع) قاطانیقی ۔

ظُفری (ع) اقلیمیائے معدنی کی ایک قسم ہے، اظفار الطیب ۔

ظَلّام (ع) عشبہ جس کی شاخیں لمبی ہوں ۔

ظِلف (ع) سُم (ف) کھُر (ہ) ۔

ظِلف ماعز (ع) بکری کا کھُر ۔

ظَلم (ع) برف ۔

ظَلیم (ع) شترمرغ ۔

ظَلیمہ (ع) ایک جانور کا نام ہے جس کا دودھ مسکہ بننے سے پہلے پی لیتے ہیں ۔

ظَمخ ۔ اخروٹ کا پھل ۔

ظَنب (ع) درخت کی جڑ ۔

ظُنبوب (ع) ایک قسم کی چڑیا ہے جس کی ٹانگیں لمبی ہوتی ہیں ۔

ظَنمہ (ع) وہ دودھ جس کا مکھن نکالا ہو ۔

ظَہرہ (ع) کچھوا ۔

ظُہون (ع) جنگلی بلی ۔

ظَلی (ع) شہد ۔

ظَیّان (ع) جنگلی چنبیلی ۔

ع

عَابس (ع) شیر ۔

عَابق (ع) پرندہ کا بچہ جبکہ وہ اُڑنا شروع کرے ۔

عَامک (ع) کمٹا دہی، صاف نبیذ ۔

عَاج (ع) ہاتھی دانت ۔

عَاذر ۔ عاذرہ (ع) پاخانہ ۔

عَاتِرہ (ع) خوشبودار نبیذ ۔

عَاسل (ع) گرگ (بھیڑیا) ۔

عَاسی (ع) کھجور کا خوشہ ۔

عَاشِقُ الشَّجر (ع) عشق پیچاں (لبلاب، مشہور بیل ہے ۔

عَاشِرَہ (ع) چرخ (درندہ ہے) ۔

عَافِصی (ع) مازو ۔

عَافِطَہ (ع) بھیڑ، بکری ۔

عَاقِر شمعا ۔ عرطنیثا ۔

عَاقِرقرحا (ع) فارسی میں آگرکرہ : عربی میں عود القرح، انگریزی میں پائی رتھرم روٹ، ہو پل ٹری روٹ : سنسکرت میں آکار کربھا کہتے ہیں ۔ (طرخون کوہی کی جڑ ہے) ۔

عَاقِل (ع) پہاڑی بکرا ۔

عَاقُودا ۔ افیون ۔

عَاقُول (ع) خار شتر (اونٹ کٹارا) ۔

عَاقُولا (ع) ایک قسم کی غذا ہے، کاچی (دف) ۔

عَالاقطیطس (یو) حجر لبنی ۔

عَالَہ (ع) شتر مرغ ۔

عَالیون ۔ غالیون ۔

عَالیجون (یو) جنگلی پودینہ ۔

عَامِہ (ع) میعہ کی ایک قسم ہے ۔

عَانیہ (ع) ایک قسم کی شراب ہے جو موضع عانہ میں بنتی ہے ۔

عَاوانیون (ی) پودا ہے جس کا کانٹا سوئی کے مانند ہوتا ہے ۔

عَایوستیس (یو) غاغالس ۔

عَایب (ع) شیر ۔

عَایشالب (ف) صعوہ (ع) ایک پرندہ ہے ۔

عَایطن ۔ کیوڑہ ۔

عَبار (ع) اونٹ ۔

عَبَاس (ع) شیر ۔

عَبَاسی (ع) جاتی، گل عباسی (ایک مشہور پودا ہے) ۔

عُبُب | عُبُعُبہ (ع) کاکنج کی ایک قسم ہے، جس کو حب اللہو کہتے ہیں ۔

عَبَث (ع) تلسی ۔

عَبَد (ع) ایک خوشبودار پودا ہے ۔

عُبَر (ع) عقاب ۔

عَبْرَب (ع) سماق ۔

عَبْرَبیہ (ع) سماقیہ ۔

عَبْرُوس | عَبْروناس (یو) برداقی ۔

عَبْرُونی ۔ خنثی ۔

عُبْری (ع) بیر کا درخت جو نہروں کے کناروں پر اگتا ہے ۔

عَبَس ۔ شاہانگ ۔

عَبْعَب (ع) زہرن ۔

عَبْعَبَہ (ع) سُرخ اُون ۔

عَبْقَار (ع) لمبا عناب ۔

عَبْقَر (ع) سوسن سفید، یا مرزنجوش ۔

عَبْقَس | عَبْقَص | عَبْقوس (یو) ایک چھوٹا جانور ہے ۔

عَبْکَہ (ع) اذخر کی ایک قسم ہے ۔

عَبْلا ۔ سفید سنگریزے (پتھری) ۔

عُبُوس (ع) شیر ۔

عَبْهَر (ع) نرگس، یا میعہ کی ایک قسم ہے، جس کا گوند نہیں ہوتا ہے ۔ صرف تیل نکلتا ہے ۔

عبیثران (ع) انقوشہ (ف) یا برنجاسف یا تخم مریم، یا قیصوم ٭

عبیثہ (ع) اقط خشک۔ یا ستو ٭

عبیر (ع) زعفران، نیز مرکب خوشبو ٭

عبیرمایہ (ع) ایک خوشبودار مرکب دوا ہے، جو صندل، گلاب، اور مشک سے بنائی جاتی ہے ٭

عبیط (ع) خالص تازہ خون ٭

عبیط (اکسیر) پارہ ٭

عتاق الطیر (ع) شکاری پرندے ٭

عتبق عتر۔ مرزنجوش یا خالص مشک کا ٹکڑا ٭

عترب (ع) سماق ٭

عترس (ع) شہد ٭

عترسان
عترفان } مرغ، ایک پودے کو بھی کہتے ہیں

عتعت (ع) بکری کا بچہ ٭

عتم (ع) سطر زیتون ٭

عتیق (ع) پرانی چربی، خرما کی ایک قسم، پرانی، کھوٹا، شراب، دودھ ٭

عتینک (ع) نبیذ صاف (شراب) ٭

عثا (ع) سانپ ٭

عثالط (ع) گاڑھا دودھ ٭

عثار (ع) غبار (گرد)

عث (ع) ایک قسم کا کیڑا ہے جو کھال اور اون کھاتا ہے ٭

عثرب (ع) انار کے برابر ایک درخت ہے ٭

عثق (ع) ایک غیر مشہور پودا ہے ٭

عثکال
عثکول } (ع) خوشہ خرما، خوشہ انگور جنگلی بیگن ٭

عثلط (ع) بہت گاڑھا دودھ ٭

عثمان (ع) اژدر کا بچہ، اژدہے کا بچہ، کسانپ، سانپ کا بچہ ٭

عثمثم (ع) شتر بہت لمبا اونٹ ٭

عثوا (ع) چرخ ٭

عثیان (ع) نر چرخ ٭

عثیر (ع) غبار ٭

عجاج (ع) غبار، دھواں۔ بہت موٹا اونٹ ٭

عجی (ع) خشک چھلکے جن کو پکا کر کھاتے ہیں ٭

عجارم (ع) مضبوط سوئی یا آدمی کا قضیب

عجارہ (ع) مدینہ طیبہ میں کھجور کی ایک قسم ہے ٭

عجاف (ع) حنظل (اندرائن کا پھل) ٭

عجاف (ع) کھجور کی ایک قسم ہے ٭

عجالد، عجلد، عجلط (ع) گاڑھا دودھ ٭

عجاجم (ع) گٹھلیاں ٭

عجام (ع) بڑا چمگادڑ، وطواط ٭

عجانس۔ جانس (جلان) ٭

عجاهن (ع) ساہی (خارپشت) ٭

عجب (ع) کالا دانہ ٭

عجم (ع) مویز۔ تخم انگور، مویز کے مانند کھجور کی ایک قسم ہے ٭

عجد (ع) کوا ٭

عجرہ (ع) درخت وغیرہ کی گرہیں ٭

عجرم (ع) درختوں کی گرہیں۔
عجرام (ع) مضبوط اونٹ۔
عجروف (ع) ایک کیڑا یا چیونٹی ہے جس کے پاؤں لمبے ہوتے ہیں۔
عجروم (ع) پانی کا ایک پرندہ ہے۔
عجل، عجول، عجوسیا (ع) بچھڑا (گوسالہ)۔
عجل (ع) سیاہ مٹی۔
عجم (ع) پھلوں کی گٹھلی، اونٹ کا بچہ۔
عجم (ع) دم کی جڑ۔
عجم شبیب (ع) تخم مویز۔
عجمہ (ع) کھجور کا مغز یعنی جو تخم سے نکلتا ہے۔
عجمای (ع) چارپائے جانور۔
عجمای (ع) سطرانیعلی۔
عجمصے (ع) کھجور کی چھوٹی قسم ہے۔
عجنس (ع) موٹا قوت دار اونٹ۔
عجوز (ع) شراب، لومڑی، بیٹیر، گائے، بھیڑیا، چرخ، بچھو، گھوڑا، کتا، اونٹنی، ہتھنی اور ایک درخت کا نام ہے۔ مشک، ایک قسم کا کھانا بھی ہے۔
عجوم (ع) اونٹ کا بچہ۔
عجوہ (ع) ایک قسم کی کھجور ہے مدینہ منورہ میں ہوتی ہے۔
عجیلہ بطوس۔ حربہ (گرگٹ)۔
عجین (ع) خمیر۔
عداسر (ع) زمین پر چلنے والا جانور۔
عدام (ع) تر کھجور کی ایک قسم ہے مدینہ منورہ میں۔

عدامل، عدیل، عدملی (ع) پرانی موٹی چیز کو کہتے ہیں۔
عدرتا (مصر) کندش۔
عدس (ع) نشک (ف) مسور۔
عدس بری (ع) جنگلی مسور۔
عدس جبلی (ع) بنفشہ یا سفید پھول والا بنفشہ۔
عدس المر (ع) ایک مشہور دوا ہے۔
عدس الماء (ع) پرسیاوشاں یا کائی کی ایک قسم ہے۔
عدس تبطی (ع) مسور کی مانند ایک پودا ہے۔
عدسیہ (ع) ایک قسم کی غذا ہے۔
عدمول (ع) مینڈک۔
عدوی (ع) بکری کا چھوٹا سا بچہ۔
عذاسر (ع) عذبہ (مائیں)۔
عذاذ (ع) بڑا اونٹ۔
عذالط (ع) پتو (کیک)۔
عذب (ع) میٹھا پانی۔ میٹھی چیز۔ ایک درخت کا نام بھی ہے۔
عذب (ع) ایک چیز ہے جو بچہ پیدا ہونے کے بعد رحم سے نکلتی ہے۔ نیز نام ایک درخت کا ہے۔
عذبہ (ع) مائیتن خرد، میٹھا پانی۔ کائی۔
عذرہ (ع) پاخانہ۔
عذق (ع) پھل دار کھجور کا درخت۔
عذق ابن زید (ع) کھجور کی ایک قسم ہے۔

عَذق ابن طاب (ع) کھجور کی ایک قسم ہے *
عَذقوره (ع) بامنی *
عُذبوق (ع) سبز انگور کی قسم ہے *
عَرادشر (طرفہ) *
عراب (ع) سن *
عراولا (ع) مادہ ٹڈی *
عرار (ع) اقحوان (بابونہ گاؤ) *
عرادی } عرارا } (ع) زعرور *
عراضم } عرازم } (ع) شیر *
عرایس النیل (ع) بشنین *
عِراب } عِرانب } (ع) بہمنی - دیوگندم *
عرابھر (مصر) تخم سنبھالو *
عَرابی (ع) سفید جو، سلت *
عَرجا (ع) چرخ *
عرحداجون - کھجور کا درخت *
عَراد (ع) گدھا *
عراد (ع) ہاتھی *
عرادی، قنطوریون *
عُرا (ع) پاکخانہ - پنچال پرندگان (بیٹ) *
عراسه (ع) نیولا *
عِراس (ع) یربوع (گھونس) *
عراصف - کمافیطوس *
عِراصم (ع) جنگلی بیگن *
عراصمودون (یو) قرظ *
عراض (ع) پیلو *

عرطیب (ع) خارخسک *
عرطنیثا - آذربوہ چوبک اشنان (ایک جڑ ہے جس سے اُون دھوئی جاتی ہے *
عَرعَر (ع) ہوشوکوہی (ف) جوتی پر (ان) دو قسم ہوتی ہے۔ ایک لمبی ہوتی ہے۔ جس کا پھل فندق جیسا ہوتا ہے۔ دوم چھوٹی - اور اوس کا پھل باقلا کے برابر گول ہوتا ہے بالجھور یا ابہل *
عراف (ع) بانس *
عرفج (ع) تیز دودھ والی بوٹیوں کی قسم ہے *
عرافیه (ع) فاختہ *
عَراق (ع) خوی (ف) پسینہ (ف) *
عراق (ع) وہ پانی جو تخموں، جڑوں، پھولوں اور پتوں سے خاص طور پر نکالا جاتا ہے *
عراق (نجد) قسب *
عراق الاداطی (ع) بیخ بید (ف) ایک سرخ رنگ کی لکڑی جڑ ہے *
عراق آذرعف (ع) بیخ کبر *
عراق انجبار (ع) بیخ انجبار *
عِراق الجسد (ع) بدن کی رگ *
عِراق السوس (ع) اصل السوس (ملیٹھی) *
عِراق الطیب (ع) اشرار، زرنباد *
عِراق الفالوفجه (ع) ابو خلسا (رتن جوت) *
عِراق الکافور (ع) زرنباد (نرکچور) *
عَراق الجبال (ع) مومیائی *
عراق الذہبیه (ع) موید کا پانی جو

خاص طور پر نکالا گیا ہو ۔

عرق الشجر (ع) گوند ۔

عرق العروس (ع) طلق (ابرک) ۔

عرق یابس (ع) فلفونیا (زنگبار کا)

عرقضا / عرقضان / عرهضان (ع) خندقوقی، یا بر بطورہ) بعض بخورالاکراد کو کہتے ہیں ۔

عرقون (ع) ایک پودا ہے جس کے پتے شقائق النعمان جیسے ہوتے ہیں ۔

عراقیل (ع) انڈے کی زردی ۔

عرم (ع) ایک قسم کی مچھلی ہے ۔

عرما ۔ سرخ سیاہ سانپ ۔

عرماض (ع) کائی ۔

عرماھو (ع) جنگلی چوہا ۔

عرمض (ع) سبز کائی جو پانی کے اوپر آجاتی ہے، حب الغار، جنگلی بیر، چھوٹے پیلو کا درخت ۔

عرمضان (ع) خندقوقی، بخورالاکراد ۔

عرنقصان (ع) خندقوقی ۔

عرن (ع) پد جو گھوڑے، گدھے کے کھروں سے اوپر ہوتے ہیں ۔

عروی (ع) اسراش ۔

عرو پادشہ، گزانگبین ۔

عروس (ع) نیلوفر، کبریت ندو، اہل شیراز کستبتہ کے مقطر زرد پانی کو کہتے ہیں جو اول نکلتا ہے ۔

عروساغارس ۔ سانپ کی کینچلی ۔

عروس در پردہ (ف) پرسیاوشن ۔

عروسک (ع) جگنو (کرم شب تاب) یا فارسی میں طلبوتش اور آلو کو کہتے ہیں ۔

عروسک در پردہ (ف) کاکنج ۔

عروق (ع) پسینہ لانے والی دوا ۔

عُروق (جمع عرق) بدن کی رگیں، ہلدی تن ۔

عُروق الآصف (ع) بیخ کبر ۔

عُروق بیض (ع) ستنجلہ یا بوزیدان ۔

عُروق حمر (ع) فوۃ الصباغین (مجیٹھ) ۔

عُروق الزعفران (ع) عروق الصفر (مامیران، ہلدی) ۔

عُروق السوس (ع) اصل السوس (ملٹھی) ۔

عُروق الصبغ (ع) عروق الصباغین (ہلدی) ۔

عُروق الصباغین (ع) زرد چوب (ہلدی) ۔

عُروق الصفر (ع) دو قسم ہے، چھوٹا جس کو مامیران اور بڑے کو زرد چوب کہتے ہیں ۔

عُروق الطیب / عُروق الکافور (ع) زرنباد (زرکچور)

عُروق فالوذج (ع) ابو خلسا (رتن جوت) ۔

عروقا ۔ ایک چیز ہے جو خضاب میں استعمال کی جاتی ہے، یا اشراس ۔

عُروق سفر (ع) ستنجلہ ۔

عروہ (ع) انگنار ۔

عراہ (ع) خرگوش ۔

عراهوم ۔ عرجون ۔
عراهون ۔ وسمہ (برگ نیل) ۔
عرایا ۔ نانخواہ ۔ خوشہ ۔
عرایر ۔ قنطوریون ۔
عرایس السیل (ع) بشنین ۔
عرایض (ع) بکری کا بچہ ۔
عرایطہ (ع) بچھو ۔
عرایقصاء، عرایقصانہ } (ع) حسند قوقی (سنکھپرہ) ۔
عرایقطعہ (ع) ایک جانور ہے ۔
عرایکہ (ع) کوہان شتر ۔
عراین (ع) گوشت ۔
عراف (ع) خوص (کھجور، ناریل وغیرہ درختوں کے پتوں کو کہتے ہیں جن کے پتے لمبے و باریک ہوں) ۔
عزالہ (ع) غزالہ، آہو برہ (ہرن) ۔
عزاهل (ع) نر کبوتر ۔
عزهون (ع) اونٹ ۔
عزایر، عزیرن } (ع) قنطوریون ۔
عزیزی (ع) مرکب سرمہ ہے ۔
عَسا (ع) ٹیلا یا کوٹ ۔
عَسار، عَسارہ } (ع) بھیڑیا ۔
عَساعس (ع) خار پشت (سیہی) ۔
عَساقل، عَسقل } (ع) کماۃ (کھمبی) ۔
عَسالیج (ع) باریک شاخیں یعنی جو درختوں پر لٹکتی ہیں ۔

عَسبان (ع) کھجور کی ایک قسم ہے ۔
عَسبر (ع) نر چیتا ۔
عَسجد (ع) سونا، جواہرات (مثلاً یاقوت، زبرجد وغیرہ) سونا اونٹ ۔
عَسجر (ع) ٹڈی ۔
عَسرای (ع) ایک قسم کا ساگ ہے ۔
عَسل ۔ ہرتال ۔
عَساس، عَسعس، عَسعاس } (ع) بھیڑیا ۔
عَسطوس (ع) ایک قسم کا درخت ہے خیزران کے مانند ۔
عَسقلہ (ع) سفید سنگریزہ ۔
عَسل، عَسل النحل } (ع) شہد ۔
عَسل افسنتین (ع) وہ شہد جس کی مکھی افسنتین پر بیٹھی ہو ۔
عَسل بلادر (ع) ایک سیاہ لیسدار رطوبت ہے جو بھلانوے سے نکلتی ہے ۔
عَسل تمر (ع) دوشاب خرما ۔
عَسلج (ع) بیخ عرطنیثا ۔
عَسل الحاج (ع) ترنجبین ۔
عَسل حاشا (ع) وہ شہد جس کی مکھی حاشا پر بیٹھی ہو ۔
عَسل الخلاف (ع) بید سادہ کا دودھ ۔
عَسل داؤد (ع) ایک قسم کے شہد کا تیل ہے ۔
عَسل الرمث (ع) وہ شبنم جو رمث

پر پڑتی ہے یا شکر تیغال ۔
عَسل طبرزدی (ع) قند یا نبات کا شیرہ ۔
عَسل القسب (ع) ایک قسم کا شہد ہے جو خشک کھجور سے بنایا جاتا ہے ۔
عَسل القصب (ع) گنے کا پانی ۔
عَسل اللبنی (ع) حصی لبان، یا میٹھہ سائلہ ۔
عَسل ماذی (ع) سفید کھجور کا شہد ۔
عَسل نحل (ع) شہد ۔
عَسل یابس (ع) خشکنجبین، یا پتلا خوشبودار کھانا ۔
عَسلنج (ع) بخور مریم کی ایک قسم ہے ۔
عسن (ع) پرانی چربی ۔
عَسیب (ع) کھجور کی قسم ہے ۔
عَسیل (ع) ہاتھی کا قضیب ۔
عُشار (ع) عُشر (آکھ) ۔
عُشب (ع) نرگھاس ۔
عُشبہ (ع) عشبہ مغربی (مشہور دوا ہے) ۔
عُشبۃ السباع (ع) گندنا ۔
عُشبۃ العجوز / عُشبۃ الکلب (ع) طراشنہ ۔
عُشر / عشار (ع) مدار (آکھ) ۔
عَشرق (ع) آلول ترور، سنا کی ایک قسم ہے جس کے پتے چوڑے ہوتے ہیں ۔
عشروش (ع) بیابانی خرگوش ۔

عش الطائر (ع) گھونسلہ (آشیانہ) ۔
عشق الصبیان (ع) شوکتہ السواد ۔
عَقَقہ (ع) چاندریل جو ببلاب کے مانند ہوتا ہے ۔
عُصاب / عُصب (بر) شیطرج (چیتہ لکڑی) ۔
عَصاب (ع) ہرن ۔
عُصارہ (ع) پھل وغیرہ کا نچوڑا ہوا پانی ۔
عُصارۂ آرغیس (ع) زرشک کی چھال کا نچوڑ ۔
عُصارۂ آملہ (ع) سُک ۔
عُصارۂ حنای صینی (ع) شاہ چینی ۔
عُصارۃ السوس (ع) رب السوس ۔
عُصارۃ القرظ (ع) اقاقیا ۔
عُصارۂ ہوفقطیداس - عصارہ لحیۃ التیس ۔
عَصی الراعی (ع) لال ساگ - یا راج گیری ۔
عَصا موسٰی (ع) لال ساگ ۔
عَصی ہرمس (ع) حلبوب ۔
عَصَب (ع) پی (ف) پٹھہ (ہ) ۔
عَصب الخرقع (ع) پمبدوئی ۔
عُصبہ (ع) ببلاب کی ایک قسم ہے ۔
عُصفر (ع) رنگ زعفران (ف) کسم، کسنبہ (مشہور پھول ہے) ۔
عُصفر بری (ع) جنگلی کسنبہ ۔
عصفل بری (ع) بادآورد ۔

عُصفُور (ع) گنجشک (فا) چڑیا (ہ)

عُصفُور الجنہ (ع) ابابیل

عُصفُور السباخ / عُصفُور الشوک } (ع) صفراغون

عصلان (ع) عنصل

عصیدہ (ع) ایک قسم کی غذا ہے، جو بنائی جاتی ہے

عصیفیرہ / عصیفرہ } (ع) ایک زرد چیز ہے

عِضَاہ (ع) بڑا خاردار درخت، مثلاً ببول، قتاد، غار کا درخت، یا درخت کیکر

عضرس - جنگلی خطمی

عضرفوط / عضفوط } بامنی

عِضرِن - بوسہ ارمنی

عِضّ - چھوٹا اور خاردار درخت یا ایک قسم کا کانٹا ہے

عُضَل (ع) جمع عضلہ (اوّل دو ضمہ) عضو ہے

عضجہ (ع) مادہ لومڑی

عُضو (ع) اندام (فا)

عُضَیلہ (ع) چھوٹا سا عضلہ

عطارا - گندنا

عُطارِدی (اصطلاح اکسیر) پارہ

عَطارِی / عَطارَہ } (نبط) سنبل رومی

عَطَب (ع) پنبہ (رومی)

عِطر (ع) خوشبو

عِطر (چرسیان) اعلیٰ اور خالص چرس

عَطران (ع) قطران

عِطرِ مثلث (ع) عطر عنبر، عطر عود، عطر صندل تینوں کے مجموعہ کا نام ہے

عِطرِ منشم (ع) حب منشم کا روغن

عِطرِ ولایتی (اصطلاح) کشمیری چرس

عطشان (ع) مشط الراعی

عطف (ع) شیطرج

عطفل - شعر، یا بید مشک

عطلب / عطلوبا } قاتل ابیہ

عطموس - گورخر (پہاڑی جنگلی گدھا)

عُطم (ع) دُھنی ہوئی اُون

عطوط (ع) طیطوی (ایک پرندہ ہے)

عظا (ع) سیپی کی ایک قسم ہے

عَظایہ (ع) سارنا، ایک جانور چھپکلی کی قسم سے ہے

عِظرب (ع) چھوٹا اژدہا

عُظلم (ع) وسمہ کا پودا (نیل) یا عظلب

عَظم (ع) ہڈی

عَظم السبق (ع) عرن

عِظبوطہ (ع) یربوع مادہ

عِفا / عِفای } (ع) گدھے کا بچہ - یا شترمرغ کے پر

عفاد ارمون (یو) حب القلقل

عفار (ع) ثعلب

عفارہ (ع) ٹینٹ (کپاس کا پھل)

عفارھم طاقت دار اونٹنی

عفاین (س) مغاث

عَقعَد (ع) کبوتر یا اس کے مانند پرندہ۔

عَفَر (ع) خاک، مٹی۔

عِفر (ع) خنزیر، سور۔

عُفص (ع) مازو۔

عفصیہ (ع) بلوط کی ایک قسم ہے۔

عُقاب (ع) الوہ (ف) قاب، گدھ (ہ) ایک مشہور شکاری اور تیز پرندہ ہے۔

عقار (ع) شراب۔

عقار آدم (ع) مغاث۔

عقار عرطنیثا (مر) آذربوا۔

عقار عراون (مر) اسارش۔

عقار سوسینائی (مر) ایرسا۔

عقار کوھان - عاقرقرحا یا فاوانیا۔

عقاقیر (ع) دوائیں۔

عقدہ (مصر) زرشک کی لکڑی۔

عَقرَب (ع) کژدم (ف) بچھو (ہ)۔

عَقرَب بحری (ع) سنگی مچھلی (بچھو کے مانند ایک خاکی سرخی مائل چھوٹی مچھلی ہے)۔

عَقرَب الماء (ع) سرطان، کیکڑا۔

عقربان - اسقولوقندریون۔

عَقعَق (ع) عکہ کا تجہ (ف) نہوکہ (ہ) ایک مشہور پرندہ ہے۔

عقیان (ع) خالص سونا۔

عَقِید العنب (ع) میفختج (شراب کی ایک قسم ہے)۔

عَقِیق (ع) ایک قیمتی خوبصورت پتھر ہے کئی رنگوں کا ہوتا ہے، مثلاً سرخ، زرد، سیاہ صاف و مختلف یا میلا ہوتا ہے۔

عَقِیق البہار (ع) بیجا پھپ۔

عقیلا - خوردہ۔

عُلبُر (ع) برسوم۔

عکر (ع) تلچھٹ، اطباء کے نزدیک تیل کی تلچھٹ۔

عکرالزیت (ع) تیل یا زیتون کے تیل کی تلچھٹ۔

عکرب (ع) جنگلی سرسوں کی ایک قسم ہے جس کا تخم سفید اور لمبا ہوتا ہے۔

عکرش (ع) تیل کی قسم ہے۔

عَکَنہ (ع) چھوٹی سوہنجان کی ایک قسم ہے۔

عُکّہ (ف) عقعق۔

علاچارہ (اصفہانی) عقعق۔

علاقم (ع) حنا (مہندی)۔

علث (ی) خندریلی۔

علجان (ع) قزاح۔

عَلَس (ع) بھیڑیا۔

علس (ف) گندم کمہ (گیہوں جیسا غلہ ہے) یا سلت۔

علسی - سیر کا درخت۔

عَلَف (ع) اسپست۔

عَلَف شیردار (ف) بھیڑ۔

عَلَف گورخر (ف) اذخر۔

عَلَف شندی (ی) سقوردیون۔

عَلَفک داغ (ف) ظفرہ (ایک گھاس ہے)۔

عَلَفک ہندی (ع) باج (ایک خوشبودار گھاس ہے، اس کے متعلق دوسری

باتیں نہیں معلوم ہو سکیں)۔

عَلَق (ع) جونک۔

عُلَقَہ (ع) طفیشیقون یا صنبر۔

عَلْقَم (ع) کڑوا پودا، یا حنظل یا اقثاء الحمار۔

عَلْقَمَہ (ع) فراسیون۔

علق (ع) ایک غیر مشہور پودا ہے۔

عِلْک (ع) ہر ایک گوند کو کہتے ہیں جو چبایا جا سکے۔

عِلْکُ البطم (ع) بطم کا گوند۔

عِلْکُ الانباط (ع) بطم یا اُس کے مانند ایک درخت کا گوند ہے۔

عِلْکِ رومی (ع) مصطگی۔

عِلْکِ یابس (ع) راتینج کی ایک قسم ہے۔

علم (اصطلاح اکسیریان) ہڑتال۔

علوفس - خبازی۔

علوہ (ش) صبر (ایلوا)۔

علوفن (ی) شراب کی ایک قسم ہے جسکو میفختج کہتے ہیں۔

علوقی - اصل السوس۔

عُلَّیق (ع) توت سہ گل (ف) اچھو (ہ) ایک خاردار درخت ہے جو درخت گل سرخ کے مشابہ ہوتا ہے اس کا پھل توت سیاہ کے مشابہ لیکن کسی قدر سہ پہلو ہوتا ہے، پھل گچھوں میں لگتے ہیں، جو حالت خامی میں سبز نیم رس حالت میں سرخ اور پختہ ہوکر سیاہ ہو جاتے ہیں۔

عُلَّیق الکلب (ع) علیق سے زیادہ بڑا اُس کے مانند ایک درخت ہے۔

عُلَیق (ع) بہاب۔

عماد (ع) زخ آس۔

عمرد - کرفس۔

عملج (ع) خرنوب کی ایک قسم ہے۔

عملول (ع) قنابری۔

عُنّاب (ع) سیلانہ (ف) (مشہور پھل ہے)۔

عناق (ع) بکری کا بچہ۔

عِنَب (ع) انگور۔

عِنَبُ الثعلب (ع) مکو (مشہور بوٹی جس کی پانچ قسمیں ہیں، بستانی، جنگلی، پہاڑی اور ہر ایک ان میں سے نر اور مادہ ہوتا ہے۔

عِنَبُ الثعلب منوم] (ع) پہاڑی
عِنَبُ الثعلب مخدر] مادہ مکو (ہ) سولینم نائگرم بلیک نائٹ شیڈ (ان)۔

عِنَبُ الثعلب مجنن (ع) جنگلی مادہ مکو۔

عِنَبُ الجن (ع) فاشرا۔

عِنَبُ الحیہ (ع) ہزار جشان یا کبر کا پھل۔

عِنَبُ الدُب (ع) ایک چھوٹے سے پودے کا پھل ہے، جو بقدر بیر، گول اور سرخ ہوتا ہے، اور گچھوں میں لگتا ہے، پتے انار کے پتوں کے مانند ہوتے ہیں، انگریزی میں یووی ارسا ئو یا بئرز گریپ کہتے ہیں۔

عنبا - ایک ہندی پودا ہے، جس کا پھل نقل جیسا ہوتا ہے۔

عَنْبَر (ع) شاہ بوئے (ف) موم کے مانند

ایک خوشبو دار چیز ہے جو سپرم وہیل کے شکم سے نکلتی ہے ۔

عنجد (ع) تخم مویز یا پھلوں کے دانے ۔

عندلیب (ع) بلبل ۔

عندم (ع) بقم یا دم الاخوین ۔

عنرب ۔ سماق ۔

عنز (ع) بکری ۔

عنزران (ع) آذریو ۔

عنزروت (ع) انزروت ۔

عنصل } (ع) پیاز دشتی (ف) اسکویل
عنصلان } (انگر) کندا، کولی کا ندا (ہ)

(پیاز جیسی ایک جڑ ہے ۔ بڑا چھوٹا پہاڑی جنگلی ہوتا ہے) ۔

عنقسا (ع) مرزنجوش ۔

عنقود (ع) خوشہ یا ایک پودا ہے ۔

عنقیلی } (یو) شلجم ۔
عنقلی }

عنکب (ع) مچھلی کی ایک قسم ہے ۔

عنکبوت (ع) شیر مگس (ف) مکڑی (ہ) ۔

عنم (ع) شکر واری (ہ) یا گلنار ۔

عود (ع) لکڑی ۔ اطبا کے نزدیک اگر کو کہتے ہیں ۔

عود البخور (ع) عود قماری ۔

عود البرق (ع) دار شیشعان ۔

عود بلسان (ع) باسان کی شاخیں ۔

عود الحمیر (ع) فاوانیا ۔

عود الحیہ (ع) سوسن کی مانند ایک پودا ہے جو بربا اور سودان میں ہوتا ہے ۔

عود الدرقہ (ع) بیخ انجدان ۔

عود الریح (غ) آرغیس ۔

عود الریح (شا) فاوانیا ۔

عود الریح (مصر) ماپیران ۔

عود الریح (ع) وج ۔

عود الصلیب (ع) فاوانیا ۔

عود العطاس (ع) کندش ۔

عود الفالوذج (ع) ابو خلسا (ارتن جوت) ۔

عود القرح (ع) عاقرقرحا یا وج ۔

عود القیہ (ع) صفیرا ۔

عود الوج (ع) وج ۔

عود الیسر (ع) آتا حوس یا خطمی کی لکڑی یا پیلو ۔

عوسج (ع) سفید غار (ف) علیق یا علیق کی مانند ایک چیز ہے ۔ یا ایک پھل ہے توت کے مانند ۔

عوسج الکلب (ع) علیق الکلب ۔

عوسیا ۔ بسباسہ ۔

عولیطوس (رو) مر ۔

عھن (ع) اون یا پنبہ ۔

عیان (اصطلاح اکسیریان) پارہ ۔

عیامینون ۔ افیون ۔

عیدان البطباط (ع) لال ساگ کی لکڑی ۔

عیدان (ع) لکڑیاں یا دار شیشعان ۔

عیزان ۔ زعرور کوہی ۔

عیشام (ع) درخت غرب یا درخت چنار یا پہاڑی زعرور یا سفیدار ہے ۔

عَیْن (ع) اُذن، یا آنکھ۔
عَیْن الاعلاء (ع) اقحوان (بابونہ گاؤ)
عَیْن البَقَر (ع) انگور کی بڑی قسم ہے، یا آلو کی ایک قسم ہے یا اقحوان ہے۔
عَیْن الدِّیک (ع) بچشم خروس (ف) ایک سخت اور سُرخ درخت کا پھل ہے۔
عَیْن الحجل (ع) اقحوان کی ایک قسم ہے۔
عَیْن الحیوٰۃ (اصطلاح اکسیریان) پارہ۔
عَیْن السرطان (ع) سیستان۔
عَیْن الھدھد (مغ) آذان الفار رومی۔
عَیْن الھرہ (ع) ایک قسم کا پتھر ہے (لہسنیہ)۔
عینون۔ آذان الفار (جو بکنی)۔
عینہ (اندلس) رعی الحمام۔
عیوان۔ جیشران۔
عیون (ع) (جمع عین) آنکھ۔

غ

غَلبانک۔ سشابانک۔
غَابس۔ عنب الدب۔
غَار (ع) باشتان (ایک بڑا درخت ہے)۔
غَارج (ع) وہ شراب جو صبح کے وقت پی جاتی ہے۔
غَاریقُون (ع) لاطینی میں اگاری کس ایلبس، انگریزی میں پرجنگ اگارک، لارچ اگارک کہتے ہیں: ایک بوسیدہ جڑ کی مانند ایک چیز ہے جو بعض درختوں کی جڑوں کے اندر سے نکلتی ہے، جو دراصل ایک قسم کی قطر (کھمبی) ہوتی ہے۔
غَاز (ف)، قاز (مرغابی کی قسم سے پرندہ ہے)۔
غَازابَاغی (ت) آطریلال۔
غَاز اسکندرانی۔ فراقیوا اسکندرانی۔
غَاسُول (ع) اشنان۔
غَاسُول رومی (ع) ابوقانس۔
غَاغا (عمان) پودینہ۔
غَاغَاطی (یو) حجر غاغیطوس۔
غَاغالس } (ی) ایک مدپودا رپودا
غَالِسنیس } ہے جس کے پتے نرم اور پھول نیلا ہوتا ہے۔
غَاغہ (عمان) پودینہ۔
غَافث (ع) مشہور گھاس ہے جو خاردار ہوتا ہے۔
غَالالوطی (یو) ترس۔
غَالِیسنیس (یو) غاغالس۔
غالوط (یو) باقلای قبطی۔
غالی (یو) دودھ۔
غَالیون } (ی) ایک خوشبودار پودا ہے
غالمون } جو پانی کے کنارہ پر ہوتا ہے۔
غَالیہ (ع) ایک خوشبودار مرکب دعار ہے۔
غُبار الرحیٰ (ع) گرد آسیا، چکی کا گرد۔
غبار سایہ (ع) عنذب۔

غبیرا (ع) سنجد ۔
غبیری ۔ بیر کا درخت ۔
غداف (ع) کوے کی ایک چھوٹی قسم ہے ۔
غراب (ع) کوا (کسی قسم کا ہوتا ہے) ۔
غراب الابقع (ع) سفید و سیاہ رابلق کوا ۔
غراب اللیل (ع) اُلو ۔
غراب الزروع (ع) کھیت کا کوا جو سیاہ ہوتا ہے ۔
غراب الاسود (ع) زاغ (ف) کوا ۔
غرب ۔ اسفیدار (ع) بدعدف (?) ایک بہت بڑا درخت ہے بید سادہ کی قسم سے جس کے پتے اور چھال سفید ہوتے ہیں ۔
غربیب (ع) سیاہ انگور کی ایک قسم ہے ۔
غراس (شام) لال ساگ کی چھوٹی قسم ہے ۔
غرسار ۔ آس ۔
غرافد ۔ عوسج کی بڑی اور سفید ایک قسم ہے ۔
غراقوتیہ (ر) ابرک (بھوڈل) ۔
غراوساوس (ر) خرگوش ۔
غرم (ف) پہاڑی بھیڑ ۔
غرامج (ف) شونیز (کلونجی) ۔
غرانواش ۔ قرنبا لونگ ۔
غریف ۔ چنبیلی ۔
غری (ع) سریشم ۔
غری السمک (ع) سریشم ماہی ۔
غزال (ع) ہرن ۔
غزال الماء (ع) کائی ۔

غسا ۔ لج (غورہ خرما) ۔
غسل (ع) خطمی ۔
غسلج (مصری) آذربو و عرطنیثا ۔
غسول (ع) اشنان واذخر ۔
غضار الصینی (ع) کاسۂ چینی وغضا چینی کا پیالہ ۔
غضروف (ع) کرکری (جو ہڈی سے نرم ہوتی ہے) ۔
غطانک (ف) چیل (ایک جانور ہے جو گوبر کی جگہ پیدا ہوتا ہے) ۔
غلق / غلقا } علقہ (جس کا پودا کبر کی مانند اور شاخ اور پتے گول ہوتے ہیں) ۔
غلوفریا (یو) اصل السوس ۔
غلوفس (یو) پرندے ۔
غلوفن (یو) مایشا ۔
غلیجن (ی) جنگلی پودینہ ۔
غلیجن اغریادی (ی) اسراشکلطرشق ۔
غلیواج / غلیواز } (ف) چیل ۔
غلیہ (ع) ایک پرندہ ہے جس کو فارسی میں سبزک کہتے ہیں ۔
غملول (ع) کشنابری ۔
غملمہ (ع) اسفنج ۔
غنچہ خرما (ف) گفری ۔
غندب (ع) گرکڑی ۔
غنم (ع) [illegible] ۔
غنم ماوطرا النہری قطران کی ایک قسم ہے ۔
غنم (پشتو) گیہوں ۔

غوتاغبا (معرب) زعفران ۔
غورہ (ف) حصرم (ع) کچا انگور ۔
غورہ یا (ف) حصرمیہ (ع) (ایک قسم کا قلیہ ہے جس میں کچا انگور پڑتا ہے) ۔
غورہ خرما (ف) بلح و بسر ۔
غوشاک (پ) پاچک دشتی (اپلے) ۔
غوشنہ (ف) کماۃ کی ایک قسم ہے ۔
غوغار (اصفہانی) شحرور ۔
غوغائی (ف) ڈومنی۔ ایک پرندہ ہے چڑیا سے بڑا ۔
غوک (ف) مینڈک ۔
غیال ۔ زنبق ۔
غیمہ (ع) اسفنج ۔
غیغیطس (یو) سنبل الطیب ۔

ف

فابس ۔ پھٹکری ۔ (زاج) ۔
فابش (یو) باقلا ۔
فابش قبطی (یو) باقلا قبطی ۔
فاتح (ع) جوان حاملہ اونٹنی ۔
فاترستین ۔ سفیدہ الی دحرل ۔
فاجشہ ۔ جند بیدستر ۔
فاجع (ع) بوم ۔
فاحا ۔ زعفران ۔
فاحافاس ۔ رسوت ۔
فاختہ (ف) مشہور پرندہ ہے ۔
فاخرہ (ع) خرما کی ایک قسم ہے یا جس میں گٹھلی نہ ہو ۔
فاخرہ (ع) فاغرہ ۔

فاخوز (ع) تلسی کی ایک قسم ہے : برنجاسف ۔
فادج } (ع) پادزہر معدنی، یا جدوار ۔
فادخ } یا بندق ہندی ۔
فادزہر (معرب) بادزہر ۔
فادما (سر) تریاق ۔
فادن ۔ پنوار کی ایک چھوٹی قسم ہے ۔
فادخ ۔ بندق ہندی یا ایک قسم کا پتھر ہے جو زرد مائل بسفیدی یا سبزی ہوتا ہے ۔
فار (ع) چوہا، عضلہ ۔
فارۃ البیش (ع) موش بیشا ۔
فارۃ المسک (ع) بتن جس سے مشک نکلتا ہے یا چھچھوندر ۔
فاراوزا (سر) چلغوزہ ۔
فاراسون ۔ سفید بابونہ ۔
فاراسیون ۔ فراسیون
فارافلاق (سر) سیاہ گوش ۔
فاربی نش نیل (ان) حب النیل (کالا دانہ) ۔
فاری امون ۔ خزف ۔ (ٹھیکری) ۔
فارز ۔ سیاہ سرخی مائل چیونٹی ۔
فارس الماء (ع) سطراطیوطس ۔
فارسطاریون (یو) رعی الحمام ۔
فارسون ۔ لبلاب ۔
فارسا ۔ آلو بالو ۔
فارسیاہ ۔ اخروٹ ۔
فارسلیس ۔ حاشیش ۔
فارشامی ۔ ایک درخت ہے جس کے پتے بید سادہ جیسے اور اس سے چھوٹے اور خوشبودار ہوتے ہیں ۔

فارض (ع) بڑا اکا بیل
فارغہ - ناغیہ ۔
فارفوخیا }
فارفوخینا } خشیشۃ الدافس ۔
فارموسا کیمفر (لا) کافور قیصوری ۔
فارو (یو) سویا ۔
فاروسی (یو) موم ۔
فاروفسورا (ی) صدا الحدید ۔
فارونو - آملہ ۔
فارونیسون (رو) حریق سیاہ ۔
فارہ (ع) ریچھنی ۔
فاریس (یو) سرو ۔
فاریقا (یو) سنیھی ۔
فاریونا (یو) فادانیا ۔
فاروئیل - بانجی ۔
فارین (رو) شکر ۔
فاءس - اندروصاردن - واندروتیلون ۔
فاس - جھاؤ ۔
فاسا (رو) ظاۃ ۔
فاسطامانی }
فاسطامی } (ی) شاہ بلوط ۔
فاسطرن (مر) جند بید ستر ۔
فاسطران (ف) بستان افروز ۔
فاسطراہ }
فاشطراہ } (یو) جند بید ستر ۔
فاسطفلین (یو) بستانی گاجر ۔
فاسلو (یو) لوبیا ۔
فاسی - زعفران ۔
فاسی - اندروصارعن (ایک قسم کا کدوا اور سرخ رنگ کا تخم ہے جو گیہوں اور جو کے کھیت میں ہوتا ہے) ۔
فاسیا خنفسا یا اس کی ایک قسم ہے ۔
فاسیہ - بہت بدبودار خنفسا ۔
فاسیس جنگلی کاسنی ۔
فَاشَرَا (معرب) عربی میں عنب الحیّۃ، کرمۃ البیضاء، فارسی میں ہزار افشان، مارعاسعود، لاطینی میں برائی اونیا، انگریزی میں وہائٹ وائلڈ وائن برائی اونی کہتے ہیں۔ (انگور کے مانند بیل ہوتی ہے) ۔
فَاشِرشتین (شر) لبلاب اور فاشرا کی مانند ایک پودا ہے ۔
فَاط (رو) }
فَاظ (ع) } جدوار خطائی - یا فاشرخ ۔
فَاطِرون (یو) پیستان ۔
فَاطِق (معر) مسور ۔
فَاطِل (یو) عنصل ۔
فَاطومل - قوفل ۔
فَاطوس (یو) ملاحوں کے بدن کا میل ۔
فَاطونیقی (یو) بستان افروز ۔
فَاعُوس (ع) لحاف دو عمل ۔
فَاعیہ - زیخ نیلوفر ہندی ۔
فَاعِیس - مرزنجوش ۔
فَاغِرہ (ع) چنپا (زرد خوشبودار پھول ہے) ۔
فَاغِرہ (ع) کباہہ خندان ۔
فَاغوش (ع) شیطرج ۔
فَاغِیَہ (ع) حنا کا پھول - عام پھولوں کو بھی کہتے ہیں ۔

فَافَارِی
فَافُورتی } فوفل ۔

فَافَس ابرافیلون ۔ جاوشیر کا درخت ۔

فَافَالُس جنگلی گاجر ۔

فَافَایِن ۔ فاختہ ۔

فَافِران
فَافِراوس
فَافیروس } (یو بسر) بردی (پٹیر) ۔
فَافِیر
فَافیورس

فَافلیون ۔ خربزہ ۔

فَافور (ع) برنجاسف ۔

فَافیس (یو) خرخنہ ۔

فَافیوس (یو) جنگلی بید وشاہترہ ۔

فَاق (ع) ایک لمبا گردن والا پرندہ ہے یا بکائن کا تیل ۔ یا پکا ہوا تیل ۔

فَافِیشرا (یو) کیکڑا ۔

فَاکِھَہ (ع) پھل ۔

فَالاس (یو) قصب الذریرہ (چھانٹا) ۔

فَالامغراطس (یو) شیل (بانس کی ایک قسم ہے) ۔

فَالامینی (یو) نہری پھپھنہ ۔

فالانجقون
فالانجیطس } (یو) رتیلا ۔
فالانجیقون

فَالِبرُنس
فَالِبرُس } (یو) ایک غیر مشہور پودا ہے
فالی بورس

فَالرغُس
فَارِغوس } (یو) التلاق ۔

فَالرمون (یو) بہت تیز اور پرانی شراب

فَالس ۔ ایک درخت کی چھال ہے جو طوسیدا میں ملتا ہے ۔

فَالُسَہ (ہ) مشہور ہندی پھل ہے جو دانہ ملکو سے بڑا اور جامنی رنگ کا ہوتا ہے ۔

فَالطہ ۔ ہاتھی ۔

فَالفس (ی) شنجار کی ایک قسم ہے ۔

فَالِ مَال ۔ فرنجمشک ۔

فَالنُجیقن (ی) ایک غیر مشہور دوا ہے جو رتیلا کے زہر کو مارنے والی ہے ۔

فَالندی ۔ ریخ کبیر ۔

فَالُودَہ (ف) مشہور غذا کی ایک قسم ہے جو خاص طور پر بنتی ہے ۔

فَالیوس (یو) بلبوس ۔

فَالِینوس (یو) شاہترہ ۔

فَالیوالقیوس (یو) اصابع الصفر ۔

فَامَاری (یو) فلفل ۔

فَاموروُن (یو) خیار (کھیرا) ۔

فَاناقس سقلینوس (یو) زوفرا کی بڑی قسم ہے ۔

فَاناقس حرانیون (یو) زوفرا کی چھوٹی قسم ہے ۔

فَانتھاری (سندھی) البقلۃ یمانی (ساگ چولائی) ۔

فَانجی (معرب) کانجی ۔

فَانوش (مصر) شیطرج ۔

فَانی طرون ۔ سپستاں ۔

فَانیوس (یو) زہرہ صحرائی *

فَانِیذ (ع) قند (ف) بتاشہ (ہ) یا ایک اور قسم کی مٹھائی ہے جو خاص ترکیب سے بنتی ہے *

فَاوَانیا (سُر) عربی میں عود الریح کہتے ہیں، عود صیب کی ایک قسم ہے جو مادہ ہوتی ہے، یعنی اس کے اندر صلیبی لکیریں نہیں ہوتی ہیں *

فاوس

فاوطلها (یو) جوار *

فَائی کس (لا) انجیر *

فَئِید (ع) بھنا ہوا گوشت *

فایطون ۔ شیح (درمنہ) *

فَتات
فَتوت } (ع) فطیری روٹی *
فَتیت

فتاط ۔ سپستاں *

فِتاق (ع) وہ روٹی جس کا خمیر جلد تیار کیا گیا ہو *

فُتال (ع) بلبل *

فتائل الرُّهبان (ع) ایک پودا ہے جس کے پتے خبازی اور سنا رکی کے مانند ہوتے ہیں اور مصر میں کثرت سے ہیں *

فتل ۔ جتہ الخضرا جیسا ایک پھل ہے *

فتحا ۔ عقاب *

فتح جشما (سُر) ابرک *

فترہ ۔ رعاد (ایک قسم کی مچھلی ہے) *

فَتِیت (ع) جو چیز باریک کی گئی ہو خصوصاً گیہوں کی خشک روٹی جو باریک کی گئی ہو *

فتیس (یو) مازو *

فثا (ع) ابزن (لنگنی یا چلیتہ) *

فثخ ۔ تخم حنظل ۔ یا درخت حنظل *

فثیموس (یو) حما لگوٹہ *

فثیمون (یو) لیموں *

فِج (ع) کچا ۔ تربوز *

فُجل (ع) مولی *

فُجل یا عشیقی (ع) شامی مولی *

فحار (ع) ہانڈی کا مصالحہ (مثلاً پیاز لہسن وغیرہ) *

فَحلا ۔ فاختہ *

فَحلاماوس (سُر) جند بیدستر *

فَحم (ع) کوئلہ *

فحول (ع) خرما کی ایک قسم ہے *

فَخار (ع) ٹھیکری *

فخر (ع) کرگس *

فخفرہ ۔ بھوسی *

فخیدہ (ع) وہ روٹی جس میں سے بنولے نکالے گئے ہوں *

فخور (ع) سخت کھجور، یا اونٹنی دودھ والی *

فدادہ (ع) مینڈک *

فُدُر (ع) چاندی *

فدس ۔ لکڑی *

فدن (ع) بوڑھا چرخ *

فدیلیون (یو) مقل (گوگل) *

فر ۔ چڑ ۔ یا بچھڑا *

فرا ۔ باصطلاح اکسیریان پارہ کا نام ہے اور گورخر کو بھی کہتے ہیں *

فرا سرجیدمیون (یو) باقلا۔
فرات (ع) میٹھا و صاف پانی۔
فرابیون (مصر) اقحوان (بابونہ گاؤ)۔
فراتہ (ع) نیدہ جس کو اہل شیراز میدہ کہتے ہیں۔
فراخ (ع) پرندوں کے بچے (چوزے)۔
فرار (ع) جنگلی اونٹ اور بکری اور گائے کے بچے۔
فرار (اصطلاح اکسیر) پارہ۔
فرارس (یو) عصب (پٹھہ)۔
فراریج (ع) مرغیوں کے بچے۔
فراس۔ سیاہ کھجور۔
فراستوک (ف) ابابیل۔
فراسینا (یو) گندنا۔
فراسیون (یو) صنوبر الارض کی ایک کڑوی قسم ہے، یا پہاڑی لہسن یا اروسہ۔
فراش (ہ) ایک مشہور ہندی درخت ہے جس کے پتے جھاؤ کے مانند ہوتے ہیں عربی میں اثل کہتے ہیں۔ اس کا پھل چھوٹی مائیں ہے (جھاؤ کی بڑی قسم)۔
فراشیون۔ فراسیون۔
فراص۔ ساذج ہندی (تیزپات)۔
فراطن۔ سینگ۔
فراطیوس (یو) منقاش۔
فراع (ع) منی۔
فرافر } فرافل } ینبوب کا پھل۔
فرافومایین (یو) چھوہارہ۔
فرافیون (یو) حب القلت (کلتھی)۔

فرام (ع) ایک دوا ہے جو تنگی فرج میں کام آتی ہے۔
فراموس (یو) باقلا۔
فرانق۔ سیاہ گوش۔
فرانیون۔ کف دریا (سمندر جھاگ)۔
فرایطانی۔ اطریفل۔
فربانیون (مصر) اقحوان۔
فربیون (رو) بلوط۔
فربرک } فرتوک } شب پر (چمگادڑ)۔
فربودم۔ کافور۔
فربوس۔ تاختنہ۔
فربھی (ف) موٹاپا یا چربی۔
فربیون (ع) فرفیون۔
فرات (ع) ایک پودا ہے جو درد مع فواد کے واسطے مفید ہے۔
فرث (ع) گوبر۔
فرثا۔ فوہ (مجیٹھ)۔
فرثانیون۔ اقحوان۔
فرثما۔ جو۔
فرجانہ۔ سفید کماۃ (کھمبی سفید)۔
فرجی۔ لومڑی۔
فرجہ۔ سعد (ناگرموتھا)۔
فرجور (ف) پرندوں کے بچے۔
فرحا (یو) عشرق (آنول ترما)۔
فرخار۔ چنار کے درخت کے مانند ایک بڑا درخت ہے۔
فرکھص۔ فنج (ور منہ)۔
فروج (ع) مرغیوں کے بچے۔

فرز (ع) وج یا ریوند چینی۔ یا تیوکی مطلق

فرزو / فرزدما } سعد کا پودا ٭

فرزغ۔ بنولہ ٭

فَرَس (ع) گھوڑا ٭

فَرَسُ الماء (ع) دریائی گھوڑا ٭

فرسا۔ دار فلفل (پیپل) ٭

فرساطیس (یو) ہرتال ٭

فرساما۔ بیر کا درخت ٭

فُرسان (ف) وہ جانور جس کی کھال اُدھیڑی گئی ہو۔ یا خنک ٭

فرسنک / فرستو } (ف) ابابیل ٭

فرسد۔ چنا ٭

فرستادیون (یو) اژدہر ٭

فِرسطس (یو) اژدہر یا فرانسیسی۔ یا حباحب ٭

فرسات۔ شلیل (آڑو کی قسم ہے) ٭

فرسلوس / فرسلون } ابرک ٭

فرسیا۔ بسباسہ (جوتری) ٭

فرسیطاسیون (یو) زنجبیل الکلاب

فرسون (یو) ذنب السبع ٭

فرسیلن۔ سحالہ آہن ٭

فرسیون۔ پتھریلی جگہ کی مچھلی یا حاحم یا بادآورد کی ایک قسم ہے ٭

فرش (ع) چھوٹا اونٹ یا بھیڑ جو ذبح کرنے کے قابل نہ ہو۔ یا لکڑی کا تراشہ ٭

فرشکی (ف) ایک چھوٹا خوشہ ہے جو انگور کے بڑے خوشہ میں ہوتا ہے ٭

فَرَشہ (ع) دودھ کو انڈے کی زردی کے ساتھ جوش دیکر گاڑھا کر لیتے ہیں ٭

فرص / فراصیہ } مُقل (گوگل) ٭

فرصاد (ع) توت کا درخت یا سرخ رنگ کا چرخ ٭

فِرصل (ع) تخم مویز یا تخم انگور ٭

فرض (ع) کھجور کی ایک قسم ہے جو عمان میں پیدا ہوتی ہے ٭

فِرض (ع) دوم کا پھل جب تک سرخ ہو

فِرضح۔ بچھو ٭

فرضنس (ع) حیۃ مقرنہ (سینگ دار سانپ)

فرضرایون۔ فرفیون ٭

فرطس۔ وہ سانپ جس کے سر پر سینگ جیسے ابھار ہوتے ہیں ٭

فرع (ع) قمل (جوں) ٭

فرعمد (ع) جنگلی بینگن کی ایک قسم ہے ٭

فرغندہ / فرغنات } (ف) شقہ یا ابلاب کی ایک قسم ہے یا اکاس بیل ٭

فرغور (ف) تیہو یا ابابیل یا عندلیب ٭

فرغوی (ف) ایک شکاری پرندہ ہے ٭

فرقب۔ ساگون کا درخت ٭

فرقت۔ شاہترہ ٭

فرفخ / فرفخین / فرفخینا / فرفہ / فرفصیان } (ع) خرفہ ٭

فرافوسا۔ طیہو۔

فَرُفورا۔ سیپی کی ایک قسم ہے۔

فَرافوسرون۔ سُعد (ناگر موتھ)۔

فَرافوس۔ سنگ سُرخ۔

فَرُفومعیما۔ ایک مرکب دوا ہے۔

فرافیر۔ بنفشہ یا نیلوفر جو تُندرے سُرخ ہو یا خرفہ۔

فَرفِیُران (ع) لال رس (عصارۂ ریوند)۔

فَرافین (ع) خرفہ۔

فَرُفیُون (ع) عربی میں آکل بنفشہ، حافظ النحل۔ انگریزی میں یوفوربی ام کہتے ہیں (ایک قسم کی تھوہر کا منجمد دودھ ہے)۔

فرقا (یو) عشرق (آنول ترور)۔

فرکیہ (ع) ایک قسم کی ہریسہ کی مانند غذا ہے۔

فرام (ع) ایک معاء ہے جو تنگی فرج کیلئے مفید ہے۔

فراماسرا (یو) باقلا۔

فرامیل۔ تخم مویز۔ یا تخم انگور۔

فرامیوس۔ حنظل، بیبا ایک پھل ہے۔

فرانب (ع) گھونس کا بچہ۔

فَرَنجَمِشُک (معرب) (ریحان، فارسی) رام تلسی (ہ)۔

فرَنج پلمُشک (ان) آلو بخارا۔

فراند۔ فولاد، یا انار دانہ۔

فرانسیمون (ی) زرین درخت۔

فرانیوس (یو) کرنب۔

فرانیون (یو) کف دریا (سمندر جھاگ)۔

فرانی (ف) مشہور غذا کی ایک قسم ہے جو شکر چاول اور دودھ سے بناتے ہیں۔ ہندی میں بھی فرنی کے نام سے مشہور ہے۔

فَرُو (ع) پوستین۔

فروخ ماثا (یو) بندق (فندق)۔

فروس (یو) مافریون۔

فروسیمن (یو) خرگوش۔

فروشہ (ف) افروشہ یا فرشہ۔

فروصناھی۔ کراث الثوم۔

فروغیوس (یو) ایک قسم کا پتھر ہے جو افریقہ کے رنگریز استعمال کرتے ہیں۔

فروفرانط۔ سرخ ہرتال۔

فروقہ۔ گردے کی چربی۔

فروقودی لاون۔ ایک تیز خوشبودار دوا ہے یا رعی الحمیر۔

فروقونس (یو) بھڑوں کے چھتہ کا موم۔

فرولیوس (یو) ماہیزہرج۔

فَرومِل۔ سعد (ناگر موتھ)۔

فرومیان۔ پیاز۔

فَرَاہ (ف) بنفشہ۔

فَراہ (ت) فراخ۔

فَرھنج (ف) کثوث۔

فَرَایج (ف و ع) (بچھ)۔

فَرَیخات (ف) شبنم (اوس)۔

فرایڈ بوٹی (ہ) یا تا اور پا تھا بھی کہتے ہیں (ایک بوٹی ہے جس کی جڑ سے ہی بایک شاخیں نکلتی ہیں، پتے چھوٹے چھوٹے متفرق ہوتے ہیں شاخیں پھولوں کے گچھوں سے بھری ہوتی ہیں اور ایسی معلوم ہوتی ہیں کہ روئی لپٹی ہوئی ہے۔ حضرت شیخ فریدالدین شکر گنج رحمۃ اللہ علیہ

اس بوٹی کو عظیم النفع جانتے تھے لہٰذا ان کے نام سے موسوم ہوئی) ✦

فَرائِدہ (ع) مروارید سفتہ یا ناسفتہ جو بڑے ہوں ✦

فَرایدس } (مصر) رو بیان ✦
فَرابدیس }

فَرایز } (ف) سعد کا پودا یا خشک گوشت
فَرایس } یا ایک خوشبودار پودا ہے ✦

فَریسفاغول (سر) راسن ✦

فَرایطیقیوس (یو) دوقس کی ایک قسم ہے ✦

فَریفلیون (رو) کبابہ ✦

فَریق (ع) باجرہ ✦

فَریقہ (ع) لوبیا، یا چھوارہ جو مینتھی یا دوسری چیز کے ساتھ جوش دیا گیا ہو ✦

فَریقیکیہ - بلیم ✦

فَرایلث (تر) چوزہ ✦

فَریولث (ف) خربزہ ✦

فَز (ف) میل ✦

فَزاژ } (ف) وج (بچھ) ✦
فَزایر }

فَزغن (ف) عشقہ یا لبلاب کی ایک قسم ہے

فسا (سر) کھجور کی گٹھلی

فسارایدوس (ی) ذراریح کی ایک قسم ہے جو گیہوں میں پیدا ہوتی ہے

فساریوس (ی) افسنتین کی ایک قسم ہے ✦

فسافِس (یو) کھٹمل ✦

فسافنین (رو) چھوارہ ✦

فسال - ایک کڑوی سفید جڑ ہے شحم حنظل جیسی ✦

فسالۃ الحدید (ع) لوہے کا میل ✦

فسامانا (سر) لوبیا ✦

فسامون - حب بلسان ✦

فسان (ف) حجر المسن ✦

فسیا (رو) زفت ✦

فستق (معرب) پستہ ✦

فستقاوشیو } (سر) حب البان ✦
فستقامیثول }

فسدس - کالا دانہ یا تخم ماذریون ✦

فستق جحیم } (ع) حب البان
فستق الهاویہ }

فستورا } مچھلی ✦
فستوری }

فسرافاطاساس (ی) مرزنجوش ✦

فسرافومین - خرما (چھوہارے) ✦

فسرایقون - شنگرف ✦

فسطاطیس (یو) ضرو ✦

فستافیون (یو) پستہ ✦

فسطران } مچھلی ✦
فسطوریا }

فسطسرہ - دھنیا ✦

فسطسہ - فندق ✦

فسطیون فسا چیڑ کا گیڑا ✦

فسفہ - اسپست ✦

فسفرا (سر) فسافس (کھٹمل) ✦

فسفی
فسقین } (یو) ارنڈ ٭

فسقین (یو) انگور کی شاخیں ٭

فسلان - شہد کی چھوٹی مکھی ٭

فسلیون (یو) اسپغول ٭

فسمونیون (یو) سفید اسرب ٭

فسلموبرون (یو) فاشرا ٭

فسمسلن (یو) سکنجبین ٭

فسمین - سفیداب (سفیدہ) ٭

فسن - حجر المسن ٭

فسنغ - نشغ ٭

فسنیاقیل - قاقلہ ٭

فسنیلن (رو) چھوہارہ ٭

فسوابراسین - اصابع الصفر ٭

فسوۃ الصباغ
فسوۃ الصبغ } (ع) فطر (کھمبی) ٭

فسوۃ الکلاب (ع) شاہبانج یا غالیقس ٭

فسوریقون - خارش کے لئے ایک مرکب دوا ہے ٭

فسولن (رو) لوبیا ٭

فسوریون (یو) باقلا قبطی ٭

فسولیون (یو) اسپغول ٭

فسولیدوس
فسیدس } (یو) کاکنج ٭

فسیط (ع) چھوارے کی گل یا تراشے ہوئے ناخن ٭

فسیوریس (یو) پیپلا مول ٭

فسیا (عبرانی) قاقلہ ٭

فسیل - چھوارے کا ابتدائی درخت ٭

فش - درخت تنوب ٭

فِشُ بَیُری (ان) ماہی زہرج ٭

فِشُ بَیریز (ان) ثمر ماہی زہرج، کاک پھل ٭

فشا - اقحوان (بابونہ گاؤ) ٭

فشاع (ع) ریحان سلیمان ٭

فشاشیش (رو) خرو ٭

فشاغ (ع) فاشرا کی ایک قسم ہے ٭

فشفہ (ع) بلاب یا بانس کے جوف کی روئی یا خرنوب ٭

فشوان براسین (ع) اصابع الصفر

فشوریون
فشولیون } باقلای قبطی ٭

فضا - تخم مویز ٭

فِصر (ع) زبان ٭

فصافص (ع) رطبہ ٭

فصعاء (ع) چوہا ٭

فصفص (ع) عبیثران ٭

فصفصہ (ع) رطبہ ٭

فصلہ (ع) کٹا ہوا چھوارہ ٭

فصیج (ع) تازہ دوہا ہوا دودھ جس کی جھاگ بیٹھ گئی ہو ٭

فصیل (ع) اونٹ کا بچہ ٭

فضا (ع) مویز اور کھجور جو ایک جگہ ملے ہوئے ہوں ٭

فضال
فضوخ } (ع) شراب ٭

فضعہ }
فضعل } (ع) بچھو ۔

فضلہ (ع) ردی اور بچی ہوئی چیز ۔

فضہ (ع) چاندی ۔

فضیج (ع) عرق ۔

فضیخ (ع) بسر سے بنی ہوئی شراب، یا انگور کا نچوڑا ہوا پانی ۔

فضیض (ع) مینہ کا یا میٹھا پانی یا کلی ۔

فضیہ (ع) ایک سفید رنگ کا پودا ہے ۔

فطادما - خاخسک (گوکھرو) ۔

فطارسیقی }
فطراسیقی } (ی) غوطینتا یا کندش ۔

فطارالیس - سرخس ۔

فطر (ع) کھمبی ۔

فطراسالیون (معرب بطراسالیون یونانی) پہاڑی کرفس ۔

فطریاثا (سُر) خطریا کماۃ سفید ۔

فطرلیس - سرخس ۔

فطریطن - انگور کا نچوڑا ہوا پانی ۔

فطریوس (یو) پہاڑی مسور ۔

فطس }
فطسہ } حب الآس ۔

فطعم - قرنفل (لونگ) ۔

فطلفلولن - بنطافیلن ۔

فطلا - گل سرخ ۔

فطلوس - شبہ ۔

فطوحیون - زفت رطب ۔

فطوخینا - سراج القطرب ۔

فطوربدس - شیشہ ۔

فطوس - حب الآس ۔

فطول - فاشرا ۔

فطومایون - کیلا ۔

فطوہ - سفید رائی ۔

فطیر (ع) کچا خمیر (وہ آٹا جس میں خمیر نہ ہو) ۔

فطیلامج (رو) فاط (مجہول الماہیت دوا ہے بعض کے نزدیک جدوار خطائی ہے)

فطیلیون - فادانیا ۔

فطین دیوس - قاقلہ ۔

فحالا (سُر) مولی ۔

فعدوس (یو) گیہوں ۔

فعفع (ع) بکری کا بچہ ۔

فعلیوہ - کاذی (کیوڑہ) ۔

فعمر (ع) درخت گل ۔

فعوسا - خربق ۔

فعوکم - قاقلہ (الائچی) ۔

فعلولیون (حنا) (مہندی) ۔

فعیلاسوس - بخور مریم ۔

فغا (ع) ہٹی ۔

فغر }
فغو } گل سرخ یا گل حنا ۔

ففلین - جنگلی خرفہ ۔

ففونیسوس (یو) نمک ۔

فقاح (ع) کلی ۔

فقاح اذخر (ع) اذخر کی کلی ۔

فقاح السنبل (ع) بالچھڑ کا پھول ۔

فقاح سورنجان (ع) شنبلید ۔

فقاح الغار (ع) دہمشت کی کلی ۔

فُقّاحِ الکرم (ع) انگور کی کلی یا خوشہ ۔

فُقّاحِ الملح (ع) زہرۃ الملح ۔

فُقّاحِ الموز (ع) موز (کیلا) ۔

فُقّاحِ النحاس (ع) تانبہ کا میل

فُقلاس (یو) سرو ۔

فُقّاع (ع) بوزہ ۔

فَقحہ (ع) وہ پھول جو پتوں سے پہلے کھلے ۔

فَقَد (ع) سنبھالو ۔

فَقَدَہ (ع) تخم سنبھالو ۔

فقدو ۔ مویز یا کشمش یا شہد کی شراب ۔

فَقْع (ع) فطر یا کماۃ کی قسم سے ہے ۔

فقعہ (ع) گل زرد ۔

فقلابرس (یو) صریمۃ الجدی ۔

فقلابلیون (یو) فاخرستین ۔

فقلاملیوس (یو) بخور مریم ۔

فقلین (یو) مازو ۔

فقلوطا (یو) گندنا ۔

فقولہ ۔ قاقلہ (الایچی) ۔

فِقولیون (یو) خار مشہدی ۔

فقِیص (یو) شاہترہ ۔

فقیضیہ (ع) ٹوٹا ہوا انڈا ۔

فقیض (ع) قرمز کا کیڑا ۔

فَقِیع (ع) سفید کبوتر ۔

فِکٹی شش مینا (ان) شیر خشت مصنوعی ۔

فکلومیج (یو) مشکطرامشیع ۔

فل (ف) اسیب کے درخت کی لکڑی یا بیخ نیلوفر ہندی ۔

فلاؤ (یو) ورد فیون ۔

فلاسمیانا (یو) گل ارمنی ۔

فلاس (س) سافرج (تیزپات) ۔

فلا ۔ آذریو ۔

فلاح (ع) قاقلی ۔

فلات (ع) ہندا ۔

فلاسیطفی ۔ صندل سفید ۔

فلاسفہ (ع) ایک معجون کا نام ہے ۔

فلاسلوج (یو) سادج (تیزپات) ۔

فلاطاس (یو) گائے کا مکھن ۔

فلاعارمنایا (یو) طین رومی ۔

فلاعاسبامس (یو) گل شاموس ۔

فلاعالیمائیس (یو) گل مختوم ۔

فلاعامغری (یو) گل مغرہ (گیرو) ۔

فلافِل (ع) (جمع فلفل) گول مرچ ۔

فَلافِلی (ع) مرکب معجون کا نام ہے جس میں فلفل سیاہ بلفل سفید و دار فلفل پڑتے ہیں ۔

فلام (ع) قاقلی ۔

فلاماورس (یو) جند بیدستر ۔

فلامہا (س) پھیپھڑہ ۔

فلامسوس
فلامن
فلامون
فلاورہ } (یو) کیبیس (زاج) ۔

فلاورز آف سلفر (ان) جوہر گندھک ۔

فلایہ ۔ جنگلی پودینہ ۔

فلتان ۔ ایک شکاری پرندہ ہے ۔

فلجان۔ نرگس۔
فلجیقن۔ سورنجان۔
فلخ
فلخمیدہ } (ف) وہ روئی جس سے بنولے نکالے گئے ہوں۔
فلخور
فلخیدہ } (ف) بنولہ۔
فلدفیون
فلدیون
فلیدلافن } (یو) مرکب دوا ہے۔
فلذ
فلذہ } (ع) جگر۔
فِلذہ (ع) سونے یا چاندی یا گوشت کا ٹکڑا۔
فِلز (ع) سفید تانبہ۔
فِلز (ع) دھاتیں یا دھاتوں کا میل۔
فلس ماھی (ف) کھپرا۔
فلسطاریون (یو) رجل الحمام وچنار۔
فلسطورس (یو) چنار۔
فلسولوریون (یو) لاعرین۔
فلطاالط۔ زعفران۔
فلفل (معرب پپل فارسی) گول مرچ۔
فلفلا مالی (تر) دار فلفل یا فلفل الماء۔
فلفل البری
دارفلفل صقالبہ } (ع) تخم سنبھالو۔
فلفل صقالبہ۔ حرف بابلی یا تخم سنبھالو۔
فلفل الخواص
فلفل الاخواص } (ع) ماہو دانہ۔
فلفل دراز (ف) پیپل۔
فلفل السودان (ع) اس کے جدید عربی نام فلفل حلو، فلفل جبکی، فلفل افرنجی اور بہار ہیں۔ انگریزی میں پانی مین ٹو جیکا پیپر، آل اسپائس اور لاطینی میں پائی من ٹا کہتے ہیں۔ (سیاہ مرچ کے مشابہ گول دانہ ہے، اس کے اندر دو خانے ہوتے ہیں اور ہر ایک خانہ میں سیاہی مائل بھورا گردہ کی شکل کا ایک تخم ہوتا ہے، اس کی خوشبو اور ذائقہ لونگ کے مانند ہوتا ہے)۔
فلفلس (یو) خشخاش کی ایک قسم ہے۔
فلفل الشام (ع) تخم خلفسہ۔
فلفل القرود (ع) تخم وسمہ (تخم نیل)۔
فلفل کوہی (ف) تخم سنبھالو۔
فلفل الماء (ع) ایک پودے کا گول پھل ہے جو پانی میں اُگتا ہے۔
فلفل مویہ (ع) پیپلا مول۔
فلفلمون۔ پہاڑی پودینہ یا جنگلی پودینہ۔
فلک تاز
فلک سیر } (ف) بھنگ۔
فلمو۔ ذراریح (تیلنی مکھی)۔
فلمون۔ پہاڑی پودینہ۔
فلمیانا۔ گل سرخ۔
فلنجہ (ع) انلنجہ۔
فلنجمشک
فلشمشکا } (ع) رام تلسی۔
فلنجیقن (یو) سورنجان یا خولنجان۔
فلندی (یو) انلنجہ۔
فلواسکندری۔ تیمولیا۔
فلو۔ فارمشک یا ہرارچشان۔
فلوس (تر) عشر۔
فلوریقا (یو) صندل۔

فلوراقی (یو) صندل سفید۔
فلوسطون (یو) گلنار۔
فلوس ماھی (ف) خانق الکلب یا اذاناقی۔
فلوعربن (سُر) عصی الراعی (لال ساگ)۔
فلوعیون (رو) طین ماکول۔
فلومرانیسا (رو) کدو۔
فلومس (یو) بوصیر۔
فلوموس (یو) خیار (کھیرا)۔
فلوموسورا۔ کالا دانہ (حب النیل)۔
فلون۔ پہاڑی شیخ یا ابرک یا پتے۔
فلونی۔ آذر۔
فلونیا (یو) مرکب معجون کا نام ہے۔
فلوین (یو) جعدہ۔
فلہ (ف) ریا (کھیس)۔
فلیر (سُر) مقناطیس۔
فلیس } (یو) مازو۔
فلشیش }
فلیساطس (یو) دمنہ (نیم کے پتے)۔
فلیغوریس (یو) خربق سیاہ۔
فلیفلہ۔ نانخواہ یا تخم سنبھالو یا بادرنجبویہ
فلیقی۔ عرطنیثا۔
فلیفیا۔ اصل السوس (ملٹھی)۔
فلیک میٹا (ان) شیرخشت کی ایک قسم ہے جس کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے ہوتے ہیں، جن کی رنگت باہر سے تقریباً سفید، لیکن توڑنے پر اندر سے زردی مائل ہوتی ہے۔
فلیل (ع) لیف۔
فلیلہ (ع) حورت کے سر کے بال۔

فلی منٹ (ان) شکرطرامشیخ۔
فلیمیا (یو) حصی الراعی۔
فلی نوین۔ لاغیہ۔
فلیوفا۔ لسان العصافیر (اندرجو)۔
فلیوحوس (یو) سولان۔
فلیوحیج۔ لبتنہ۔
فُلَیۃ (مصری) جنگلی پودینہ۔
فماشراقیل۔ کماغیر۔
فمولو۔ سونٹھ۔
فنا } (ع) مکو یا گھونگچی۔
فناۃ }
فناسیوس (یو) اصابع ہرمس۔
فناطیلوس (یو) مزمار الراعی۔
فنالیون (یو) کاشم۔
فنج (ع) فنک۔
فُنجا (ف) برف۔
فُنجل (ع) عناق الارض۔
فَنجاکُشت } (معرب) سنبھالو۔
فَنجَنجُشت }
فَنجَنُوش (معرب) پنجنوش فارسی۔ خبث الحدید۔ ہلیلہ۔ بلیلہ۔ آملہ۔ شہدان پانچوں کو ملا کر کہتے ہیں۔
فَنجریون (یو) فنجیون۔
فَنجاویون (یو) حنظم۔
فَنجوش۔ عصفر (کسنبہ)۔
فَنجیوش۔ ابوخلسا کی سرخ قسم ہے۔
فَنجیون (یو) ایک پودا ہے جس کے پتّے گلاب جیسے ہوتے ہیں۔

فُندُر
فندویرہ } کندر۔

فُندُق (ع) بندق (بادام کے مانند مغز رکھنے والا پھل ہوتا ہے اس کو بادام کشمیری بھی لکھا ہے)۔

فُندُق ہندی (ع) بندق ہندی (ریٹھہ)۔

فنطاعطا (سُر) شجرۃ الکلب۔

فنطافلون (یو) بنطافلین (سنبھالو)۔

فنطفلون (یو) قاوانیا۔

فنطوئیس (یو) فنوس۔

فنطیقون (یو) زراوند۔

فُنفُعُ (ع) چوپا۔

فَنَکْ (ع) ولہ (ف سنجاب کے مانند ایک قسم کی قیمتی کھال ہے جو روس اور ترکستان سے لائی جاتی ہے۔

فَنَکْ - حنظل یا خرمل۔

فنلکن - زفت۔

فَنَن (ع) سینگ۔

فنان - گورخر۔

فوّ (ی) چھال گری۔

فواس - بچھر

فواساوس (یو) زیتون الماء۔

فواطا - کو۔

فوۃ البریہ (ع) بلسکی۔

فُوۃ الصبغ (ع) مجیٹھ۔

فُوتنج (خ) پودینہ۔

فوتیلج (یو) جوزبوا (جائفل)۔

فوتیس (یو) چربی۔

فوتیس برولا (یو) مرغابی کی چربی۔

فوتیس لیوند (یو) شیر کی چربی۔

فوثا - فوّہ (مجیٹھ)۔

فوجلانس (یو) ایک قسم کے سنگریزے ہیں۔ جن سے چونہ بنتا ہے۔

فوخلیاس
فوخلیا } حلزون (گھونگھا)۔

فودتبولس - غار۔

فُوذَنَج (ع) پودینہ، تین قسم ہوتا ہے، نہری، پہاڑی، جنگلی۔

فُوذَنَج نہری (ع) نہری پودینہ جس کی دو قسمیں ہیں۔ ایک کے پتے بڑے تلسی کے مانند اور دوسرے کے نعناع کے مانند ہوتے ہیں۔

فُوذَج (معرب بوزہ فارسی) ایک مرکب غذا کی قسم ہے جو کانجی اور دیگر ترشیوں کے مایہ سے بناتے ہیں۔

فُورائیا (یو) نسنی۔

فُورج ترن - عشق۔

فُوراد اساعی (یو بتر) قروماتا (کالی زیری)

فُورخطبس (یو) قوتی۔

فُودوس (یو) سبز مینڈک۔

فُورس (یو) بیر۔

فُورفر (سُر) حنا (مہندی)۔

فُورفوس (سُر) جنگلی گیہوں۔

فُورمی - ابہل۔

فُورثون
فُوروثون
فُور } (رو-یو) عاقرقرحا۔

فُورودیس / فُورودوس / فُوریس } (یو) مینڈک ۔

فُوردس (یو) گیہوں ۔

فُوریس ابرفرا (یو) فسافس (کھٹمل) ۔

فُوریطیس (یو) مارقشیشا ۔

فُوسیر۔ لوہا ۔

فُوسیرمیون (یو) البسان ۔

فُوسطرفیون (یو) زعرور کی ایک قسم ہے ۔

فُوسنتین۔ پھیپھڑا ۔

فُوسیما۔ راتینج ۔

فُوسین سالشخار (یمی) ۔

فُوسیون۔ ذنب السبع ۔

فُوشتہ / فُونشتہ / فُوشنہ } (ف) فطر کی ایک قسم ہے ۔

فُوضوقس۔ ضرو ۔

فُوطیا۔ پنیرمایہ ۔

فُوطین (سُر) خارخسک (گوکھرو) ۔

فُوطالیون (یو) عرطنیثا ۔

فُوطاموعیطون (یو) جار النہر ۔

فُوطر۔ ترید (نسوت) ۔

فُوطفرو۔ وادی ۔

فُوطینس (یو) مازریون ۔

فُوطینوس (رو) گلنار و خیربوا و فرفیون ۔

فُوعرلیقن۔ خشخاش سیاہ ۔

فُوغلس / فُوغولسون } (یو) گاؤزبان ۔

فُوغیناوس (رو) شبنم ۔

فُوف (ع) بیل کے پیشاب کی تھیلی (مثانہ) ۔

فُوف (ع) گٹھلی کے اوپر کی چھال یا رُوئی ۔

فُوفانس (یو) ابرۃ الراہب ۔

فُوفل (ع) سپاری ۔

فُوفلا (سُر) سپاری ۔

فُوفنم۔ گھونا ۔

فُوفماروس (یو) ساہی (سیہہ

فُوفورومیہ۔ ترنج ۔

فُوفُولیوس (یو) شہد کی مکھیوں کا چھتہ ۔

فُوفہ۔ عشبہ ۔

فُوفیلاسوس (یو) اناج ۔

فُوفیرس (یو) جوز السرو ۔

فُوفیمنون (یو) گوند ۔

فُوکان۔ بوزہ ۔

فُول (مصر) باقلا۔ یا چنا ۔

فُولا۔ ساذج (تیزپات) ۔

فُولاد (ف) عربی میں فولاذ انگریزی میں سٹیل کہتے ہیں ۔

فُولاذ / فُولوذ } (معرب) فولاد ۔

فُولس (یو) علیق الکلب ۔

فُول طامون (یو) شبت (سویا) ۔

فُولطیفوا (یو) مصری باقلا ۔

فُوالو۔ بُسد ۔

فُولن۔ سپتے ۔

فُولوافارِیقون } (یو) عصی الراعی
فُولوغریون } (لال ساگ)۔

فُولو (یو) حنظل (اندراین)۔

فُولووِین
فُولوفودِین } (یو) بسفائج۔
فُولوفودیون

فُولوربرون (یو) خربق سیاہ۔

فُولوسون (یو) لہسن۔

فُولوطرا۔ پرسیاوشان۔

فُولوعوماطون (یو) شکاعی۔

فُولوعس (یو) پستہ۔

فُولوقس
فُولوفسیس } (یو) حنظل (اندراین)
فُولوفینس

فُولوفرنیون (یو) بلوط کے پتے۔

فُولومس (یو) خبازہ (لگڑی)۔

فُولومیتا۔ نمکین زیتون کا پانی۔ یا بڑی نمکین مچھلی کا پانی۔

فُولہ (یو) فوتہ (چھال گری)۔

فُولون (یو) گل ارمنی۔

فُولی (یو) پتے۔

فُولیا (یو) شکنبہ۔

فُولیاغرنا (یو) زیتون کے پتے۔

فُولیاناراسفا (یو) ترنج کے پتے۔

فُولیاسیقی (یو) زردآلو کے پتے۔

فُولی جلنیوس (یو) بید سادہ کے پتے۔

فُولیطفافن (یو) غار کے پتے۔

فُولیطوفولس (یو) آس کے پتے۔

فُولیفرالیون (یو) آلو کے پتے۔

فُولیلس
فُولین رابیا } (یو) جعدہ

فُولیمقرین (یو) توت کے پتے۔

فُولین (یو) جعدہ۔

فُولیون (یو) جعدہ۔

فُوم (ع) لہسن۔ اور گیہوں وغیرہ اناج کو بھی کہتے ہیں۔

فُومامیرالعطس (ع) یاقلای قبطی۔

فُومان۔ گیہوں۔ جو۔ لہسن۔ پیاز۔

فُومر۔ اچھر۔

فُوموبطیامیر
فُوموبطوشعری } (یو) جعدہ۔

فُوموسیمیون (یو) ترمس۔

فُومینوان (یو) ہرطمان۔

فُونیا (یو) دارچینی۔

فُونیانا (یو) پودینہ۔

فُونین (یو) بسد۔

فُوہ (ع) مجیٹھ۔

فوہ بری (ع) بلسکی۔

فواھہ (ع) بکری کا دودھ جو میٹھا ہو۔

فوھد (ع) خراب۔

فوھق (ع) قنابری۔

فوھل (ع) قنابری یا شنگول۔

فوبیں
فولوین } (ع) علیق الکلب۔

فویفہ مصفرا۔ چوہا۔

فولیو۔ خربق سیاہ۔

فہاس (ع) لعل یا سرخ رنگ کا دیگر بیش قیمت پتھر ہے۔
فہد (ع) چیتا یا گمڑی کی قسم ہے۔
فیا۔ دار فلفل (پیپل)۔
فیار سیبا۔ کبر۔
فیار میدوس (شر) برغس۔
فیاسب۔ قطر۔
فیاغوس (یو) مروڑ پھلی۔
فیافر لیون (یو) تاتورہ (دھتورہ)۔
فیامیس (یو) فاغرہ (کبابہ خنداں)۔
فیبا لگنے شیا (ان) پاپیتا۔
فیثموس (یو) جما لگوٹہ۔
فیجرا (یو) واذی۔
فیجن (یو) سداب۔
فیجاء (ع) وہ حریرہ جس میں گرم خشک چیزیں ڈالی جاتی ہیں (مثلاً دار چینی زیرہ وغیرہ)۔
فیجارس (یو) باجرہ۔
فیجو ریون (یو) جنگلی کاسنی۔
فید (ع) پسی ہوئی زعفران۔ یا گھوڑے کے لب کا بال۔
فیدر (ع) راکھ۔
فیدر فیئو (ان) اٹھوان۔
فیدر سافس (یو) خانق النمر۔
فیداس (یو) ماذریون یا تخم ماذریون۔
فیدماس (یو) نشہ آور شراب۔
فیرائی سلفاس (لا) ہیراکسیس۔
فیرس سلفیٹ (ان) ہیراکسیس۔
فیرم (لا) لوہا۔

فیرتوا } (رو) اخروٹ۔
فیرنوا }
فیدبوس (یو) انجرہ۔
فیرفیطوسنین (یو) دار چینی کی چھال یا دار چینی کی ایک قسم ہے۔
فیروز نوش۔ ایک مرکب معجون کا نام ہے۔
فیروزہ (ف) فیروزج (ع) برگ تمن (ہ) ایک سبز رنگ کا قیمتی مشہور پتھر ہے۔
فیروسا (یو) موم۔
فیروطیس (یو) بیر۔
فیسادبراسانا (شر) بھوبلسان۔
فیسا۔ مور۔
فیسادفاوانیا (شر) فاوانیا۔
فیسادوبقطامیون (شر) شکطرا مشیع۔
فیسافلوس (یو) لبلاب کی ایک قسم ہے جو کھائی جاتی ہے۔
فیسالون۔ قطران۔
فیسردھویا۔ بلیون۔
فیسواوس۔ تخم الفیشور۔
فیسوار زفرافرونجا۔ شکطرا مشیع۔
فیسور۔ جھانوہ (ایک پتھر ہے جس سے بدن کا میل صاف کیا جاتا ہے)۔
فیطا۔ ستو۔
فیطی۔ سرخ ہڑتال۔
فیطاعطاس۔ شجرۃ الکلب۔

فیطامیرون
فیطرون } (یو) دھنیا۔
فیطمون

فیطرا - کبر۔

فیطرن
فیطرہ } کندش۔
فیطرمنقی

فیطرواسالین (یو) فطراسالیون (پہاڑی کرفس)۔

فیطرس (یو) تخم صنوبر جو چھوٹے ہوں یا بستانی آس۔

فیطفلون - فاوانیا۔

فیطل (اندلس) جنگلی زیرہ یا شاہترہ۔

فیطوا - پنیر مایہ۔

فیطوعطاس (یو) شجرۃ الکلب۔

فیطولیون (یو) زفت رطب۔

فیطولوس (یو) درخت صنوبر کی چھال۔

فیطیفیا - بندق۔

فیعالس - سداب۔

فیعراوس (یو) درخت حنا۔

فیعورس (یو) بلبوس۔

فیعیکس
فیقس } (یو) مازو۔

فیغانون (رو) سداب۔

فیف (سر) پنیر مایہ۔

فیفا (یو) پاخانہ کا کیڑا۔

فیفا (ع) اقحوان۔

فیفا (سر) خیارزہ۔

فیفائفا (عبرانی) اقحوان۔

فیفی عطرلوس - پہاڑی مسور۔

فیفانہ - نارمشک (ناگیسر)۔

فیفادمیوس - جلایا ہوا تانبا۔

فیفرین - سفید گول مرچ۔

فیفس لوعا - کائی کی ایک قسم ہے۔

فیفی میوس - بخور مریم۔

فیقراطیسون - حنظل (جنگلی پیاز)

فیقن - قرطم (کڑ)۔

فیقن اغریون (یو) جنگلی قرطم۔

فیقرا (یو) صبر سقوطری (ایلوا)۔

فیل (معرب) پیل (ف) عودار (ع) ہاتھی (ھ)

فیلا - پودینہ۔

فیلاطاریون (یو) بولاموینون۔

فیلان (ترکی) تیندوا۔

فیلجوش (معرب پیلگوش فارسی) آذان الفیل۔

فیلدالافن (یو) فلدفیون۔

فیلروفس (یو) شجرۃ الکلب۔

فیلزہرج (معرب پیل زہرہ فارسی) لوف کبیر یا حضض ہندی۔

فیلعاء - عرطنیثا۔

فیلطون - بلبوس۔

فی لکس - راس (لا) سرخس مذکر۔

فیل مرغ (ف) پیرو۔

فیلو - سادج (تیزپات)۔

فیلورا - بھیڑ۔

فیلورسوسافن (یو) خرمین۔

فیلورسنجیوس (یو) درخت مصطگی

فیلوسفین (یو) شجرۃ البق ٭

فیلوطاسلین (یو) قاتل الکلب ٭

فیلوکیون (یو) تھوا ٭

فیلون ارمد نطولوس (رو۔ ی) تنبلیذ ٭

فیلیس فرسن (یو) پنواڑ ٭

فیلیوس (یو) عرعر ٭

فیماروس (یو) حب الصنم ٭

فیناروس (یو) سعد (ناگرموتھا) ٭

فیناسیلوس (یو) اصابع ہرمس ٭

فینج } (معرب فینک فارسی)
فیند } حجر القیشور ٭

فینطوس (یو) زنگار ٭

فینقس (یو) حوماضہ ٭

فینقن (یو) قرطم (کڑ) ٭

فینقن اغریون (یو) قرطم بری ٭

فینک۔ حجر القیشور ٭

فینک ایسڈ (ان) تیزاب کولتار ٭

فینل فروٹ (ان) بادیان ٭

فینل واٹر (ان) عرق بادیان ٭

فینوبراسیلر۔ اصابع الصفر ٭

فینوقوطیس (یو) تورنجان کی کلی یا پتے ٭

فینی کیولائی فرکٹس (لا) بادیان ٭

فیوسیتوس (یو) سلیخہ (تج) ٭

فیورا۔ شمشاد ٭

فیورمینا۔ لاجورد ٭

فیوسطونیا۔ تخم مویز ٭

فیوصمین۔ ریباس ٭

فیوطیماس۔ جنگلی خرفہ ٭

فیوطیوس۔ جلد (چمڑا) ٭

فیوفلامیلس (یو) بخور مریم یا اس کی قسم ہے ٭

فیوفیوس (یو) مازو ٭

فیوماطیون۔ نمام ٭

فیون (رو) سولی ٭

فیوھر۔ پیپڑہ ٭

فیونیون (یو) سیسالیوس ٭

فھیج۔ خراب ٭

فھیق (اندلس) اثلۃ السوداء ٭

فَیاد (ع) الحق یا ندا و ندطویل ٭

ق

قَاب (ع) عقاب ٭

قَائوق (ع) قشر (چھلکا) ٭

قَائولا (ف) کلیجی (حریرہ) ٭

قَابینش۔ بانس ٭

قَاتر (ع) نجیر ٭

قَاترہ (ع) نمام یا کشنیز صحرائی ٭

قَاتِل اَبِیہ (ع) پداشقان یا خلب ٭

قَاتِل اخیہ (ع) حصیتہ الثعلب یا ثعلب مصری ٭

قَاتِل الحیتان } (ع) لاغیہ یا ماہیزہ
قَاتِل السمک } ہرج ٭

قَاتِل الذئب (ع) خانق الذئب ٭

قَاتِل العلق (ع) اتاغالس کی ایک قسم ہے یا مروہ ٭

قَاتِلُ الکلب (ع) خانق الکلاب، یا شجرہ خرنق۔
قَاتِلُ النحل (ع) کنول۔
قَاتِلُ نفسہ (ع) اشق کی ایک قسم ہے یا فرفیون، یا کافور۔
قَاتِلُ النمر (ع) خانق النمر یا مازریون سیاہ یا خنیس سیاہ۔
قَاتُولہ (معرب تاتولہ) تاتورہ (دھتورہ)۔
قَاتِق
قَاتِیق } (ع) حوتی (حشرات) یا جس چیز کے ساتھ کھانا کھایا جائے۔
قاحاص
قاحوص } (یو) جاؤشیر۔
قَادِح
قَادوحہ } (ع) ایک کیڑا ہے جو درخت اور دانتوں کو کھاتا ہے۔
قادرس (یو) شربین۔
قادرونی (رو) کرویا۔
قَادِمہ (ع) پرندوں کے پر اور بازو۔
قادوت ستو۔
قَارُ (ع) قیر۔
قَارَہ (ع) رنگینی یا سطاخنیس۔
قَارِہ ۔ سطاخنیس۔
قَارا ۔ مقل و خل۔
قَارا ۔ بہمنین۔
قَارادمن
قَارادومون } (یو) قرومانا (کالی زیری)
قَارادامن
قَاراس ۔ سینگ۔
قَاراسیا ۔ قراصیا۔
قَاراطیا ۔ شامی خرنوب۔

قَاراطیطس (یو) خشخاش مقرن۔
قَاراطیس (یو) کرویا۔
قَاراغیطس (یو) نی فارسی۔
قَاراطسیون (یو) پیاز۔
قَارا وقوا لیون (یو) لونگ۔
قَارچہ ۔ اقحوان۔
قَاربیچہ ۔ مورچہ (چیونٹا)۔
قَاربوز ۔ تربوز۔
قَارج (ع) فطر یا کول (کھمبی جو کھائی جاتی ہے)۔
قَاردامون (یو) حرف (بالون)۔
قَاردیا سلعیا
قاقالیس } (یو) جنگلی گاجر کے بیج۔
قَارد ۔ سطاخنیس۔
قَارس (یو) کبر۔
قَارسیسا
قَارسیسیون } (یو) کبابہ۔
قَارقوس (یو) بیل کا یا بکرے کا سینگ۔
قَارفیبوا
قَاربیوس } (یو) کیکڑا۔
قَارنامون (یو) حرف کے مانند نمام کی ایک قسم ہے۔
قَارن ۔ کُتا۔
قَاروفی
قَاروفا } جوز الملک۔
قَارفی یاروق (تر) اسپغول۔
قَاز (ع) فارسی میں غاز کہتے ہیں، ایک بڑی قسم ہے مرغابی کی۔

قَاسطر (یو) ایک جانور ہے جو کیکڑے اور مچھلیاں کھاتا ہے۔ جنگلی اور تری میں ہوتا ہے۔ بعض کے نزدیک جند بیدستر کے خصیے ہیں ✦

قَاسطمون (یو) محلب (گھیونی) ✦

قَاسعاقون (یو) جنگلی سوسن ✦

قَاسی (تر) بارزد (بیروزہ) ✦

قَاسینا (یو) سلیخہ (تج) ✦

قَاصنہ ۔ محلب (گھیونی) ✦

قَاطانیقی } **قَاباطِیقِی** } (یو) ایک پودا ہے جس کے پتے آس جیسے چھوٹے ہوتے ہیں، دو قسم ہے ایک کا پھل مٹر کے مانند ہوتا ہے، دوسرے کا پھل چنے کے برابر سرخ رنگ اور سوراخ دار ہوتا ہے ✦

قَاطیخوبا (یو ۔ سر) حنظل (اندرائن) ✦

قَاطِر الدَّم (ع) دم الاخوین ✦

قَاطس ارو ماطیقی (یو) چرائتہ ✦

قَاطِعُ المَنِی (ع) ہر ایک گرم و خشک دوا مثلاً سداب و شہدانہ یا سرد و مخدر دوا مثلاً افیون وکا ہو یا بہت زیادہ سرد دوا مثلاً کافور وغیرہ کو قاطع المنی کہتے ہیں ✦

قَاطون ۔ نوشادر یا ارمینیا ✦

قَاطوء ۔ اسپغول ✦

قَاق (ع) ایک قسم کا پرندہ ہے جس کی گردن لمبی ہوتی ہے۔ یا کلنگ ✦

قَاقا ۔ حنظل (اندرائن) ✦

قَاقَاطون ۔ نیلوفر ✦

قَاقَالس (یو) چشخام (چاکسو) ✦

قَاقَالیا (یو) بقلۃ الاوجاع ✦

قَاقراطین (یو) شبرم کا دودھ ✦

قَاقور (ع) چھوارے کا شگوفہ ✦

قَاقسنون (یو) کبابہ ✦

قَاقسبون (یو) جنگلی زیرہ یا جنگلی شاہترہ ✦

قَاقُلَہ (ع) ہیل (ف) کا روڈی مم (انگر) الائچی (ہ) ✦

قَاقُلَہ کبار (ع) بڑی الائچی (سرخ الائچی) ✦

قَاقُلَہ ذکر } **قَاقُلَہ زنجی** } (ع) بڑی الائچی ✦

قَاقُلَہ صِغار (ع) ہیل بوا (ف) چھوٹی الائچی سفید الائچی (ہ) ✦

قَاقِلیٰ (قبط) اشنان جیسا اور اس سے بڑا اور زیادہ سبز ایک قسم کا پودا ہے جس کے پتے حرفہ کے پتوں جیسے نمکین اور کڑوے ہوتے ہیں ✦

قَاقُم (ع) سنجاب اور سمور کی مانند اور ان سے قیمتی ایک قسم کی کھال ہے ✦

قَاقوس } (یو) عدس الماء
قَاقوسوسطو } (کائی کی ایک قسم ہے) ✦

قَاقِیا (یو) اقاقیا ✦

قَاقِیون (یو) بلاب کبیر ✦

قَالانبو (یو) بلوط ✦

قَالاجیر (یو) اشخار (سجی) ✦

قَالاراس الافیوا (یو) بارہ سنگھے کا سینگ ✦

قَالاریبوس (یو) شراب کی ایک قسم ہے ✦

کُرٹا (ہ) سنسکرت میں کنچ ، ہندی میں کوکا ، کُرچیا ، بنگالی میں کُرا ، چے گاچھ ، کُٹ راج ، تیلنگی میں انکڈو چیٹو ، عربی میں تیواج ہندی اور لاطینی میں رائٹ ٹیا اینٹی ڈی سنٹرکا کہتے ہیں ، درخت تیواج ہندی کو کہتے ہیں ، اسی درخت کے تخم ”اندرجو“ کے نام سے مشہور و مستعمل ہیں ، اور اس درخت کی چھال بھی بکثرت

استعمال ہوتی ہے) ۔
کَراپس - وزغہ (سام ابرص) ۔
کَراپپلی (س) جنگلی پپلی ۔
کَرُپڑال (س) چشٹ ۔
کَرُبوال (س) لہسوڑہ ۔
کَرابس
کَرابسو
کَرابسہ
کَرابش
کَرابشہ
(ف) وزغہ (سام ابرص) ۔
کَرَنیٹشپ (س) مولسری کا پھول ۔
کَربن - ایک دوا کا نام ہے ۔
کَرابہ (ف) ایک پودا ہے ۔
کَربھنپانتی (س) چناچرلا ۔
کَرابیہ (ف) حافا (پنیر) ۔
کَرُبورم (س) کپور ۔
کَرپورسلاجیت (س) سلاجیت ۔
کَرت (معرب) قرط ۔
کَرتو - عاقرقرحا ۔
کَرتاتوانام (س) ترامان ۔
کَرتالی (س) تاڑ کی مادہ قسم کا درخت ۔
کَرتان (فر) سفیداب (سفیدہ) ۔
کَرتمہ (ہ) زہر کی ایک قسم ہے ۔ شاید میٹھا تیلیہ کی ایک قسم ہو ۔
کَرتکی (س) سریالی ۔
کَرتینہ
کَرتینہ
(ف) مکڑی کا جالا ۔
کَرتہ (ف) اصل ۔

کرتہ دشتی (ف) اذخر ۔
کرتمالک (س) املتاس ۔
کرتویدن (س) کڑوی ترئی ۔
کرتو (س) نرلی ۔
کرتبی (ع) انڈے کے اوپر کا چھلکا ۔
کرج (ت) چونا ۔
کرجارہ (ہ) پرسیاوشان ۔
کرجارا (س) کنگھی پچی ۔
کرجفو (ف) سلوا ۔
کرچلک (س) انڈا ۔
کرچوری (س) کچور ہندی ۔
کرجیل (تنکابن) زعرور ۔
کرچیا طرخشقوق ۔
کرخوش (ت) ہرتال ۔
کردانج (معرب) کردانگ (ف) کردناج ۔
کردار ۔ وردار ۔
کردان ۔ ایک قسم کا پرندہ ہے جو چڑیا سے بڑا ہوتا ہے ۔
کردمانہ (ف) کرمانہ ۔
کردناج (معرب، کردناک فارسی) کباب کی ایک قسم ہے ۔
کردیلون (یو) سیسالیوس کی ایک قسم ہے ۔
کرزا / کرز } سفید زیرہ ۔
کرڈمے (پشتو) جیونگر ۔
کرس چرگ ۔
کرس ۔ سانپ کی کینچلی ۔

کرسان / کرسیان } نگوس کی لکڑی ۔
کرسف / کرسوف } (ع) روئی، دوات کا سوف ۔
کرسفی (ع) عسل سفید کی ایک قسم ہے ۔
کرسمس سروز (ان) خرتوا ستو
کرسنہ (ف) مٹر ۔
کرماش / کرش } (ع) اوجھڑی ۔
کرشا (س) کالا کڑوا ۔
کرشف (ض) کرفس ۔
کرشان (ت) سفیداب (سفیدہ) ۔
کرشپال (س) اندرجو شیریں ۔
کرشٹھینا (س) کنگنی ۔
کرشنکٹ (س) خبث الحدید ۔
کرشکوانطرانس ۔ مٹر ۔
کرشنا (س) نیلا انجن ۔
کرشن اگر (س) سیاہ اگر ۔
کرشنا یسمو بیرم (س) مولاوہ ۔
کرشن پشپک (س) سیاہ دھتورا
کرشن پاکی (س) سیاہ گھنچی ۔
کرشن پاٹ پھل (س) (۱) بنگلہ (۲) کروندا ۔
کرشن پھل (س) (۱) باپچی (۲) لکوہ (۳) کنول (۴) ہڑ ۔
کرشن تلسی (س) سیاہ تلسی ۔
کرشن جوتھکا (س) جوہی

سیاہی مائل ۔

کرشن چیرکہ (س) زیرہ سیاہ ۔

کرشن دھان (س) چاول کی ایک قسم ہے ۔

کرشن سار (س) اروڑ کا درخت

کرشن سارب پریا (س) کیوڑہ

کرشن سوپھما پھل (س) تخم سرپالی ۔

کرشن شیر شکھ (س) اگر ۔

کرشن ساربا }
کرشن مولی } (س) کالیسر ۔

کرشن رگتیک (س) سُرخ گھنگچی ۔

کرشنکم بیج (س) سیسہ ۔

کرشن کامھبوجی (س) سیاہ گھونگچی ۔

کرشن کایا (س) مادہ تاڑ کا پھل ۔

کرشن کایستا (س) سیاہ تلسی ۔

کرشن بوٹا (س) ماشپرنی ۔

کرشن مدگا (س) سیاہ مونگ ۔

کرشن بالا (س) ولی ۔

کرشن نارجک (س) سیاہ تلسی ۔

کرشنو رنت (س) پکرو ۔

کرشن نالک (س) سیاہ نمک ۔

کرشنو لنکا (س) سیاہ تلسی ۔

کرشنولی (س) تیلا تیلی ۔

کرشن ولی (س) کوٹپالا ۔

کرطبسا (ش) کاغذ ۔

کرع (ف) اشق کا پودا ۔

کراف (ف) چوہا ۔

کراف (دیلم) پرسیاوشان ۔

کرافادہ خنظل ۔

کرافروس ۔ حنا ۔

کرفس (معرب کرفس فارسی) اجمود مشہور دوا ہے چند قسم ہوتی ہے ۔

کرفس اجامی (ع) کرفس مائی ۔

کرفس جبلی (ع) پہاڑی کرفس ۔

کرفس صخری (ع) پتھریلی زمین پر پیدا ہونے والا کرفس ۔

کرفس بری (ع) پہاڑی جنگلی کرفس

کرفس دیو (ع) پرسیاوشان ۔

کرفس مائی (ع) پانی میں پیدا ہونے والا کرفس ۔

کرفس نبطی }
کرفس مشرقی } (ع) کرفس کی ایک
کرفس شتوی } بڑی قسم ہے ۔

کرفس الماء (ع) قرۃ العین ۔

کرفسا (یو) کرفس ۔

کرفس دشتی (ع) کیکیج ۔

کرفش (ف) کرفس ۔

کرفی (ع) انڈے کا بیرونی چھلکا ۔

کرگ (ف) کرگدن ۔

کرک (ف) سلوا ۔

کرگ (س) اناج کا دھواں جو کھٹا ہو گیا ہو ۔

کرکالکا شرنگی (س) کاکڑا سنگھی ۔

کرکارکی (س) کھیرا ۔

کرکارو (س) پیٹھا ۔

کرکاس (ف) دوسرا تخم شیلم ٭

کرکاش }
کرکیش } (مصری) اقحوان - بابونہ ٭

کرکامیلوس - آلو ٭

کرکاثو - کدو ٭

کرک پھل (س) بہیڑہ ٭

کرکٹاشیرشنگہ (س) شنگرف ٭

کرکٹکا (س) اگنہ ٭

کرکٹی (س) ککڑی یا کینکڑا ٭

کرکٹی پربار (س) لسوڑہ ٭

کرک چراس (تنکابن) تیل ٭

کرکدن (ف عربی میں جرلیش، گینڈا ایک جانور ہے) ٭

کرکس (ف) باقلا ٭

کرکش (ف) چھوٹا صنوبر ٭

کرکرا (ہ) بکائن کی ایک قسم ہے سریانی زبان میں زعفران کا نام ہے ٭

کرکرودھن (ہ) گتا ٭

کرکرھن (ہ) سنبل جیسی ایک جڑ ہے ٭

کرکرکا (ہ) عاقرقرحا ٭

کرکیا (ی) خندقوقی ٭

کرکس (ت) گدھ ٭

کرکشا (س) ینڈھا سنگھی ٭

کرکشتا (س) کالا کوڑا ٭

کرکش چھدا (س) ... ٭

کرکم (ع) (۱) زعفران (۲) مامیران ٭

کرکما - ایک پرندہ ہے ٭

کرکمان (ف) خندقوقی ٭

کرکند (ف) ایک قسم کا سرخ پتھر ہے یا لعل یا پھکو ٭

کرکند (س) (۱) کنار (۲) جھلکی ٭

کرکو (شیرازی) کچا خربزہ ٭

کرکوٹکی (س) (۱) ککڑی (۲) الائچی کا چھلکا (۳) گھیکوار (۴) ترئی ٭

کرکی (ہ) کلنگ ٭

کرکیرا (س) جرجیر ٭

کرکیس (معرب کرکیش) بابونہ کی ایک قسم ہے ٭

کرم (ع) انگور کا پیڑ ٭

کرم (ف) (۱) ایک ساگ ہے (۲) کرنب ٭

کرما (سُر) ہڈی ٭

کرم (ف) کیڑا ٭

کرم آبریشم }
کرم بادامہ } (ف) ابریشم کا کیڑا ٭

کرمائی (سُر) شکاعی ٭

کرمۂ بیضا }
کرمۂ شائلہ } (ف) فاشرا ٭
کرم دشتی }

کرم چوب (ف) سوس الخشب ٭

کرم سوی (ف) فاشرشین ٭

کرم سرگین (ف) جعل ٭

کرمۂ شوکہ (ف) فشاغ ٭

کرم ایوب (ف) زبدالبحر کی ایک قسم ہے ٭

کرمدانہ (ف) اس کی ماہیت میں اختلاف ہے ٭

کرم سنبل افا (ف) ماہودانہ ٭

کرم سرنگ یغان (ف) قرمز ٭

کرم زمین (ف) خراطین
کرم کدو خوردہ (کیچوے)۔
کرم بلخ (ف) قرمز۔
کرم درخت کاج (ف) درخت صنوبر کا کیڑا۔
کرم شب تاب (ف) جگنو (ایک قسم کا کیڑا ہے جو رات کو چمکتا ہے)۔
کرھلک (ف) اشنان۔
کرمکرا (ہ) شنجار (رتن جوت)۔
کرم مخمل (ف) بیر بہوٹی۔
کرمبھا (س) (۱) مینڈھا سنگھی (۲) جنگلی پھل۔
کرمرا (س) کروندا۔
کرھروگہ (س) درخت بنکا۔
کرمس (تر) چاندی۔
کرم کلہ (ہ) عربی میں کرنب، بقلۃ الانصار فارسی میں کلم، قریت کہتے ہیں (مشہور ساگ ہے)۔
کرملیکا (س) چنبیلی کا پھول۔
کرھر تکھر (س) بانجھ ککوڑا۔
کرملی (ہ) حاشیش۔
کرمی جنت (س) بابڑنگ۔
کرموک (س) سپاری۔
کرمی (بہاری) دیکھو نالی، ناری۔
کرمی کھنانی (س) پلاس۔
کرمی کھن (س) درخت پاگرہ۔
کرمی کنچانیا (س) نیلہ تھوتھہ۔
کرمیجھ جٹ (س) لاکھ۔
کرمیتون (یو) زیرہ۔

کرنب } (معرب کرم فارسی) کرم کلہ، کرنب } تین قسم ہے۔ بری، بحری، بستانی۔
کرنب شامی (ع) گوبھی۔
کرنب بری (ع) کرم کلہ کی ایک قسم ہے۔
کرنب بحری (ع) کرم کلہ کی ایک قسم ہے۔
کرنب قاتل الکلب۔
کرنب نبطی (ع) بستانی کرم کلہ۔
کرنب الماء (ع) نیلوفر۔
کرنباد یرا (مر) کرنب بری۔
کرنباد مایا (مر) نیلوفر۔
کرن پات (ہ) اطفار الجن۔
کرنتاک (س) مہندی کا پھول۔
کرن بوسا (س) پالا کا پھول۔
کرنجر (ف) شونیز (کلونجی)۔
کرنج (توران) چاول۔
کرنج (ہ) ایک درخت کا نام ہے جو قد آدم بلکہ اس سے بھی زیادہ اونچا ہو جاتا ہے پتے کرم کے پتوں کے مانند لیکن اس سے زیادہ نرم اور چکنے اور پستئی رنگ کے ہوتے ہیں پھل مثل بادام لگتا ہے اور اس میں پھل کا تخم مغز ہوتا ہے اس کی لکڑی بہت چرب ہوتی ہے۔ حالت خامی میں مثل شمع کے جلتی ہے۔
کرنجا (ہ) کا نجا۔
کرنجن (س) سہجنہ۔
کرنجوا } (ہ) سریانی میں الکتت عربی
کرنجا } میں حجر الولادت حجر الماسک
کرنجن } حجر العقاب، فارسی میں

خرائے ابوجہل، خایۂ ابلیس؛ سنسکرت میں ساگرگھولہ، ساگرگوٹہ، کبیرا کشی، انگریزی میں بانڈک نٹ کہتے ہیں (کرنجوہ کی خاردار بیل ہوتی ہے، شاخیں پراگندہ اور پتے چھوٹے چھوٹے شاخ کے دونوں طرف ایک دوسرے کے محاذی نکلتے ہیں، پھل کاغلاف گول خاردار ہوتا ہے، اس کے اندر سے چکنا چمکدار سفید سرخی مائل یا خاکستری رنگ کا سخت تخم نکلتا ہے جو بقدر مازو یا اس سے بڑا ہوتا ہے تخم کے اندر بقدر مکھانا سفید مغز ہوتا ہے جو دوپارہ اور نہایت تلخ ہوتا ہے)۔

کرنجوتہ۔ قلیجونہ۔

کرنجیا (ش) کرنب۔

کرنجی (ہ) کنجی، یہ کرنجوہ کی قسم ہے دکھن میں، تلکہاتی، شکاکائی کہتے ہیں اس کا درخت خاردار ہوتا ہے، پتے آملہ کے پتوں کے مانند ہوتے ہیں، پھل پھول کیکر کے مانند ہوتے ہیں لیکن پھل حالت خامی میں سبز بعدازاں سرخ چنٹ دار ہوجاتا ہے۔

کرنڈ (ہ) سنباوج۔

کرندھن }
کرند } (ہ) دار فلفل کی جڑ۔
کرندہ }

کرنکائی (ت) انگور کی ایک قسم ہے۔

کرنتہ }
کرنا } (ہ) نارنج۔ بقول بعض ترنج کی قسم ہے، اس کا پھول نہایت خوشبودار ہوتا ہے۔

کرنادہلی، کھٹہ کا پھول۔

کرنلہ (۱) اشترخار (۲) قراد۔

کرنی (۱) ایک قسم کا پھول ہے۔

کرنی کاسرا (س) ساگ امباڑہ۔

کرنو (س) (۱) گنگٹی (۲) بلا۔

کرنو (ہ) گگروہن۔

کرہاو (یو) لوبا۔

کڑوا (ہ) تلخ۔

کرہوالا (ہ) خیار شنبر۔

کرونک }
کروان } ایک قسم کا پرندہ ہے۔

کروٹن (ان) جمالگوٹہ۔

کروٹونس اولیم (لا) روغن جمالگوٹہ۔

کرہوتنہ (ف) مکڑی یا مکڑی کا جالا۔

کرہوو (ف) مکڑی کے جالے کی ایک قسم ہے۔

کرہوسار (ش) موتیوں کی سیپی (۲) جونکس۔

کروسراگمڑی (س) کدو۔

کروسرکنک (س) سورن۔

کروسابھمن (ی) بابونہ۔

کروسوسبلی میٹ (ان) خار چکسنہ۔

کروش الغنم (ع) فرفیون۔

کروفس۔ اخروٹ۔

کروکس (لاطینی) زعفران (کیسر)۔

کرومقدون (رو) ملوخیا۔

کرونجی (ہ) کاسرکائی بھی کہتے ہیں۔ (بیلدار بوٹی ہے، برسات کے شروع میں پیدا ہوتی ہے، پتے چھوٹے ڈنگیے دار، پھول چھوٹا زرد رنگ، پھل بقدر نصف گرہ لمبا باریک، چنٹ دار اور باریک پوست والا اور دوخانے دار ہوتا ہے۔ ہر ایک خانے میں ایک

ایک تخم ہوتا ہے۔ جڑ شلغم کے مانند گول اور سخت ہوتی ہے۔

کَرَاوِکُوسَرَانَہ (س) ہندی کا پھول۔

کُرَاوِتریمَا (س) اجچپیل۔

کَرَاوُندَہ / کَرَاوُندَا (ہ) ایک ہندی درخت کا مشہور پھل ہے، درخت لیموں کے مشابہ اور غارہ دار ہوتا ہے، پھول سُرخ رنگ مائل بہ سفیدی اور پھل عناب کے مشابہ ہوتا ہے۔

کَرَاوُنطہغا (ا) گنار (۲) فائیذ۔

کَرَاوُیَا (معرب) عربی میں کمون رومی اور نقدہ، فارسی میں کرویہ۔ زیرہ رومی۔ شاہ زیرہ، انگریزی میں کیروے کہتے ہیں۔

کَرَاوِی تُونبڑی (ہ) تلخ کدو۔

کَرَاوِیرَا (س) بیر۔

کَرَاوِیرُ (س) کنیر۔

کَرَاوِیرَک (س) ممل۔

کَرَاوُبھکمر (س) سفید کلوا۔

کَرَاوُندَابجو (س) تنکتا۔

کَرَاوُدھن (س) بھنڈی کی ایک قسم ہے۔

کَرَاوِیل / کَرَاوِیر (س) سیاہ خس یا جھڑ ٹلیہ۔

کَرَاوَانک / کَرَاوَان ایک قسم کا پرندہ ہے۔

کَرَاوِی مَسُور (ہ) عدس تلخ۔

کَرَاوِیَہ۔ کرویا۔

کَرَاہ (ف) سکہ۔

کَرَاھانک (س) مین پھل کا پھول۔

کَرَاھَانک (ف) بالونہ۔

کَرَاہ تن (ف) لکڑی۔

کَرَاھِی۔ ایک ہندی پھل ہے، جو سیاہ رنگ چمکدار اور چکنا مثل جامن گونڈے کے لیکن اس سے چھوٹا ہوتا ہے۔ اس کے اندر سے سفید مغز نکلتا ہے جس کو نمک اور مرچ کے ہمراہ بریاں کرکے کھاتے ہیں۔

کَرَاھِی (ہ) بیگن۔

کَڑھی (ہ) ایک ہندی سالن ہے جو عموماً دہی یا چھاچھ اور بیسن سے تیار کیا جاتا ہے۔

کَرَیَاپَاک / کَرَیَاپَات (ہ) نیم سیاہ، اس کا درخت بالکل نیم کے مانند ہوتا ہے، لیکن اس کا پھل حالت خامی میں سبز اور پختہ ہونے پر سُرخ نیلا اور سیاہ ہو جاتا ہے۔

کَرَیَاس (ع) گوشت۔

کَرَابی (تر) ساہی۔

کَرِی تمہ (س) ابرالون۔

کَرِیٹا (ا) قیموبہارجاک۔ کھریا مٹی۔

کَرِیبُو (ہ) عربی میں کبر، ہندی میں کریل، کیر، دکن میں نیتی اور اس کے پھل کو فارسی میں بجار کبر، اور ہندی میں ٹینٹ، ٹینٹی کہتے ہیں (۱) اس کا پودا جھاڑ دار غار دار ہوتا اور عموماً کنکریلی اور ویرانہ زمین میں پیدا ہوتا ہے، پتے جلدی گر جاتے ہیں جس سے معلوم ہوتا ہے کہ اس کو پتے ہی نہیں لگتے، پھول سُرخ رنگ نہایت خوبصورت اور بکثرت لگتا ہے، پھل بیر جنگلی کے برابر ہوتا ہے جو حالت خامی میں سبز اور پختہ ہونے پر سُرخ اور مزہ میں شیریں

ہو جاتا ہے۔ اس کے خام پھلوں کا اچار ڈالتے ہیں) ◆

کرپچیم (س) کیث ◆

کرای کولا (س) انکول ◆

کرایل (ہ) کریر ◆

کریلا / کریلہ } (ہ) مشہور ہے سنسکرت میں کاروِلی کہتے ہیں ◆

کرَیلن بریلن (ہ) بنڈال ◆

کرَیلیلی (ہ) نیلی پتر ◆

کریون۔ قنطوریون ◆

کرمی (بہاری) دیکھو ناری، نالی ◆

کز (معرب قز فارسی) ریشم کی ایک قسم ہے

کژ (ف) قز ◆

کژ (ف) بیخ درخت ◆

کژانہ (ف) ریشم کا کیڑا ◆

کژار (ف) پرندوں کا پوٹہ ◆

کزباد (ف) ریباس کی ایک قسم ہے ◆

کزبونا (س) کزبرہ ◆

کزبرہ (ع) دھنیا ◆

کزبرۃ البر / کزبرۃ الماء } (ع) پرسیاوشان ◆

کزبرۃ البریہ (ع) جنگلی دھنیا

کزبرۃ الثعلب (ع) غیر مشہور پودا ہے ◆

کزبرۃ الحمار / کزبرۃ الحمام } (ع) شاہترہ ◆

کزبکہ (ف) عصارہ روغن ◆

کژترخون / کژطرخون / کژدم } (ف) عاقرقرحا ◆

کژدم (ف) بچھو ◆

کژدم جرارہ (ف) زمین پر دم کھینچنے والا بچھو ◆

کژدم دریائی (ف) دریائی بچھو ◆

کژرہ (ف) ایک خوشبودار پودا ہے ◆

کژطرخون (ف) عاقرقرحا ◆

کژف (ف) قیر، جلائی ہوئی چاندی ◆

کزم (ع) نغر (ایک پرندہ ہے) ◆

کزمازج / کزمازق / کزمازک / کزماز } (معرب) جھاؤ کا پھل ◆

کزنگبین (ف) شبنم جیسی ایک چیز ہے جو درخت جھاؤ اور نیز دیگر درختوں پر مثل ترنجبین کے جم جاتی ہے ◆

کزنہ (ف) تخم انجرہ ◆

کزوا (ف) ریباس کی ایک قسم ہے ◆

کزوان (ف) بادرنجبویہ ◆

کژور (ف) ندنباد ◆

کزولک (ف) خنافس کی ایک قسم ہے ◆

کزہ (ف) لہاۃ ◆

کسای۔ بقلہ حرف ◆

کساری (ہ) ایک قسم کا سرخ کیڑا ہے جو ریشم کے کیڑے کے مانند گھر بناتا ہے، اور پھر گویا ابریشم کے مانند اس سے کپڑا تیار کیا جاتا ہے جو ٹسر کہلاتا ہے ◆

کسب (ع) کنجارہ (کھل) ◆

کس پھینا (س) بام ◆

کسبج (ع) کنجارہ ◆

کسر (ف یو) زفت ٭
کسر (تر) سفید سوسن ٭
کسبرہ (ع) کشنیز (دھنیا) ٭
کسبرۃ البیر (ع) پرسیاوشان (ہنسراج) ٭
کسبرج - موتی ٭
کست (ف) قسط (کوٹھ) ٭
کستج - بقلہ یمانی (چولائی کا ساگ) ٭
کسٹرا کٹ آف لیکرس (ان) رب السوس ٭
کستل (ف) خنافس کی ایک قسم ہے ٭
کستمبر (س) دھنیا ٭
کستن (ف) لال ساگ ٭
کستوری (ہ) فارسی میں مشک، عربی میں مسک شذ، لاطینی میں موس کس انگریزی میں مسک کہتے ہیں ٭
کستوری کلہ (س) دھتورہ ٭
کستوریا مرگ (ہ) ہرن جس سے نافہ مشک نکلتا ہے ٭
کستہ (ف) چولائی کا ساگ یا لال ساگ ٭
کستی (بنگالہ) مکوہ ٭
کستیلا (ہ) اسبغول ٭
کسجیپ (س) کچھوا ٭
کسد - کسط - قسط - (کوٹھ) ٭
کسرانی (ہ) اصل ٭
کسعطاما ار غلا (سر) بخور مریم
کسفا - کتا ٭

کسفار مقا }
کسفار معا } (یو) باذہر ٭
کسفرہ (ع) دھنیا ٭
کسفرۃ البیر (ع) دھنیا ٭
کسفایر (یو) سفید ہندی سوسن یا سوسن بری ٭
کسک (ف) قلیہ گوشت عقیق ٭
کسکوبا - عصفر (کسنبہ) ٭
کسکونہ (ف) عصفر (قرطم) ٭
کسکیہ - ہیلو ٭
کسلس (تر) اندرائن ٭
کسمبل (س) دارچینی ٭
کسمبیکہ (س) پاٹلی کا پھول ٭
کسماریکا (س) کنڈلی کا پھول ٭
کسمادم (س) پترج ٭
کسمبھاکنی (س) جاوتری ٭
کسمر (ہ) پھول یا عصفر کا پھول ٭
کسمل (ہ) درخت رسوت ٭
کسموقا }
کسمیوقا } (نبط) ایک غیر مشہور گھاس ہے ٭
کسموخ (تر) تخم مورد ٭
کسن (ف) مٹر، خشک باقلا ٭
کسن ہندی (ف) قراد (چچڑی) ٭
کسناہ (ف) مٹر ٭
کسناج (ف) کاسنی ٭
کسناک - بہمد ٭
کسنالکہ (ہ) دار شکنہ (دار چکنہ) ٭
کسنبہ (ہ) عربی میں عصفر، عصفر احریص، فارسی میں بہرم، بہران، گلابیشہ

کا فشہ، گل کا فشہ، ہندی میں کسم، کسنبہ، کڑ اور انگریزی میں ساف فلاور کہتے ہیں (راس کا پودا گز بھر تک بلند ہوتا ہے، اس کا پھول زعفران کے مانند سرخ ہوتا ہے، اور اس سے سرخ رنگ حاصل کیا جاتا ہے۔ اس کے تخم انار دانہ کے برابر اور سفید ہوتے ہیں)۔

کُسُنبہ (د) ازغ قرطم۔

کسِن سِپار (س) شیلتم کی ایک قسم ہے۔

کَسُنَٹ (ف) مٹر۔

کُسُنی (ف) کاسنی۔

کَسُو }
کَسُوئے } (سُریو) عضو۔

کَسُوا (د) حب النیل (کالادانہ)۔

کَسُوبار (سُر) عصفر، قرطم بری۔

کَسُوپاس (س) ارنڈ۔

کَسُوٹی (د) عربی میں حجرالمحک کہتے ہیں، سیاہ رنگ کا پتھر ہوتا ہے جس پر سونا چاندی رگڑنے سے ان کا کھوٹا کھرا معلوم ہو جاتا ہے۔

کَسُوسُراس (یو) ایرسا۔

کَسُوش زختش زبدی۔

کسوفراطیس۔ حجر قبطی۔

کَسُوّل۔ ایک قسم کا پھل ہے۔

کسوبوفساموھون }
کسوبوفساھرا } (یو) وایہ چینی۔

کَسُونڈی }
کَسُونجی }
کَسُوندا } (د) سنسکرت میں کاسمرد، ہندی میں چکوڑی، انگریزی میں راونڈ پوڈ و کیشیا اور لاطینی میں کیشیا سوفیرا کہتے ہیں، ایک ہندی بوٹی ہے جس کے پتے سنا کے پتوں سے مشابہ ہوتے ہیں، پھول زرد اور پھلی مثل لوبیا کے لیکن اس سے چوڑی ہوتی ہے اور اس سے میتھی کے مانند تخم نکلتے ہیں)۔

کَسِید ا۔ سیاہ سلیخہ۔

کَسِیرُو }
کَسِیرُٹ }
کَسِیرُوٹ }
کَسِیرُوکم } سنسکرت نام بھی کسیرو ہے۔ بنگالی میں کیشر، ہندی میں کچرا۔ گجراتی میں کسڈ۔ ملائی لاطینی میں اسکرپس کیسو کہتے ہیں۔ (ایک ہندی پودے کی مشہور جڑ ہے جس کو چھیل کر اندرونی مغز کھاتے ہیں)۔

کَسِیس (د) عربی میں زاج، انگریزی میں سلفیٹ آف آئرن پنجابی میں کاہی کہتے ہیں۔

کسیطریر۔ سجی کی تلچھٹ۔

کسیقول (یو) جنگلی سوسن۔

کَسِیلا }
کَسِیلہ } (نبطی) ایک پودے کی لکڑی ہے۔

کسیوما لس (د) حشیشۃ الزجاج۔

کسیلہ۔ ماسو۔

کُشُ (ع) غذا کی ایک قسم ہے۔

کُشائی بُشپ (س) بزنکا۔

کَشائی کھہ (س) لانگ۔

کَشائی (س) سرخ مدی۔

کَشار نگا (س) لانگ۔

کَشار چیوا (س) چھوٹا کرحولہ۔

کَشالحل (ف) شاخل (اربر)۔

کَشاوِی پھل (س) بزنکا۔

کَشا ملیکا (س) انبارٹہ۔

کَشامُلومُدل (س) املی۔

کَشَت (ف) قسط (کوٹھ)۔

کُشُپشم (س) کنول کا پھول۔

کُشتاک (ف) جعل (گبریلا)

کُشنگھن (س) برنگا کا درخت۔

کَشْنُو / کُشْتُور } (ف) کھٹ میٹھا انگور۔

کَشُتوک (ف) کچھوا۔

کُشُتہ (ف) خشک میوے۔

کَشُبَج (ع) چھاچھ۔

کُشُد / کُشُط } قسط (کوٹھ)۔

کِشَر (ع) خشک روٹی۔

کِشَری (معرب کھچڑی ہندی) (مشہور غذا ہے)۔

کشتہ (ف) اسطوخودوس۔

کشَف (ف) کچھوا۔

کُشف (ف) زفت۔

کشک / کشرک } (ف) عقعق۔

کَشُک (ف) اقط (پنیر)۔

کُشکاب / کشکبا } (ف) آش جو یا آش حلیم۔

کَشک الشعیر (ع) جو کا گاڑھا شیرہ جو کہ خاص ترکیب سے پکا کر حاصل کیا جاتا ہے۔

کَشکک (ف) آش حلیم۔

کَشکین / کَشکینہ } (ف) جو کی روٹی یا جو کی ملی ہوئی روٹی۔

کُشلوہ (س) دوب۔

کَشم (ع) قہدہ۔

کِشمِش (ف) انگور کی ایک قسم ہے جس میں تخم نہیں ہوتا ہے، گویا یہ مویز بے دانہ ہوتی ہے۔

کِشمِش کاولیان (ف) دبق۔

کَشمورین (رو) کشوث۔

کشنو (ف) کنجارہ (کھل)۔

کشن خرما (ف) طلع۔

کشنی / کشن } (شر) قرطم (کڑ)۔

کشنک / کشنین } (ف) مٹر۔

کشنہ (ف) کرسنہ۔ اسپست۔

کشنج (ع) کماۃ کی ایک قسم ہے جو ریتلی زمین میں اُگتی ہے۔

کِشنیز (ف) کزبرہ (ع) دھنیا۔ (بستانی و جنگلی دو قسم ہوتی ہے۔

کِشنیز کوھی (ف) تخم خلصہ۔

کِشنیج دشتی (ف) بادرنجبویہ کی ایک چھوٹی قسم ہے یا شاہترہ کی ایک قسم ہے یا تخلسر یا جنگلی دھنیا۔

کُشو (ف) کچھوا۔

کُشُوث / اَکشُوث / کَشُوثا } (ع) امر بیل (اکاس بیل (مشہور گھاس ہے)۔

کَشُوث رومی (ع) افسنتین۔

کَش وُرچھا (س) درخت انبارۃ۔

کشیہ (ع) سوسمار (گوہ)۔

کشیعا (ع) خبازی۔

کشیون (شر) کشوث۔

کَضِیْنُوْن (یو) کشائی (جنگلی بیگن)۔
کَضِیْظ۔ سنگ مرمر۔
کَعَب (ع) ٹخنہ۔
کَعَبِ غزال (ع) حلوے کی ایک قسم ہے، یا فانیذ۔
کَعْدِیَہ (ع) مکڑی کا جالا۔
کَعْسَم (ع) گورخر۔
کَعْسُو (ع) گدھا۔
کَعْک (معرب کاک فارسی) میدے کی خشک اور چھوٹی روٹی۔
کعیت (ع) بلبل، یا ہزار داستان۔
کغالہ۔ قرطم (کڑ)۔
کَف
کفک } (ف) جھاگ بجرفہ۔
کفج
کَفِ آبگینہ
کَفِ شیشہ } (ف) سحوقونیا۔
کَفِ آدم (ع) ایک قسم کا پودا ہے۔
کَفّ الارنب
کَفّ الذئب } (ع) جنگلیا نار چھان (بیھد)۔
کَفّ الاسد
کَفّ الذئب } (ع) عرطنیثا۔
کَفِ اجذم
کَفِ جذما } (ع) سنبھالو یا سنبل رومی کی جڑ یا کرفتہ بیضا یا خصی الکلب۔
کَفّ الدابہ (ع) خرتبل۔
کَفِ دریا (ف) سمندر پھین (سمندر جھاگ)۔
کَفّ السبع (ع) کبکج۔

کَفّ الصبع (ع) ایک قسم کا پودا ہے جو موسم بہار میں پیدا ہوتا ہے۔
کَفِ عائشہ (ع) اصابع صفر یا جرجیر۔
کَفّ العقاب (ع) قاطانیقی۔
کَفّ الکلب (ع) بہاشقان۔ کف مریم
کَفِ مریم (ع) ہتھاجوڑی۔
کَفِ مس (ف) زہرۃ النحاس۔
کَفّ النسر (ع) اسقولوقندریون یا خزبل۔
کَفّ الہرہ (ع) ایک قسم کا پودا ہے۔
کفا۔ کفری۔
کفتار (ف) چرخ (مشہور جانور ہے)۔
کفتو (ف۔ تر) کبوتر۔
کفچہ (ف) ایک قسم کا سانپ ہے۔
کفر (ع) قفر الیہود۔
کفرا (تر) حنا۔
کفر الیہود (ع) قفر الیہود۔
کفری (ع) خرما کی کلی کا غلاف۔
کفِ سفید (ف) برف۔
کفشر (ف) تنکار (سہاگہ)۔
کفشر (ف) گھر۔
کفنافس۔ خرزہرہ (کنیر)۔
کفنج۔ سمکۃ الصیدا۔
کفوقار بصبعوص۔ مرو۔
کفیشون (یو) جنگلی بیگن۔
کک (ف) کاک۔
کک۔ سانپ کی ایک قسم ہے۔
ککاواونا (ہ) ہلہل کی ایک قسم ہے۔

گکشا موچا (س) سیمبل کے درخت کا گوند ۔

گکجہ (ف) جرجیر۔ رائی ۔

گکجلہ (ف) پنبہ دانہ (بنولہ) ۔

گکس (ہ) تنباکو ۔

گکٹا (ہ) مُرغ ۔

گکرنیلہ (س) نیلوفر ۔

گکرفل (س) ککوڑا ۔

گکرونڈکا (ہ) سنسکرت میں کُکُندر، بنگالی میں کُکر مُتا، کُکُرشوکا، مرہٹی میں کُکُرونڈا، گجراتی میں بوڈیوکلار، لاطینی میں بلیومیا اوڈورینٹا کہتے ہیں۔ مشہور بوٹی ہے۔ اس کے پتے تمباکو کے پتوں کے مانند لیکن ان سے چھوٹے اور بدبودار ہوتے ہیں اور ان پر قدرے رواں ہوتا ہے، پھول عموماً زرد رنگ ہوتا ہے ۔

وکگرو ھن (ہ) سرق (بچھوہ) ۔

کُکڑی (ہ) مرغی ۔

ککڑی (ہ) عربی میں قِثّاء، فارسی میں خیار زہ، خیار دراز، سنسکرت میں کرکٹی، بنگالی میں کانکڑ، مرہٹی و گجراتی میں کاکڑی، تیلگی میں دوس کایا، انگریزی میں ککمبر کہتے ہیں۔ (مشہور پھل ہے) ۔

کگسل (۱) زعفران (۲) قرنفل ۔

ککلیک اودی (تر) صعتر ۔

ککنج جھیلر (ہ) حواصل (بطخ کے مانند لیکن اس سے چھوٹا آبی پرندہ ہے جو کہ اُڑنے پر قادر نہیں) ۔

گگوبھا (س) بھوج پتر ۔

گگوبھانڈا (س) میٹھا کدو ۔

گگوڑا (ہ) سنسکرت میں کرکوٹکی، ہندی میں ککوڑا، ککرول، بنگالی میں کاکرول، مرہٹی میں کرٹولی، کنٹولی، گجراتی میں کنٹولا، تیلگی میں آکاکر، تامل میں اگاکروتی، لاطینی میں موم ورڈکا ڈائیوئی کا کہتے ہیں۔ ایک بیلدار بوٹی ہے، جس کو کریلے کے مانند لیکن اس سے چھوٹا پھل لگتا ہے اور اس پر سبز اور نرم کانٹے مثل پھل دھتورہ کے ہوتے ہیں، یہ پھل حالت خامی میں سبز لیکن پختہ ہونے پر زرد و سُرخ ہوجاتا ہے پھل کی ترکاری پکا کر کھائی جاتی ہے۔ اسی کی قسم ہے جس کو پھل نہیں لگتا۔ وہ بانجھ ککوڑا کہلاتا ہے ۔

گلثا (تر) پستان ۔

گلا
گلاد
گلادو
گلادہ
} (ف) مینڈک ۔

گلاچٹ (ف) ودع (کوڑی) ۔

گلاشہ
گلازہ
} (ف) عقیق ۔

گلاش (ف) مکڑی ۔

گلاشخانہ (ف) مکڑی کا جالا ۔

گلاغ (ف) کوا ۔

گلاغ بیشہ
گلاغ سفید
} (ف) غراب البقع ۔

گلاغ سیاہ (ف) سیاہ کوا ۔

گلافی (ع) سفید انگور جس میں سبزی ہو ۔

گلاگلا - لوف کبیر ۔

کلاک موش (ف) جنگلی چوہا ۔
کلاہ زمین }
کلاہ باران } (ف) فطر (کھمبی) ۔
کلاھو (ت) ہرن کی ایک قسم ہے ۔
کلاھویہ (س) چاندی ۔
کلب (ع) کتا ۔
کلب الکلب (ع) دیوانہ کتا ۔
کلبا (ژند) کتا ۔
کلب بری (ع) گینڈا ۔
کلب مائی }
کلب بحری } (ع) آبی کتا ۔
کلب نہری }
کلباسو }
کلبسو } (ف) چلپاسہ ۔
کلپناتھ (ہ) ایک بیلدار بوٹی ہے جو درختوں پر لپٹ جاتی ہے، پھول سیاہ و سفید مثل چشم انسان کے ہوتا ہے ۔
کلت سر اما (س) ریباک ۔
کلت کانو نھیا (س) ملیٹھی ۔
کلتھی (ہ) عربی میں حب القلت، کاسر الحجر فارسی میں سنگ شکن، سنسکرت میں کلتھکا کلتھ اور ہندی میں کلتھی کہتے ہیں (ایک غلہ ہے، اس کی دال پکا کر کھائی جاتی ہے) ۔
کلثا (سُر) ہستان ۔
کلچہ (ف) گیہوں کی چھوٹی سفید اور خمیری روٹی ۔
کل چنک (ف) کیکڑا ۔
کلخ }
کلخر } (سُر) بھروزہ یا اشق ۔

کلدئرم (س) بہیڑہ یا لونگ ۔
کلدھا (س) کلتھی ۔
کلس (ع) ایک ہندی لکڑی ہے یا سیدہ لکڑی ہے۔ بعض بیخ کھجور کا نام بتاتے ہیں ۔
کلس (ع) چونہ ۔
کلسادلاوھج (سُر) چونا جو پانی سے نہ مارا گیا ہو ۔
کلسانا (یو) گل لالہ ۔
کلشہ (س) سرخ مٹی ۔
کلغہ (ہ) بستان افروز ۔
کلفاطلس }
کلفطلس } (یو) تانبہ کا میل ۔
کلقدیس (یو) روسختج (تانبہ جلایا ہوا) ۔
کلکٹی (س) باٹلی ۔
کلقوانیس بجمش الحدید ۔
کلقوس (یو) تانبہ ۔
کلکلا (ہ) ایک پرندہ ہے ۔
کلکلانج۔ ایک ہندی معجون کا نام ہے ۔
کلکند (س) بلیا بیر ۔
کلکناث (ف) تخم خرفہ ۔
کلگ (ف) بھیڑیا ۔
کلک (ف) نی، خربزہ خام ۔
کلکیک (تُر) کبک (چکور)
کلم (ف) کرنب ۔
کلم دریائی (ف) بحری کرنب ۔
کلم رومی (ف) قنبیط ۔
کلما (ژند) انگور ۔
کلمطیس (یو) کاشم ۔
کلکیاث (تُر) صعتر ۔

کُلکہ (س) بچھینڈہ تلخ ۔
کَلُمبا رُوٹ (ان) رعی الحمام ۔
کَلُمبی رَیڈِکس (لا) رعی الحمام ۔
کلموخ (اندلسی) راسن ۔
کُلمی ۔ کرونده ۔
کلنا (ف) خرزہرہ (کنیر) ۔
کُلبنک ۔ ملاگیر (صندل زرد) ۔
گُلنتا (ہ) ستاور کی ایک قسم ہے ۔
کلنجا }
کلنجک } (ف) کیکڑا ۔
کلنجرامے (ف) کیکڑا یا انگور کی ایک قسم ہے ۔
کُلنگ (ہ) بڑا مرغا یا کنج ۔
کلنلک (ف) تخم خرفہ ۔
کلنکاچ (س) کاکڑا سینگی ۔
کُلنگرہ (س) تربوز ۔
کلنلک (ف) تخم خربزہ ۔
کلنگی (س) اندرجو شیریں ۔
کلو (ف) شیرمال ۔
کلورائیڈ آف ایمونیا (ان) نوشادر ۔
کلوا (س) کمود ۔
کلون (ان) ثمر قرنفل (لونگ) ۔
کلوکرانک (س) ترامان ۔
کلورائڈ آف سوڈیم (ان) نمک ۔
کلونجی (ہ) عربی میں حبۃ السوداء، سویداء، کمودان، کمون ہندی، ترکی میں قرا چورک اوتی، فارسی میں شونیز، شونوز، سنسکرت میں کالا

جاجی، ہندی میں کلونجی، مگریل، اور لاطینی میں نِگیلا اسٹی وا کہتے ہیں ۔ (سیاہ رنگ کی مشہور تخم ہیں) ۔
کلوندا (س) گھیکوار ۔
کلوا (ف) ملوک ۔
کلوخ (ف) امرود ۔
کلوط ۔ باقلائے ہندی ۔
کلوندہ (بہاری) ایک ہندی درخت کا ترش پھل ہے جس کا اکثر اچار بنتا ہے ۔
کلوی ۔ کرونده ۔
کُلہ (ف) انجیر آدم ۔ سُسری ۔
کُلہاری (س) لانگلی ۔
کَلَدھا (س) کلونجی ۔
کلمپات (س) ایک قسم کے سیاہ سرخی مائل پتے ہیں جو نیپال سے لائے جاتے ہیں ۔
کلیما (رو) کرش ۔
کُلیا (ف) اشخار (سجی) ۔
کُلیا (تر) دریو منتی ۔
کلی (ہ) غنچہ ۔ کانجی ۔
کلیان کاتہ (ہ) ایک خاردار بوٹی ہے جو ایک ہاتھ تک اونچی ہوتی ہے۔ اس کے کانٹے سخت ہوتے ہیں صوبہ بنگال کے اضلاع بردوان و میدناپور میں کثیر الوجود ہے ۔
کُلیانی }
کُلیانیس } (یو) بہروزہ، اشق ۔
کُلیشتبا }
کلیسپا } (س) ملکو کا درخت ۔
کلیتنی کہا (س) پرشپرنی ۔

کلیجا } (ہ) جگر ۔
کلیجی }

کلیجن (ہ) خولنجان ۔

کلیجید د نیون (رو) زرد چوب، یا ممیران سفید ۔

کلید رمہ (س) ہڑ ۔

کلی راج (س) کاکڑا سینگی ۔

کلیرفائیڈ ھنی (ان) شہد صاف کیا ہوا ۔

کلیزا (ف) تتیہ ۔

کلیزدان (ف) تتیوں کا چھتہ ۔

کلیسر (ہ) کالیسر ۔

کلیسریزہ (فرنگی) اصل السوس ۔

کلیس (مازندران) اجری ۔

گلیس (ف) زرد آلو، آلو ۔

کلیکان کلیسہ ۔ طرخون ۔

کلیک (تلنگی) دیک ۔

کلی کٹی ۔ ماڈل ۔

کلیکرون ۔ بستانی رائی، جرجیر ۔

کلینجوا ۔ جھاپل ۔

کلیل المکانی (مُعَر) اکلیل الملک ۔

کلیم ۔ کرونده ۔

کلیندا (ہ) تربوز ۔

کلیواز } (ف) غلیواز (چیل) ۔
کلیواج }

کلیۃ (ع) گردہ ۔

کم (ف) تناد کا درخت ۔

کما ۔ بسباسہ (جاوتری) ۔

کماۃ (ع یا ہ) فطر یا فطر کی ایک قسم ہے ۔

کُماۃ (ف) ہینگ کا درخت ۔

کماۃ (مُعَر) بادآورد ۔

کماحہ (ع) کھجور کا خوشہ یا گیہوں کے خوشہ کا غلاف ۔

کمادریوس (معرب یا رو) بلوط الارض یا منڈی ۔

کمارو (ہ) مومیائی ۔

کماریکا (س) گھیکوار ۔

کماشیر (ف) ایک قسم کا گوند ہے جو جاوشیر سے مشابہ ہوتا ہے، عربی میں قماشیر کہتے ہیں ۔

کماقیطوس (یو) الگرونده ۔

کمالا (لا) کنبیل (کمیلا) ۔

کمالاون }
کمالیہ } (یو) مازریون ۔
کمالیون }

کمبلیان (رو) سنگدان ۔

کمبو (س) اشنکھ

کمپلک (س) ریچکی ۔

کمبھا بھیدنی (س) ترمری ۔

کمبھایونی (س) تماکو کی ایک قسم ہے ۔

کمبھالی } (ہ) ایک بوٹی ہے جو ایک گز دو گز تک بلند
کمبھاری }

ہوتی ہے اور پہاڑوں جنگلوں میں پیدا ہوتی ہے، شاخیں پہلو دار، گرہ دار سرخ مائل بہ سیاہی ہوتی ہیں۔ پتے چوڑے نوکدار اور دنبالے دار ہوتے ہیں۔ لیکن دنبالے کی طرف سے کٹے ہوئے اور باریک کنگرے دار ہوتے

ہیں پھل گول ہوتا ہے جو پختہ ہو کر سیاہ رنگ ہو جاتا ہے۔

کمتہ (ہ) پچھوا۔

کُمَّثری (ع) ناشپاتی۔

کُمَّثری حامض (ع) کھٹی ناشپاتی۔

کُمَّثری بری (ع) جنگلی ناشپاتی۔

کُمَّثری جبلی (ع) پہاڑی ناشپاتی۔

کمجاین (ہ) زہر کی ایک قسم ہے۔

کمجہ (لغت ترنی) ٹڈی۔

گمچی (دکن) گھنگچی۔

کُموُنِ کھرا (ف) ایک قسم کا پودا ہے جو سرد کوہستانوں میں پیدا ہوتا ہے۔

کمر بندی (س) ایک قسم کا پودا ہے جس کے پتے بابچی جیسے ہوتے ہیں۔ تخم باریک سفید مثل تخم خشخاش اور جز شربد کے مشابہ ہوتی ہے۔

کمرکھ } کمرک } (ہ) سنسکرت میں کرم رنگ، بنگالی میں کام رانگا، مرہٹی میں کرمر، انگریزی میں کرمبولا کہتے ہیں۔ مشہور پھل ہے، بعض پھل چار بعض پانچ دھار پہلو رکھتا ہے، حالت خامی میں سبز اور پختہ ہونے پر زرد ہو جاتا ہے، ذائقہ ترش و شیریں ہوتا ہے۔

کمرکس (ہ) گوند ڈھاک (چنیا گوند)۔

گمڑی (ہ) کدوئے شیریں۔

کمکام (ع یا قبطی) درخت ضرو کا گوند یا چھلکا، یا درخت ضرو۔

کُمک - بہری (ایک پرندہ ہے)۔

کمکشت (س) ایک ہندی دوا ہے۔

جو گیہوں کی قسم سے معلوم ہوتی ہے۔

کُم کُم (س) کیسر، زعفران۔

کملا (ہ) ایک سیاہ قسم کا کیڑا ہے۔

کملاون (رو) کا شم۔

کمتک پنڈی (ہ) ایک ہندی نبات ہے، اس کا پھل املتاس کی پھلی کے مانند لمبا ہوتا ہے۔

کمود (ہ) نیلوفر۔

کمُون (ع) زیرہ۔

کمُونِ اخضر (ع) زیرہ شامی یا زیرہ نبطی۔

کمُونِ ارمنی } کمُونِ رومی } (ع) کرویا۔

کمُونِ اسود (ع) زیرہ کرمانی۔ زیرہ سیاہ۔

کمُونِ اصفر (ع) زیرہ فارسی۔

کمُونِ حبشی (ع) سیاہ جنگلی زیرہ۔

کمُونِ حلو (ع) انیسون۔

کمُونِ شامی (ع) زیرہ سبز۔

کمُونِ فارسی (ع) زرد زیرہ۔

کمُونِ کرمانی (ع) سیاہ زیرہ۔

کمُونِ ملوکی (ع) نانخواہ (اجوائن)۔

کمُونِ نبطی (ع) سفید زیرہ۔

کمُونِ ہندی (ع) شونیز، کلونجی۔

کمُونی (ع) ایک جوارش ہے جس میں زیرہ ڈالا جاتا ہے۔

گمُونی } گمُوھی } (ہ) مکوہ۔

کمہ (ع) کھمبی۔

کَمہ (ع) کماۃ (کھمبی)۔

کُمہ / کُماۃ } (ع) قزاح ۔

کِمھار (ہ) تخم انجرہ (اٹنگن)۔

کَمھل (ع) کپاس ۔

کُمیت (ع) شراب جو سیاہ و سُرخ ہو اسی رنگ کے گھوڑے کو بھی کہتے ہیں ۔

کِمیداس (فرنگی) کماذریوس ۔

کِمیز (ف) پیشاب ۔

کُمیش (تر) چاندی ۔

کمیلہ (ہ) عربی میں قنبیل، فارسی میں کنبیلا، سنسکرت میں کامپل، بنگالی میں کملا گُنڈی، مرہٹی میں کپلا، گجراتی میں کپلو، انگریزی میں کمیلا، لاطینی میں گلینڈ یولی راٹ لیری کہتے ہیں: (کمیلا سُرخ رنگ کا سفوف ہے جو ایک پہاڑی درخت کے پھول پر گرد و غبار کے مانند لگا ہوتا ہے، بقول صاحب محیط یہ سُرخ سفوف جھاڑنے کے بعد جو تخم باقی رہتے ہیں وہی برنگ کابلی کہلاتے ہیں)۔

کُمینڈہ (ہ) پڑوبہ (پیٹھا)۔

کنا (زند) مچھلی ۔

کُناد (ف) ورشان (ایک پرندہ ہے)۔

کُنادر (ع) گدھا ۔

کُنار (ف) بیر (کی قسم ہوتا ہے)۔

کُناری (س) جھڑبیری ۔

کُناغ (ف) ریشم ۔

کُنالہ (ہ) سکبینج

کِنب (ف) بھنگ ۔

کنانی (س) سیندھی ۔

کنب / کنبیرہ } (ف) کھیرے کی ایک قسم ہے

کنب بید جنگلی بید کا پھل جو اس کی شاخوں میں گچھوں کے مانند لگتا ہے ۔

کنبار (ع) ناریل کے ریشوں کی رسی ۔

کنبھار / کنبھاری / کنبھیری } سنسکرت میں گنبھاری، بنگالی میں گامبھاری، گابھار، مرہٹی و گجراتی میں شیون، تیلنگی میں سالا گنبھٹی چیٹو کہتے ہیں (ایک درخت ہے، اس کی چھال سفید رنگ کی ہوتی ہے اور اس سے دودھ نکلتا ہے)۔

کنبھیکا (س) ارنی ۔

کنبیل (ہ) کیلہ ۔

کُنت (ف) شہد کی مکھی ۔

کُنتاہرا (س) کنول کی ایک قسم ہے

کنتاسیلو (س) پیا بانسہ ۔

کنٹ پھل (س) گوکھرو ۔

کنٹی پچل (س) درخت بنومان ۔

کنٹکاری (س) کٹائی خورد ۔

کنٹکی اچھورہ (س) گوکھرو

کنٹیشلا (س) منسل ۔

کنٹک پھل (س) لگچ ۔

کنٹکی (س) (۱) ملوملما (۲) درخت اُپّی سفید ۔

کنٹلخد (س) اندھا ہولی ۔

کنٹکیشوک (س) درخت پارجات ۔

کنٹکیئین (س) کٹائی خرد ۔

کنتو تخم بیدانجیر (تخم ارنڈ)۔

کنتول (ہ) اذخر ۔

کُنج (ف) افقط (پنیر)

کُنج (ہ) عین الدیک، گھنگچی، کلنگ ۔

کُنجار (ف) تل ۔

کُنجارہ (ف) کھلی، کھل ۔

کُنجال (ہ) سوار ۔

کُنجائی ۔ گانجا ۔

کُنجد (ف) تل ۔

کُنجدلک / کُنجدہ } (ف) (۱) اخروٹ (۲) بادزہر ۔

کُنجر (ف) عرشعت ۔

کُنجرف (ف) کنگرزرد ۔

کُنجر (ہ) ہاتھی ۔

کنجرا (س) آپٹا ۔

کُنجراچھی (س) کرنجوا ۔

کُنجرارہ / کُنجربیس } (ع) کنگرزرد ۔

کُنجشک (ف) چڑیا (مشہور پرندہ ہے) ۔

کُنجک (ف) دیوار ۔

کُنجلک ۔ کنول کے پھول کی زردی ۔

کُنجو ۔ کانسہ ۔

کنجورس (یو) جاورس (باجرہ) ۔

کنجوریا (یو) جنگلی کاسنی ۔

کُنجین (ہ) (جنج گنج) کلنگ ۔

کُند (ہ) جنگلی رائے بیل ۔

کنداُ (بہاری) پنڈالو، کچالو، بنڈہ ۔

کُنڈاپنڈی (ہ) پتھرپھوڑی ۔

کُنداراہ (ع) ایک قسم کی پھل ہے جس کو سنام کہتے ہیں ۔

گُنڈاماوٹی (ہ) امرٹہ ۔

گُنڈاپنڈی (ہ) آٹا ۔

کُندر (ف یا ع) عربی میں شیح، لبان، ہندی میں کندرو گوند، سنسکرت میں کندرک، انگریزی میں اُلبنم کہتے ہیں (ایک قسم کا گوند ہے)

کُندرڈولی (ہ) ایک قسم کی ہندی گھاس ہے ۔

کُندرومی (ف) مصطگی ۔

کُندرس / کُندروس } خندروس ۔

کُندرشک / کُندرش } کندر یا ایک اور دوا ہے ۔

کُندرو / کُندرک } (س) کندر ۔

کُندرونی (س) درخت اندگو کلان ۔

کُندرہا (س) بیخ نوبیز ۔

کُندری (ہ) ایک پودا ہے گاجر کے پودے جیسا ۔

کُندس / کُندش / کُندشہ } (ف) اس کو بیخ گاذران اور کندشہ بھی کہتے ہیں (یہ ایک نبات کی جڑ ہے اس کو نکچھکنی کہنا درست نہیں ہے، نکچھکنی ایک چھوٹی بوٹی ہے جو ہندوستان میں بکثرت پیدا ہوتی ہے، کندش کی ماہیت جو طبی کتابوں میں لکھی ہے وہ نکچھکنی کے خلاف ہے) ۔

کُندس دراز (ع) عود العطاس ۔

کُندل (ہ) سنبیج ۔

کُندل سفری (ہ) اناناس ۔

کُندلنی (س) گلوی ۔

کندلی د اسا (س) کچنال ۔

کندلی د بولا (س) درخت سفیدا پلی ۔

کندم (س) لوبا ۔

کُندَمامِڑی (س) امڑہ ۔

کُندورا (س) چھوٹا کونچ ۔

کُندوری (ہ) ایک ہندی پھل ہے بلو جیسا جو حالت خامی میں سبز اور پکنے پر نہایت سُرخ ہوتا ہے، اس کی بیل ہوتی ہے ۔

کنست
کنستو
کنستوالت } (ف) اشنان ۔

کنس گڈھ (ہ) رتالو ۔

کنشتو
کنشو } (ف) غورہ ۔

کنطنی (ر) جنطیانا دیکھان بیہ ۔

کنعد (ع) مچھلی کی ایک قسم ہے ۔

کن فیکشن آف روزیز (ا) گلقند ۔

کُنک (ف) خوشہ خرما ۔

کنک (س) گیہوں، دھتورہ ۔

کنکا (ہ) بگلا ۔

کنکارادی (س) پلاس و پیل ۔

کنکپو بھا (س) ہرتال ۔

کنکُس (ف) اُلّو، بادآورد ۔

کنکر (ہ) حرشف ۔

کنکرزد
کنکری } (ف) حرشف کا گوند ۔

کنکرخر (ف) بادآورد ۔

کنکر سفید (ف) بادآورد ۔

کُنگرکیتومن (ان) نانخواہ (اجوائن) ۔

کنکشاتو (س) جنگلی کریلا ۔

کنکم (س) زعفران ۔

کنگنی (ہ) مشہور غلہ ہے جس کا دانہ باجرہ سے چھوٹا زرد رنگ ہوتا ہے ۔

کنگنی پھل (س) درخت سرس ۔

کنگنی پیتا (س) مالکنگنی ۔

کنگوٹی (س) جنگلی ملہل کی ایک قسم ہے ۔

کنکا (س) کنگنی ۔

کنگوکا (س) کنگنی ۔

کنگوا (ہ) ساگ کوا۔ ایک بوٹی ہے جس کی شاخیں گرہ دار اور پتے مثل بارتنگ کے لیکن اس سے چھوٹے ہوتے ہیں۔ پھول لاجوردی خوش منظر شکل کلاہ نکلتا ہے۔ ایک دوسری قسم ہے اس کے پتے مثل کوے کی چونچ کے اور سرخی مائل ہوتے ہیں۔ پھول سرخ ہوتا ہے۔ اس کا ساگ بنایا جاتا ہے ۔

کنگول (ہ) گول مرچ کے مانند ایک دانہ ہے ۔

کنکھجورا (ہ) ہزار پا مشہور ہے ۔

کنگھی (ہ) ایک ہندی بوٹی ہے، اس کو درخت شانہ بھی کہتے ہیں۔ ایک گز تک بلند ہوتا ہے، اس کو پھل دندانہ دار گول لگتا ہے، پتے توت کے پتوں سے مشابہ ہوتے ہیں ۔

کنکھوجرا (بہار) کنکھجورا ۔

کنمو
کنمِین } (س) کدم ۔

کنور (ف) بھنگ، تیندھی، پتری ٭
کنوار (ہ) گھیکوار ٭
کنوار گنی (ہ) پلاس کا گوند ٭
کنوچہ ۔ مرو ٭
کنودان }
کنودانہ } (ف) شہدانج ٭
کنوس طبری (طبرستان) زعرور کی ایک بڑی قسم ہے ٭
کنوس طبری ۔ زعرور کی قسم ہے ٭
کنول (ہ) ایک مشہور پھول ہے جو تالابوں میں ہوتا ہے ٭
کنول گٹہ (ہ) کنول کا تخم ہے، جنگلی بیر کے برابر سیاہ رنگ کا ہوتا ہے۔ اور اسکے اندر سے سفید مغز نکلتا ہے ٭
کنول نیلی (س) کمود ٭
کنولہ (ہ) سنگترہ کی قسم سے ایک پھل ہے ٭
کنومول (س) مدنپل ٭
کنہ (ف) چچڑی ٭
کنہ کنہ (ف) انگریزی میں کونین کہتے ہیں۔ (یہ درخت بارک یا سنکونا بارک کا جوہر ہے) ٭
کنہان }(معرب کوہان فارسی) ایک
کوہان } قسم کا پودا ہے۔ یا انبلی ٭
کنہیا (س) گھیکوار ٭
کنہیا گوپی (س) بیج گوڑپالا ٭
کنیئو (ہ) عربی میں دفلی، سم الحمار، فارسی میں خرزہرہ، خون زہرہ، پشتو میں بیکنڑ، سنسکرت میں کرویر کہتے ہیں (مشہور درخت ہے زہریلا ہوتا ہے) ٭

کنیزیم کمیون (لا) درخت حب المنشم
کنیلما یا ای گڑ ھدس ہولی سفید
کود (ف) گل طعام ٭
کوا (ہ) عربی میں غراب، فارسی میں زاغ سنسکرت میں کاگ، انگریزی میں کراؤ کہتے ہیں ٭
کوا ڈوڑیا ای (ہ) حب النیل (کالادانہ)
کوار ۔ گندنا ٭
کوار چکنہ (ہ) حب فلفل ٭
کوا ساگ (ہ) بقلۃ الغراب (مثل گھاس کے گرہ دار روئیدگی ہے جو آدھ گز تک دراز ہوتی ہے۔ اس کی گرہوں سے ریشے نکلتے ہیں۔ اکثر نمناک جگہ میں پیدا ہوتی ہے اور پتے بارتنگ کے پتوں سے مشابہ لیکن اس سے چھوٹے ہوتے ہیں، پھول ایک کلاہ نما پردہ سے نکلتا ہے جو نہایت خوش منظر اور لاجوردی رنگ ہوتا ہے۔ اس کی ایک قسم کے پتے بعینہ کوے کی چونچ سے مشابہ ہوتے ہیں۔ دیہاتی اس کا ساگ پکا کر کھاتے ہیں ٭
کواجی (س) لکڑی ٭
کوال ۔ سور ٭
کوالف ۔ باد آورد ٭
کوبدارا (س) کچنار کی ایک قسم ہے
کوبر کسو (لاطینی) کن سنا ٭
کوبل ۔ بابونہ کی ایک قسم ہے ٭
کوبل کٹہری (ہ) نیلوفر ٭
کوپل (ہ) سپاری ٭

کوت ۔ صندل ۔

کوترو برماده (ہ) ایک بیلدار بوٹی ہے اس کے پتے توری کے پتوں سے مشابہ لیکن اس سے چھوٹے ہوتے ہیں پھل گول چھوٹا بڑ کے پھل سے مشابہ ہوتا ہے ۔

کوٹھ / کوٹ } (ہ) عربی میں قسط، فارسی میں کوشنہ سنسکرت کشٹھ کہتے ہیں (ایک بوٹی کی جڑ ہے) ۔

کوتاکنبہا (فرنگی) فرفیران ۔

کوج (ف) گوند ۔

کوچ (س) پہاڑنگ ۔

کوجا (ہ) سیلو مٹی ۔

کوچلٹ (لا) ربڑ ۔

کوچندن (ہ) چندن کی ایک قسم ہے

کوجیونہان (س) برنکا ۔

کوجی نیل (ان) قرمزدانہ ۔

کوخرا ۔ گدھا ۔

کوخلن ۔ سرمہ ۔

کوخلیسا (ٹر) کرنب ۔

کوداب / کوشاب } (ف) انگور کا پانی ۔

کودو (ہ) ایک قسم کا اناج ہے جس کو گنوار لوگ کھاتے ہیں ۔

کودھا سگندھا (س) ببول ۔

کودھا (س) گھوڑ بھوڑہ ۔

کور (ف) خرنوب شامی یا عقل الیہود ۔

کوتر (ف) کرنب ۔

کورکورہ (شیرازی) حلاۃ (چیل) ۔

کورالنحل (ع) شہد کی مکھی کا چھال ۔

گورہنک (س) آنولہ ۔

گورچ شیرشش (س) جیوک ۔

گورچ کنیسا (س) ناریل ۔

گورکھ ککڑی (ہ) بڑا کھیرا ۔

گورمراج (س) پچھوا ۔

گورنڈا (س) چکرن ۔

گورنڈا (س) ارنڈ ۔

گورنگا (س) آنولہ ۔

گوراچھد سارہ (س) جنگلی گولر ۔

گوری اینڈ فروٹ (ان) تخم دھنیا ۔

گوریواس (س) ہوا ۔

گوری شرولہ (بربری) لال ساگ

گوڑری (ہ) خربزہ ۔

گوز (ف) سرخ زعرور ۔

گوزا ۔ کوجا ۔

گوزرہ / گوزک } (ف) شامی خرنوب کا پھل ہے ۔

گوزک (ف) غورہ ۔

گوزگیاہ (ف) کبر کا پودا ۔ اذخر ۔

گوسج (ع) ایک قسم کا دریائی جانور ہے جو انسان پر سوار ہوجاتا ہے ۔

گوسلخ (ف) جرجیر، باقلا ۔

گوشبل (تن، ویم) ایک پودا ہے جس کے پتے نارنج کے پتوں جیسے ہوتے ہیں ۔

گوشاتکی (س) توری ۔

گوشامل (س) پہاڑی آم ۔

گوش پھل (س) توری ۔

گوشتا (س) کالیسر ۔

گوشٹا پچھا (س) کولپنا ۔
گوشٹھہ (س) کوٹھہ ۔
گوشنک (س) گوگل ۔
گوشما نڈکی (س) کدوے خشک ۔
گوشو ٹیلم (س) ماج پتری ۔
گوشوپم (س) املتاس ۔
گوشگندہ (س) مستی مشک بلی ۔
گوشاد (ف) جنگلیانا ۔
گوشتک (س) پلاس پیپل ۔
گوشتہ (ف) قسط ۔
گوف ۔ آلو ۔
گوفلن ۔ سرمہ ۔
گوکامندی (ہ) خصیۃ الثعلب (ثعلب مصری) ۔
گوک (سمرقندی) کاہو ۔
گوکافیلوس / گوکامیلوس (سر) آلو بخارا ۔
گوکب (ع) ابرک ۔
گوباراغا / گوباراغانا (سر) ابرک ۔
کوکب الارض (ع) ابرک یا گل قیمو لیا یا سراج القطرب ۔
کوکب شاموس (ع) گل شاموس یا اس کی قسم ہے ۔
کوکب قیمولیا (ع) گل قیمولیا ۔
گوکج (ہ) پھل کی ایک قسم ہے ۔
گوکر (ہ) کتا ۔
گوکرا (ہ) مرغا ۔
گوکر بھنگرہ / گوکر چھندی (ہ) بعض کے نزدیک بھنگرہ کی قسم ہے اور بعض لکھرونده کو کہتے ہیں ۔
گوکر چھندہ (ہ) لکھرونده ۔
گوکر چین (ش) کبوتر ۔
گوکفری (سر) چوہا ۔
گوکرش اندی کربیس (فرنگی) نارجیل ۔
گوکر بیٹی سیمبنا پڑے پر بیٹا (لا) تخم کدوے شیریں ۔
گوکس (لا) قرمز ۔
گوکروندہ (ہ) لکھرونده ۔
گوکلا (ہ) ایک پرندہ ہے ۔
گوکلہ (ہ) ہدہد ۔
گوکن ۔ کوکنک / گوکوا ۔ کوکہ ۔ کوک } چغد ۔
گوکنار (ف) خشخاش کا چھلکا (ڈوڈہ خشخاش) ۔
گوکنجشٹ (س) بہاہ کنول ۔
گوکو (ف) فاختہ ، خاگینہ ۔
گوکنی (ہ) بستان افروز ۔
گوکندم پشپی (س) سرخ کنول کا پھول ۔
گوکوکورہ (ہ) انبارہ ۔
گوکھمانڈ (س) پیٹھہ ۔
گوگین (ان) ایک درخت کے پتوں کا جوہر ہے ، جس کا لاطینی نام کوکا ہے (مشہور مخدر دوا ہے) ۔
گول (ہ) کنول ۔
گولان (ع) نراسل کی ایک قسم ہے ۔
گول پالا (ہ) ایک قسم کا پودا ہے جس کے

پتے پان کے پتوں جیسے ہوتے ہیں، پھول شکل آکھ کے گچھوں میں لگتے ہیں۔ اس کے پھول کو پالا پھول کہتے ہیں ۔

گول پھل (س) درخت لنگر پنڈی کا پھل

گولسہ (س) تالمکھانہ ۔

گولمبداری (س) بیر ۔

گولمول (س) پیپلا مول ۔

گولناما (س) پیپل ۔

گول سنیب (س) سنیب کی ایک قسم ہے ۔

گول گٹہ (ہ) کنول گٹہ ۔

گولو / گولوی } (ہ) تخم السی ۔

گولولی (س) راسنا خرد ۔

گولہ (ف) ساری ۔

گولہ (ہ) کنولہ ۔

گولہ پر۔ تخم انجدان ۔

گولنغا (سُر) اس ۔

گولی کاندہ (ہ) عنصل (جنگلی پیاز) ۔

گولوغوراس (رو) آبکامہ (کانجی) ۔

گوم (ف) انجدان ۔

گوہرا (ژند) ناشپاتی ۔

گوموش (تر) چاندی ۔

گومہ۔ آبکامہ کی ایک قسم ہے ۔

گومی (سُر) باقلا ۔

گومینون (یو) زیرہ ۔

گون (ع) قتاد، کتیرا ۔

گون (ہ) گوکرن (ایک جنگلی جانور ہے) ۔

گونائم (لا) شوکران ۔

گونپل (ہ) نئے اُگے ہوئے پتے ۔

گونج (ف) شونیز (کلونجی) ۔

گونج (ہ) کلنگ ۔

گونچ / گونچہ } (ہ) بیلدار بوٹی ہے پتے گلو کے پتوں سے مشابہ اور پھلی شکل بندر کے روئیں کے ہوتی ہے، اس روئیں کے بدن پر اڑ کر لگنے سے خارش شدید ہوتی ہے، پھلی کے اندر چمکدار مائل بہ سیاہی اور سخت تخم ہوتے ہیں جو تخم لوبیا سے مشابہ لیکن اس سے بڑے ہوتے ہیں۔ اس کے اندر سے سفید مغز نکلتا ہے جو دواؤں میں عام طور پر استعمال کیا جاتا ہے ۔

گونچہ۔ کیچ ۔

گونڈا (س) پیٹھہ ۔

گونڈنیا (س) کمہا ۔

گونکلوس (فرنگی) لوف ۔

گونلہ (ہ) کنولہ ۔

گونہان (دہلی) کنہان ۔

گونہڑہ (بہاری) سیتا پھل، میٹھا کدو ۔

گونہ (ہ) ارجن روکھ ۔

گونیت (ان) فارسی میں کنہ کنہ کہتے ہیں ۔

گوئو (ہ) ایک قسم کا درخت ہے جو کشمیر میں پیدا ہوتا ہے ۔

گووداسر (س) بچنال ۔

گوہ کوک (ف) کبک دری ۔

گولاغلطان (ف) خنفسا ۔

گوہلہ (ف) اقحوان (بابونہ گاؤ) ۔

گوہنج (ف) زعرور ۔

گوھنج (ہ) درخت عوسج ۔

گوھی } (ف) زعرور جبلی ۔
گوھیچ }

گوٹ سلوسرا (ان) پارہ ۔

گوٹ لائم (ان) چونہ ۔

گوٹس سیڈس (ان) بہہ دانہ ۔

گوبیٹ (ہ) کیت (کیتھ) ۔

گویچ } (ف) سرخ بستانی زعرور ۔
گوبز }

گویژ (ف) زعرور ۔

گوئیری (ہ) سیم کے مانند پھلی ہے اسی کے مانند اس کی بوٹی ہوتی ہے ۔

گوئیل (ہ) سیاہ رنگ کا مشہور خوش آواز پرندہ ہے اس کو کوکل۔ اور کوبت بھی کہتے ہیں ۔

گوئیلاس (ہ) کوئل ۔

گوئیلہ (ہ) تخم (ع) انگشت (ف) کول (ان) ۔

کھاپریا (ہ) کھپریا (سنگ بصری) ۔

کھارا (ہ) کھارا اس نمک کو کہتے ہیں، جو کسی چیز کو جلا کر اس کی راکھ سے حاصل کیا جاتا ہے ۔

کھارک (ہ) خرما ۔

کھاری لون (ہ) نمک کی ایک قسم ہے

کھال (ہ) عربی میں جلد، فارسی میں پوست، انگریزی میں اسکن، سنسکرت میں توچا کہتے ہیں ۔

کھانڈ کھولی (ہ) ایک قسم کا پودا ہے

کھانڈ (ہ) شکر سفید ۔

کھانکر (ہ) پلاس ۔

کھپریا (ہ) سنگ بصری ۔

کھٹہ (ہ) لیموں کی قسم ہے لیموں سے بڑا ہوتا ہے ۔

کھٹک بڑھیا } (ہ) ہدہد مرغ
کھٹکٹ بڑھئی } سلیمان ۔

کھٹلی (س) (۱) حب النیل (۲) درخت گل چاندنی ۔

کھٹوا (ہ) پوئی ۔

کھٹمل (ہ) مشہور موذی جانور ہے جو چارپائیوں میں پیدا ہو جاتا ہے۔ عربی میں فسافس حمیرا رضیع، فارسی میں ساس شب گز، سرخک، انگریزی میں بگ کہتے ہیں ۔

کھٹوانگا (س) پوئی ۔

کھچڑی (ہ) مشہور غذا ہے ۔

کھجورا (ہ) مشہور پھل ہے ۔

کھجور کا رس (ہ) نبیذ التمر ۔

کھجور کا گابھا (ہ) جمار النخل ۔

کھجور کا پھول (ہ) طلع النخل ۔

کھجوری (ہ) سیاہ موسلی ۔

کھدرا (س) کھیر ۔

کھدراولیپی (س) درخت سکرن ۔

کھدل (ع) لکڑی ۔

کھلیتا (س) گل چاندنی۔ گل کالا دانہ ۔

کھدیروشترا (س) تلوک ۔

کھرا (ہ) خرگوش ۔

کھر (ہ) ظلف (گائے بھینس، بیل وغیرہ جانوروں کے پاؤں کا زیریں سخت حصہ جو دو

حصوں میں چھا ہوا ہوتا ہے جو گھر چرے جو
نہیں ہوتے اُن کو سم کہتے ہیں۔ مثلاً گھوڑے
کے سُم۔ خچر کے سُم ۔

کَھرُ بَا (ف) مشہور دوا ہے جو ایک درخت
کا گوند ہوتا ہے ۔

کُھرپَتر }
کُھربُرش } (س) مروا ۔

کَھرپتریکا (س) بڑ نکا، پت پاپڑہ ۔

کَھرپُسپا (س) دیوانہ ٹھیل ۔

کَھربُوجہ (ہ) خربوزہ ۔

کھرتوہ (ہ) یہ لفظ علاج الامراض میں
مذکور ہے۔ لیکن پتہ نہیں چلا کہ کیا چیز ہے؟ ۔

کَھرجور (س) کھجور ۔

کَھرچھدلا (س) ساگون ۔

کَھرسَتو (س) دوب سیاہ ۔

کَھرسَنبَل (ہ) سیم کی قسم سے پھلی
ہے، اسی کے مانند بیل ہوتی ہے ۔

کَھرسِ کَنکُو (س) چرچٹی ۔

کَھرمکوڑا (ہ) ایک نبات ہے جس کے
تخم سُرخ رنگ رائی کے برابر ہوتے ہیں ۔

کَھرمنجَری (س) چرچٹہ ۔

کَھرنکا (س) گوکھرو ۔

کِھرنی (ہ) مشہور پھل ہے، اس کا بڑا
درخت ہوتا ہے ۔

کَھراُولی (ہ) مرکب گولیوں کا نام ہے، جو
خوشبو کے دہن کے واسطے بنا کر استعمال
کی جاتی ہیں ۔

کَھرہ (ہ) جدی، بھیڑ کا بچہ

کَھرھٹی (ہ) مشہور بوٹی ہے ۔

کھرھن۔ جنگلی بیگن کی ایک قسم ہے ۔

کَھرَی (ہ) کھریا ۔

کَھریا (ہ) عربی میں قیمولیا، طین الرخام،
فارسی میں گل قیمولیا کہتے ہیں۔ سفید رنگ
کی مشہور مٹی ہے ۔

کھرک }
کھرل } (ف) جڑ چیر ۔

کِھسَاری (ہواری) چوتھی مٹر ۔

کہسرادن۔ زعفران ۔

کَھکُناندک (س) چاول کی ایک
قسم ہے ۔

کہلت }
کہلما } (ف) بیگن ۔

کَھکربیل (ہ) بندال ۔

کَہَل (ہ) ایک مفروش بوٹی ہے جو نمناک
زمین پر پیدا ہوتی ہے، پتے برگ ریحان
کے مانند لیکن ان سے چھوٹے اور بغیر کنگروں
کے ہوتے ہیں۔ دانہ خشخاش کے مانند سفید
دانوں کے گچھے لگتے ہیں۔ جڑ سفید ہوتی ہے۔
(بعض پتھر پھوڑی کی قسم کہتے ہیں) ۔

کہلوت (ہ) بالائے ہندی ۔

کہلا۔ شنجار (رتن جوت) ۔

کَھلی }
کَھل } (ہ) تل، سرسوں وغیرہ کا ثفل جو
تیل نکالنے کے بعد باقی رہتا ہے ۔

کھلوری (ہ) کھرلی ۔

کُھنبی (ہ) بھوچھیز بوٹی ہے جو کہ موسم
برسات میں زمین پھوڑ کر چھتری کے مانند پیدا
ہوتی ہے یہ کئی قسم کی ہوتی ہے ۔

کھنجن (ہ) سحرہ ۔

کھنڈا (س) پیٹھہ ۔

کھنڈالون (س) پڑا لون ۔

کھنڈ رِچ (ہ) ایک قسم کا پرندہ ہے ۔

کھنڈستان (س) شکر سفید ۔

کھنڈوکن (س) پنچکول اور سیاہ مرچ کے مجموعہ کو کہتے ہیں ۔

کھنسارا (س) کیوڑہ ۔

کھنس کند (س) امرہ ۔

کھنشورہم (س) لوہ۔ لوہا ۔

کھنگالی (ہ) بسفائج ۔

کھنمول (س) گنّہ ۔

کھنم (س) لوہا، فولاد ۔

کھوپرا (ہ) ناریل ۔

کہُو (ہ) کاہو ۔

کھولامالجی (ہ) سلو ۔

کھیانا (سُر) عود صلیب ۔

کھیر
کھین } (ف) زعرور ۔

کھیر (ہ) مشہور غذا ہے۔ جو دودھ میں چاول پکا کر بناتے ہیں ۔

کھیر (ہ) کیکر کے مانند خاردار درخت ہوتا ہے۔ اسی کی لکڑی سے کتھ بنایا جاتا ہے ۔

کھیرا (ہ) خیار ۔

کھیری (بہاری) کھرنی ۔

کھیرکاکولی (ہ) کاکولی کی ایک قسم جس سے دودھ نکلتا ہے ۔

کھیرکند (ہ) شقاقل ۔

کھیرکھیپ۔ بغیر پتّوں اور پھول کے شیر دار بوٹی ہے جس کی شاخیں تھوہر کے مانند ہوتی ہیں ۔

کھیس (ہ) بہا (غلیظ دودھ جو گائے بھینس وغیرہ کے بچہ پیدا ہونے سے چار پانچ روز بعد تک ہوتا ہے) ۔

کھیلا / کھیلی (ہ) سلیخہ، یا اسی کے مانند کوئی دوسرا پوست ہے ۔

کھے (مصر) حواصل ۔

کیا (سر) نیلگوش ۔

کیا
کیہ } (سُر) مصطگی ۔

کیاواقفی (سُر) درخت غار ۔

کیاروس۔ حرشف کی ایک قسم ہے ۔

کیامطرانار (سُر) انار کی کلی جو پورے طور سے کھلی نہ ہو ۔

کیانا (ف) عناصر اربعہ (آگ، ہوا، پانی، مٹی) ۔

کیاندلک (س) آنولہ ۔

کیبا (ژند) نقرہ ۔

کیبوک (س) ابنکول ۔

کیپ سی سین (لا) جوہر مرچ سُرخ ۔

کیپ سی کم (لا) مرچ سُرخ ۔

کیپ ساقی فرکٹس (لا) مرچ سُرخ ۔

کیت (ہ) کویٹ، کبیٹ، کینت، کینتھ بھی کہتے ہیں، بنگال میں کتھ بیل کے نام سے مشہور ہے، درخت کیت کا پھل ہے جو بیل کے برابر لیکن نہایت سخت اور کھردرے پوست

والا ہوتا ہے)۔

کیت (ہ) ایک ہندی پودا ہے۔

کیتکی (س) کٹائی خرد۔

کیتکی (ہ) کیوڑہ کی چھوٹی قسم ہے۔

کیٹ (ہ) عربی میں خبث الحدید، فارسی میں چرک آہن، سنسکرت میں منڈور اور منڈورم کہتے ہیں، عموماً منور کے نام سے مشہور ہے۔

کیٹ کرم وڈی (س) بیخ باراہی کند۔

کیٹمار یک (س) ہمپاری۔

کیٹی کیٹو (ان) کات۔

کیٹوفیلا۔ بلاط۔ بلاط کا گوند۔

کیچلی (ہ) سلخ الحیہ، پوست مار (کینچلی)۔

کیچوریا (یو) جنگلی کاسنی۔

کینچوہ (ہ) عربی میں خراطین شحم الارض امعاء الارض، فارسی میں زغار، کرم گل خور و (ہ) کرم زمین کہتے ہیں۔

کیخراس (س) باجرہ۔

کیدنج (معرب) کاذی (کیوڑہ)۔

کیرا (ف) لوف۔

کیڑا (ہ) فارسی میں کرم، عربی میں دودا انگریزی میں ورم کہتے ہیں (حشرات الارض جو رینگ کر چلتے ہیں)۔

کیراتک
کیراوت } (ہ) چرائتہ۔

کیراوت تندل
کیرلا } (س) بائی برنگ۔

کیروٹ سیڈ (ان) تخم گزر۔

کیرلم (س) بائی برنگ۔

کیرم کا بیٹی کم (لا) اجوائن۔

کیرو آئی فرکٹس (لا) زیرہ سیاہ۔

کیروے فروٹ (ان) زیرہ سیاہ۔

کیری او فلم (لا) لونگ۔

کیروے (ان) کرویا۔

کیسٹر انگ (ان) جند بیدستر۔

کیروم (س) کلوا سفید۔

کیری (ہ) کچا آم۔

کیرمیشمٹ (س) چرپٹ۔

کیزیع - خیری۔

کیس (ہ) بال۔

کیسٹر آئل (ان) روغن بید انجیر (ارنڈی کا تیل)۔

کیسر (ہ) عربی میں زعفران، فارسی میں کرکیماس، لاطینی میں کروکس، انگریزی میں سیفرن، سنسکرت میں کم کم کہتے ہیں۔

کیسر آملا (س) بجورا۔

کیسر اسر باہم (ہ) نیلوفر زعفرانی۔

کیسر آہم توم (س) لونگ۔

کیسر آہم (س) ناگ کیسر۔

کیسر نجن (س) گل مہندی، بجہاہ بھنگرہ۔

کیسری
کیسری پھل } (س) بجورہ۔

کیسو
کیسو کہنہ } (بربری) جعدہ۔

کیشا نجی (س) سفیدرہ امن۔

کیشبیرو (س) چھوٹی ستاور۔

کیش منتھیک (س) (ا) موکھہ کا

کیل (ہ) کیلا ۔
کیشیا (س) خیار شنبر ۔
کیشیا پلپ (ان) مغز املتاس ۔
کیشی ائی پلپا (لا) مغز املتاس ۔
کیشیا فسچولا (لا) درخت املتاس ۔
کیشی سیتسھا (س) سیاہ سنبھالو ۔
کیطمہ ۔ سنگ نقلی ۔
کیفاد قیبرو (سُر) غاغالی (پتھر کی ایک قسم ہے) ۔
کیفا مصریا (سُر) سنگ مصری ۔
کیفا مقنیطس (سُر) مقناطیس ۔
کیفا فورا (سُر) مارقشیشا ۔
کیفا یہود بینا (سُر) حجر الیہود ۔
کیفری حصا / کیفا قیبرو } (یو) جبسین ۔
کیک (ف) پتو ۔
کیکاس (ف) کیکڑا ۔
کیکر (ہ) ببول ۔
کیکڑا (ہ) عربی میں سرطان، عقرب الماء، ابو البحر، فارسی میں خرچنگ، کیکاس، ہندی میں کینکڑا، کینگچہ، انگریزی میں کینسر کہتے ہیں ۔
کیکر کاس (ہ) اقاقیا ۔
کیکواشہ / کیکواش } حشیشۃ البراغیث یا کوئی اور پودا ہے ۔
کیکہ ۔ انڈا ۔
کیکیز / کیکیش } (ف) جرجیر ۔
کیکیشکھا (س) مورنگھی ۔

کیلانڈونیا / کیلونڈیون / کیلاڈنیا } (یو) مامیران ۔
کیل (ف) زعرور کا پھل ۔
کیلا (ہ) موز ۔
کیلانس (ف) آلو بالو ۔
کیلدارو (ف) نرگس ۔
کیلسخ (ف) زعرور کی ایک قسم ہے ۔
کیلسیائی ہائیڈراس (لا) بجھا ہوا چونہ ۔
کیلسیم ہائیڈرو آکسائیڈ (ان) بجھا ہوا چونہ ۔
کیلکس (لا) چونہ ۔
کیلنڈیولا (لا) گیندا ۔
کیلسیم (ان) چونا ۔
کیلکان ۔ گندنا کی ایک قسم ہے ۔
کیلوٹ (ہ) ایک دوا کا نام ہے ۔
کیلوٹروپس (ان) مدار (آکھ) ۔
کیلومل (ان) سیماب شیریں ۔
کیمالک (ف) ملائی ۔
کیمبوچیا (لا) فرفیران ۔
کیمفر (ان) کافور ۔
کیمفورا (لا) کافور ۔
کیمخت (ف) چمڑے کی ایک قسم ہے ۔
کیمس ۔ ذرّہ، (دلی) ۔
کیمری (ہ) پیرنی ۔
کیموس ۔ جوار ۔
کیموکیج (یو) ستو ۔
کیمومائل (ان) بابونہ ۔

کیموما ئل فلوئرس (ان) گل بابونہ۔

کین تھیرس (لا) تیلنی مکھی۔

کین تھیری ڈیز (ان) تیلنی مکھی۔

کینے بِس (لا) بھنگ۔

کینچوا (ہ) خراطین (کیچوہ)۔

کینچلی (ہ) کیچلی۔

کینکڑا (ہ) سرطان (کیکڑا)۔

کیو
کیوہ } کاہو۔

کیوان۔ زرنب (تالیسپتر)۔

کیوانچہ۔ کیلیجہ یا کوک۔

کیوبیبز (ان) کباب چینی۔

کیوپرم (لا) تانبا۔

کیوپرائی سب اکیسی ٹاس (لا) زنجار۔

کیوپرائی سلفاس (لا) توتیا اخضر (نیلا تھوتھا)۔

کیوڑا (ہ) عربی میں کدر اور کاذی کہتے ہیں، مشہور نبات ہے، اس کا پھول نہایت خوشبودار ہوتا ہے، اور اسی سے عرق اور عطر کشید کیا جاتا ہے۔

کیون بھری
کیون بھر } (ہ) جنگلی انجیر۔

کیون شوکہ (س) درخت پلاس۔

کیونلہ (بہاری) نارنگی۔

کیہ (ف) مصطگی۔

گ

گابھ (ہ) تیندو۔

گاتماترہ (ہ) گوبھی۔

گاجر (ہ) عربی میں جزر، البوقابل، فارسی میں گزر، زردک، ترکی میں ہیرکی، سنسکرت میں گرنجر، تیلنگی میں گربجن، انگریزی میں کیروٹ روٹ، لاطینی میں ڈاکس کے روٹا کہتے ہیں۔ (مشہور چیز ہے)۔

گاد (د) گوند۔

گاد (ہ) تلچھٹ۔

گارا (س) درخت جنگین۔

گارسی نیاموریلا (لا) درخت تال (اس درخت کے تنہ میں شگاف دینے سے جو زرد رنگ کا گوند نکلتا ہے، اس کو فرفیون ہندی کہتے ہیں)۔

گال (ان) مازو۔

گال بے نٹھ (لا) جاؤ شیر۔

گالا (لا) مازو۔

گالز (ان) مازو۔

گانجا (ہ) بھنگ جیسا ایک پودا ہے جو نشے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے، جو لوگ گانجے کے کھیتوں میں کام کرتے ہیں اُن کے بدن پر گانجے کی مستی لگ جاتی ہے اس کو علیحدہ کر لیتے ہیں یہی چرس کہلاتی ہے۔

گانڈا (ہ) گنا۔

گانگیا (س) موتھ کی ایک قسم ہے۔

گاؤ (ف) بیل۔ گائے۔

گاؤچشم } (ف) اقحوان ٭
گاؤ بابونہ }

گاؤد اشہو (ف) حجر البقر ٭

گاؤدانہ (ف) مطر (کرسنہ) ٭

گاؤرس (ف) باجرہ ٭

گاؤرُوهن (ہ) حجر البقر ٭

گاؤزبان (ف) ہندی میں کاٹ مانڈ عربی میں لسان الثور کہتے ہیں (ایک نبات ہے۔ اس کے پتے اور پھول مستعمل ہیں، پتے گائے کی زبان کے مانند لمبے اور پھول اودا ہوتا ہے) ٭

گاؤزکھرج (معرب گاؤزہرہ) حجر البقر ٭

گاؤکوهی (ف) بارہ سنگھا ٭

گاؤمشنک (ف) رعی الحمام ٭

گاؤمیش (ف) بھینس ٭

گاؤوحشی (ف) نیل گاؤ ٭

گامئے (ہ) مادہ دؤ (گئو) ٭

گائنوکارڈی اولیم (لا) روغن چاول موگرا ٭

گائنوکارڈ ایسڈ (ان) تیزاب چاول موگرا ٭

گاینڈی (س) درخت کھیرا ٭

گائی روهن (ہ) حجر البقر ٭

گبرولا۔ گبریلا (ہ) خنفسا ٭

گبگٹی (س) اترن ٭

گٹھلی (ہ) فارسی میں خستہ عربی میں نوات کہتے ہیں ٭

گٹھونہ (ہ) اسارون ٭

گبتی (کنٹری) طوطا ٭

گٹی (ہ) ایک درخت ہے۔ اس کے پتے برگد کے پتوں کے مانند ہوتے ہیں ٭

گج (س) ہاتھی ٭

گج (ہ) کرگس ٭

گچ (ف) چونہ ٭

گجائی (ہ) بنگر بارہ (ایک چھوٹا جانور ہے جو برسات کے موسم میں پیدا ہوتا ہے) ٭

گجبان۔ خورہ ٭

گجچریا (س) (۱) سانوہ (۲) درخت اندگو ٭

گج پیپل } (ہ) درخت چاب کا پھل ہے ٭
گج پپلی }

گجدنت پھل (س) لکڑی ٭

گجرانی الائچی (ہ) چھوٹی الائچی

گج بھج (س) بڑے اندگو کا درخت

گجشنہان (س) درخت پیپل ٭

گج کنیا (س) پنواڑ ٭

گجکا (ہ) ایک جانور کا نام ہے ٭

گجکرناکھی (س) پکھر بندہ ٭

گجوا شتا (س) بداری کند ٭

گجھ کیشیک (س) نیلا ٹیکی کا پھول

گگ (ہ) ایک ہندی پودا ہے، جو ایک شاخہ ہوتا ہے، پتے مثل بانس کے مگر اس سے زیادہ نرم اور ان کی نوک پر مثل بالوں کے کچھ چیز لپٹی ہوتی ہے۔ جڑ سفید اور میٹھی مثل شکر قند کے ہوتی ہے۔ زہر مار کے واسطے تریاق ہے ٭

گدھ (ہ) عربی میں نسر، فارسی میں کرگس انگریزی میں ولچر، ہندی میں گدھ، گج کہتے ہیں ٭

گدبال (ہ) ایک جنگلی بوٹی ہے۔
گدرا نکھی (س) بڑی راسنا۔
گدلون (ہ) سانبھر نون (نمک کی ایک قسم ہے)۔
گدھا (ہ) فارسی میں خر، عربی میں حمار، انگریزی میں آس کہتے ہیں۔
گدھا پورنیک (س) سرخ دواسن۔
گدھر کچھہ پشپک (س) قلم داسلی۔
گرُٹ (ہ) قند سیاہ۔
گرا طرُو (دکن) موٹی اور چھوٹی جڑ ہے اس کی بیل زمین پر مفروش ہوتی ہے، پتے پنڈالو کے پتوں کے مانند لیکن زرد رنگ ہوتے ہیں۔
گراھی پھل (ہ) کیتھ۔
گرپاکی (س) تاڑ کی مادہ قسم ہے۔
گرپشپک (س) مہوہ کا پھول۔
گربہ (ف) بلی۔
گرپھل (س) پیلو۔
گربیل (س) گلو۔
گربہو کنیت کرسکا (س) پلاس پیپل۔
گرجا (ہ) ایک ہندی دوا ہے۔
گرج پھل (ہ) ایک بیل دار بوٹی کا پھل مانند آلو کے ہے جو دکن میں ہوتی ہے۔
گرجن (ہ) شرو بین۔
گرجن آئل
گرجن بالسم } (ان) روغن بلساں ہندی (درخت گرجن کا تیل)۔

گرد آسیا (ف) غبار الرحی (چکی کی گرد)۔
گردپی (ہ) ایک ہندی گھاس ہے، جو تالاب وجھیل کے کنارے پیدا ہوتی ہے، پتے جل نیم کے پتوں کے مانند لیکن ان سے باریک اور ہر ایک پتے کے نیچے سفید گول پھول ہوتا ہے۔
گردہ (ف) مشہور عضو ہے، عربی میں کلیہ، انگریزی میں کڈنی کہتے ہیں۔
گرد بھانجنی (س) دیوڈانگری کا پھل اور کلی۔
گرد بھانڈا (س) جوئی۔
گرگان (ف) اخروٹ۔
گرد ھساک (س) بھارنگی کے پتے۔
گرگٹر (ہ) ایک پرندہ ہے، بعض تیلکنٹھ کو کہتے ہیں۔
گرمیریا (ہ) چٹ۔
گرگ (ف) بھیڑیا۔
گرکا (س) بلیلہ (بہیڑہ)۔
گرگٹ (ہ) عربی میں حربا، جمل الیہود، فارسی میں بوقلمون، آفتاب پرست۔ انگریزی میں چیم لیئن کہتے ہیں۔
گرگچیا۔ زرزور۔
گرلموری (س) بیگن۔
گرمالا (ہ) خیار شنبر (املتاس)۔
گرمار (ہ) ایک بوٹی ہے جس کے کھانے کے بعد اگر گڑ وغیرہ کھایا جائے تو اس کی شیرینی نہیں محسوس ہوتی۔
گرم مصالحہ (ہ) مشہور ہے، اس میں دار چینی، زیرہ سیاہ، لونگ، الائچی کلاں

مرچ سیاہ، شامل ہیں ٭

گرمولا (س) گنّہ ٭

گرانگ کایل (د) ایک بڑے درخت کا پھل ہے جو بیلہ یا آملہ کے مشابہ ہوتا ہے، اس کا مزہ کسیلا مائل بہ شیرینی، چبانے کے بعد منھ کو شیریں کرتا ہے۔ قدرے ترشی بھی ہوتی ہے، حالت خامی میں اس کا اچار بناتے ہیں ٭

گرندھینین (س) مردہ۔ بڑی راسنا ٭

گرندھی تگر (س) بھوئیں بیر ٭

گرندھیلک (س) پیپلامول ٭

گرندھی پرنی (س) کچور ٭

گرندھیلا (س) وماکی ایک قسم ہے ٭

گرندی پشپک (س) درخت مدی کا پھول ٭

گرواا (ہ) المتاس ٭

گروچی / گروچن (س) اگریچ، ہندی میں گلو کو کہتے ہیں ٭

گروتوکم (س) مولی ٭

گروندا (س) چکرن ٭

گرویچکا (س) امباڑی ٭

گروسار (س) کتکی ٭

گروتوتو (س) رانگ ٭

گرھل (د) اس کا یونانی نام الغرا ہے، سنسکرت میں جپا پشپ، ہندی میں اوڑھل، جوا گڑہر، گڑہل، بنگالی میں جوا، پھلیر گاچھ، مرہٹی میں جاسوند، گجراتی میں جاسد، تیلنگی میں واسن چیٹو۔ انگریزی میں شو فلاور، لاطینی میں ہڑی سکس روزا سائی نینسن کہتے ہیں۔ (گڑہل: ایک درخت ہے اس کے پھول سرخ رنگ کے خوشنما ہوتے ہیں اور یہی بطور دوا مستعمل ہیں) ٭

گرھلھن (س) سفید رائی ٭

گری پھل (د) گرگو کا یا (ایک قسم کا پھل ہے) ٭

گرپ شوگر (ان) شکر انگوری ٭

گریٹ مورل (ان) پھمنا پھمنی ٭

گریجا (س) کالا کوٹا ٭

گریجانترا (س) منسل ٭

گریجامتینک (س) کالا کوٹا ٭

گریز (ف) قثاء الحمار (بنڈال) ٭

گریسانک (س) ترامان ٭

گریکرانی (س) سفید پیلی ٭

گرہے فے ٹائی کار گس (لا) پوست درخت انار ٭

گریوالوک (س) کوتر بروما ٭

گریگولا (س) اینکول ٭

گریمرتا (س) گیرو ٭

گزر (ف) جھاؤ ٭

گزر (ف) گاجر ٭

گزربری (ف) جنگلی گاجر ٭

گزرموشان (ف) جم ٭

گشت برگشت (ف) مروڑ پھلی (مشہور ہے) ٭

گگاپال (س) لگروندہ ٭

گگیتمستا کھہ (س) راسنا خرد ٭

گگرا (س) تلسی ٭

گُل پَھاڑ (س) گوگل ۔

گُلَن ڈھول (ہ) اطریفل ۔

گُلیُون }
گُلیُوف } (ہ) گھریلی کی قسم سے بوٹی ہے ۔

گُل (ف) پھول، گلاب ۔

گُل آچین (ف) آچین کا پھول ۔

گُل آفتاب پرست (ف) سورج مکھی ۔

گُل چاندنی (ف) کٹلی سفید رنگ کا پھول ہے۔ جو رات کو کھلتا اور دن میں کھلا رہتا ہے ۔

گُل چرخی (ف) ایک سرخ و سفید رنگ کا پھول ہے ۔

گُل حلوا (ف) بستان افروز ۔

گُل حنا (ف) فاغیا ۔

گُل خلہ (ف) غافث ۔

گُل خوش نظر (ف) سیفنج ۔

گُل داؤدی (ف) اسی نام سے مشہور پھول ہے ۔

گُل دوپہریا (ف) دوپہریا کا پھول سرخ رنگ کا پھول ہے، زرد اور سفید بھی ہوتا ہے۔ گل لالہ سے مشابہت رکھتا ہے۔ دوپہر کے وقت کھلتا ہے ۔

گُل ڈھاوہ (ہ) ڈھاوہ کا پھول ۔

گُل رعنا }
گُل رعنا زیبا } (ف) ایک قسم کا پھول ہے ۔

گُل رائینہ (لاطینی) قنبرہ ۔

گُل سرخ (ف) عربی میں ورد، انگریزی میں روز، ہندی میں گلاب کا پھول کہتے ہیں ۔

گُل سرخ صحرائی (ف) جنگلی گلاب کا پھول ۔

گُل سفید بستانی (ف) نسرین کا پھول ۔

گُل سفید صحرائی (ف) جنگلی نسرین کا پھول ۔

گُل زرد بری و بستانی (ف) نسرین کی قسمیں ہیں ۔

گُل عاشقان (ف) زرلحین درخت کا تخم ۔

گُل عباس (ف) عباسی کا پھول ۔

گُل عنبرین (ف) نسرین کا پھول ۔

گُل قرنفل (ف) زہرہ ۔

گُل کافشہ (ف) معصفر کسنبہ ۔

گُل کامہ (ف) ہارسنگھار کا عصارہ ۔

گُل گندم (ف) جوز جندم ۔

گُل گوزا (ف) گوجا ۔

گُل لالہ (ف) شقایق النعمان ۔

گُل مچکند (ف) مچکند کا پھول ۔

گُل مشکین (ف) نسرین کا پھول ۔

گُل مہتاب پرست (ف) چندر مکھی ۔

گُل مہندی (ہ) مشہور ہے ۔

گُل ہاشم (ف) چنبیلی ۔

گُل یوسف (ف) بستان افروز ۔

گِل (ف) مٹی ۔

گِل ارمنی (ف) سرخ رنگ کی مشہور مٹی ہے ۔

گِل اقریطیس (ف) خاکستری رنگ کی مٹی ہے ۔

گل اندلسی (ف) غلیظ اور سیاہ مٹی۔

گل انی (ف) گل ارمنی۔

گل جلود (ف) ایک قسم کی مٹی ہے، جس سے کھال رنگی جاتی ہے۔

گل حُر (ف) پاک صاف مٹی جس میں کسی قسم کی آمیزش نہ ہو۔

گل حکمت (ف) وہ مٹی جو شیشوں وغیرہ پر دوا بناتے وقت لگائی جاتی ہے (کپڑ مٹی)۔

گل خراسانی
گل نیشاپوری
گل اصفہانی
} (ف) ایک قسم کی مٹی ہے جو بہت سفید ہوتی ہے۔

گل خوردنی (ف) گل خراسانی۔

گل داغستانی (ف) ایک قسم کی مٹی ہے جو داغستان سے لاتے ہیں۔

گل دقوقی (ف) ایک قسم کی مٹی ہے جو دقوق میں پیدا ہوتی ہے۔

گل ساروخی (ف) ایک سرخ رنگ کی مٹی ہے۔

گل زردی (ف) زرد رنگ کی مٹی۔

گل سبز (ف) سبز رنگ کی مٹی ہے۔

گل سرخ (ف) مغرہ (گیرو)۔

گل سرشو (ف) ملتانی مٹی۔

گل سفید (ف) سفید رنگ کی مٹی ہے، غالباً ملتانی مٹی ہی کو کہتے ہیں۔

گل شاموس (ف) گل سفید، شاموس کے ملک سے لائی جاتی ہے۔

گل صوفی حمید (ف) سفید رنگ کی خوشبودار مٹی ہے۔

گل فارسی (ف) ایک سفید رنگ کی زردی مائل مٹی ہے۔

گل قبرسی (ف) سرخ رنگ کی مٹی ہے۔

گل قیمولیا (ف) قیمولیا (کھریا مٹی)۔

گل کرامی (ف) ایک قسم کی سیاہ اور بدبودار مٹی ہے۔

گل مختوم (ف) ایک قسم کی مٹی ہے جو بحیرہ نامی ایک موضع سے لائی جاتی ہے۔

گل مصری (ف) ایک قسم کی بہت سفید مٹی ہے جو مصر میں ہوتی ہے۔

گل مصطگی (ف) ایک قسم کی مٹی ہے جو جزیرہ مصطگی سے لاتے ہیں۔

گل مدینہ (ف) مدینہ کی مٹی۔

گل مغرہ (ف) مغرہ (گیرو)۔

گل ملتانی (ف) مشہور مٹی ہے، تین قسم ہوتی ہے، سفید، مائل بسبزی، مائل بسرخی۔

گلاب (ف) گلاب کا پھول۔

گلاب پھل (ہ) گلاب جامن یا فل۔

گلاب جامن (ہ) جامن کی ایک قسم ہے جو بنگالہ میں ہوتی ہے، نیز ایک مٹھائی ہے جو گلاب جامن کے نام سے مشہور ہے۔

گلانچڈو (ہ) ایک بیلدار بوٹی ہے، اس کے پتے گلو کے پتوں سے مشابہ لیکن اس سے سخت اور موٹے ہوتے ہیں۔ پھول آکھ کے پھول کے مانند گچھے دار لگتے ہیں۔ سفید مائل بہ زردی ہوتے ہیں۔

گل افرنج ۔ لونگ۔

گل چیرو (س) بسکھپرہ۔

گل سنگ (ف) پتھر کا پھول۔

گل عقرب (ف) سنطاریون۔

گلقند (ہ) گلنگبین (گل سرخ اور قند یا شہد کا مشہور مرکب ہے) +

گلگل (ہ) زرد رو +

گلگونہ (ف) ایک سرخ رنگ کا نام ہے جسکو ہندی میں (گلال) کہتے ہیں +

گلمکھ (س) سرخ کنیر +

گلموناشن (س) درخت پیلو +

گلنار (ف) انار کے درخت کے مانند درخت ہوتا ہے جس کو پھل نہیں لگتا، اس کے پھول کو گلنار کہتے ہیں +

گلنگبین۔ (ف) گلقند (مشہور ہے) +

گلوکوز (لا) شکر انگوری +

گلوچی (ہ) سنسکرت میں گڑوچی، بنگالی میں گلنچ، تیلنگی میں امرودی، تیلنگی میں تپ تیگے، انگریزی میں ٹانٹپسورا کارڈی فولیا، اور لاطینی میں کوکیولس کارڈی فولیس کہتے ہیں مشہور بوٹی ہے جو ہر قسم کے بخار کے واسطے مفید ہے +

گلہار (ہ) کنول +

گلہری (ہ) مشہور جانور ہے +

گلی (پنجابی) مرجان، طوطا +

گلی گیڑنتا (س) جھنجھنا +

گلیم شو (ف) آذریونہ +

گماربک (لا) صمغ عربی (گوند ببول) +

گم اکے شیا (لا) صمغ عربی (گوند ببول) +

گماٹی اندی کم (لا) گوند دھاوہ +

گم بنجمن (لا) لوبان +

گمڑو (ہ) کبھال +

گنت بھارنگی (ہ) ایک ہندی دوا ہے +

گنتکل گیرا (س) بھنگرہ +

گنتلی کیتی (س) درخت کیر +

گنتمگومہو (ہ) ایک ہندی بوٹی ہے +

گنجا (س) گھنگچی +

گنجالہ (ف) تل +

گندبیروز (س) نمک کی ایک قسم ہے +

گندلیا / **گندلیم** (ہ) کٹھل +

گندم (ف) گیہوں +

گندم مکہ (ف) خندروس (مکا یا مکئی) +

گندمار (ہ) پنجاسف +

گندنا (ف) عربی میں کراث، فارسی میں کالونج، ہندی میں پیازی، پنجابی میں بوگاٹ کہتے ہیں (گیہوں کے کھیت میں پیدا ہونے والی مشہور بوٹی ہے جس کی پتی پیاز کے مانند لیکن اس سے چھوٹی ہوتی ہے) +

گندنا دشتی (ف) جنگلی گندنا +

گندھاموہون (س) چھور +

گندھان (ہ) ایک قسم کا پودا ہے جو سیاہ زمین میں اُگتا ہے +

گندھ ہیٹر (س) اکولا، کلی کورا +

گندھ پشپ (س) اکولا، [illegible] سیاہ تلسی +

گندھ پنٹی (س) سرو +

گندہ بہروزہ (س) بہروزہ +

گندھرا (س) چولائی کی ایک قسم ہے +

گندھ ہتی (س) مُر ۔
گندھ پتر (س) اشکول ۔
گندھک (ہ) فارسی میں گوگرد، عربی میں کبریت، انگریزی میں سلفر کہتے ہیں، اچھا قسم ہوتی ہے، سفید، آملہ کے مانند، سبز آنولہ سار کہتے ہیں، زرد، سرخ، ایک قسم سیاہ بھی ہے لیکن اس کا ملنا مشکل ہے ۔
گندھکا (س) سرک پرنی ۔
گندھ مُم (ہ) بڑیا سے قدرے بڑا ایک پرندہ ہے ۔
گندھمی (س) بہاری کند ۔
گندھ ناکلی (س) راسنا خرد ۔
گندھ ہونی (س) مشک کے مانند بیا
گندھ مولا (س) جنگلی کنول ۔
گندھ مولی (س) کچور ۔
گندھیا (س) لہسن ۔
گند پشپ (س) انکول ۔
گندھیل (ہ) اذخر ۔
گندہی (س) ارہر ۔
گنگ بوا (س) تدہارا تھوہر ۔
گندیرم (س) راسنا خرد ۔
گنگو (س) کسریالی ۔
گن گیرک (س) ایک قسم کا پھل ہے ۔
گن گبرنج (ہ) ایک قسم کا پھل ہے ۔
گنڈ (ہ) نیشکر (مشہور ہے) ۔
گنی پیپر (ان) مرچ سرخ ۔
گنیار (س) ایک ہندی پھول کا نام ہے ۔
گنبکا (س) نیل کورہ ۔

گنبکا جنگی (س) سانول ۔
گنبلیٹی (س) ایک قسم کا غیر مشہور پودا ہے ۔
گنیبو (س) گھومری خرد ۔
گو (ہ) گائے ۔
گواچھی (س) پاپڑا ۔
گوادھنی (س) پھیکی ۔
گوار (ہ) مشہور غلہ ہے جو بیلوں کو کھلایا جاتا ہے، اس کی پھلیاں پکا کر آدمی بھی کھاتے ہیں ۔

گوائٹ اوٹ کوائی کما فاسٹل

(انگریزی) (گیا کو ایک سخت وزنی لکڑی ہے) ۔
گوبر (ہ) سرگین ۔
گوپگھونٹا (س) درخت کٹی ۔
گوبھی (ہ) عربی میں قنبیط، فارسی میں کلم رومی، کلم گرد کہتے ہیں (مشہور پھول ہے جس کو پکا کر کھاتے ہیں) ۔
گوبھی (س) چنبیلی کی ایک قسم ہے ۔
گوتمبا
گوتمبکا } (س) تمبا ۔
گوچھورہ (س) گوکھرو ۔
گودرُوہ (ہ) ایک قسم کا دانہ ہے جو گیہوں کے کھیت میں خود بخود اگتا ہے ۔
گودنتا (س) سنکھیا کی ایک قسم ہے ۔
گودنتی (ہ) ہڑتال کی سفید قسم ہے ۔
گودانتی (س) دونہ ۔
گودھ کارا (س) اُنڈرا ۔
گودھم
گودھوم } (س) گیہوں ۔

گوروَلی (س) ترش پھلی ۔

گوریاکھان (ہ) گل کہربا کی ایک قسم ۔

گورکھ پالا (ہ) ایک بیلدار بوٹی ہے جس کی شاخیں بہت زیادہ اور سیاہ رنگ ہوتی ہیں، اس کی شاخ کو خامی میں توڑنے سے قدرے دودھ نکلتا ہے ۔

گورخر (ف) جنگلی گدھا (مشہور جانور ہے)

گورساﻻ (س) بانجھ گھوڑا ۔

گورس (س) چھاچھ، دودھ وغیرہ ۔

گورک (شیرازی) لوا کی ایک قسم ہے ۔

گورک املی } (ہ) سنسکرت میں
گورکھ املی } گورکھشی، مرہٹی میں گورکھچنچ، گجراتی میں روکھڑو، اور لاطینی میں اے ڈن سونیا ڈجی ٹے ٹا کہتے ہیں (سنبل یا اس کی ایک قسم ہے، خراسانی املی بھی کہتے ہیں، بڑا درخت ہوتا ہے، شکل نارجیل کے پھل لگتا ہے، پھل کا پوست نہایت سخت ہوتا ہے، اور پھل کے اندر سے مغز سفید ترش شیرینی مائل نکلتا ہے) ۔

گورکھ پان (ہ) ایک ہندی بوٹی ہے جس کی بیل درختوں پر پھیلتی ہے اور پتے برگ پان کے مانند ہوتے ہیں ۔

گورکھ ککڑی (ہ) خیار بزرگ ۔

گورکھنچ (م) گورکھ املی ۔

گورکھشی (س) گورکھ املی ۔

گورکھ منڈی (ہ) منڈی کی بڑی قسم ہے، اس کو مہا منڈی بھی کہتے ہیں ۔

گورکلاغ (ف) جوز السرو ۔

گورگندم (ف) جوز جندم ۔

گورگیاہ (ف) اذخر ۔

گورنٹا (س) (۱) مہندی (۲) گل مہندی (۳) درخت اندرا ۔

گوروچن }
گوروچنا }
گولوچن } عربی میں حجر البقر، انگریزی میں گال اسٹون بجور کہتے ہیں ۔ (ایک قسم کا زرد پتھر ہے جو بیل کے پتہ میں ملتا ہے، اس
گوروَن }
گومنی }
کی رنگت نارنگی کے مانند ہوتی ہے اور ضخامت میں چھالیہ سے لیموں تک ہوتا ہے) ۔

گورہا (س) ولما ۔

گورنی (س) ہلدی ۔

گوریہ (ہ) چڑیہ ۔

گوریٹھا (ہ) ایک قسم کی گھاس ہے جس کو چارپائے خصوصاً مادہ گاؤ دیکھ کر شور مچاتی ہے ۔

گورگندم (ف) جوز جندم ۔

گورہس (ف) شامی خرنوب کا پھل ۔

گورفارسی (ف) مقل الیہود ۔

گوزن (ف) بارہ سنگھا ۔

گوزن گیاہ (ف) کو سنبل ۔

گوسفند ۔ گوسپند ۔ (ف) بھیڑ ۔

گوسی پی اَم (لا) روئی ۔

گوش (ف) کان ۔

گوشیر (ف) جاؤشیر ۔

گوشیرشم (س) چندن کی ایک قسم ہے ۔

گوشت (ف) اندرائن ۔

گوشت (ف) لحم (ع) ماس (ہ) ۔

گوشتِ خشک (ف) سوکھا گوشت خواہ نمک کے ساتھ ہو یا بغیر نمک کے) ۔

گوشت پشت (ف) یربوع (گھونس) ۔

گوش ماہی (ف) سنکھ، صدف ۔

گوگرنی (ف) گندھک ۔

گوگر کایا (تیلنگی) گوار ۔

گوگراسرو ۔ حی العالم ۔

گوگل (ہ) عربی میں مقل کمقل الیہود، فارسی میں بوئے جہوداں کہتے ہیں ۔

گوگلا چھٹ (س) تالمکھانہ ۔

گوکھرو (ہ) عربی میں حسک، ظفرۃ العجوز، فارسی میں خار خسک، خار سہ گوشہ، سنسکرت میں گوکھشر، ترکنٹک، پنجابی میں بھکڑا، انگریزی میں توکھری۔ مرہٹی میں سرانٹے، تیلنگی میں پالیرو، اور لاطینی میں پے ڈے لیم مرکیس ٹری بیولس ٹےرسے اسٹریس کہتے ہیں۔ (گوکھرو کو بعض مقامات پر ہاتھی چنگھار بھی کہتے ہیں، اس کی نبات زمین پر پھیلتی ہے، چنے سے بڑا پھل لگتا ہے اور اس پر تین کانٹے تین پہلوؤں میں ہوتے ہیں) ۔

گوکھنڈ (س) تالمکھانہ (۲) انبارہ ۔

گوکھلہ (س) تالمکھانہ ۔

گولد (ان) سونا ۔

گولڑ (ہ) عربی میں جمیز، فارسی میں انجیر آدم کہتے ہیں ۔

گول گدو (ہ) شکر کدو، میٹھا کدو ۔

گول مرچ (ہ) فلفل سیاہ ۔

گولی (ہ) مرجان ۔

گومان (ہ) ایک ہندی بوٹی ہے جس کا پودا ایک ہاتھ تک بلند ہوتا ہے، موسم برسات میں زیادہ پیدا ہوتی ہے، اس سے نہایت بدبو آتی ہے ۔ اس کو گول گول اخروٹ کے برابر پھول لگتے ہیں جس میں چھوٹے چھوٹے ریزہ ریزہ پھول ہوتے ہیں، اس کو سنسکرت میں درون پشپی کہتے ہیں ۔

گومنس (ان) بہمانہ ۔

گومی (س) بچ ۔

گومیس / **گومیدک** (ہ) جواہر کی ایک قسم ہے ۔

گونتی پریا (س) سورج مکھی پربنکن ۔

گونجوکا (س) جائی ۔

گوند (ہ) عربی میں صمغ، انگریزی میں گم کہتے ہیں ۔

گوندا (مالوہ) لسوڑہ ۔

گوندنی (ہ) ایک قسم کا جھاڑ درخت ہے جس کا پھول چھوٹا اور سفید ہوتا ہے ۔

گوہ (ہ) فارسی میں سوسمار، عربی میں ضب کہتے ہیں، (مشہور جانور ہے جو ویرانوں میں بل بنا کر رہتا ہے) ۔

گوہا (س) پرشٹ پرنی ۔

گوہی (ہ) گوہ ۔

گھاؤ گاڑی رستی

گھاسنی (ہ) کاہ ۔

گھکاشکھی (س) چرک ۔

گھبھولی (ہ) برگ تاقورہ یا تخم تاقورہ یا بھنگ کا پھول ۔

گھرت کوشا تکی (س) گھیا توری

گھسرا ئی (ہ) بندال۔

گھگو (ہ) اُلّو۔

گھمرا (ہ) کملا۔

گھمرا (ہ) بھنگرہ

گھنیر یا (س) تربسی۔

گھنٹا (س) سن۔

گھن پھوٹر } (ہ) انگور کے مانند
گھن بیل } ایک بیل دار بوٹی کے
پتے پانچ پانچ کنگرے رکھتے ہیں۔ پھول
سفید مرچ سرخ کے پھول کے مانند ہوتا ہے
پھل اخروٹ کے برابر اور مثلث شکل اور
درمیان سے خالی ہوتا ہے۔ تخم سیاہ مرچ کے
برابر اور اس پر قدرے سفیدی ہوتی
ہے۔

گھن چھائی (س) املی۔

گھنڈی (ہ) منڈی۔

گھنستک (س) لودھ سرخ۔

گھنگچی } (ہ) عربی میں عین الدیک۔
گھونگچی } فارسی میں مرغ چشم خروس
سنسکرت میں گنجا، ہندی میں گھنگچی (چونٹلی)
چونٹلی، چرمٹی، بنگالی میں گنج، مرہٹی میں
گنج، گجراتی میں چنیٹھی، تیلنگی میں گلگو ونٹے
انگریزی میں بڈ کہتے ہیں۔ (ایک بیلدار نبات
کا گول اور سخت تخم ہے، بالعموم سرخ و سفید
دو قسم کا ہوتا ہے)۔

گھن نامکا (س) ساگ چولائی۔

گھنوان (ہ) جھینگر جیسا ایک کیڑا
ہے۔

گھوڑا (ہ) فارسی میں اسپ، عربی
میں فرس، ہیل، سنسکرت میں اشو، انگریزی
میں ہارس کہتے ہیں۔

گھوڑ پھوٹا (ہ) گوہ۔

گھوشا۔ سُداب۔

گھول (ہ) ساگ خرفہ، جغرات جس کا
روغن کیا گیا ہو۔

گھومان (ہ) گوماں۔

گھونٹا (س) (۱) درخت کنگی (۲)
فوفل۔

گھونس (ہ) چوہے کی بڑی قسم ہے۔

گھونگہ (ہ) حلزون ہندی کی ایک
چھوٹی قسم ہے۔

گھی (ہ) فارسی میں روغن زرد، عربی
میں سمن، سنسکرت میں گھرت کہتے ہیں۔

گھیا (ہ) لبا کدو (مشہور پھل ہے، اس
کی ترکاری پکا کر کھائی جاتی ہے)۔

گھیا (ہ) اروی۔

گھیا توری (ہ) توری کی ایک
قسم ہے۔

گھیاں (ہ) اروی۔

گھیپ (ہ) ایک قسم کا پھل ہے غیر مشہور
ہے۔

گھیگوار (ہ) عربی میں صبارا؛
سنسکرت میں گھرت کماری؛ ہندی میں
گھیکوار، کوار گندل گوار پاٹھا؛ لاطینی میں
ایلو ویرا، ایلو چائی نن سس کہتے ہیں۔
(مشہور نبات ہے۔ اس کا عصارہ صبر (ایلوا)
کہلاتا ہے)۔

گھینٹسا (ہ) شراطین (کینچوے)۔
گھیونی (ہ) ثعلب۔
گیاکو (ان) ایک نئی دوا ہے، جو افریقہ میں ملتی ہے۔
گیانانام (س) ناگیسر۔
گیاہ حوں ا (شہر) بادآورد۔
گیاہ جالینوس (ف) اسقولوقندریون۔
گیاہ قیصر (ف) اکلیل الملک۔
گیدڑ (ہ) فارسی میں شغال، عربی میں ابن آوی کلب بری، ہندی میں سیال، لنڈیا اور گادڑ بھی کہتے ہیں۔
گیدھ (ہ) عقاب۔
گیرو (ہ) مغرہ (سرخ رنگ کی مشہور مٹی ہے)۔
گیل بے نہ (ان) جاۓ شیر۔
گیلک ایسڈ (ان) حامض عفص (ست مازو)۔
گیمبوج (ان) } فرفیران (ایک درخت
گیمبوجیا (لا) } کا رال دار گوند ہے)
گیمبیو (ان) کات (کتھہ)۔
گینتی (بنگالی) ایک بیلدار معروش بوٹی ہے جس کے پتے انار کے پتوں کے مانند لیکن اس سے باریک ہوتے ہیں، پھول کاسنی کے پھول سے مشابہ ہوتا ہے۔
گینہا بیبہ (س) روسا۔
گینداہ (ہ) صد برگ۔
گینڈا (ہ) فارسی میں کرگدن، عربی میں بحر لیش کہتے ہیں (بھینسے سے بڑا نہایت سخت جلد والا جانور ہوتا ہے جس کی کھال سے ڈھال بنائی جاتی ہے۔ اس کی پیشانی پر ایک سینگ ہوتا ہے)۔
گیہوں (ہ) حنطہ (ع) گندم (ف) غنم (پشتو) گودھوم (س)۔

ل

لابرہ (لاطینی) خرگوش۔
لابو تمبی (س) کندوری کا پھل۔
لاجا پشپ (س) کرنج کا پھول۔
لاجامند (س) فیروزہ۔
لاجورد (ف) ایک قسم کا قیمتی اور مشہور پتھر ہے۔
لاجوردیہ۔ صامریوما۔
لاچھاور چھا (س) درخت مرو۔
لاچھبا (س) لاکھ۔
لادن } (ع) ایک قسم کا درخت انار کے
لاذن } مانند ہے۔ اس درخت سے ایک چپنده رطوبت نکلتی ہے جو لادن کہلاتی ہے۔
لارد یطوطاون (یو) عرطنیثا۔
لارڈ (ان) سور کی چربی۔
لارال برنیو۔ غار کے پتے۔
لاربل کیمفر (ان) کافور قیصوری۔
لاژوردی (معرب) لاجورد۔
لاسوس (یو) باھودانہ۔
لاغاریقون } (ع) ایک پودا ہے خرگوش
لاغون } کے پیر کے مانند۔
لاغوس } (مصر) خرگوش۔
لاغوی }

لاغوس ملاسیوس (یو) دریائی خرگوش۔

لاغِیہ (ع) ینتوعات کی ایک قسم ہے۔

لاکْھ (ہ) لاکھ۔

لاکْ پُشت (ہ) کچھوا۔

لاکھ (ہ) عربی میں لک، سنسکرت میں لاکھشا، بنگالی میں لاہا، تیلنگی میں لاکا، انگریزی میں شیل لاک اور لاطینی میں کوکس لاکا کہتے ہیں۔ (گوند کی قسم سے مشہور چیز ہے جس کو پیپل، بڑ، بیر وغیرہ کے درختوں پر ایک کیڑا پیدا کرتا ہے)۔

لاکْ کَند (ہ) ایک بیل دار بوٹی ہے، جو درختوں کے اوپر چڑھ جاتی ہے، پتے پان کے پتوں سے مشابہ ہوتے ہیں۔

لاکْ وُڈْ (ان) تتنگ کی لکڑی۔

لال (ہ) چڑیا سے چھوٹا ایک پرندہ ہے نر و مادہ ہوتا ہے۔ نر کو لال اور مادہ کو منیا کہتے ہیں۔

لال بُول (ہ) مُر۔

لال بیگ (دہلی) ایک سرخ پر دار کیڑا ہے جو پاخانوں میں موسم گرما میں اکثر ہوتا ہے۔

لالا۔ ایک قسم کی گھاس ہے جو مکہ معظمہ سے لائی جاتی ہے۔

لال بَتھوا (ہ) چیونٹی۔

لال ساگ (ہ) عصی الراعی، سرخ مرچ۔

لال شی (س) سرخ رواسن کا پھول۔

لال مِرچ (ہ) عربی میں فلفل احمر، انگریزی میں لانگ چلیز اور سنسکرت میں کٹو ویرا کہتے ہیں۔

لالَہ (ف) شقائق النعمان۔

لالۂ خطائی (ف) حماحم۔

لالۂ سرنگوں (ف) ایک بوٹی ہے جس کو باغوں میں لگاتے ہیں۔ اس کی جڑ پیاز کے مانند ہوتی ہے۔

لالۂ نعمانی (ف) ایک پودا ہے جس کے پتے زنبق کے پتوں جیسے ہوتے ہیں۔

لامَجا (س) خس۔

لامُوچا (س) گل سوسندا۔

لامِی (عراق) ایک قسم کا گوند ہے جو ہند میں ہوتا ہے۔

لانْدگا (ہ) بھیڑیا۔

لانک (ہ) اناج کی قسم سے سرخ دانے ہوتا ہے۔

لانگ پیپر (ان) پھلپل دراز (فلفل)۔

لانگلی (ہ) ایک ہندی پودا ہے، جو گل شبو کے مانند ہوتا ہے۔

لانگولی (س) النداء۔

لانی }
لانا } (ہ) اشتان (ایک بوٹی ہے اس کو جلاکر سجی بناتے ہیں)۔

لاورس (فرنگی) غار۔

لاوکا }
لاونکا } (ہ) لوا۔

لاوِن (یو) لوف الجعد۔

لاہِی (ہ) السی کی قسم ہے۔ اندوت۔

لائِمْ (ان) آہک (چونہ)۔

لائم واٹر (ان) چونے کا پانی۔

لائی نٹ (لا) تخم السی ۔

لائن (یو) بسپاسہ (جاوتری) ۔

لائی / **لاھی** } (ہ) اترروت ۔

لائیکوار آرسینی کیلس (لا) محلول سم الفار ۔

لائیکوار تھائی رائڈ یائی (لا) محلول غدہ درقیہ ۔

لائیکوار کیلسس (لا) آب آہک (چونے کا پانی) ۔

لُب (ع) مغز ۔

لُبّ النخل (ع) جمار ۔

لِبا (ع) پیوسی (کھیس) (غلیظ دودھ جو گائے، بھینس وغیرہ سے بچہ پیدا ہونے سے تین چار روز بعد تک نکلتا ہے) ۔

لُباب الابر / **لُباب الحنطہ** / **لُباب القوام** / **لُباب القمح** } (ع) نشاستہ ۔

لُباب القرطم (ع) مغز خسکدانہ ۔

لبان (معرب لبیانو یونانی) کندر ۔

لبانہ (معر) فرفیون ۔

لبخ (ع) ایک بڑے درخت کا نام ہے ۔

لبسان جنگلی رائی ۔

لُبلاب۔ ایک مشہور بیل ہے، کئی قسم کی ہوتی ہے، بڑی (چاندنی بیل) چھوٹی (عشق پیچاں) سفید سیاہ ۔

لُب لو (تر) چقندر ۔

لبلی (ہ) ایک ہندی درخت ہے جس کے پتے بنولہ کے پتوں کے مانند اور پھل مالکنگنی سے مشابہ لیکن مائل بہ سیاہی ہوتا ہے ۔

لَبَن (ع) دودھ ۔

لبن الاتان (ع) گدھی کا دودھ ۔

لبن الاسد (ع) شیرنی کا دودھ ۔

لبن البقر (ع) گائے کا دودھ ۔

لبن جاموس (ع) بھینس کا دودھ

لبن حمار الوحش (ع) گورخر کا دودھ ۔

لبن الحامض (ع) دہی ۔

لبن الخشخاش (ع) افیون ۔

لبن الخفاش (ع) چمگادڑ کا دودھ ۔

لبن الخنزیر (ع) سورنی کا دودھ ۔

لبن الرماک (ع) گھوڑی کا دودھ ۔

لبن السودان (ع) فرفیون یا گوند جیسی ایک اور سیاہ چیز ہے ۔

لبن الضان (ع) بھیڑ کا دودھ ۔

لبن الغزال (ع) ہرنی کا دودھ ۔

لبن اللقاح (ع) اونٹنی کا دودھ ۔

لبن المعز (ع) بکری کا دودھ ۔

لبن النساء (ع) عورتوں کا دودھ ۔

لبن الیتوعات (ع) شیردار پودوں کا دودھ ۔

لنبھا (ہ) اس کی ماہیت نامعلوم ہے ۔

لبنی۔ میعہ سائلہ (سلارس) ۔

لبھا (س) پیلو ۔

لبھ جی (س) جائی ۔

لبھیڑا (ہ) سپستان ۔

لبیدون / **لیرون** } (یو) شیطرج ۔

لَتَا کستُوری (ہ) مشکدانہ بھی کہتے ہیں۔ ایک بیلدار بوٹی ہے جس سے مشک کے مانند خوشبو آتی ہے۔

لَتَامُرات (س) گلو۔

لِتھارج (ان) مردا سنگ۔

لَنکا (ہ) ایک بوٹی ہے۔ پتے کنول کے پتوں کے مانند اور پھول سُرخ رنگ ہوتا ہے۔

لَنکن (ہ) ایک پودا ہے جس کے پتے رتن جوت جیسے ہوتے ہیں۔

لَنکو (ہ) ایک درخت کا پھل ہے جو بنگال میں ہوتا ہے۔

لَٹُوپِری
لَٹُوکَری } (ہ) جل بیل (کنبیج)۔

لَٹُورا (ہ) ایک خاکستری رنگ کا پرندہ ہے۔

لَجالُو (ہ) چھوئی موئی۔

لَجَلجُو (س) بڑ بل کا پھول۔

لَجلال (اکسیر) صاف پارہ۔

لَجونتی (ہ) لجالو (چھوئی موئی)۔

لَچھمنا
لَچھمنا لَچھمنی } (ہ) بیر بہوٹی (فرخ الصنم)۔

لَچھمَن بھنجی (ہ) پتروتی۔

لَچُھمی (ہ) بیلدار بوٹی ہے۔ پتے گلو کے پتوں کے مانند اور پھول سفید مائل بہ زردی خوشہ دار لگتے ہیں۔

لَچھمی پھل (س) بیل۔

لَچھمی سرایشٹ (س) جنگلی کنول۔

لحا (ع) پودوں کی جڑوں کی چھالیں اور باریک ریشے۔

لحام الذہب (ع) تنکار (سہاگہ)۔

لحام الصناعہ (ع) تنکار (سہاگہ)۔

لِحاء الغول (ع) شعر الغول۔

لَحم (ع) گوشت۔

لحیانی مشط الراعی، بآخر شف۔

لَحیۃ التیس (ع) ایک نبات ہے، اس کی ماہیت میں اختلاف ہے، ممالک غیر کی پیداوار ہے۔

لَحیۃ الحمار (ع) پرسیاوشان (ہنسراج)۔

لَخلخہ سلیمانی (ف) روغن زعفران کی تلچھٹ۔

لَخنیس (یو) ایک پودا ہے جس کا پھول خیری کے پھول جیسا ہوتا ہے۔

لَختئی (پشتو) ایک پودا ہے جو افغانستان کے پہاڑوں میں ملتا ہے۔

لُدھکو (س) لودھ۔

لَڈو (ہ) مشہور مٹھائی ہے۔

لذاق الذہب (ع) لحام الذہب اشق۔

لذاق الرخام
لذاق الحجر } (ع) بلاط کا گوند۔

لزموس (رو) صعتر۔

لِسان (ع) زبان۔

لِسان الابل (ع) گھاس اور درخت کے درمیانی درجہ کا ایک پودا ہے۔

لِسان البحر (ع) سیبا (ایک قسم کی مچھلی ہے)۔

لِسَانُ الثّور (ع) گاؤزباں۔
لِسَانُ الحَمَل (ع) بارتنگ۔
لِسَانُ السبع (ع) ایک پودا ہے جو دو ہاتھ تک بلند ہوتا ہے۔ پتے لمبے اور اُن کے کنارے تیز دندانے دار ہوتے ہیں۔
لِسَانُ العصافیر (ع) اندرجو۔
لِسَانُ الکلب (ع) بارتنگ یا حماض۔
لَسُلسَه (ف) پستاں۔
لَسَند (ف) موٹھ۔
لسوٹرہ (ف) پستاں۔
لسوعوریون (عبرانی) قرفہ۔
لسوریطن۔ لبلاب۔
لسوفلا۔ سلاط کا گوند۔
لسه بال۔ سلوا۔
لسیعه۔ اوقیموندس۔
لَسِّی (ف) دودھ جس میں زیادہ مقدار میں پانی ملا دیا جاوے۔
لَشُون (ف) لہسن۔
لَصَف۔ کبر۔
لَصَق۔ حرشف۔
لَصَاقُ الجراحات (ع) بول الابل۔
لَصِیقی (ع) آذان الدب۔
لُعَاب (ع) تھوک۔
لُعبَتِ بَربَری (ع) سورنجان جیسی ایک جڑ ہے جو افریقہ سے لاتے ہیں۔
لعیه (مصر) یبروج الصنم کی جڑ۔
لَعل (معرب لال ہندی) سُرخ رنگ کا مشہور قیمتی پتھر ہے۔

لَعلِ مصری }
لَعلِ معبری } (ف) رال۔
لَعبب۔ لالہ۔
لُفّاح (ع) جنگلی یبروج کا پھل۔
لُفّاح بری (ع) یبروج الصنم۔
لَفُ الکرم (ع) انگور کے ریشے۔
لِفت (ع) شلجم۔
لفربیش۔ حنا۔ (مہندی)۔
لفش۔ ایک بڑا درخت ہے جو ملکِ شام میں ہوتا ہے۔
لَقاح (ع) دودھ والی اونٹنی۔
لقطیه۔ صنوبر کا گوند۔
لَق لَق (معرب) لک لک۔
لَک (ع) لاکھ۔
لَکّا (س) لاکھ۔
لَکّاجس (س) اجنکول۔
لَکُچ }
لَکُوچ } (س، ۱) نیبو (۲) بڑہل کا پھل۔
لَک لَک (ف) ایک مشہور پرندہ ہے۔
لکو۔ لبلاب۔
لِکوریش ریوٹ (ان) ملٹھی۔
لکونس (لاطینی) لاعرین۔
لکھمنا لکھمنی (ف) پھمنا پھمنی۔
لکھوکرا (س) بڑی راسنا۔
لمار۔ کوہ۔
لمالما۔ چنے کے برابر ایک دانہ ہے۔

لَمبّا کدو (ف) کدوئے دراز (گھیا)۔
لَمبّا پَند پَھل (ف) تونبڑی۔

لمبلکجہ (س) پیٹھہ ۔

لملم ۔ دریائی قطف ۔

لمن (ان) لیموں ۔

لمنیون (یو) قنطوریون صغیر ۔

لنبھا ۔ خرگوش ۔

لنج ۔ النج ۔

لنڈیہ (ہ) گیدڑ ۔

لنجیطس (یو) ایک قسم کا غیر مشہور پودا ہے ۔

لنکا (س) لانگ ۔

لنگور (ہ) بندر کی مشہور قسم ہے ۔

لنکا کھیستو (س) لانگ ۔

لنگلی پیلا
لنگلی بیجا } (س) پلول ۔

لنگلی بیجام (س) بجورہ ۔

لنگ مونڈا (ہ) ایک بیلدار بوٹی ہے جس کے پتے نیم کے تین پتے ملے ہوئے کے مشابہ ہوتے ہیں۔ پھل حالت خامی میں سبز ہوتا ہے اور اس پر سفید خطوط ہوتے ہیں اور پکنے پر سرخ ہو جاتا ہے ۔

لنسیڈ (ان) السی ۔

لنسیڈ آئل (ان) روغن السی ۔

لوا (ہ) تدرو (مشہور پرندہ ہے) ۔

لوالک کشپی (س) برہمڈنڈا ۔

لوبان (ہ) ایک درخت کا گوند ہے جس کو عربی میں حصی لوبان، فارسی میں حسن لبہ، سنسکرت میں دیودھوپ، انگریزی میں بنزوئن، گم بنجمن کہتے ہیں ۔

لوبیا مشہور ہے۔ اس کی پھلیاں پکاکر کھائی جاتی ہیں ۔

لوبیای ہندی (ف) فشاغ کی دوسری قسم ہے جس کو سیم کہتے ہیں، اس کی پھلیاں پکا کر کھائی جاتی ہیں ۔

لوترا (س) پتروتی ۔

لوچن (س) لوہے کے ریزے ۔ بنسلوچن ۔

لوچھما (س) چیلک ۔

لودھ (ہ) لدکو (دو قسم ہے) لودھ گجراتی، لودھ پٹھانی، ایک درخت کی چھال ہے ۔

لودھ پشپ (س) مہوا کا پھول ۔

لودھ پھپ (ہ) ایک دوا کا نام ہے ۔

لور ۔ جنین ۔

لوز (ع) بادام ۔

لوز حلو (ع) میٹھا بادام ۔

لوز المر (ع) کڑوا بادام ۔

لوز البربر (ع) بربری بادام ۔

لوز الرجان
لوز السودان
لوز الارجان } (ع) لوز البربر ۔

لوسبومیون (یو) بلسان ۔

لوسیماخیوس (یو) راج ناکھ (سراج القطرب کی ایک قسم ہے) ۔

لوطوس اغریوس (یو) جنگلی حندقوقا ۔

لوعجیدیطوس (یو) ایک غیر مشہور گھاس ہے ۔

لوعریا جنگلی حندقوقی، بشیین ۔

لوف (ع) ہشت کند، تین قسم ہے، چنانچہ مندرجہ ذیل ہیں:

لُوفُ الکبیر }
لُوفُ السبط }
لُوفُ الاسقط }
لُوفُ الحیّہ } (ع) ایک پودا ہے دوگز کے برابر جس کے پتے بلاب کے جیسے ہوتے ہیں اول میں اس کا پھل سفید ہوتا ہے، پکنے کے بعد زرد ہو جاتا ہے۔

لُوفُ الجعد (ع) لوف کبیر سے اسکے پتے چھوٹے ہوتے ہیں۔

لُوفُ الصغیر (ع) لوف کبیر سے قدرے چھوٹا ہوتا ہے۔

لُوفاین (یو) حماحم کی کلی۔

لُوفا (عب) حی العالم - یا قنطوریون صغیر۔

لوقرذیس }
لوفوغرابیس } سنگ قبطی۔

لُوفیون - درخت حنفض۔

لُوفیون (یو) ناشپاتی۔

لُوفیون (ف) فیل زہرہ۔

لُوفیقی - بادآورد۔

لُوقیاس (یو) مرو کی ایک قسم ہے۔

لُوقوبا - دریائی بچھو۔

لُوفاقنیس - فانجیقن۔

لوگ اُودُم (ن) بقم (پتنگ)۔

لُوکاٹ (ا ن) ایک مشہور پھل ہے جو ولایت سے لایا گیا ہے۔

لُوکڑی (ہ) لومڑی۔

لُولُو (ع) موتی۔

لُولی (ہ) لبلی۔

لُوما دشامی (جیز دگول

لُومڑی (ہ) فارسی میں روباہ، عربی میں ثعلب۔ انگریزی میں فوکس کہتے ہیں۔

لُون (ہ) فارسی میں نمک، عربی میں ملح، سنسکرت میں لُون، انگریزی میں سالٹ کہتے ہیں۔

لُونگ (ہ) عربی میں قرنفل، فارسی میں میخک، سنسکرت لونگ، انگریزی میں کلوز کہتے ہیں۔ (مشہور ہے، گرم مصالحہ کا ایک جزو ہے)۔

لُونگ پُشپ (س) لونگ کا پھول۔

لُونگ پچکا }
لُونگلم بہدرام } (س) دال چینی۔

لُونگ مُشک (س) لونگ پشپ۔

لُونی (س) (۱) اَپَتی (۲) مالکنگنی۔

لُونیا (ہ) چھوٹے خرفہ کی ایک قسم ہے۔

لُوھا (ہ) فارسی میں آہن، عربی میں حدید، سنسکرت میں لوہ، انگریزی میں آئرن کہتے ہیں۔

لُوھے کا میل (ہ) خبث الحدید۔

لُوھت (س) سُرخ چندن۔

لُوھتا (س) درخت پارجات۔

لُوھسَنیہ (س) پیتل۔

لُوھَمرت (س) گلو۔

لُونہام (س) سیاہ اگر۔

لُوی گیرنہ (س) درخت آک۔

لُہاجو - نیولا۔

لَہسُن (ہ) عربی میں ثوم، فارسی میں سیر، سنسکرت میں لشن، انگریزی میں گارلک روٹ، لاطینی میں ایلیم سے ٹائیوم کہتے ہیں۔ (ایک نبات کی جڑ ہے جو چند مخروطی شکل کے دانوں

کا مجموعہ ہوتا ہے، لہسن کی ایک قسم یک پوتھیا لہسن کہلاتی ہے، اس میں صرف ایک دانہ ہوتا ہے)۔

لہسن پھل (س) ہوا کی ایک قسم ہے۔
لہسنیہ (ہ) عین الہرہ (جواہر کی قسم ہے)۔
لہسوڑا (ہ) سپستاں۔
لہو (ہ) خون۔
لہولوقوغراقیس۔ ایک مصری درخت ہے جس کو دھوبی لوگ کام میں لاتے ہیں۔
لیا۔ لوبیا۔
لیارو۔ امار لطین۔
لیانو۔ کندر۔
لیٹا (ان) ذراریح (تیلنی مکھی)۔
لے ٹیوس (ان) خس (کاہو)۔
لیٹانوکس } لیبانوطس } کندر۔ یا اور دوا ہے۔
لیثوسطس۔ جلبوب۔
لیچی (ہ) مشہور انگریزی میوہ ہے۔ اس کا درخت جامن کے برابر ہوتا ہے۔
لیڈ (ان) اسرب (سیسہ)۔
لیڈ اوکسائیڈ (ان) مرداسنگ۔
لیدوخورس (یو) مرداسنگ۔
لیسفرموں (یو) کشاں (السی)۔
لیطہ۔ ایک قسم کا بخور ہے۔
لیف (ع) پردہ ہے، جو چھوارے، ناریل، سپاری وغیرہ پھلوں پر پایا جاتا ہے۔
لیف البحر (ع) سعد جیسی ایک جڑ ہے۔

لیف دیون (یو) شیطرج۔
لیفسس (یو) سنبھالو۔
لیفس تبقون } لیفطیون } (یو) کاشم۔
لیقطہوس (یو) چونا۔
لیفیہ (ع) ایک خاردار سرخ رنگ کی گھاس ہے۔
لیک ٹک ایسڈ (ان) حامض اللبن (اصل تیزاب شیر)۔
لیک ٹوز (ان) سکر اللبن (دودھ کی شکر)۔
لیک ٹیوکا (لا) خس (کاہو)۔
لیک ٹیوکریم (لا) افیون کاہو۔
لیکورس جوس (ان) رب السوس۔
لیکی اَم (لا) رسوت۔
لیکرس (ان) ملہٹی۔
لیکھی پتر (س) تاڑ کے پتے۔
لیلپشپی (س) سُرخ سداسن۔
لیلک (فیرازی) زعرور۔
لیمن پیل (ان) پوست لیموں۔
لیمن جوس (ان) لیموں کا رس۔
لیمن گراس (ان) اذخر ہندی۔
لیموں (ہ) سنسکرت میں نمبو تلنگی میں نم پنڈ انگریزی میں لیمن کہتے ہیں، مشہور پھل ہے۔
لیموی شیریں (ہ) امرت پھل۔
لیمودارو (ف) وج کا پودا۔
لیمولیا۔ سنگ مرمر۔
لیمونیون۔ حماض کی بڑی قسم ہے۔
لین (اکسیر) پارہ۔

لِینَنج - ملیح - اقلیمیائے مس ۔

لِیندرخورس } دیو مردا سنگ ۔
لِینا مارُوس }

لِینش - تخم کتاں ۔

لِینش قرن - دل ۔

لینوسطس لبلاب کبیر (جبل المساکین)

لِینوسنطوس - پلاسنطور ۔

لینوس - نرگس ۔

لینوفر - نیلوفر ۔

لِیُونَ آفرُوداں) سداب کے پتے

لے وَنڈُوُلا (لا) خزامی ۔

لے ونڈیولا اسٹیکاس (لا) اسطوخودوس ۔

لِیُو پیوٹس (لا) حشیشۃ الدینار (ایک نبات ہے۔ اس کا مخروطی خوشہ نا خشک کیا ہوا ثمر دوا استعمل ہے) ۔

م

ماء (ع) پانی ۔

ماءُ البھرامج (ع) عرق بید مشک ۔

ماءُ التون (ی) } وہ پانی جو نمک چڑھی
ماءُ النُّون (ع) } ہوئی مچھلی سے ٹپکتا ہے ۔

ماءُ الجُبن (ع) مشہور پانی ہے جو دودھ کو پھاڑ کر نکالا جاتا ہے ۔

ماءُ الخلاف (ع) عرق بید ۔

ماءُ الخلاف البلخی (ع) عرق بید مشک ۔

ماءُ الخِیار (ع) کھیرے کا پانی ۔

ماءُ الرّماد (ع) راکھ کا پانی ۔

ماءُ الزُّجاج (ع) مسحوقینیا ۔

ماءُ الزّھر (ع) ماء القداح ۔

ماءُ الشّعیر (ع) آش جو ۔

ماءُ العسل (ع) مشہور ہے۔ (شہد کو عرق گاؤزباں میں یا پانی میں جوش دیکر بنایا جاتا ہے) ۔

ماءُ القداح (ع) نارنج کے پھول کا عرق ۔

ماءُ القراطن (ع) ماء العسل، یا خندیقون ۔

ماءُ القطر (ع) وہ پانی جو مٹی کے کوزے سے ٹپکتا ہے ۔

ماءُ الکافور (ع) وہ پانی جو کافور کے درخت سے رستا ہے ۔

ماءُ اللحم (ع) مشہور پانی ہے جو گوشت سے خاص ترکیب سے نکالا جاتا ہے ۔

ماءُ النون (ع) ماء التون ۔

ماءُ الورد (ع) عرق گلاب ۔

ماءُ الھندبا (ع) عرق کاسنی ۔

مابش عاشقاں (شیرازی) جگاد ۔

ما بیرا (ہ) ایک ہندی درخت ہے جو قدِ آدم تک بلند ہوتا ہے، اس کی شاخیں جب دراز ہوکر زمین پر لگ جاتی ہیں تو اُن سے شاخیں نکل آتی ہیں۔ پتے لمبے کنگرہ دار برگ ریحاں کے مشابہ ہوتے ہیں، پھول چھوٹے چھوٹے نیلے رنگ کے اور تخم چھوٹا خشخاشی شکل کا ہوتا ہے ۔

ماٹ (ہ) ایک ہندی پودا ہے، دو قسم ہے. بستانی جنگلی ۔

ماتا (س) باپھڑ ۔

ماتاویٹی (س) سیاہ سنبھالو ۔

ماتاگ (س) لاکھ ۔

ماترونندنا (س) کرنج ۔

ماتُلو (س) دھتورہ ۔

ماتُلنگ (س) بجورہ ۔

ماتامہمان (س) درخت سنبھل ۔

ماتُونک (ہ) پٹپاسہ ۔

ماچ پتری (ہ) استھوتی (ایک نازک بوٹی ہے جو آدھ گز تک بلند ہوتی ہے اپتے برگ داؤدی کے مشابہ لیکن اس سے لمبے زیادہ اور چوڑے کم، شاخوں پر باریک سبز و سُرخ غنچے خوشے دار لگتے ہیں) ۔

ماجو پھل (ہ) فارسی میں مازو، عربی میں عفص البلوط، انگریزی میں گال کہتے ہیں (مازو ایک کیڑے کا گھر ہے جو بلوط کے درخت پر بنا تا ہے) ۔

ماچھک (س) شہد کی ایک قسم ہے ۔

ماچہ کول (ف) حردون ۔

ماچھی (س) مکھی ۔

مادکہ بریاں (باصطلاح خاص) کیکر ۔

مادر غولاں (ف) ببول ۔

مادر و پتیم ۔ فراسیون ۔

مادھوم (س) زیرہ ۔

مادھوی (ہ) (۱) مونیا کا پھول (۲) موگرہ کا پھول، ایک ہندی پھول کا نام ہے ۔

مادیان (ف) گھوڑی ۔

مادی پھل (س) بجورہ ۔

مادِیقون (یو) مقل (دگوگل) ۔

مار (ف) سانپ ۔

ماراس }
مارثون } (یو) سونف ۔

مارتل (س) دھتورہ ۔

مارجاری }
مال سجاری } (س) مستی گربہ ۔

مارچوبہ (ف) ہلیون ۔

مارس ۔ پودوں کی جڑ ہیں ۔

مارسلہ ۔ خارخسک (گوکھرو) ۔

مارسیقا (یو) ترنج ۔

مارش میلو رُوٹ (ان) بیخ خطمی

مارطس ۔ آذان الفار (چوہا کنی) ۔

مار چھبکا دھات (س) سون مکھی

ماری اسہو (ف) فاشرا ۔

ماروبون (یو) سونف ۔

مار درخت (ف) تودری ۔

مار قشیشا (یو) مرقشیشا ۔

مارفین (ان) جوہر افیون ۔

مار گوا (س) بگلہ، بھنگرہ ۔

مار کیا (ف) لیموں ۔

مار گیاہ (ف) دو گز کے برابر ایک بوٹا ہے

مار گوسا (ان) نیب ۔

مار کبوا (ف) ایک پودا ہے ۔

مار ملوک }
مار ملوکت } (ف) بانبی ۔

مار ماھی (ف) بام و کچیا مچھلی ۔

مَارِمُهره (ف) مشہور پتھر ہے۔ دو قسم ہے۔ معدنی، حیوانی ÷

مَاروتاپہ (س) بنا ÷

مَاڑی۔ تاڑ کے مانند ایک درخت کا پانی ہے جو خاص ترکیب سے نکالا جاتا ہے ÷

مَاریڑو (س) بیل ÷

مَاریقون (یو) مقل (گوگل) ÷

مَازریون (ع) ایک تیز دودھ والی بوٹی ہے۔ اس کی تین قسم ہیں جن کے نام (۱) اشخیص (۲) ہفت برگ (مشت رو) (۳) خامالاون ہیں۔ انگریزی میں اس کا نام میزری ری آن ہے ÷

مَازش مبلودان خطمی ÷

مَازوُ (ف) ماجوپھل ÷

مَاس (ف) الماس ÷

مَاس (ہ) گوشت ÷

مَاساج۔ سر کا بھیجہ ÷

مَاسارُوهن (ہ) ایک ہندی درخت کی چھال ہے ÷

مَاسُت (ف) دہی ÷

مَاسُتوجیجلی (ترٗ) کیکچ ÷

مَاسفُوروں۔ ایک دوا ہے جو ملک ہند میں پیدا ہوتی ہے، اس کا پھول چنبیلی کے پھول کے مانند، پتے ریحاں کے پتوں کے مشابہ لیکن اُن سے چھوٹے اور اُن میں بُو یا بچھڑ ب بسی ہوتی ہے ÷

مَاسفوسا۔ مابقرون ÷

مَاس کلیتا (س) سالپرنی ÷

مَاسہ (اصفہانی) ریگ ÷

مَاستیم (س) گل سفید کنول ÷

مَاش (ع) مونگ ÷

مَاش (ہ) اُڑد ÷

مَاش دَارُو (ف) کمافیطوس ÷

مَاشوی (س) تربد سیاہ ÷

مَاش ہِندی (ف) حب القلت ÷

مَاش ہندی }
مَاش سیاہ } (ف) اُڑد ÷

مَاطُوس (یو) فاختہ ÷

مَاطُوتیُون۔ گنے کا پودا ÷

مَاطِیطُوس۔ شاہ دنج ÷

مَاعِز (ع) بکری ÷

مَافاریون۔ دبوس ÷

مَاقَق (یو) بسباسہ (جوتری) ÷

مَاقودنیا۔ فطراسالیون ÷

مَاگدِهی (س) پیپل ÷

مَاقُوہ (یو) طالیسفر (تالیسپتر) ÷

مَاگونی (س) ماکھ پرنی ÷

مَاکھ (س) اُڑد ÷

مَاکھ پرنی (س) اُڑد کے پودے کے مانند ایک بوٹی ہے ÷

مَاکیان (ف) مرغی ÷

مَال تونگ (س) روسا ÷

مَالتی (ہ) سہاگہ، نیز ایک ہندی پھول ہے؛ بعض نے گل عباسی کہا ہے ÷

مَالتی پھل (س) جای پھل ÷

مَالثلوفلن (یو) مرو ÷

مَالکا (س) سیاہ تلسی ÷

مَالِك الحزین۔ مالکی (ع) بگلہ ÷

ماکنگنی (ہ) سنسکرت میں جیوتشمتی، بنگالی میں لتا پھٹکی کہتے ہیں (ایک بیل دار بوٹی ہے، اس کے پھل زرد رنگ کے ہوتے ہیں اور ان پھلوں کے اندر سے تخم نکلتے ہیں جو بطور دوا مستعمل ہیں)۔

مالمالی - حردون۔

مالنطریا - زاج الاساکفہ۔

مالوی (س) (۱) خربدی (۲) تربد سیاہ۔

مالیطون - ترنج۔

مالی (یو) شہد۔

مالیا / مالیابوس } مران یا اکول یا ایک اور درخت ہے جو شام میں ہوتا ہے۔

مالیس نوبا - شنجار (رتن جوت)۔

مالیلوطس (یو) اکلیل الملک۔

مالیقراطن (یو) ماء العسل۔

مالینوفلن، بادرنجبویہ۔

ماھڑہی (س) آم۔

مامس (فرنگی) ساس (کھٹمل)۔

ماموق (تر) پھنبہ (روئی)۔

مامون (یو) حاشا۔

مامنا (س) کالیسر۔

مامیثا (نبطی) خشخاش جیسا ایک پودا ہے۔

مامیرا (قبطی) لوبیا۔

مامیران - ایک گرہ دار لکڑی ہے - جو چھوٹی زرد مائل بہ سیاہی ہوتی ہے۔

مان پسپو (س) (۱) ہلد - (۲) چرچینا۔

مانڈ (ہ) وہ پانی جس میں چاول وغیرہ پکا کر علیحدہ کر لیتے ہیں اس کو پیچ بھی کہتے ہیں۔

مانلہروی تلخ (ف) کماذریوس۔

مانڈوک (س) مینڈک یا آبرک جو مینڈک کے رنگ پر ہو۔

مانڈوک برہمی / مانڈوک پرنی } (س) برہمی کی ایک قسم ہے۔

مانش (ہ) انسان۔

مانس روھنی (س) ایک ہندی دوا ہے۔

مان سرون (ہ) ایک ہندی درخت ہے۔

مانسی (س) بالچھڑ۔

مانک (س) یاقوت۔

مانکشا بھیدی (س) شہیانی جیسا ایک قسم کا نمک ہے۔

مانگ گلیا (س) دہی۔ درخت جی۔

مانک مکیا (س) بیربہوتی۔

مانکند (س) استھول کند کی ایک قسم ہے۔

مانگنو (پنجابی) کھٹمل۔

ماوادہ (ہ) خمیر۔

ماھچہ (ف) سویاں۔

ماہ فرفین / ماہ فروین / ماہ پروین } (ف) جدوار۔

ماھلو (ف) حماما۔

ماھوج (ع) حماما۔

ماھودانہ (ف) ایک تخم دار پودا ہے جس کے پتے بادام کے پتوں جیسے ہوتے ہیں۔

ماھی (ف) مچھلی۔

مَاهیبانه (ف) عناة (غذا ہے۔ جو مچھلی سے بنائی جاتی ہے)۔

مَاهی بینی (س) انبر (ف) دلفین۔

مَاهی پرندہ (ف) شقنین بحری۔

مَاهی رو بیان (ف) روبیان (جھینگا مچھلی)۔

مَاهی زهرج (معرب ماہی زہرہ فارسی مرگ ماہی (ایک بوٹی کی چھال ہے جو کہ مچھلیوں کے واسطے زہر ہے)۔

مَاهی هرکب (ف) سیمار (ایک قسم کی مچھلی ہے)۔

مَائیلو (ف) حاما۔

مَائی رِس ٹیکا (لا) جائفل۔

مَائی روبیلے نم (لا) اہلیلہ سیاہ۔

مَائی روبیلن (ان) اہلیلہ سیاہ۔

مَائی لے بَرِس (لا) تیلنی مکھی۔

مَائین (ہ) ثمرۃ الطرفا (کزمازج) (درخت جھاؤ کا پھل ہے)۔

مَایسنج (س) لوہا۔

مَایبی (س) گرجا۔

مبرلون (ان) اہلیلہ۔

مَتا (س) ارہر۔

مَتّاهر (س) کنول کی ایک قسم ہے۔

مَتّر (ہ) عربی میں کرسنہ، حب البقر، فارسی میں مشنگ گاوی، گاودانہ کہتے ہیں (مشہور غلہ ہے)۔

مَتّر کابلی (ہ) خلر۔

مَتنکہ۔ اترج۔

مَتکی (س) گوار۔

مَتسی گرابہ۔ مچھلی کے انڈے۔

مُتنال (ہ) پٹانہ۔

متنی (یو) نعناع۔

مُتّو پلک }
مُتّو پلگم } (ہ) ایک پودا ہے، دو قسم ہوتا ہے۔ چھوٹا، بڑا۔ اس کے پتے پودینہ کے پتوں سے مشابہ ہوتے ہیں۔ پھول پانچ پنکھڑی کا زرد رنگ ہوتا ہے، اور پھل چنے کے دانے برابر ہوتا ہے۔

مِٹھائی (ہ) شیرینی۔

مٹھلو سیج (پہلو) ڈنڈہ تھوہر۔

مَٹھہ (ہ) چھاچھ۔

مِٹّی (ہ) فارسی میں گل، خاک، عربی میں طین، تراب، عفر کہتے ہیں۔

مَتی برمها (س) نامعلوم عربی۔

متی روچها (س) ایک قسم کا غلہ ہے جو خودرو ہوتا ہے۔

مثلثہ مشک۔ سوسن۔

مُثلث العجم (ع) زعرور۔

مُثلث (ع) انگور کا پانی جس کو اس قدر جوش دیا جاتا ہے کہ تیسرا حصہ باقی رہ جاتا ہے یا ایک حصہ پانی اور تین حصے انگور کا پانی لے کر جوش دیا جاتا ہے۔ یہاں تک کہ ایک تہائی جل جاتا ہے۔

مُثنان (ع) ایک پودا ہے جس کے پھل کو دکنی میں سیندوری کہتے ہیں۔

مُج (ع) اصل میں منج تھا معرب منگ فارسی مخفف کر کے مج بنا لیا، مونگ۔

مَجاسار (س) جائے پھل۔

مِجالو (ہ) الائچی جیسا ایک پہاڑی میوہ ہے۔

مَجاواسنی (س)، آپٹا ۔

مجاوم (س)، کف دریا ۔

مجتوی (ہ)، افستین ۔

مَچکا۔ مچھلی ۔

مچکند (ہ) ایک چھوٹا درخت ہے جو کوہستان ہند میں ملتا ہے، اس کے پھول گل مچکند یا گل مچکن کے نام سے مستعمل ہیں ۔

مُجنح (ع) گل خوش نظر ۔

مجنن (ع)، لکوہ کی ایک قسم ہے ۔

مَجُوقان۔ ایک نئی دوا ہے۔ جو افریقہ کے مجوقان نامی ایک موضع سے انگریز لائے ہیں ۔

مَچھاگندھا }
مَچھاہنیا } (س)، بکن ۔

مَچھاچھی (س)، (۱) مچھی (۲) مچھیچھی

مَچھانونہاں (س)، لکلی ۔

مَچھاوتی (س)، جل پیپل ۔

مُچھہ تنگی (ہ)، ایک ہندی جنگلی درخت ہے ۔

مَچھر (ہ)، فارسی میں پشہ۔ عربی میں بق، ناموس کہتے ہیں ۔

مَچھہ گندھی (س)، جل پیپل ۔

مَچھری (عوام ہند)، مچھلی ۔

مَچھلی (ہ)، ماہی (ف) میئی (پشتو) حوت، سمک (ع) ژین (س) فش (ان) ۔

مَچھیچھی (س)، ایک مفروش بوٹی ہے جو نمناک جگہوں میں اگتی ہے ۔

مَچھینڈی (س)، پنڈ ہارہ ۔

مَچیاگند (س)، مولسری ۔

مَجبیٹھ (ہ)، عربی میں فوہ، فوۃ الصباغین، فوۃ الصبغ، فارسی میں روناس، انگریزی میں میڈر روٹ، سنسکرت میں منجشٹ۔ کہتے ہیں (ایک نبات کی جڑ ہے) ۔

مُخ (ع)، زردی بیضہ مرغ ۔

محاجم (اندلس)، محلب ۔

مُحدب (ع)، پڑوبہ (پیپٹھ) ۔

مَحروث (ع)، بیخ انجدان ۔

محلب (ع)، حب المحلب ۔

مَحمود (ع)، سقمونیا ۔

مُخ (ع)، ہڈیوں کا بھیجہ ۔

مخاطہ (ع)، سپستاں ۔

مخلب العقاب الابیض (ع)، اسطراغالیس ۔

مُخلصہ (ع)، ایک پودا ہے جو مختلف شکلوں کا ہوتا ہے، تقریباً سات قسم ہوتا ہے، اس کے استعمال سے سم افعی دور ہوجاتا ہے، اسی لئے اس کا نام مخلصہ (نجات دینے والا) رکھا گیا ہے ۔

مُخلص اکبر (ع)، ایک مرکب معجون کا نام ہے ۔

مَخیص (ع)، چھاچھ ۔

مَخیط (ع)، سپستاں ۔

مَد (ہ)، شراب ۔

مداد (ع)، سیاہی ۔

مدار (ہ)، آک ۔

مدام۔ شراب ۔

مدپیا (س)، پوئی ۔

مدشونڈا (س)، جاۓ پھل ۔

مُدگا (س) مونگ ۔
مدگ پرنی (س) ایک بوٹی ہے جس کے پتے مونگ کے پتوں سے مشابہ ہوتے ہیں ۔
مدکم (س) توتیائی دودھیا ۔
مَدمالتی (ہ) ایک ہندی بیل ہے جو درختوں پر لپٹتی ہے ۔ اس کے پتے گولر کے پتوں کے مانند اور پھول خوشبودار صندلی رنگ کا ہوتا ہے ۔ تخم چنے سے بڑا ایک غلاف میں ملفوف ہوتا ہے ۔
مُدمل الجروح (ع) اصابع زرد
مَدَن (ہ) موم ۔
مَدنا (س) مین پھل ۔
مَدنکہ (س) سفید دھتورہ ۔
مَدَن مست (س) بداری کند (ایک ہندی جڑ ہے) ۔
مَدنیلن (س) سیاہ دھتورہ ۔
مدنی (س) گل موتیا ۔
مَدھ (س) شہد ۔
مَدہ جشٹی
مَدُھوجشی } (س) ملہٹی ۔
مَدُھوپشٹی
مَدھر (س) کاکولی ۔
مدھ سراوا (س) ملہٹی ۔
مَدُھسمرھی (س) بڑی راسنا ۔
مَدُھشٹیلا (س) چھوٹا مہوہ ۔
مَدھ کرکٹی (س) ایک قسم کا میٹھا چاول ہے ۔
مَدُھو (س) شہد ۔

مَدھوال (س) رتالو ۔
مَدُھوپشپ (س) مہوا کلاں ۔
مَدُھوپشپک (س) (۱) گل مدی، (۲) آپٹا ۔
مَدُھوپرنی (س) گلو ۔
مَدُھوپرنیکا (س) لگروندہ ۔
مَدُھوپکوا (س) کڑوی کندوری کا پھل ۔
مَدُھوجشٹھم (س) موم ۔
مَدُھوجشٹی (س) ملہٹی ۔
مُدُھوبراوی (س) کندوری کا پھل ۔
مَدُھورمہان (س) مہوہ کلاں ۔
مَدُھورا (س) (۱) کاکولی کا پھل (۲) انار ۔
مَدُھور آملاپھل (س) (۱) چرونجی کا پھل (۲) انار ۔
مَدُھوراچس (س) کھیرو ۔
مَدُھورسواد (س) گاجر ۔
مَدُھورکاکولی (س) میٹھی کاکولی ۔
مَدُھورکنٹم (س) کنول کی ایک قسم ہے ۔
مَدُھوریتو (س) پیرنی ۔
مَدُھوسراوا (س) ملہٹی ۔
مَدُھوشکروکا (س) سفید و اسن
مَدُھوشیرینی
مَدُھوشراوا } (س) مرہری ۔
مَدُھوک (س) مہوہ کلاں ۔
مَدُھوگند (س) مولسری کا پھول ۔

مَدھو کودھ بھوے (س) راسنا، بزرگ ۔

مَدھولکا (س) غلہ کی ایک قسم ہے ۔

مَدھولیکا (س) (۱) مہوہ خورد (۲) سداب ۔

مَدھو ھیبت (س) آپٹا کا پھول ۔

مَدھ یتیسا (س) مرہری ۔

مَدھی کنجا (س) چھاچ ۔

مَدی (ہ) ایک بڑا ہندی درخت ہے، کئی قسم ہوتا ہے ۔

مَدیرا
مَدیہ } (س) (۱) تاڑی (۲) شراب ۔

مُدینل
مُدینلم } (ہ) ایک پودا ہے جو زمین پر پھیلتا ہے۔ شاخیں گودا اور پتے خرفہ کے پتوں جیسے ہوتے ہیں ۔

مُر (ع) بول (ہ) ایک خاردار درخت کا گوند ہے۔ (مشہور ہے) ۔

مُرمکی (ع) مر ۔

مُرا ۔ برگ حنا کے مانند ایک قسم کے پتے ہیں ۔

مُرآیتہ

مرابلہ (بربری) مکوہ ۔

مُراریا (ع) ایک خاردار پودا ہے، جو موسم بہار کے آخر میں اگتا ہے ۔

مُرار الصخر ۔ مرار الصخور (ع) اندرائن ۔

مراساہ (ع) بچا ۔

مراس (یو) ثافیا ۔

مرال (ترکی) بارہ سنگھا ۔

مُران (ع) ایک درخت ہے جو عرب کے کوہستان میں ہوتا ہے۔ اس کے تمام اجزا مرتلخ ہوتے ہیں ۔

مُربّا (ع) اس چیز کو کہتے ہیں، جو کسی شہد یا شکر کے قوام میں پرورده کی جاتی ہے۔ مثلاً سیب کا مربا، گزر کا مربّی وغیرہ ۔

مربائے کدو (ف) کدو کا مربی ۔

مُربافلن (یو) حزنبل یا حزنبل کی ایک قسم ہے ۔

مرتا (س) ہلیلہ ۔

مرتنگ (س) مرداسنگ ۔

مُرتمڈا (س) رتن جوت ۔

مُرتود بھوتا (س) کانما ۔

مُراٹی (ہ) مرہٹی ۔

مرچ (ہ) فلفل (دو قسم ہے) ۔

مرچ سیاہ (ہ) کالی مرچ ۔

مرچ سرخ (ہ) لال مرچ (فلفل احمر) ۔

مُرچ (پشتو) کالی مرچ ۔

مُرچکی (پشتو) لال مرچ ۔

مُرجان (ع) فارسی میں کامہ۔ خروہک۔ ہندی میں مونگا۔ پروال۔ پنجابی میں گلگیاں کہتے ہیں ۔

مرچائی (ہ) کالادانہ ۔

مرچدلا (ہ) خرمائے سلیمانی ۔

مُرجکو (ان) مر ۔

مرچو بیجا (س) بانس ۔

مرجومک (ف) مسور ۔

مرچیاگندہ (ہ) اذخر ۔

مرچ کنکول (ہ) کنکولی ۔

مرادار اغاجی ۔ مکوہ ۔

مرداسرخوار (ف) نجمہ ۔
مرداسنگ (ف) عربی میں مرداسنج، سنسکرت میں دُودارہ، انگریزی میں لتھارج، لاطینی میں پلمبائی آکسائیڈ کہتے ہیں (مشہور چیز ہے) ۔
مردبھو (س) اہلِ دیوانہ ۔
مردلا۔ ثریا ہے۔ سلیمانی ۔
مردم گیاہ (ف) بہرومِ کبیر، بیخ اسم السنم
مردوپشپ (س) درخت نکیسا کا پھول ۔
مردوپھل (س) (۱) سیندھی کا پھل (۲) تاڑ کا پھل (۳) ملوو لما کا پھل ۔
مردوپھلہ (س) (۱) کنول (۲) شاخِ کنول ۔
مردوتوک (س) بھوج پتر ۔
مردودنہ بھا (س) دوب ۔
مردوکانٹی (س) (۱) مہاورد (۲) بلیم ۔
مردوکنٹک (س) گل مہندی کے درخت کا کانٹا ۔
مرز (ع) ایک قسم کی شراب ہے، جو جو یا گیہوں سے بناتے ہیں ۔
مرزنجوش۔ عربی میں سمق، حبق الفیل، عنقر، فارسی میں مرزنگوش، ہندی میں دونا مرا کہتے ہیں ۔
مرزہ (ف) صعتر بستانی ۔
مرسا۔ چولائی کی ایک قسم ہے ۔
مرسطس (نبطی) ایک قسم کا درخت ہے ۔
مرسعامیل (یو) آڑو ۔
مرسنین (رو) آس ۔

مرسیا انغریا (یو) جنگلی آس ۔
مرسیا ایماساس (یو) بستانی آس
مرسیون (یو) اشنان ۔
مرطار (یو) دمن کنگنی ۔
مرطوس (یو) مرماحوز یا مرطوس ۔
مرسلون (مصر) دار چینی ۔
مرسیا (یو) ریحان ۔
مرطیبس۔ مرطیس کی سیاہ قسم ہے ۔
مرغ (ف) دوب ۔
مرغ (ف) عربی میں دیک، فارسی میں خروس، ہندی میں مرغا، ککڑا کہتے ہیں ۔
مرغزی (س) مرغز (ف) بکری کی اون کی ایک قسم ہے ۔
مرغابی (ف) عربی میں ابن الماء کہتے ہیں، مشہور دریائی پرندہ ہے جس میں بطخ بھی شامل ہے ۔
مرغ الٰہی
مرغ حق گو
مرغ سلیمانی
مرغ سنگ اشکنک (ف) قطاۃ (لوا) ۔
مرغک سقا (شیرازی) صفراغون ۔
مرغی (ہ) ماکیان ۔
مراق
مرقہ } (ع) شوربا ۔
مرقاعی۔ کفسیون ۔
مرقد (ع) (۱) تاتورہ (۲) افیون ۔
مرقشیشا (یو) سون مکھی ۔
مرگ (ہ) ہرن ۔

مرگاندچھا (س) مشک ٭
مرکب (ف) سیاہی ٭
مرکٹی (س) (۱) بندر (۲) کو بچ خوردہ
مرکری (ان) پارہ ٭
مرکیوری (ان) پارہ ٭
مرگ چٹا (ہ) ایک جانور ہے جو پانی کے کنارے ہوتا ہے ٭
مرگل (تلنگی) جگنو ٭
مرگ مدا (س) کستوری ٭
مرگ ماہی (ف) ماہی زہرج ٭
مرگ موش کانی (ف) سم الفار (سنکھیا) ٭
مرگ موش عملی (ف) دیگ برنگ ٭
مرگ نابھی (س) کستوری ٭
مرگ نینی (ہ) ایک قسم کی مچھلی ہے ٭
مرگوروار (س) پاپڑا ٭
مرل ایک قسم کی مچھلی ہے ٭
مرلوما تنگی (ہ) ایک قسم کا ہندی پودا ہے ٭
مرلی (س) چرونجی ٭
مرماخور (ع) مرو کی ایک قسم ہے،
مرماخور اس کو فارسی میں مرزنجوش بھی کہتے ہیں، یہ مرو (کنٹھ) کی ایک قسم ہے ٭
مرمازاد (ف) مروآزاد (ف) (ایک قسم کا پودا ہے) ٭
مرماطوس (یو) جنگلی مرو ٭
مرماہان ۔ مرماخور ٭
مرماہوس (یو) فارسی میں مرو سفید و مرو تلخ بھی کہتے ہیں (ایک نبات ہے جو مرماخور کے مشابہ ہوتی ہے) ٭
مرمر ۔ سنگ مرمر ٭
مرمرہ (ہ) چاول جو خاص طور پر بھونے ہوئے ہوتے ہیں ٭
مرمری (س) گل سکرن ٭
مرناگی (ہ) زبزب (بجو) ٭
مرنال (س) گل کنول کی شاخ ٭
مرنگی (س) سہجنہ ٭
مرنوہ (ہ) ہرنوہ ٭
مرو (پنجابی) کنوچہ ٭
مروا (ہ) مشہور خوشبودار بوٹی ہے جس کے پتوں کی چٹنی بناتے ہیں ٭
مروآزاد (ف) مرمازاد ٭
مروالتلال }
مرو بری } مرماطوس ٭
مرو جبلی }
مرو شیرین } مرماخور ٭
مرو سا شک ۔ مرو ٭
مرو سیماہ (یو) جگر ٭
مروقوس (یو) مرزنجوش ٭
مرو ماہوس ۔ مرماہوس ٭
مرو اہرم }
مرماجونہ }
مرو سفید } مرماہوس ٭
مرو تلخ }
مرواریل (ف) ہوتی ٭
مروڑ پھلی (ہ) کشت برکشت باگشت برگشت (مشہور بوٹی ہے) ٭
مرونڈی (پشتو) سنبھالو ٭

مراوس اوط (یو) آذان الفار۔
مراوسرخ (ف) زاج گیرہ۔
مراوہ (ف) افسنتین۔
مراوم - مرو۔
مراوسیمون (یو) تاتلی۔
مِراھا (۱) مُرمکی۔
مَرھَٹی (ہ) بابونہ، مرٹی (نیز ایک قسم کا پودا ہے جو کوہستان میں ہوتا ہے)۔
مرا ھیطس - ایک قسم کا پتھر ہے۔ سیاہ دھاری دار۔
مُرھَری (ہ) سنسکرت میں موریا، ہندی میں مجھن ہار، مرہری، مرہٹی میں موربیل، موربیلی تیلنگی میں سانگا کہتے ہیں، گھیکوار کے مانند پودا ہے جس کو باغات وغیرہ میں گملوں وغیرہ میں لگاتے ہیں۔ اس کے پتے گھیکوار کے پتوں سے پتلے اور سخت ہوتے ہیں۔
مَرِیر - مروہ۔
مُرّی (ع) آبکامہ (کانجی)۔
مِریا (س) مرچ۔
مَرِیحہ (ع) دو قو جیسا ایک دانہ ہے۔
مَرِیچہ (س) (۱) مرچ (۲) تخم بیجنہ
مزاج (ع) درخت بادام تلخ۔
مشارح (اصفہانی) سوسن۔
مزامز - شراب کی ایک قسم ہے۔
مزار ار
مزمار الراعی (ع) ایک پودا ہے جس کے پتے بارتنگ کے پتوں جیسے ہوتے ہیں۔
مزو (اصفہانی) ملیٹھی۔

مزورہ (ع) ایک قسم کی غذا ہے۔ جو بیماروں کے لئے پکائی جاتی ہے۔
مِس (ف) تانبا۔
مُستار (ع) شراب جو تیار نہ ہوئی ہو۔
مُستاراجی (س) موتھ کی ایک قسم ہے۔
مُستُرُد (ان) رائی، سرسوں۔
مُستعجلہ (ع) بوزیدان، یا سورنجان۔
مُستقار، مُستقران، مسقود (اندلس) زراوند طویل۔
مستکرا - آبنوس۔
مستک منجری (س) سُریالی (سروالی)۔
مستک (ان) مصطگی۔
مَستین (یو) زاج سبز (کسیس)۔
مَستینجی - مصطگی۔
مسچکھنڈکا (س) شکر کی ایک قسم ہے۔
مسحوقونیا - کف آبگینہ۔
مسد - درخت مقل کے ریشے۔
مس راست (ف) صفر (پیتل)۔
مسرون (س) کیسر (زعفران)۔
مس سوختہ (ف) روسختج (تانبا جلایا ہوا)۔
مسقاطون - عود ہندی (اگر)۔
مسیقنون - آلو بخارا۔
مِسک (ع) مشک۔
مسک الجن (ع) شواصر اجعدہ صغیر۔

مِسْکُ الرمان (ع) نار مشک (ناگ کیسر)۔

مِسْکُ القرود (ع) چھڑیلہ۔

مَسْکَہ (ف) مکھن۔

مسقلن۔ زعرور۔

مُسْلِی (ہ) مگرد ناکہ۔

مسمقوساکا (اندلس) زراوند۔

مِسَن (ع) حجر المسن، سنگ کارد، سان کا پتھر۔

مِسْوَاکُ الجن (ع) جعدہ صغیر کی ایک قسم ہے۔

مِسْوَاکُ الراعی (ع) شیطرج۔

مسواکُ العباس (ع) قتاد کی بڑی قسم۔ رعی الابل۔

مِسْوَاکُ القرود (ع) اشند (چھڑیلہ)۔

مِسْوَاکُ المسیح (ع) نواس کی ایک بڑی قسم ہے۔

مسوحان (ع) مرکب تیل ہے۔

مَسُوْر (ہ) عربی میں عدس، فارسی میں نشک، مرجمک اور بنو مسرخ کہتے ہیں (مشہور غلہ ہے، اس کی دال پکا کر کھائی جاتی ہے)۔

مِسِّی (ہ) کانگ۔ کاگ۔ چینگا (اطریلال)۔

مَسِیْرو۔ نگدر کا سرتی۔

مَسِیْق (ع) نارنج (خضر) دیرا کسیس۔

مُشْتَرِی (اصطلاح کیمیا) قلعی (رانگ)۔

مُشْتَہِی (س) پھلجہ۔

مشتبلین (یو) زعرور کی ایک قسم ہے۔

مِشْترگندھم (س) ہڑتال۔

مِشہ رنبا جنگلی سداب۔

مَشْطُ الراعی (ع) علشان (ایک قسم کا کانٹا ہے)۔

مَشْطُ الغول (ع) کنگھی۔

مُشْک (ف) ہندی میں کستوری، عربی میں مسک، لاطینی میں موس کس، انگریزی میں مسک کہتے ہیں۔ (مشہور خوشبودار قیمتی دوا ہے ایک جانور کے ناف سے نکلتی ہے)۔

مُشْکِ اذفر۔ نہایت تیز خوشبودار مشک۔

مشکِ بلائی (ہ) عربی میں زباد اور ہندی میں میدہ بھی کہتے ہیں، سیاہ رنگ مائل بہ سرخی ایک خوشبودار چیز ہے جو ایک جانور کا (بلی کے مشابہ) پسینہ ہوتا ہے۔

مُشْکِ بید (ہ) بید مشک۔

مُشکُ الجن
مُشک چوبان } شواصرا۔
مُشک ذاش

مُشک دانہ (ف) ایک ہندی دوا ہے، مسور کے دانہ کے برابر، کستوری بیل اور لتا کستوری بھی کہتے ہیں۔

مُشک زیر زمین (ف) سعد (موتھہ)۔

مُشک ہندی (ف) سعد ہندی (موتھہ)۔

مِشْکَطِرا مشیع (ربطی) پودینہ کی ایک مشہور قسم ہے۔

مشکک (ف) شیلم کا پودا۔

مُشَلَّف ازرقی (ع) (جس میں پانی

بھر جاتا ہے ۔

مشکینچہ (ف) نسرین ۔

مشمش (ع) زرد آلو ۔

مشنڈی (ہ) ایک قسم کا درخت ہے ۔

مشنگ (پنج) مٹر ۔

مشنگ دانہ (ف) خلر (مٹر کابلی) ۔

مشورف خلر (مٹر کابلی) ۔

مشی (۱) نعناع (۲) سداب ۔

مصارع (ع) زعرور ۔

مصارین (ع) آنتیں ۔

مصباح الروم (ع) کہربا ۔

مصبر (ع) صبر (ایلوا)

مصطگی (ف) عربی میں مصطکی، مصطلی، علک الرومی؛ فارسی میں مصطگی رومی، کندر رومی؛ انگریزی میں مسٹک، مسٹیکی کہتے ہیں ۔

مصفی السعادۃ (ع)، ملسکی ۔

مصل (ع یا عجم) قروط (۲) پنیر کا پانی جو ٹپکتا ہے ۔

مصوص (ع) سیخ کے کباب چاشنی دار ۔

مصول (ع) ایک چیز ہے جس میں اندرائن کو اوس کی تلخی دور کرنے کے لئے جوش دیتے ہیں ۔

مصّ (ع) پہاڑی انار یا حب القلقل ۔

مضع (ع) شراب جو پھلوں کے پانی سے تیار کی جاتی ہے ۔

مضیرہ (ع) ایک قسم کی غذا ہے جو دہی سے بناتے ہیں ۔

مطبوخ (ع) ادویہ کے جوشاندہ یا کاڑھے کو کہتے ہیں ۔ نیز انگور کے پانی کو کہتے ہیں جب کو اس قدر جوش دیا جائے کہ نصف رہ جائے ۔

مطجنا ۔ چونا ۔ لعوق بادام ۔

مطر (ع) بارش ۔

مطس برجیون ۔ دل ۔

مطہرہ (ع) سنبھالو ۔

مظ ۔ گلنار ۔

معاء (ع) آنت ۔

معانیوس (یو) یکائن ۔

معد (ع) خصیۃ الثعلب (ثعلب مصری) ۔

معدہ (ع) پیٹ میں ایک خاص عضو ہے جس میں کھانا پکتا ہے ۔

معز (ع) بکری ۔

معشوقا ۔ جست ۔

معصفر (ع) عصفر (کسنبھ) ۔

معفار (ع) آلو کا گوند ۔

معین (ع) مازریون ۔

مغاث (ع) اس کی ماہیت میں اختلاف ہے، بہر حال ایک درخت کی لکڑی ہے بقولے اس کا ہندی نام میدہ لکڑی ہے ۔

مغافیر (ع) عسل ترنجبین کے مانند ایک چیز ہے ۔

مغالا (تر) مولی ۔

مغد (ع) بینگن ۔ جنگلی سیب ۔

مغرہ (ع) گیرو ۔

مغرۂ کاہنہ
مغرہ لینہ
مغرہ یمانیہ
} (ع) گل مختوم

مغز استخوان (ف) ہڈی کا بھیجا ۔

مغز حرام (ع) حرام مغز، مغز جو ریڑھ کے اندر ہوتا ہے)۔
مغز تخمہا (ف) تخموں کے مغز۔
مغز خرما (ف) جمار۔
مغز سر (ف) دماغ۔
مغلیماثا (یو) حرف بابلی برہان۔
مغموما۔ بیگن کا قلیہ۔
مغناطیس۔ مقناطیس (چمک پتھر)۔
مغنیسا (نیلی) رنگ کا سہ (ایک قسم کا پتھر ہے)۔
مغیلان (ف) ببول (کیکر)۔
مفرح (ع) گاؤزبان۔
مفرح قلب مخزون (ع) بادرنجبویہ۔
مفردو۔ نطر کی ایک قسم ہے۔
مقدونس۔ نطراسالیون۔
مقر (ع) صبر کا پودا۔
مقل (ع) گوگل (مشہور گوند ہے)۔
مقل مکی }
مقل الدوم } (ع) درخت دوم کا پھل۔
مقلاں میوس۔ بخور مریم۔
مقلقل۔ تسب (نیم پختہ خشک شدہ چھوارہ)۔
مقلونیا۔ ملیون۔
مقلیاثا (مصر) حرف برہان۔
مقناطیس (ع) فارسی میں سنگ آہن (چمک)۔
مقنعہ (ع) گائے کا دودھ جس میں عصا خرنوب شامی ملا کر استعمال کرتے ہیں۔

مقیفرون۔ کمازریوس۔
مقینون (یو) آلو بخارا۔
مکا (ہ) مکئی (جوار کلاں) مشہور غلہ ہے۔
مکتا (س) موتی۔
ملک (ہ) پھٹکری۔
مکتا پشپ (س) گوندنی۔
مکتا پھل (س) موتی جیسا ایک پھل ہے۔
مکتا سکت (س) سیپ۔
مگر }
مگر مچھ } (ہ) عربی میں تمساح، فارسی میں نہنگ، سنسکرت میں شیونشمار اور ہندی میں ناکہ، ناکو مچھلی بھی کہتے ہیں۔
مکڑم (ہ) بڑی مکڑی، ریتلا۔
مکرندا (س) (۱) گل جعفری (۲) ریوتی، (۳) موگرہ (۴) رائے بیل۔
مکرند کھا (س) کنول کے پھول کے ریزے جو آٹے جیسے ہوتے ہیں۔
مگر وشری (س) الیر۔
مکڑی (ہ) عربی میں عنکبوت، قدس، فارسی میں کارتنہ، خیمہ مگس، کرہ تن، ترکی میں اوچک کہتے ہیں۔
مکڑی کا جالا (ہ) عربی میں نسج عنکبوت کہتے ہیں۔
مگس (ف) مکھی۔
مگس عسل (ف) شہد کی مکھی۔
مکلی (ہ) کیوڑہ۔
منکا دال (ہ) مونیز۔
مکنک (ہ) ایک قسم کا غلہ ہے۔

مَکِنۂ قَرَیش (ع) قلیصہ۔
مَکُوہ، مَکُوئے (ف) عربی میں عنب الثعلب، فارسی میں انگور روباہ، روباہ تربک، لاطینی میں ڈلکے مارا، انگریزی میں بٹرسوویٹ کہتے ہیں۔
مَکھَانَہ، مَکھَانَہ (ف) ایک بوٹی کا تخم ہے جو تالابوں میں پیدا ہوتی ہے، اس کے پتے اور پھول نیلوفر کے پتوں اور پھولوں سے مشابہ ہوتے ہیں، اس کی جڑ بقدر چقندر سیاہ رنگ کی ہوتی ہے اس میں چار خانے ہوتے ہیں، ہر ایک خانے میں سیاہ رنگ کا گول تخم ہوتا ہے اور اس کا مغز سفید ہوتا ہے، ان کو خشک کر کے بریاں کر کے اور بغیر بریاں کئے استعمال کرتے ہیں۔
مَگھان (پنجابی) فلفل دراز۔
مُکھ پِریا (س) چکری نارنگی۔
مُکھ بندھن (س) درخت دیوبل۔
مُکھ پیپل (س) پیپل کی ایک قسم ہے۔
مُکھ دوشن (س) کاتما۔
مُکھ لیپ (س) اسرل۔
مُکھ منڈل (س) تنک۔
مَکھن (ف) عربی میں زبد رغیفتہ اللبن؛ فارسی میں مسکہ؛ ترکی میں کرہ؛ انگریزی میں بٹر کہتے ہیں۔
مَکھی (ف) فارسی میں مگس؛ عربی میں ذباب؛ ترکی میں شین جبین؛ سنسکرت میں ماکھشی؛ انگریزی میں فلائی کہتے ہیں۔
مَکھی شہد کی (ف) مگس عسل۔
مَکیناس (فر) بنفشہ۔

مَل (س) (۱) موتیا (۲) موگرہ۔
مُلّا (س) (۱) موگرہ (۲) جائی جوئی (۲) ریوتی۔
مُلاّح (ع) اقاقلی۔
مَلاگیر (ف) صندل کی زرد قسم ہے۔
مَلائی (ف) فارسی میں سرشیر، بالائی؛ چربیلہ عربی میں قیماق؛ ترکی میں قیماق، قیماغ؛ انگریزی کریم کہتے ہیں۔
مُلتانی مٹی (ف) فارسی میں گل ملتانی، گل سرشوی اور پنجابی میں گاچنی کہتے ہیں۔
مُلٹھی (ف) عربی میں اصل السوس؛ فارسی میں نبک، مزہ؛ ترکی میں شیرین بان؛ پشتو میں خوگا ولی، انگریزی میں لیکریس؛ سنسکرت میں جیشٹی مدھو، یشٹی مدھو کہتے ہیں (ایک نبات کی مشہور جڑ ہے، اس کا ست رب السوس کے نام سے مشہور ہے)۔
مِلح (ع) نمک۔
مِلح اندرانی (ع) نمک سیندھا۔
مِلح اسود (ع) نمک سیاہ۔
مِلح بحری (ع) سمندری نمک۔
مِلح رشیدی (ع) نمک کی قسم ہے۔
مِلح سانبھر (ع) نمک سانبھر۔
مِلح طبرزد (ع) نمک کی قسم ہے۔
مِلح فرنگی (ع) مگنیشیا سالٹ جو اسہال کے واسطے مستعمل ہے۔
مِلح الشجاج (ع) نمک کانچ۔
مِلح نفطی (ع) نمک کانچ۔
مِلح ہندی (ع) نمک ہندی۔
مِلح امونیہ (ع) نوشادر۔

مِلح الناس (ع) نوشادر ۔

مِلح چینی (مصر) شورہ ۔

مِلح الدباغین (ع) نمک طعام کی ایک سیاہ قسم ہے ۔

مِلح سنجی (ع) شورہ ۔

مِلح الصناعہ (ع) تنکار (سہاگہ) ۔

مِلح العجین (ع) نمک طعام ۔

مِلح الغرب (ع) درخت غرب کا نمک ۔

مِلح المختوم (ع) نمک ہندی ۔

مِلح المر (ع) نمک تلخ ۔

مَلخ (پ۔ ف) ٹڈی ۔

مَلخ دریائی (ف) ٹڈی کے مانند ایک دریائی جانور ہے ۔

ملخان (ف) ستو ۔

مُلدُوسا۔ بادرنگ (کھیرا) ۔

مَلسم بھوت (س) چھوٹی مولی ۔

ملطاط۔ مشط الغول ۔

مُلکا (س) جنگلی بینگن ۔

مَلکا (س) رائے بیل کی دوسری قسم ہے ۔

مِلک (ان) دودھ ۔

مِلک شوگر (ان) دودھ کی شکر (جو ڈاکٹری دواخانوں سے ملتی ہے) ۔

ملکان۔ اکلیل الملک ۔

مَلِک النحل (ع) یعسوب (شہد کی مکھیوں کا سردار) ۔

مُلکگو (ہ) بغیر تنہ کے ایک بوٹی ہے جو بقدر ایک گز بلند ہوتی ہے، پتے موتیا کے مانند لیکن اس سے بڑے، پھول سفید اور خوشبودار ہوتا ہے ۔

مَلّی / مَلَلِی (ہ) ایک ہندی بوٹی ہے جو جوار، تمباکو کے کھیت میں پیدا ہو کر انکو برباد کر دیتی ہے، بقدر ایک بالشت کے بلند اور پتے رتن جوت کے پتوں سے مشابہ اور نہایت نرم ہوتے ہیں، خوشہ جو کے خوشہ کے مانند لیکن اس سے چھوٹا اور بے تخم ہوتا ہے ۔

مُلنگی (س) مولی ۔

مُلنچا (س) لہسن ۔

ملنکاری (س) پیلو ۔

ملواح (ع) ایک شامی دوا ہے ۔

ملوح (شام) قطف بحری ۔

مُلوخیا / مُلوخیہ } بستانی خبازی ۔

ملونیا۔ بناخرنج ۔

مِلوتی۔ آنبھورہ ۔

ملوولما (ہ) ولما کی ایک قسم ہے ۔

مَلیچھم (س) ایک قسم ہے چندن کی جو زیادہ خوشبودار ہوتی ہے ۔

مُلیچھم (س) (۱) تانبا (۲) ہنگلو ۔

مَلِیّہ (ع) عوسج کی ایک بڑی قسم ہے جس کے پتے سرخ ہوتے ہیں ۔

مَلیدہ (ف) چنگال (چورما) ۔

مَلیٹوعن۔ قنطوریون دقیق ۔

ملیطیر با۔ زاج سیاہ ۔

مَلیطن۔ بقلہ یمانی (چولائی کا ساگ) ۔

مَلیطنی۔ ثمرمہ ۔

مَنیکا (ہ) فالسہ ۔

مَلیکا پشپ (س) گل کا لکڑا ۔

مُلیم (ہ) ایک ہندی جڑ ہے جس کا رنگ عنابی ہوتا ہے۔ یہ کیڑوں کو ہلاک کرنے کے لئے کام آتی ہے۔

مُلیُن چھمکہ (س) تانبا۔

مَلیتون۔ مصنوعی شنگرف۔

ملیون خربزہ گرمک۔

مُمسک الارواح (ع) اسطوخودوس۔

مُمسک الحوامل (ع) دواء المسک۔

مَمُولہ (ہ) صفراغون۔

مَن (ع) ایک قسم کی شبنم ہے جو پتھروں اور درختوں پر شہد کے مانند جم جاتی ہے۔

مَنّا (لا) شیرخشت۔

منبالا (س) جیونتی۔

مَنبُوت (ہ) ایک قسم کا جانور ہے جس کی کھال سے ڈھالیں بنتی ہیں۔

مَنتَرسِدھی۔ پسترونتی۔

منتنہ (ع) غاغالس۔

مِنُتھا (لا) نعناع۔

منتھول (لا) جوہر پودینہ۔

مِنُٹ (ان) نعناع۔

مَنثور (ع) خیری، خشخاش منثور۔

مَنج۔ ایک قسم کی جڑ یا دوا ہے۔

مِنج۔ بادام تلخ

مُنج۔ شہد کی مکھی۔

مَنجَرَاوشان (ف) نانخواہ جیسا ایک تخم ہے یا تخم خیری۔

مَنجَرِی پُشپ (س) کرنجی۔

مَنجَریکا (س) درخت تلسی۔

مُنجَل (س) تاڑ کا پھل۔

منجوشہ۔ ناروین۔

مَنجِیٹھ (ہ) مجیٹھ۔

مَنڈ (س) نرم دہی۔

مَندَار (ہ) درخت آک۔

مَنداغورس۔ یبروج۔

مَندَرا (ہ) ایک چھوٹا پودا ہے۔

مَنڈِرنام (س) سفید روا سن۔

مَنڈُروکا (س) سلاجیت۔

مَنڈلچھد (س) ٹھیکری، گل ارمنی۔

مَندلی۔ عود اگر۔

مَنڈن (س) سیندور۔

مُنڈُو (ہ) بڑّا (ایک پرندہ ہے)۔

مُنڈوا (ہ) غلّہ ہے باجرہ کے مانند، دہقانی اس کی روٹی پکاکر کھاتے ہیں۔

مَنڈُورم (س) خبث الحدید مدبر۔

مَنڈُوک پرنی (س) برہمی کی قسم ہے۔

مُنڈی (ہ) چولائی کا ساگ۔

مُنڈی (ہ) مشہور بوٹی ہے۔ اس کے تکمہ نما سرخ گول پھول کو گل منڈی کہتے ہیں۔

مَنرکت (س) نسل۔

مَنسروھنی (س) مانس روہنی۔

مَنسل (ہ) سرخ ہرتال۔

منسم (ع) درخت حب المنسم۔

منشفہ (ع) اسفنج۔

منطس (ع) بنک۔ آس۔

منقعاسرواس۔ خشخاش منثور۔

منقوسیون۔ شوکران۔

مُنگا (س) سہجنہ۔

مُنگا (س) بین پھل۔

منکا واکھ (ہ) مویز۔
منگریلا (بہار) کلونجی۔ شونیز۔
منگستان۔ ایک قسم کا پھل جو ملک حبش میں ہوتا ہے۔
منگ گونی (س) مدک پرنی۔
منگلا (س) پتروتی۔
منگنا (ہ) ایک قسم کا درخت ہے۔
منگوتامرا (س) کچالو۔
منگی پنجارہ راجکا (س) پلول۔
منمنا (ہ) شیلم۔
منو (س) فسل۔
منوھا (س) اکسم۔
منی بندھم (س) سیندھا لون۔
منیزاگوتی (س) ہنگو۔
منیکا (س) سرپھوکہ۔
منی کنچک (س) تمال۔
منیوار یجم (س) ہنگو۔
منی ھکشن (س) سانوہ۔
موٗ (ع) زیخ سنبلہ، ریشہ والا (ایک درخت کی جڑ ہے)۔
مو، موئی } (ف) عربی میں شعر، پشتو میں بجنہ، ہندی میں بال انگریزی میں ہیئر کہتے ہیں۔
موابادل (ہ) آخنج۔
موانت (س) پلاس وبیل۔
موت (ہ) پیشاب۔
موترلا کبجہ (س) پت پاپڑہ۔
موترکنچیوا (س) کھیرا۔
موٹھ (ہ) مشہور غلہ ہے، جس کی دال پکائی جاتی ہے۔
موتھا (ہ) عربی میں سعد، قراح الجمل، ترکی میں تپلاق، طبلاق، فارسی میں مشکک زیرزمین، سنسکرت میں مستا کہتے ہیں (ایک نبات کی خوشبودار جڑ ہے)۔
موتی (ہ) عربی میں لولو، جمان، فارسی میں مروارید، ترکی میں اینجی، انجو، سنسکرت میں مکتا، مسیر، انگریزی میں پیرل کہتے ہیں (مشہور قیمتی چیز ہے)۔
موتیا (ہ) مشہور خوشبودار پھول ہے، سنسکرت میں چندرولی کہتے ہیں۔
موچا (س) (۱) درخت کیلہ (۲) اندگو، (۳) کولومندا (۴) بورکو۔
موچٹپا (س) دیرول۔
موچرس (ہ) سینبھل کا گوند۔
موچک (س) سوبراجن۔
موچلی۔ جھنجا۔
موچھک (س) موکھ۔
موچہ۔ قنابری۔
موفی گو (س) درخت پلاس۔
مودکھ عنبر یا کندر۔
مودھا (س) گھاس کی ایک قسم ہے۔
مور (ہ) عربی میں طاؤس، صراخ، سنسکرت میں میور کہتے ہیں (مشہور خوبصورت پرندہ ہے)۔
مور اموں۔ پرسیاوشان۔
موربا (ہ) مرہری۔
مور پنکھی (ہ) میور سکھی، ایک بوٹی ہے جو نمناک زمین یا دیواروں پر جو پانی سے سبز ہو جاتی ہیں پیدا ہو جاتی ہے، اس کی شاخیں

باریک ایک جگہ مجتمع ہو کر جڑ سے نکلتی ہیں، اور تاج طاؤس کے مشابہ ہوتی ہے۔ یہ بوٹی ایک بالشت بلند ہوتی ہے۔

مُوْرِ ٹاجی کندی۔

مُوْرِ چھبھنڈی (س) چھاول کا دھوون جس سے ترشی پیدا ہو جائے۔

مُوْرِچہ (ف) چیونٹی۔

مُوْرِد (ف) آس۔

مُوْرِد اسفرم (ف) جنگلی آس۔

مُوْرِد اسفرم (ف) اذخر۔

مُوْرِد دانہ (ف) حب الآس۔

مُوْرِسقی (یو) جھاؤ۔

مُوْرِم (کابلی) آس۔

مُوْرِدا (ہ) مرہری۔

مُوْرِون (یو) کستوری۔

مُوْرِیون۔ یبروج کی ایک قسم ہے جس کے پتے سفید اور چقندر کے پتوں جیسے ہوتے ہیں۔

مُوْرِیقا (رو) جھاؤ۔

مُوْز (ع) کیلہ۔

مُوْسا (ہ) چوہا۔

مُوْسات۔ ایرفارون۔

مُوْساکنی (ہ) چوہے کنی۔

مُوْس کسُ (لا) مشک۔

مُوْسل ماندا (ہ) ساندا۔

مُوْسلی (ہ) مشہور جڑ ہے۔ دو قسم ہوتی ہے سیاہ، سفید، اس کی نبات کو بھوئی تاڑ اور تالا تاڑ کہتے ہیں۔ (اس کا پودا کھجور اور تاڑ کے پودوں سے مشابہ لیکن بہت چھوٹا ہوتا ہے انہیں کے مانند اس کے پتے ہوتے ہیں)

مُوْسورہ۔ دلق۔

مُوْسیر (ف) بفتح الزیر۔ اسقوردیون۔

مُوْسیس۔ زفت یابس۔

مُوْش (ف) چوہا۔

مُوْش خرما (ف) نیولا۔

مُوْش دشتی (ف) یربوع۔

مُوْشکا (س) چوہا۔

مُوْشک پران (ف) گلہری۔

مُوْش کور (ف) چھچھوندر۔

مُوْشک (ف) کیکج۔

مُوْشکا (س) ڈانگری۔

مُوْشگیر (ف) رخمہ، حداۃ (چیل)۔

مُوْشکپرنی (س) ساگ بتھوا۔

مُوْشک گھن (س) کیت۔

مُوْغائی نیولا۔

مُوْفیوُن۔ زہر کی قسم ہے۔

مُوْقِدُ النّار۔ گوگرد (گندھک)۔

مُوْقوطیس (یو) قطر کمبی۔

مُوْنگکا پھل (س) اپی سفید۔

مُوْگرا (ہ) پرسون (فل) (ایک مشہور پھول ہے)۔

مُوْگل (ہ) ایک دوا ہے۔

مُوْکوطیس (یو) قطر کمبی۔

مُوْکھلک (س) چوہا۔

مُوْکھا (ہ) ایک دوا ہے، دو قسم ہے سفید، سیاہ۔

مُوْکھن (ہ) ایک ہندی درخت ہے۔

مُوْل (ہ) جڑ۔

مُولی (ہ) حرمل (اسپند) ۔
مُول بھدرا (س) کوڑیالا ۔
مُول پتّا (س) راسنا (زرنگ) ۔
مُول سادھن (س) اپنڈیک ۔
مُولسری (ہ) سنسکرت میں بکل ؛ گجراتی میں بولسری ؛ تیلنگی میں پانگڑہ ؛ انگریزی میں تیری ؟ میڈلر کہتے ہیں ؛ ایک مشہور بڑا درخت ہے جس کا پھول نہایت خوشبودار ہوتا ہے ۔
مُول سمُندرا (س) امربیل ۔
مُولکا وہ چیز جو اصل اول بوئے ہوئے تخم سے زمین پر نکلتی ہے ۔
مُولکم } مُولک } (س) مولی ۔
مُولگو ۔ پنڈلی کا مغز ۔
مُولنت (س) پھکرمول ۔
